ماہنامہ
لاہور
نعت
اردو نعتیہ شاعری
کا
انسائیکلوپیڈیا

ماہنامہ نعت لاہور

جلد ۹ ستمبر ۱۹۹۶ شمارہ ۹

نعت نمبر (حصہ دوم)

ایڈیٹر: راجا رشید محمود

مشیرِ خصوصی:
چوہدری رفیق احمد باجوہ
ایڈووکیٹ

ڈپٹی ایڈیٹر: شہناز کوثر
اظہر محمود

منیجر: اختر محمود

قیمت
۱۵ روپے (عام شمارہ)
۶۰ روپے (اشاعتِ خصوصی)
۲۰۰ روپے (زرِ سالانہ)
عرب ممالک کے لیے ۱۰۰ ریال

پرنٹر: حاجی محمد نعیم کھوکھر، جیم پرنٹرز۔ لاہور
پبلشر: راجا رشید محمود
کمپیوٹر کمپوزنگ: نعت کمپوزنگ سنٹر
خطاط: منظر رقم
بائنڈر: خلیفہ عبدالمجید، بُک بائنڈنگ ہاؤس، ۳۸۔ اردو بازار۔ لاہور

اظہر منزل۔ مسجد سٹریٹ نمبر ۵۔ نیو شالامار کالونی۔ مُلتان روڈ
لاہور (پاکستان) فون ۷۴۶۳۶۸۴ پوسٹ کوڈ ۵۴۵۰۰

اردو نعتیہ شاعری

کا

اِنسائیکلوپیڈیا

جلد دوم

(ردیف "ب" تا "ر")

مرتب: راجا رشید محمود

ڈپٹی ایڈیٹرز کا اعزاز

(۱) ماہنامہ "نعت" کے ڈپٹی ایڈیٹر اظہر محمود کی کتاب "سرکار ﷺ دی سیرت" پر امسال ۲ ربیع الاول ۱۴۱۷ھ کو اسلام آباد میں ہونے والی "قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس" میں صدرِ مملکت سردار فاروق احمد خاں لغاری نے پہلا انعام دیا۔ قارئینِ "نعت" اظہر محمود کی اِس کاوش سے واقف ہیں۔ دنیا کی کسی زبان میں' اس سے پہلے حضورِ اکرم ﷺ کی حیاتِ طیبہ کو سال وار بیان نہیں کیا گیا تھا۔ "سرکار ﷺ دی سیرت" میں سال کا تعیُّن بھی ۲ ربیع الاول سے ۱۱ ربیع الاول تک کیا گیا ہے۔

"سرکار ﷺ دی سیرت" اظہر محمود کی دوسری کتاب ہے۔ ان کی پہلی کتاب "حضور ﷺ کے سیاہ فام رفقا" کو وزارتِ مذہبی امور نے غیر مسلم ممالک میں تبلیغِ دین کے لئے منتخب کیا تھا۔

"قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس" کے پہلے اجلاس کے بعد پاکستان ٹی وی نے اظہر محمود کا انٹرویو بھی لیا' جو دو دن بعد ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔ اس کے میزبان ڈاکٹر محمد طفیل "ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی' اسلام آباد" تھے۔

(۲) "نعت" کی سینئر ڈپٹی ایڈیٹر شہناز کوثر کی آٹھویں مطبوعہ تصنیف "ہجرتِ مصطفیٰ ﷺ" کے سلسلے میں وزارتِ مذہبی امور کا تار موصول ہوا کہ انھیں ایوارڈ دیا جا رہا ہے' وہ ۲۵ جولائی کو اسلام آباد پہنچ جائیں' ۲۸ جولائی کو وزیرِ اعظم ہاؤس میں ہونے والی محفلِ میلاد میں اُنھیں محترمہ بے نظیر بھٹو انعام دیں گی۔ ماہنامہ "نعت" کی اشاعتِ خصوصی کی تیاری میں شدید مصروفیت کی بنا پر اتنے دنوں کے لئے اسلام آباد جا بیٹھنا ادارے کے کسی فرد کے لئے ممکن نہیں تھا اور وزارت کے کرتا دھرتا اِس پر راضی نہیں ہوئے کہ ۲۸ جولائی ہی کو آ کر ایوارڈ وصول کر لیا جائے۔ اس طرح شہناز کوثر اس محفلِ میلاد میں شریک نہیں ہو سکیں۔

وزارتِ مذہبی امور نے "ہجرتِ مصطفیٰ ﷺ" کے ایوارڈ کے سلسلے میں جاری کردہ "سندِ امتیاز" اور ۱۵ ہزار روپے کا چیک ڈاک کے ذریعے بھیج دیا ہے۔

اس سے پہلے خواتین کی کتابوں پر چھ انعامات دیے گئے جن میں سے چار شہناز کوثر کو ملے۔ ۱۹۹۱ میں "قوسِ قزح" پر، ۱۹۹۲ میں "حیاتِ طیبہ میں پیر کے دن کی اہمیت" پر، ۱۹۹۳ میں "حضور ﷺ کا بچپن" پر اور ۱۹۹۴ میں "حضور ﷺ کی معاشی زندگی" پر ـــ اس بار "ہجرتِ مصطفیٰ ﷺ" کو اس ایوارڈ کے قابل سمجھا گیا ہے۔ ان سے پہلے کسی مرد یا خاتون کو آج تک پانچ بار صدارتی ایوارڈ نہیں ملا۔

شہناز کوثر پاکستان کی پہلی خاتون ہیں جنھیں یہ اعزاز حاصل ہوا ہے۔

راجا اختر محمود کا اعزاز

ماہنامہ "نعت" لاہور کے منیجر راجا اختر محمود کی کتاب "مجھے ان ﷺ سے پیار ہے" کا پہلا ایڈیشن ختم ہو گیا ہے۔ کتاب حضورِ اکرم ﷺ کی سیرتِ طیبہ کے ان پہلوؤں سے متعلق ہے جن پر عمل پیرا ہو کر ہم فلاح یاب ہو سکتے ہیں۔ کتاب بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔

المختار قرآن اکیڈمی (زیرِ انتظام حضرت سلطان باہوؒ ٹرسٹ) ۲۴۔ رسول پاک۔ نیا مزنگ لاہور نے کتاب کا دوسرا ایڈیشن پیپر بیک میں دیدہ زیب سرورق کے ساتھ گیارہ سو کی تعداد میں شائع کیا۔ یہ ایڈیشن ۱۲ ربیع الاول ۱۴۱۷ھ کو میلاد سٹریٹ، فیصل ٹاؤن، لاہور میں ہونے والے "میلاد فیسٹیول" میں تقسیم کیا گیا۔

المختار قرآن اکیڈمی "مجھے ان ﷺ سے پیار ہے" کا انگریزی ترجمہ کرا رہی ہے جو بیرونی ممالک خصوصاً انگلینڈ میں اور ملک کے انگلش میڈیم سکولوں میں تقسیم کیا جائے گا۔

"مجھے ان ﷺ سے پیار ہے" راجا اختر محمود کی اوّلین کاوش ہے۔

صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
شعارِ حسن کا ثنائے رسولِ اکرم ہو
اس آدمی کی محبت خدا نصیب کرے

نعت سے محبت کرنے والی محترم بہن

زینت خاتون مرحومہ و مغفورہ

کے ایصالِ ثواب کے لیے

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ
مرحومہ کی بلندیٔ درجات کیلئے دعا کریں

ملک خان محمد

بابا پورہ کالونی نمبر ۳
بابا پورہ۔ لاہور۔

فہرست

نعتیہ کلام (ردیف "ب" تا "ر")

فہرستِ اشتہارات

مُقدّمہ

"اُردو نعتیہ شاعری کا اِنسائیکلو پیڈیا" (جلد اوّل) کے مُقدّمے میں ماہنامہ "شام و سحر" لاہور کے چھ نعت نمبروں اور مجلّہ "اوج" شاہدرہ لاہور کے نعت نمبر میں شامل نعتوں کا ذکر کیا گیا تھا۔ زیرِ نظر جلد دُوم میں ماہنامہ "الرّشید" لاہور کے نعت نمبر میں شامل کی گئی نعتوں کا اجمالی ذکر کیا جاتا ہے۔ تفصیلی تذکرہ پھر کبھی سہی۔

"الرّشید" کا نعت نمبر

ماہنامہ "الرشید" لاہور کا نعت نمبر ۱۴۱۱ھ۔ دو جلدوں میں (سالِ اشاعت ۱۹۹۲/ ۱۴۱۳ھ)۔ ۹۶۴ اصفحات۔ مدیر عبدالرشید ارشد۔ حصۂ عربی صفحہ ۲۹ سے ۳۹۹ تک ہے۔ حصۂ فارسی میں ۱۱۳ صفحات پر ۱۴۴ نعتیں' ۱۸ نعتیہ قصائد اور ۳۲ مثنویاں ہیں۔ حصۂ اُردو کے آغاز میں "صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم" ردیف کی ۲۰۳ نعتیں ہیں۔ ۲۲۲۔ اُردو نعتوں کے علاوہ "مدینہ" کے حوالے سے ۵۹' "صلوٰۃ و سلام" کے ضمن میں ۷۴ نعتیں' ۳۳ قصائد' مثنوی کی صورت میں ۴۸ منظومات اور اور ۶۷۵ ردیف وار نعتیں ہیں۔ صفحہ ۱۱۸۳ سے ۲۸۳ تک ۱۰۶ متفرق نعتیں ہیں۔ ۱۲ صفحات پر قطعات و رباعیات ہیں۔ پنجابی' پشتو' براہوی' گوجری' کشمیری' بلوچی اور سندھی نعتیں بھی ہیں۔ ۳۷ صفحات پر عقیدۂ ختمِ نُبوّت نعتیہ ادب میں" کے حوالے سے نعتیہ اشعار اور نعتیہ نظمیں ہیں۔

شروع میں ایک مضمون "قرآن میں نعت" ہے اور آخر میں "نعت النبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم" (جو ڈاکٹر ریاض مجید کے پی ایچ ڈی کے مطبوعہ مقالے کا حصہ ہے)۔

"الرشید" کا زیرِ نظر نعت نمبر' نعتوں کا ذخیرہ ہے' انتخاب نہیں۔ کیونکہ اس میں شامل کئی نعتیں غیر معیاری ہیں۔ بعض میں زبان و بیان کی غلطیاں اور بعض میں وزن کے اسقام ہیں۔ اور ایسی چیزوں کی اشاعت ارکانِ مجلسِ مشاورت حفیظ تائبؔ' حافظؔ لدھیانوی' خالد بزمیؔ اور علیمؔ ناصری کے لیے وجہِ افتخار نہیں ہے۔

مثلاً صفحہ ۱۰۷۲ پر غلام یحییٰ انجمؔ کی نعت میں فنّی اسقام ہیں۔ "نعت نمبر" میں دو نعتیں فضل الرحمان افضلؔ کے نام سے اور ایک افضلؔ دھرم کوٹی کے نام سے چھپی ہے (صفحہ ۲۷۷' ۱۰۶۸' ۱۰۶۹) کلام کی خامیوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ ایک ہی شخصیت ہے۔ صفحہ ۸۷۵ پر قاضی عبدالحلیم حقّانی کا کلام غیر معیاری ہے۔ صفحہ ۹۳۵ پر عظیم تاتاری کے کلام میں فنّی اسقام ہیں۔

"مدینہ" ردیف کی ایک نعت اور "بَلَغَ الْعُلیٰ بِکَمَالِہٖ" کی ایک تضمین ایسی چھپی ہیں کہ ان کے ساتھ شاعر کا نام نہیں البتّہ تخلّص "حافظ" استعمال ہُوا ہے۔ ایک نعت ایسی ہے جس کے ساتھ شاعر کا نام صرف "حافظ" لکھا ہے۔ اِن میں سے کم از کم دو نعتیں ایسی ہیں کہ ان کی شمولیت نعت نمبر کی مجلسِ مشاورت کے ارکان کے لیے باعثِ اعزاز نہیں ہے (صفحہ ۷۵۴' ۱۰۸۴' ۱۲۳۲)

امینؔ گیلانی کی سات منظومات "نعت نمبر" میں شامل ہیں لیکن ان میں سے صرف تین نعتیں ہیں۔ باقی اسلامی منظومات ہیں جو عام طور سے میرزائیوں کے خلاف ہیں۔ مثلاً یہ اشعار کسی طرح "نعت" نہیں ہیں (ص ۱۰۳۳)

لے کے ہتھیلی پہ نکلے ہیں جانوں کو
اہلِ خرد مت چھیڑو ہم دیوانوں کو

بندے ہو رب کے تو پھر رب سے مانگو
کوئی بھلا سمجھائے اِن نادانوں کو

غیر اللہ کی جن میں پُوجا ہوتی ہے
اللہ والو! ڈھا دو اُن بُت خانوں کو

دین کے پیمانے سے ہر شے تول امینؔ
توڑ کے رکھ دے باقی سب پیمانوں کو

زیرِ نظر "نعت نمبر" میں بعض نعتیں ایک سے زیادہ مرتبہ بھی شامل ہیں مثلاً نوّاب مُصطفیٰ خاں شیفتہؔ کی ایک ہی اُردو نعت دو جگہ پر (صفحہ ۵۶۳' ۵۹۹) شامل ہے۔ فیض الحسن فیضؔ (م ۱۸۸۷ء) کے نام سے جو نعت صفحہ ۹۰۰ پر چھپی ہے' وہی نعت صفحہ ۹۳۵ پر صرف "فیضؔ" کے نام سے دوبارہ چھاپی گئی ہے۔ محمد حنیف نازشؔ قادری کی ایک نعت بھی صفحہ ۱۱۸۷' ۱۱۹۰ (دو جگہ) چھپی ہے۔ عبدالکریم مُسلمؔ کی ایک نظم دو جگہ درج ہے۔ ایک جگہ ردیف "سُنّتِ خیرُالورٰی ﷺ" ہے اور دوسرے مقام پر سُنّتِ ختمُ الرُّسل ﷺ (صفحہ ۶۷۰' ۱۳۳۷)۔ نور محمد نورؔ کی دو نعتیں تین صفحوں میں دو' دو بار کمپوز کر کے شامل کر دی گئی ہیں (ص ۱۱۹۰۔ ۱۱۹۲) اس نعت نمبر کے مُرتّبین اور اشاریے کے مرتّب نے اکرم کلیم کی صفحہ ۱۱۸۵' ۱۱۸۶ پر موجود دو نعتوں کو ایک سمجھا ہے۔ ۱۱۸۵ کی پہلی نعت اِنھی دو صفحوں پر دو دفعہ کمپوز ہو کر چھپ گئی ہے۔ مُرتّبین نے شاعر کے ساتھ محبّت کا مظاہرہ یوں بھی کیا ہے کہ ان کی ایک اور نعت بھی صفحہ ۱۱۳۹' اور ۱۹۱۱ پر دو مرتبہ چھاپ دی ہے۔

زیرِ نظر "نعت نمبر" میں مختلف عنوانات قائم کیے گئے ہیں اور ان کے تحت نعتیں تقسیم کی گئی ہیں لیکن یہاں بھی گڑبڑ نظر آتی ہے۔ مثلاً سیفؔ ٹونکی کی ایک اُردو نعت "فارسی نعتیں" کے عنوان تلے شائع کی گئی ہے (ص ۴۰۷) شفقت تنویرؔ مرزا کی طویل بحر کی ایک نعت کو "مثنوی" کے عنوان کے تحت شامل کر دیا گیا ہے جبکہ یہ اِس ہیئت میں نہیں ہے۔ (ص ۸۶۷) نعتیہ غزلوں میں عبدالرزّاق سعید کی ایک نظم شامل ہے جس میں مدینۂ کریمہ سے خطاب ہے (ص ۶۸۸' ۶۸۹) سر سیّد احمد خاں کی فارسی نعت "اُردو قطعات و رباعیات" کے آخر میں شامل کر دی گئی ہے (ص ۱۲۹۶) ساقی جاویدؔ کی ایک نعتیہ مثنوی کے گیارہ اشعار ردیف وار نعتیہ غزلوں کے تحت ردیف "ی" میں چھاپ دے گئے ہیں (ص ۱۱۱۰) وحید الدین سلیمؔ کے کچھ نعتیہ اشعار "اردو مثنوی" کے تحت دے دیۓ گئے

ہیں، اگرچہ یہ مثنوی کی ہیئت میں نہیں ہیں (ص ۸۸۱) اسی طرح سلیمان خطیب کی ایک نعت کے سات اشعار "اُردو مثنوی" کے عنوان تلے شائع کیے گئے ہیں جبکہ یہ اس ہیئت میں نہیں کہے گئے (ص ۸۸۰) فیروزؔ نظامی کی نعت کی ردیف "ان کا" ہے لیکن یہ "صلی اللہ علیہ وسلم" ردیف کی نعتوں کے درمیان شامل کی گئی ہے (ص ۵۷۷) اسلم رانا کی ایک آزاد نعتیہ نظم (اردو) پنجابی کے شعبے میں دوسری پنجابی نعتوں کے درمیان چھپی ہے (ص ۱۳۰۵) "فیض احمد فیضؔ" کے نام سے فارسی کی جو نعت شامل ہے، وہ "فارسی" کے تحت نہیں، اردو کی نعتوں کے درمیان چھاپی گئی ہے (ص ۱۱۹۹) نیازؔ سواتی کی مثنوی کی ہیئت میں کہی گئی نعت غزلوں کے شعبے میں شامل کر دی گئی ہے (ص ۶۵۷)

اوپر ذکر کیا جا چکا ہے کہ سیفؔ ٹونکی کی اردو نعت "فارسی" کے تحت، سرسیّد احمد خاں کی فارسی نعت "اردو رباعیات و قطعات" کے تحت اور اسلم رانا کی اردو نعت "پنجابی" کے تحت شامل کر دی گئی ہے۔ ان کے علاوہ پیر محمد سلیم جان مجددی کی نعت اردو کی نعتوں میں شامل کر دی گئی ہے جو کسی اور زبان میں ہے (ص ۵۵۶، ۵۵۷) اور اثرؔ صہبائی کی ایک اردو نعت کو فارسی نعتوں میں شامل کر دیا گیا ہے (ص ۴۱۶)

بعض جگہوں پر شاعر کا نام تحریر نہیں ہے مثلاً محمد اکرم رضاؔ کے ایک نعتیہ قصیدے کے کچھ اشعار صفحہ ۱۲۴۷، ۱۲۴۸ پر شائع کیے گئے ہیں لیکن ان کا نام درج نہیں ہے۔ اسی طرح صفحہ ۳۰۱ پر چھ عربی نعتیہ اشعار دیے گئے ہیں جن کے ساتھ نہ تو شاعر کا نام ہے، نہ ان اشعار کا ترجمہ ہے۔ "حافظؔ" کی تین نعتوں کا ذکر پہلے آ چکا ہے کہ ان میں سے دو پر نام نہیں ہے۔ محض مقطعوں میں تخلّص نظر آتا ہے اور ایک پر نام صرف "حافظ" لکھا ہے (ص ۷۵۴، ۱۰۸۴، ۱۲۳۲)

زیرِ نظر "نعت نمبر" میں کہیں ایسا بھی ہوا ہے کہ دو شاعروں کو ایک بنا دیا ہے مثلاً مولانا فیض الحسن کے دو عربی قصیدوں پر "فیض الحسن ادیبؔ سہارنپوری" لکھا ہے جبکہ یہ دونوں الگ شخصیتیں ہیں۔ ان میں نوّے (۹۰) سال کا زمانی بُعد ہے۔ اردو کے شاعر ادیبؔ سہارنپوری، مولانا فیض الحسن سے الگ شخصیت ہیں (ص ۷۳، ۳۷۷) یہ

بھی ہے کہ سراج اورنگ آبادی کا نام بھی ایک جگہ "سید شاہ سراج الدین سراجؔ" اور دوسری جگہ "سراجؔ اورنگ آبادی" لکھا ہے (ص ۸۵۹، ۸۹۱)

اس "نعت نمبر" میں قابلؔ اجمیری کے نام سے نعتیہ مسدّس کے گیارہ بند شامل ہیں جن میں سے سات بند تو لازماً رحمانؔ کیانی کے ہیں (ص ۱۲۲۶-۱۲۲۸) سراجؔ اورنگ آبادی کے نام کا ذکر اوپر آ چکا ہے۔ اس کے علاوہ "منظور احمد مہجورؔ" کا نام ایک جگہ یہی لکھا ہے، دوسری جگہ "سیّد منظور احمد مہجورؔ رشیدی" درج ہے اور تیسرے مقام پر "سید منظور احمد نقوی مجدّدی" تحریر ہے (ص ۴۲۰، ۵۸۷، ۶۹۴)۔ حاتمؔ کی تین نعتیں شامل ہیں۔ ایک میں شاہ حاتم لکھا ہے، دوسری جگہ شاہ حاتم ۱۷۹۴ تحریر ہے اور تیسری جگہ "ظہور الدین حاتمؔ متوفّی ۱۷۹۱" رقم ہے (ص ۸۶۰، ۸۹۱، ۸۹۴) حاتمؔ کی طرح مومنؔ کے سِن وفات کا بھی یہی حال ہے۔ صفحہ ۴۹۱، ۱۳۳۵ پر حکیم مومن خان مومنؔ کا سِن وفات ۱۸۵۲ لکھا ہے جبکہ صفحہ ۵۷۷، اور ۸۹۴ پر ۱۸۵۱ درج ہے غلام امام شہیدؔ کا سِن وفات ایک جگہ قمری اور دوسری جگہ شمسی تحریر ہے (ص ۷۵۲، ۸۹۷)

پہلے ذکر کا آ چکا ہے کہ صفحہ ۳۰۱ پر چھ عربی نعتیہ اشعار دیے گئے ہیں جن کے ساتھ نہ تو شاعر کا نام ہے، نہ ان اشعار کا ترجمہ ہے جبکہ دوسری عربی قصائد کا اردو ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ البتہ عبدالعزیز خالدؔ کے عربی قصیدے (ص ۳۹۴) کا اردو ترجمہ بھی نہیں ہے۔ علاقائی زبانوں کی نعتوں کا بھی عام طور پر ترجمہ دیا گیا ہے لیکن پریل محمد بیدارؔ کی ایک سندھی نعت کے آٹھ اشعار درج ہیں مگر ان کا ترجمہ نہیں ہے (ص ۱۳۴۳) اِسی طرح محمد اسماعیل ذبیحؔ کی گوجری زبان کی چار نعتیں شامل اشاعت میں لیکن ان کا اردو ترجمہ نہیں دیا گیا (ص ۱۳۲۴-۱۳۲۶)

اس کے برعکس کہیں ایسا بھی ہوا ہے کہ اصل قصیدہ نہیں، محض ترجمہ ہے۔ مثلاً حضرت حسّان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے نعتیہ قصیدوں کے جو اشعار شامل کیے گئے ہیں، عام طور سے، عام روایت کے مطابق ان کا اردو ترجمہ دیا گیا ہے لیکن صفحہ ۷۹ پر عربی اشعار نہیں ہیں، محض نو اشعار کا اردو ترجمہ ہی دیا گیا ہے۔ نیز صفحہ ۸۷ پر حضرت

بلیغ بن محشی رضی اللہ عنہ کے دو نعتیہ اشعار کا اردو ترجمہ ہے' اصل اشعار نہیں ہیں۔

علامہ بوصیری رحمتہ اللہ علیہ کے قصیدۂ بُردہ شریف کے ساتھ زیرِ نظر "نعت نمبر" میں فارسی اور اردو منظوم ترجمہ بھی ہے لیکن کہیں نہیں لکھا کہ ترجمہ کن شعرا کا ہے۔ اگر یہ لکھا جاتا کہ فارسی ترجمہ علامہ عبدالرحمان جامی رحمت اللہ علیہ کا اور اردو ترجمہ محمد فیاض الدین نظامی کا ہے تو مناسب تھا (ص ۲۶۰۔۲۸۱)

میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ زیرِ نظر "نعت نمبر" نعتوں کا انتخاب نہیں' بس نعتیں جمع کر دی گئی ہیں۔ اگر یہ انتخاب ہوتا تو مثلاً ایسے اشعار شامل نہ ہو سکتے۔

اُمّی و درسِ اُستادِ جبریلِ امیںؑ
ناسخِ احکامِ شرع بالیقیں
(ابوالحسن کاندھلوی۔ ص ۸۷۴)

مجھ کو اعزاز یہ حاصل ہے طلب گاروں میں
سرِ فہرست ہوں آقا ﷺ کے پرستاروں میں
(مختار بخاری۔ ص ۱۰۲۲)

پرستارِ نبی ﷺ ہونا ہے چیزے دیگراں لیکن
غلامانِ نبی ﷺ سے بھی محبت ہو تو کیا کہنا
(فکری سلطان پوری۔ ۹۳۶)

ہم نشیں کیا ذکر ہے کونین کا
ہے خدا بھی جاں نثارِ مصطفیٰ ﷺ
(یُونُس درد۔ ص ۶۳۴)

شہنشہی کی جلالت' اُلُوہیت کا شکوہ
فدائے فقرِ غیورِ محمدِ عربی ﷺ
(رئیس امروہوی۔ ص ۶۳۲)

مطالعے کے دوران میں کچھ مزید چیزیں بھی سامنے آئی ہیں۔ مثلاً

حضرت شاہ رُکن عالم علیہ الرحمہ کے عربی قصیدۂ میمیہ کے آخری پانچ اشعار میمیہ نہیں ہیں (ص ۲۸۲)

محمد افسر ساجد کی نعتیہ نظم اِس طرح شائع ہوئی ہے کہ نظم کے درمیان میں اور آخر میں شاعر کا نام دو جگہ لکھا ہے جس سے صرف دیکھنے والے اسے دو نظمیں سمجھ سکتے ہیں (ص ۱۳۶۹)

حسین سحر اپنا نام "سحر رومانی" مدّت ہوئی' چھوڑ چکے ہیں لیکن یہاں یہی لکھا ہے (ص ۱۱۱)

مولانا محمد قاسم نانوتوی کی ایک فارسی اور ایک اردو نعت شامل ہے (ص ۴۶۶' ۷۸۲) لیکن اشاریے میں ان کا نام نہیں۔

"مضطر" تخلّص کے حامل کسی صاحب کی تین نعتوں کے چند اشعار اس طرح خلط ملط کر کے چھاپے گئے ہیں کہ بظاہر ایک ہی نعت معلوم ہوئی ہے۔ ان میں "طیبہ میں ہے" "صبح و شام" اور "پیدا ہوئے" ردیف کے جو چار اشعار اِس طرح صفحہ ۱۳۴۷ پر درج ہیں' وہ صفحہ ۱۳۴۹ پر بھی دُہرائے گئے ہیں۔

شیوا بریلوی کا نام شیدا بریلوی لکھا ہے۔ حالانکہ سعادت حسین وارثی شیدا' بریلوی تھے' مگر صفحہ ۵۱۳ پر جو نعت ہے' وہ شیوا بریلوی کی ہے (ماہنامہ "نعت" لاہور۔ جولائی ۱۹۹۴۔ "شیوا بریلوی اور جمیل نظر کی نعت" ص ۴۴)

صفحہ ۱۱۳۹ پر سیّد عبدالکریم سیالکوٹی کی شاعری غیر معیاری ہے۔

تمنّا عمادی' شبلی نعمانی اور علامہ محمد اقبال کی نظموں کو غزلوں میں شامل کیا گیا ہے (ص ۹۶۶' ۹۷۰' ۹۸۵)

صفحہ ۸۹۱ کے آخر میں ظہور الدین حاتم المتوفی ۱۷۹۱ کی نعت کے چار شعر ہیں اور صفحہ ۸۹۲ کے شروع میں اسی نعت کے سات اشعار شاہ حاتم المتوفی ۱۷۹۲ کے بتائے گئے ہیں۔

صفحہ ۱۰۳۱ پر شاعر کا نام عبدالستّار خاں نیازی لکھا ہے جبکہ مولانا عبدالستار خاں

نیازی شاعر نہیں اور فیصل آباد کے جو نعت خواں شاعری بھی کرتے ہیں، "خان" ان کے نام کا حصہ نہیں ہے۔ ردیف وار نعتوں میں اجمل نیازی کی مثنوی شامل ہے (ص ۱۰۵۴)
ساقی جاوید کی مثنوی بھی ردیف وار نعتوں میں، ردیف ی میں شامل کی گئی ہے (ص ۱۱۱۰)
"ی" کی ردیف میں عبدالرحمان راسخ دہلوی کی ردیف الف کی نعت شامل ہے (ص ۱۰۹۸)
ردیف "ی" کی نعتوں میں اختر شیرانی کی "میں" ردیف کی نعت شامل ہے (ص ۱۰۶۰)
ردیف "ی" کی نعتوں میں ضیاء القادری بدایونی کی "ہیں" ردیف کی نعت شامل ہے (ص ۱۱۲۷)

علامہ محمد اقبال کی "لوح بھی تو قلم بھی تو" مثنوی کے ضمن میں درج ہے (ص ۸۶۳)

"صلی اللہ علیہ وسلم" ردیف کی نعتوں میں شیفتہ دہلوی کی "محمد ﷺ کا" ردیف کی نعت شامل ہے (ص ۵۶۳)

صفحہ ۵۲۳ پر "ان سے منور بستی بستی"... اور "ختم ہوئی اصنام پرستی صلی اللہ علیہ وسلم" (یہ دو اشعار) حافظ انصر لدھیانوی کی نعت کے ساتھ، ان کے نام سے چھپ گئے ہیں، حالانکہ یہ اشعار فیض لدھیانوی کے ہیں۔

ابوالاعجاز حفیظ صدیقی کی "نعت" کے پہلے چھ اشعار حمدیہ ہیں۔ صرف آخری تین نعتیہ ہیں (ص ۱۰۸۷)

ڈاکٹر مصطفیٰ حسن علوی کی پہلی "نعت" کے تین اشعار نعتیہ نہیں ہیں (ص ۱۲۶۳)

لطیف احمد ریحان کا مطلع، مقطع اور ایک شعر نعتیہ نہیں (ص ۱۱۵۵)
صفحہ ۱۰۶۸ پر آغا علی احقر کا مطلع نعت نہیں۔

صفحہ ۵۹۹ سے شروع ہو کر جو حصہ ۶۹۴ تک جاتا ہے، اس میں محمد ﷺ کا، محمد ﷺ کی، محمد ﷺ اور دوسری ایسی ردیفیں ہیں جن میں حضورِ پاک ﷺ کا اسمِ گرامی محمد ﷺ آتا ہے۔ لیکن کہیں کہیں "ہے، مصطفیٰ ﷺ یارسولَ اللہ

ﷺ یارسول ﷺ رسول ﷺ، رسولِ کریم ﷺ ہے، رسول ﷺ کی، رسولُ اللہ ﷺ کی، یا نبی ﷺ یاشہِ لولاک ﷺ ورفعنالک ذکرک، یا حبیبِ خدا ﷺ دیارِ حبیب ﷺ، رسولِ عربی ﷺ، حضور ﷺ، حضور ﷺ کا، حضور ﷺ کی یاد، حضور ﷺ اے حضور ﷺ حضور ہیں، حضور ﷺ کی، حضور ﷺ نے، آقا ﷺ، مولا ﷺ، احمدِ مختار ﷺ، خیرُ البشر ﷺ، سرکار ﷺ کے طفیل، رحمتٌ للعالمین ﷺ یاشفیع الوریٰ ﷺ، سیدُ الوریٰ ﷺ آپ ﷺ تیرا، تم ہو، ہے تو، تمہی تو ہو "ردیفوں کے علاوہ نیاز سواتی کی ایک مثنوی بھی ہے (ص ۶۳۱)

صفحہ ۹۶۳ پر "ر" ردیف کی ایک نعت کے بعد "ز" ردیف کی ایک نعت ہے، اور پھر "ر" ردیف کی مزید نعتیں ہیں۔

نعت نمبر میں "مِرے" کو بہت سی جگہوں پر "میرے" لکھا ہے جس سے مصرعے بے وزن ہو گئے ہیں۔
صفحہ ۱۳۳۳ پر راسخ عرفانی کا ایک مصرع ہے۔ "اب آمدِ نبی کا لطیفہ غلط غلط" اور "نبی" کے لفظ کے بعد "صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" لکھا ہے۔ العیاذ باللہ۔
صفحہ ۷۰۶ کی ایک نعت کے ساتھ شاعر کا نام درج نہیں ہے۔۔ صفحہ ۱۵۱۱ پر کوثر نیازی کی نعت میں "شعاعوں" کو شعاوں لکھا ہے۔
صفحہ ۵۸۱ پر کرم حیدری کے مصرعے "طالب حق مطلوب محمد صلی اللہ علیہ وسلم" میں "طالبِ" اور "مطلوبِ" لکھا ہے جس سے مفہوم غارت ہو گیا ہے۔
زیرِ نظر "نعت نمبر" میں بعض صاحبِ کتاب نعت گوؤں کی ایک دو نعتیں شامل ہیں اور بعض ایسے حضرات کی کئی کئی نعتیں شامل ہیں جنھوں نے بہت کم نعتیں کہی ہیں۔ ان میں سے کچھ تو ایسے ہیں جن کی تمام نعتیں شامل کر لی گئی ہیں۔ اکّادکّا ایسے بھی ہیں جن کی کوئی نعت، اس "نعت نمبر" کے علاوہ اور کہیں نہیں ملتی۔
مثلاً عبدالرحمان عاجز مالیر کوٹلوی کے مجموعۂ کلام "جامِ طہور" میں چھ نعتیں اور

مکۂ مکرمہ اور مدینۂ مُنوّرہ کے بارے میں ایک ایک نظم ہے (جامِ طہور۔ رحمانیہ دارُالکتب، فیصل آباد۔ طبع دُوم۔ ۱۹۸۲/ نعت (ماہنامہ) لاہور۔ ستمبر ۱۹۸۹۔ "اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو" حصۂ سوم۔ ص ۶۳، ۶۴)۔ زیرِ نظر "نعت نمبر" میں ان کی تین نعتیں شامل ہیں (ص ۱۷۵، ۶۲۶، ۶۲۷)

بیدؔم شاہ وارثیؒ کے "مُصحفِ بیدؔم" میں ان کی گیارہ اُردو نعتیں ہیں (مصحفِ بیدم۔ الکتاب، لاہور۔ ۱۹۸۱/ نعت (ماہنامہ) لاہور۔ اپریل ۱۹۸۸۔ "اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو" حصۂ اوّل۔ ص ۷۷) ان کی تین نعتیں شاملِ "نعت نمبر" ہیں (ص ۵۳۱، ۶۳۳، ۶۵۳)

اِسی طرح اکرم کلیؔم کی نعتیں "نعت نمبر" کے ۱۰۱۷، ۱۱۳۹، ۱۱۸۵، ۱۱۹۰، ۱۱۹۱ پر اور امیؔن گیلانی کی ۵۲۳، ۹۵۸، ۹۷۸، ۱۰۳۳، ۱۱۵۴، ۱۲۲۰، ۱۳۳۵، ۱۳۳۵ پر چھپی ہیں۔

اِن کے علاوہ حاجی محمد امیؔن کی چھ نعتیں (ص ۱۳۱۱، ۱۳۱۴، ۱۳۱۵، ۱۳۲۶، ۱۳۱۷، ۱۳۱۸) صابرؔ حسین صابری چشتی کی دو نعتیں (ص ۴۰۸، ۱۱۲۴) شاہ اسمٰعیل شہید کی دو (ص ۸۶۴، ۱۳۴۰) شفقت تنویرؔ مرزا کی تین (ص ۸۶۷، ۱۰۴۰، ۱۱۵۷) سیّد سلیمان ندوی کی تین (ص ۷۰۳، ۱۰۰۴، ۱۱۱۳) حبیب الرحمان لدھیانوی کی دو (ص ۶۳۲، ۱۲۹۱) جمیل احمد تھانوی کی چار (ص ۱۳۵، ۱۳۱، ۵۳۵، ۱۲۳۲) انور شاہ کاشمیری کی پانچ (۲۹۴، ۳۴۰، ۳۹۰، ۴۴۵، ۴۴۶) محمد یعقوب نانوتوی کی چار (ص ۱۸۸، ۴۲۱، ۴۷۳، ۱۱۸۳) قاری محمد طیّب کی دو (ص ۱۰۳۸، ۱۲۱۳) مفتی محمد شفیع کی تین (۳۸۸، ۱۰۴۰، ۱۱۵۷) نفیسؔ الحسینی کی چھ (ص ۵۹۵، ۶۴۱، ۹۳۶، ۱۰۲۹، ۱۱۷۳، ۱۱۸۴) قادؔر صدیقی کی تین نعتیں (ص ۴۶۶، ۷۸۲، ۱۱۳۶) اور عطاء المنعم بخاریؔ کی تین (ص ۴۹۹، ۶۴۱، ۱۰۵۳) نعتیں شامل اشاعت ہیں جبکہ بعض نامور نعت گوؤں اور صاحبِ کتاب نعت نگاروں کی بہت کم نعتیں شامل کی گئی ہیں۔

مثلاً حافظؔ پیلی بھیتی جن کے آٹھ نعتیہ دواوین "نعتِ مقبولِ خدا (مطبوعہ بدایوں۔ بار سوم ۱۳۳۲ھ۔ صفحات ۱۰۴۔) نغمۂ رُوح (مطبوعہ بدایوں ۱۳۲۸ھ صفحات ۱۴۸) خُم خانۂ حجاز (صفحات ۱۷۲) آئینۂ پیغمبر ﷺ (صفحات ۱۸۶+۳۲) بیاضِ نعت (صفحات ۲۵۲) نغمۂ

جگر دوز (صفحات ۱۴۸) لذّتِ درد (صفحات ۱۳۲) میخانۂ خُلد (صفحات ۱۷۴) شائع ہوئے۔ (نعت، ماہنامہ، لاہور۔ جون ۱۹۸۸۔ "اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو" حصہ دوم۔ ص ۸ تا ۱۳)۔ راقم الحروف (راجا رشید محمود) نے اِن آٹھوں دواوین کا انتخاب "نعتِ حافظؔ" کے نام سے کیا (مطبوعہ لاہور۔ ۱۴۰۷ھ۔ صفحات ۲۸۰) جس میں ان کی ۲۷۷ نعتیں ہیں لیکن زیرِ نظر "نعت نمبر" میں ان کی صرف تین نعتیں شامل کی گئی ہیں (ص ۶۸۰، ۸۹۶، ۸۹۷)

کفایت علی کافؔی شہید مراد آبادیؒ کا ایک مطبوعہ دیوانِ نعت ہے، دو نعتیہ مثنویاں مطبوعہ ہیں جن میں گیارہ سو کے قریب اشعار ہیں۔ انھوں نے "شمائلِ ترمذی" کا منظوم ترجمہ "بہارِ خُلد" کے نام سے کیا تھا وہ بھی چھپ گیا تھا۔ ان کی صرف دو نعتیں زیرِ نظر "نعت نمبر" میں شامل ہیں۔

عزیزؔ حاصلپوری کے مجموعۂ نعت "جامِ نور" میں ۴۳ اور "صحیفۂ نور" میں ۱۵۴ نعتیں ہیں۔ "تضمین مبین" میں مخمس کے ۳۲+۴۶ بند ہیں "جمالِ نور" میں ۹۷ نعتیں ہیں (نعت (ماہنامہ) لاہور ۔ ستمبر ۱۹۸۹۔ "اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو۔ حصۂ سوم۔ ص ۷۳ تا ۷۶) لیکن ان کی دو نعتیں شاملِ "نعت نمبر" ہیں (ص ۵۷۴، ۱۰۳۹)

مفتی غلام سروؔر لاہوری مصنف "خزینۃُ الاصفیا کے "دیوانِ کُلّیاتِ سروؔر نعتیہ" کے دیوانِ اول میں ۶۳۔ اردو نعتیں اور ۴ فارسی نعتیں ہیں۔ دیوانِ دُوم میں ۳۱۱۔ اردو نعتیں، ۱۴ فارسی نعتیں، ۱۹ نعتیہ مخمس، ۳ نعتیہ مُسدّس، ۳ ترکیب بند اور ۳ ترجیع بند ہیں۔ (مطبوعہ لاہور۔ ۱۹۱۰۔ صفحات ۳۵۲) مفتی غلام سروؔر لاہوری کی "نعتِ سروری" میں ۱۳۹۔ اردو، ۲۰ فارسی نعتیں، ۷ مخمس، ایک مسدس اور ۴ تضمینیں ہیں (مطبوعہ کانپور۔ ۱۹۱۱۔ صفحات ۱۳۲) مگر زیرِ نظر "نعت نمبر" میں ان کی دو نعتیں شامل ہیں (ص ۶۰۰، ۶۹۹)

منوّؔر بدایونی (مصنف "منوّر نعتیں") کی دو (ص ۱۰۳۶، ۱۲۴۶) ممتازؔ جہاں گنگوہی (مصنف چمنِ مناقب حصہ اول، دوم، سوم، چہارم۔ و دیوانِ ممتازؔ) کی دو (ص ۵۸۶، ۱۱۹۴) سکندؔر لکھنوی (مصنف سحابِ رحمت، سفینۂ دل، ارمغانِ حرم، سراجاً منیرا، امامُ القبلتین، تسکینِ روح، سیّدُ المرسلین ﷺ، ممدوحِ کائنات، قاسمِ خُلد، میخانۂ عرفاں...... وغیرہ کی

دو نعتیں (ص ۵۵۴، ۱۴۳۸) نعت نمبر میں دی گئی ہیں۔

غریب سہارنپوری (مصنف "خزینۂ رحمت یعنی عطریاتِ غریب جس میں ۲۷۴۔ اردو اور ۲۱ فارسی نعتیں ہیں) کی دو نعتیں (ص ۷۰۲، ۹۳۱) علامہ اختر الحامدی (مصنف "نعت محل" بہارِ عقیدت، کمالِ رسول ﷺ جمالِ رسول ﷺ انوارِ عقیدت) کی دو نعتیں (ص ۵۴۹، ۶۷۷) اور انور فیروز پوری (مصنف مختارِ کُل ﷺ کی دو نعتیں (ص ۵۲۴، ۱۰۴۳) زیرِ نظر "نعت نمبر" میں شامل ہیں۔

جن صاحبِ کتاب نعت گوؤں کی صرف ایک ایک نعت شامل ہے، ان میں سے چند یہ ہیں:

ابرار کرتپوری مصنف "ورفعنالک ذکرک" (ص ۵۱۵) اُفق کاظمی امروہوی مصنف "فروغِ محامد" (ص ۶۸۵) جمیل قادری رضوی مصنف "قبالۂ بخشش" (ص ۵۳۸) حافظ چشتی تونسوی مصنف "روضُ الفردوس" (ص ۵۴۰) حفیظ جالندھری مصنف "شاہنامۂ اسلام"... وغیرہ (ص ۷۰۷) دیدار علی الوری مصنف "فروغِ نبی ﷺ" (ص ۵۴۷) رفیع الدین ذکی قریشی مصنف "خورشیدِ حرا" نور و نکہت، سازِ عقیدت، حرفِ نیاز، مہرِ فاراں، عنوانِ تمنا، نویدِ رحمت" (ص ۱۰۴۴) ساحر صدیقی مصنف "جامِ حیات" (ص ۱۰۰۲) ساقی گجراتی مصنف "زادِ عقبیٰ" (ص ۹۲۱) ریاض الدین سہروردی مصنف دیوانِ ریاض۔ ۳۳۰ نعتیں، ریاضِ رسول ﷺ حصۂ دُوُم۔ ۱۴۸۔ اردو نعتیں، ریاضِ رسول ﷺ حصۂ سُوم۔ ۹۳۔ اردو نعتیں (ص ۱۱۰۶) صابر براری مصنف "جامِ طہور" و فردوسِ عقیدت (ص ۵۶۴) محمد وجیہ السیما عرفانی مصنف "میرے حضور ﷺ" (ص ۵۷۴) فدا کھیم کرنی مصنف "حدیثِ ایماں" (ص ۵۷۶) ہلال جعفری مصنف "ہلالِ حرم" (ص ۱۰۳۲) محمد حسین فقیر مصنف "سفینۂ عشق مدینہ یعنی دیوانِ فقیر" جس میں ۲۶۷ نعتیں اور مسدّس مخمس ترجیع بند، مثنوی وغیرہ بھی ہیں (ص ۷۴۰)

بہت سے ایسے معروف صاحبِ کتاب نعت گو ہیں جنھیں اس "نعت نمبر" میں جگہ نہیں ملی مثلاً۔ (قوسین میں مجموعۂ نعت کا نام لکھا ہے)

ارمان اکبر آبادی (سروشِ سدرہ) الطاف احسانی (نقوشِ عقیدت۔ شعاعِ ایماں) الطاف قریشی (ثنا) قمر انجم (حُسُنت جَمیعُ خِصَالہٖ) باقی صدیقی (زادِ سفر) بدر ساگری (القلم) الیاس برنی (معروضہ) بیدل فاروقی (بحضورِ صاحبِ لولاک ﷺ) حافظ الوری (دیوانِ حافظ الوری) حافظ جونپوری (دیوانِ حافظ عُرف حافظ الاسلام) حشمت یوسفی (جمالِ الہام) حقیر فاروقی (نسیمِ گلشنِ جنت) حنیف اسعدی (ذکرِ خیر الانام ﷺ) خالد عرفان (الہام) خورشید ایلچپوری (خورشیدِ رسالت) زخ ش (فردوسِ تخیّل) سیف زلفی (روشنی) ساجد اسدی (پیامبرِ مغفرت۔ مخزنِ نعتِ مقبول) ستار وارثی (آیۂ رحمت۔ معطّر معطّر) مخمور سکندر آبادی (سراپا آئینہ) شائق دہلوی (گلگشتِ بہشت) شریف امروہوی (قندیلِ عرش) شمس بخاری (مثنوی جمالِ محمد ﷺ) شہاب دہلوی (موجِ نور) صابر القادری بریلوی (بخششِ رب۔ ارمغانِ حق) صبا متھراوی (دربارِ رسالت میں) طالق ہمدانی (افکارِ جمیل) محمد عاشق (عقیدت کے پھول) طیب قریشی اشرفی (جانِ ایمان) فدا خالدی (م ص) فضا کوثری (آیاتِ نورانی) فضل جالندھری (معجزاتِ رسول ﷺ) قصری کانپوری (نورِ ازل) قمر صدیقی (حرف حرف روشنی) قمر ہاشمی (مُرسلِ آخر ﷺ) فیاض احمد کاوش (نور و نکہت) ماجد صدیقی (سروِ نور) منظور احمد منظور (برگِ طوبیٰ) موسیٰ لودیانوی (نعتیہ دیوانِ موسیٰ) مہدی نظمی (پیغمبرِ عالم ﷺ) سیّد معین الدین نزہت (نُزہتُ الناظرین) آباد محمدی (ایوانِ نعت و سلام) آثم نظامی (صہبائے مدینہ) اجمل (ارمغانِ عقیدت) محمود اختر کیانی (عقیدت) امجد حیدر آبادی (ریاضِ امجد، حجِ امجد، نذرِ امجد، صبحِ امجد، رباعیاتِ امجد) انیسہ ہارون شروانیہ (انیسیات) غلام جیلانی باصر (گُل ہائے عقیدت) بسمل میرٹھی (غنچۂ نور) بیکس جبلپوری (دیوانِ بیکس) تاباں عابدی (جلوۂ تاباں) ثمر مانچوی (چراغِ طور) حامد الوارثی (نغمۂ نور) وزیر علی حامی (نعتیہ کلامِ حامی) خادمی اجمیری (نکہت و نور) خواجہ دل محمد (شانِ مصطفیٰ ﷺ) ساغر مشہدی (ماحی) سعید وارثی (ورثہ) سیّد علی اکبر سلیم (ثنائے حبیب ﷺ) شاد افسری (شاخِ بریدہ) شاہد الوری (حمد و ثنا) شمیم کرہانی (صبحِ فاراں) شمیم ہمت نگری (گلدستۂ شمیم) ضامن حسنی (ضامنِ حقیقت) عطار اکبر آبادی

(مولودِ عطّار) عطّار قادری (مرا سینہ مدینہ ہو۔ مدینے کی ڈھول) بشیر زوّاری (خزینۂ نعت) قیصر بیمائی (گلدستۂ نبوت) کلامی رائے بریلوی (گوہرِ نخروں) عمرالدین مثالی (دیوانِ نعتیہ مثالی) حافظ محمد مستقیم (معراجِ سخن) مُنیر علی جعفری (تاریخِ اسلام۔ منظوم عہد رسالتؐ۔ سراج المنیر)۔ چرن سرن ناز نابکوری (رہبرِ اعظم ﷺ) نجم بریلوی (شعِ نجم۔ نعتِ برحق) سید نجم نعمانی سبزواری (قندیلِ حرم) اخلاق عاطف (قریہ قریہ خوشبو) اور بہت سے دوسرے۔ جب صاحبِ کتاب نعت گوؤں کا یہ حال ہے، تو واقعہ یہ ہے کہ ایسے شاعر جن کے نعتیہ مجموعے ابھی تک نہیں چھپے لیکن وہ بہت اچھی نعتیں کہہ رہے ہیں، اور کافی نعتیں کہہ رہے ہیں، اُن میں سے بھی بہت سے "الرشید" کے اِس "نعت نمبر" میں جگہ نہیں پا سکے۔

قرآن و احادیث کے الفاظ کی غلط املا

میرا نقطۂ نظر یہ ہے کہ نعت کہنے کے لیے قرآن و احادیث کی تعلیمات سے بڑی حد تک واقف ہونا ضروری ہے۔ ایسا نہ ہو تو شاعر نعت کہنے میں کہیں نہ کہیں ٹھوکر کھا جا سکتا ہے، کسی غلطی کا مرتکب ہو جاتا ہے، کبھی اس سے نادانستگی یا جہالت کے سبب گناہ کا ارتکاب ہو سکتا ہے۔ عُرفی نے جو تلوار کی دھار سے تیز اِس راہ پر پھُونک پھُونک کر قدم رکھنے کو کہا تھا، اور تیزی نہ دکھانے کی تلقین کی تھی، اُس کا بنیادی پہلو یہ ہے کہ کہیں تعلیماتِ قرآن و احادیث سے صَرفِ نظر نہ ہو جائے۔

اُلُوہیت و رسالت کی حدود بھی پیشِ نظر رہیں، اللہ تعالیٰ کے خالق و معبود ہونے اور حضورِ اکرم ﷺ کے مخلوق و عابد ہونے کے احساس کے ساتھ ساتھ، حضور ﷺ کی محبوبیتِ الٰہی کے مقام کا بھی لحاظ رکھا جائے۔ حضور سرورِ کائنات علیہ السّلام و الصّلوٰۃ کے مقام و مرتبہ سے کم تر لفظ، ترکیب، استعارہ، شوشہ، مضمون، خیال استعمال نہ کیا جائے کہ اس طرح اعمال حبط ہونے کا اندیشہ زیادہ ہے۔

موجودہ دور میں ماشاء اللہ ہر شاعر نعت کہہ رہا ہے۔ نعت میں جدید الفاظ، نئی تراکیب، متنوّع مضامین در آئے ہیں۔ شخصی حوالے سے اور اجتماعی پریشانی سے نجات کے لیے بارگاہِ مصطفوی (صلی اللہ علیہ و آلہٖ و سلم) میں جو استغاثے کیے جا رہے ہیں، انھوں نے بھی نعت میں نئے اضافے کیے ہیں۔ وسیع ترین الاقوامی اور بین الاسلامی تناظُر سے بھی نعت کا کینوس وسیع ہوا ہے۔ لیکن شعراءِ نعت کے قرآن و احادیث کے متن و مفہوم کے ساتھ گہرا تعلّقِ خاطر نہ ہونے کے باعث جو بے احتیاطیاں راہ پا رہی ہیں، اُن میں سب سے بڑی بے احتیاطی جو کہیں کہیں جسارت اور بسا اوقات بہت بڑے گناہ کی صُورت اختیار کر رہی ہے، یہ ہے کہ قرآن اور احادیث کے جو الفاظ زیرِ استعمال ہیں، وہ بے توجہی، لاتعلّقی، تسامح یا جہالت کے باعث اس حد تک غلط املا کے ساتھ لائے جا رہے ہیں کہ کہیں لفظ بے معنیٰ ہو جاتا ہے اور کہیں یہ جسارت تحریف کی حدوں کو چھُوتی دکھائی دیتی ہے۔

اِس بار ہم اس اہم مسئلے کی اَہمیت کے پیشِ نظر کچھ مجموعہ ہائے نعت، چند مُنتخباتِ نعت اور بعض رسالوں میں ایسی جسارتوں کی نشاندہی کر رہے ہیں تاکہ شاعر اِس راہ پر چلتے وقت بہت زیادہ احتیاط سے کام لیں، اور قارئینِ نعت بھی نعت کی کُتُب اور جرائد کو اس نقطۂ نظر سے چھان پھٹک لیا کریں کہ کہیں ان میں قرآن و احادیث کے الفاظ کو بگاڑنے کی نادانستہ یا مبنی بر جہالت کوشش تو نہیں پائی جاتی۔

ہمیں احساس ہے کہ "تحسینِ باہمی" کے موجودہ ماحول میں تنقید کی یہ صورت بڑے بڑے ناموں تک کو ناک بھوں چڑھانے پر اُکسائے گی لیکن اس خیال سے اِن اغلاط کی نشاندہی نہ کرنا کہ لوگ ناراض ہوں گے، کیا اِس حقیقت پر منتج نہیں ہو گا کہ اللہ اور اللہ کے رسولِ مکرّم ﷺ ناراض ہو جائیں۔

"اُردو نعتیہ شاعری کا انسائیکلو پیڈیا" (جلد اوّل) کے مقدّمے پر میرے کئی محترم احباب نے مجھے کوسا لیکن کوئی مجھے یہ نہ کہہ سکا کہ میں نے کوئی بات خلافِ حقیقت لکھی ہے۔ میرا نظریہ یہ ہے کہ اللہ اور اس کے محبوبِ محترم ﷺ کی خوشنودی کے لیے

اپنے تمام احباب کی، اپنے سب بُزرگوں کی، ساری دنیا کی ناراضی مول لی جا سکتی ہے۔ بس، آدمی کوئی ایسا کام نہ کرے جس سے سرکار ﷺ ناراض ہو جائیں۔

مجھے احساس ہے کہ قرآن و احادیث کے حوالے سے جن غلطیوں کی نشاندہی میں اِس مرتبہ کر رہا ہوں، اس میں ایسے حضرات کی کتابیں بھی ہیں جو بہت پڑھے لکھے ہیں۔ بعض، عالمانِ دین کے طور پر معروف ہیں۔ بعض بہت مشہور نام ہیں۔ بہت سے میرے دوست ہیں۔ جو غلطیاں موجود ہیں، ان میں سے کچھ کا باعث تسامحات بھی ہو سکتے ہیں۔ کہیں کتابت یا کمپوزنگ کی غلطی اور پھر پروف خوانی میں سہو اور چُوک کا عمل دخل بھی ممکن ہے لیکن جہاں کسی ایک کتاب میں کوئی لفظ بار بار غلط استعمال ہوا ہے، وہاں غلطی سے زیادہ جہالت کا اثر و نفوذ ہے۔ کہیں کہیں آپ کو محسوس ہو گا کہ ظالم شاعر نے شاید کبھی قرآن اٹھا کر نہیں دیکھا اور آیات یا الفاظ سُن سُنا کر نعت میں استعمال کر دیے ہیں۔ لیکن، غلطی کتابت یا پُروف خوانی کی بھی ہو، ناشر یا طابع کے سر بھی منڈھی جا سکتی ہو، تو بھی، جب قرآنِ پاک اور احادیثِ مقدّسہ کے الفاظ کے سلسلے میں ہوئی ہے تو اس کی اشاعت سے جو اثر ہُوا اور ہو رہا ہے، اس کا ذمّہ دار تو بہر حال شاعر ہی ٹھہرے گا۔ اور اس کے صاحبِ علم ہونے کی صورت میں یہ غلطی زیادہ تکلیف دِہ ہو جاتی ہے کہ اس کے علم و فضل سے متأثر ہو کر نہ جانے کتنے لوگ اِس غلطی کو اپنا لیں۔

میری سوچی سمجھی رائے ہے کہ آپ بنظرِ غور مطالعہ فرمائیں گے تو ہر موقع پر صحیح صورتِ حال خود بخود آپ پر واضح ہوتی جائے گی کہ سہو کے باعث ایسا ہوا ہے یا جہالت کے بل بوتے پر۔

سب سے پہلے آیۂ درود کو لیتے ہیں کہ اِس کا کوئی نہ کوئی حصّہ یا اِس حکم کے زیرِ اثر درود پاک کی کوئی نہ کوئی صورت نعت میں ہر شاعر کہیں نہ کہیں استعمال کرتا ہے۔ اللہ کریم نے فرمایا۔ **اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا۔** مجھے یہ آیۂ کریمہ تین مجموعہ ہائے نعت میں ملی ہے۔

○۔ طیّب قریشی اشرفی دہلوی کی "جانِ ایمان" (مطبوعہ دہلی) میں کہ صفحہ ۱۲، ۲۸، ۳۳، ۱۱۵

پر، چار بار لکھی ہے اور ہر جگہ "آمنو "صلو" اور "و سلمو" لکھا ہے۔ آمنوا، صلوا، و سلموا نہیں لکھا۔

○۔ ابو الامتیاز ع س مسلم کی کتاب "حمد و نعت" کے صفحہ ۲۰۲ پر یہ آیت لکھی گئی ہے، جس میں "صلّوا علیہ" کو الف کے بغیر "صلو علیہ" لکھا ہے۔ عربی میں واوٴ سے پہلے حرف پر "پیش" ہو تو واوٴ کے بعد الف ضروری ہے۔ الف کے بغیر ایسے الفاظ کا صحیح تلفُّظ ممکن ہی نہیں۔

○۔ سید مبارک علی شاہؔین کی "بحضورِ رحمتٌ للعالمین ﷺ" میں بھی آمنوا، صلوا، اور و سلموا میں کہیں الف نہیں ہے (ص ۴) بلکہ ملٰٓئکتہٗ کو "ملیکتہ" لکھا ہے۔ اللہ معاف کرے!۔ فدؔا خالدی دہلوی کی کتاب "م ص" میں ڈاکٹر ارشاد الحق قُدّوسی کے مقدّمے میں "ملائکتُہٗ" تحریر ہے (ص ۳۸)

○۔ ماہنامہ "نظام المشائخ" دہلی کے رسول ﷺ نمبر میں (جو صفر و ربیع الاول ۱۳۴۲ھ) ـــــ مطابق اکتوبر نومبر ۱۹۲۳ کا مشترکہ شمارہ ہے) الف دین کا مضمون "خیر العباد" چھپا ہے (صفحہ ۲۲ پر) مضمون کے آغاز میں جلی قلم سے "صلو علیہ و سلموا تسلیما" تحریر ہے۔ یعنی "صلوا" میں الف نہیں۔

○۔ جامعہ محمدی شریف (جھنگ) کے آرگن، ماہنامہ "الجامعہ" کے ربیع الاول ۱۴۱۷ھ کے شمارے میں، صفحہ ۳۸ پر یہ آیۂ درود ایک مضمون کے عنوان میں ہے اور اس میں ملائکہٗ، آمنو، صلو اور اللہ معاف کرے "وصلمو" لکھا ہے

○۔ مبارکؔ مونگیری اور عزیز الدین خاکؔی نے بھی "صلوا علیہ" کو الف کے بغیر لکھا ہے (ذکرِ ارفع۔ ص ۳۸، ۳۹، ۴۰۔ اور ذکرِ صلِ علیٰ۔ ص ۹۳)

○۔ اصغر سودائی کی کتاب میں بھی "صلوا" الف کے بغیر ہے (شہِ ہردوسرا ﷺ۔ ص ۱۳۲)

○۔ بہارِ نعت مُرتّبہ محمد مُنیر قریشی میں بھی "صلوا علیہ" الف کے بغیر لکھا ہے (ص ۸۲) "صلوا" فعلِ امر کا صیغہ ہے۔ یہ سعدؔی شیرازی کے مشہورِ زمانہ قطعہ بھی استعمال ہُوا

ہے۔ "صلّوا علیہِ وَ آلِہ" اور' بہت سے شعرا نے اِسے اپنے اشعار میں استعمال کیا ہے لیکن مثلاً درج ذیل کتابوں میں اس مصرعے میں "صلوا" کو الف کے بغیر لکھا ہے:

○۔ ارمغانِ مدینہ۔ صائم چشتی۔ مطبوعہ فیصل آباد۔ ص ۴۳'۴۴

○۔ نعت و سلام۔ وحیدہ نسیم۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۸۷ (نعت میں ہر جگہ الف کے بغیر لکھا ہے)

○۔ منتخب نعتیں۔ شائع کردہ جہانگیر بک ڈپو' لاہور۔ ص ۱۱

○۔ نعتِ مصطفیٰ ﷺ۔ مرتبہ یامین وارثی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۸۷

○۔ جانِ ایمان۔ طیّب قریشی دہلوی۔ ص ۴۳' ۸۹۔ اِن صفحات پر صلوا علیہ و آلہٖ الف کے بغیر لکھا ہے' صفحہ ۹۸' ۹۹ پر الف کے ساتھ ہے۔

○۔ جلوے۔ صائم چشتی۔ ص ۹ تا ۱۱ (صلّوا علیہ و آلہ چھ مرتبہ لکھا ہے اور ہر بار غلط۔ الف کے بغیر)

○۔ ابرِ رحمت۔ مسعودہ خانم۔ ص ۳۲ (آٹھ مرتبہ صلّوا علیہ و آلہ لکھا ہے اور ہر جگہ غلط)

○۔ بہارستان۔ ظفر علی خاں۔ ص ۵۱ (تینوں بار "صلّوا علیہ و آلہٖ" غلط لکھا ہے)

○۔ دفترِ نعت حصّہ اوّل مرتبہ حمید حسن ہیکل۔ ص ۱۹ (چار بار یہی غلطی دُہرائی گئی ہے)

○۔ ماہنامہ "حق نما" لاہور۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ ستمبر ۱۹۹۳۔ ص ۴۲ بھی پر "صلّوا علیہ و آلہٖ" میں یہی غلطی ہے

○۔ ماہنامہ بصیر کراچی۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ ایڈیشن۔ مئی ۱۹۷۲۔ ص ۶۵۔ اقرؔ موہانی وارثی کی نعت کا عنوان "صلّوا علیٰ نبینا" ہے' اور یہی ردیف ہے۔ ص ل و کے بعد کہیں الف نہیں لکھا۔

○۔ تذکرہ شعرائے مانسہرہ مرتبہ داؤد کوثر۔ ص ۲۱۱۔ گوہر امان خان گوہرؔ کی فارسی نعت میں "صلّوا علیٰ محمد ﷺ" میں یہی غلطی کی گئی ہے۔

"اللّٰھُمَّ صَلِّ علیٰ محمدٍ" وہ درودِ پاک ہے جو خود آقا حضور ﷺ کی زبانِ

پاک سے بھی ادا ہوا' اور احادیثِ مُقدّسہ میں مذکور ہے' لیکن ہمارے دوست' نعت کے مشہور محقق' بہت بڑے درود خواں اور درودِ پاک کے پر چارک ڈاکٹر ریاض مجید کے مجموعۂ نعت "اللّٰھُمَّ صلِّ علیٰ محمد" میں حضورِ اکرم ﷺ کے اسمِ گرامی محمد ﷺ میں "د" پر دو زیر کے بجائے دو زبر دکھائی دیتے ہیں۔ "حالانکہ علیٰ" حرفِ جار کے بعد اسم اگر منصرف ہو مثلاً "محمد" ﷺ تو وہ مجرور ہوتا ہے۔ اگر اسم غیر منصرف ہو مثلاً "احمد ﷺ" تو دو زیر کے بجائے ایک زبر ہو گا۔ دو زبر کسی طرح درست نہیں۔

"صَلِّ علیٰ مُحمدٍ" کے الفاظ بہت سے نعت گو ردیف کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں لیکن کئی کتابوں میں ان کی املا دُرست نہیں ہوتی۔ اس سے جہاں حدیثِ پاک کے الفاظ میں تحریف کا شائبہ ہوتا ہے' وہاں مطلب بھی غتربود ہو جاتا ہے۔ بعض کتابوں میں یہ الفاظ جس طرح لکھے ہوئے ملتے ہیں' "نقل کفر کفر نباشد" کی اوٹ سے انھیں نقل کرتا ہوں:

○۔ ثنائے خواجۂ کونین ﷺ مرتبہ دردؔ اسعدی مطبوعہ حیدر آباد۔ ص ۱۵۱ "صلے علیٰ محمد" (ردیف ہے اور ہر شعر میں اسی طرح لکھا ہے') ○ حمد و نعت مرتّبہ محمود علی خاں جامعی مطبوعہ کراچی۔ ص ۱۹۔ "صلی علیٰ محمد" (سات مرتبہ لکھا ہے) ○ صریرِ خامہ حیدر آباد۔ نعت نمبر۔ ص ۲۰۔ انشاء اللہ خاں انشاؔ کی نعت میں سات مرتبہ "صلی علیٰ محمد" لکھا ہے۔ ○ بزمِ رسالت مرتبہ حاجی گُل بخشالوی۔ ص ۲۱۹۔ مقبول شاربؔ کی نعت میں سات مرتبہ "صلی علیٰ محمد" تحریر ہے۔ ○۔ انتخاب بیکل۔ بیکلؔ اُتساہی بلرامپوری۔ ص ۴۵۔ کئی بار "صلی علیٰ محمد" لکھا ہے

رحمت فشاں۔ سید محمد محمود حسن رضوی نقشبندی مجدّدی عزیزی اللہ آبادی۔ مطبوعہ کراچی صفحہ ۱۰' ۱۱' ۱۲ پر چوبیس بار "صلی علیٰ محمد" لکھا ہے اور صفحہ ۵۵' ۵۶' ۵۷ پر اٹھارہ بار۔ ○ بحضورِ رحمت للعالمین ﷺ۔ سید مبارک علی شاہین۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۲۴۔ دو مرتبہ "صلے علیٰ محمد" تحریر ہے۔

بہت سے شعرا نے "صَلِّ علیٰ محمدٍ" ردیف بھی استعمال کی ہے۔ ماہنامہ "نعت" لاہور کے نومبر ۱۹۹۰ کے خاص نمبر بعنوان "درود و سلام" (حصۂ ہفتم) میں ساری نعتیں (۳۰) ایسی ہی شامل ہیں۔ زیرِ نظر "اُردو نعتیہ شاعری کا انسائیکلو پیڈیا" (جلد دُوم) میں غزل کی صنف میں کہی گئی ایسی نعتیں موجود ہیں۔ ان نعتوں میں "صلِ علیٰ محمدٍ" کے الفاظ کے پیشِ نظر عموماً حضورِ اکرم ﷺ کے لیے واحد غائب کا صیغہ استعمال ہوتا ہے مثلاً

رحمتِ عام وہ ہُوا صلِّ علیٰ محمدٍ ﷺ
خاص حبیبِ کبریا صَلِّ علیٰ محمدٍ ﷺ (حافظ پیلی بھیتی)
گوہرِ تاج سالکاں، رونقِ بزمِ عارفاں
راحتِ قلبِ عاشقاں صلِ علیٰ محمدٍ (حافظ مظہرالدین)

کہیں کچھ شعرا نے غزل کی ہیئت میں ایسی نعتیں کہتے ہوئے حضور رسولِ انام علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے لیے "آپ" کا لفظ استعمال کیا ہے لیکن اس سے صیغۂ حاضر مراد نہیں مثلاً

جائیں تو جائیں ہم کہاں، پائیں گے ہم کہاں اماں
آپ کے در کو چھوڑ کر صلِّ علیٰ محمدٍ ﷺ (امامی صحرائی)
آپ ﷺ سے شانِ کائنات، آپ ہیں جانِ کائنات
آپ ہیں رشتۂ حیات صلِ علیٰ محمدٍ ﷺ (اختر الحامدی)
آپ حبیبِ کبریا ﷺ آپ نقیبِ لاالٰہ
نقش گرِ حریمِ ذات صلِ علیٰ محمدؐ (گوہر ہوشیارپوری)
آپ ﷺ کی شان دیکھیے درگہِ بے نیاز سے
لطہ عطا ہُوا خطاب صلِ علیٰ محمدٍ ﷺ (دردؔ کاکوروی)

لیکن چند شعرا نے اس ردیف میں نعت کہتے ہوئے حضور رسولِ کریم علیہ الصّلوٰۃ والتسلیم کو خطاب کیا ہے، جس کا جواز نہیں: مثلاً

آپ ہی لیجیے خبر صلِ علیٰ محمدٍ ﷺ

اب تو ہو لُطف کی نظر صلِ علیٰ محمدٍ ﷺ (نظرؔ جالنوی)

غزل کی ہیئت میں فداؔ خالدی دہلوی کی نعت ایسی ہے کہ اس میں حضور حبیبِ کبریا علیہ التحیۃ والثنا سے خطاب ہے اور ردیف "صَلِّ علیٰ محمدٍ" ہی ہے۔ سات میں سے چھ اشعار میں "تم" سے خطاب ہے۔ پہلے دو شعر دیکھیے:

تم ہو بنائے دو جہاں صلِ علیٰ محمدٍ ﷺ
حاصلِ لفظِ کُن فکاں صلِ علیٰ محمدٍ ﷺ
مظہرِ حُسنِ ذات ہو، آئنۂ صفات ہو
تم سا کوئی بشر کہاں صَلِّ علیٰ مُحمدٍ ﷺ (م ص ۸۰)

اس سے گمان ہوتا ہے کہ خطاب کسی اور سے ہے اور درود حضورِ اکرم ﷺ پر پڑھا جا رہا ہے۔ مخمس یا مسدّس کی صُورت میں کہی گئی ایسی نعتوں کا جواز یُوں نکلتا ہے کہ وہاں "صلِ علیٰ محمدٍ صلِ علیٰ محمدٍ" یا صلِ علیٰ نبیّنا صلِ علیٰ محمدٍ ﷺ کو ٹیپ کے مصرعے کے طور پر، استعمال کیا جاتا ہے، اور پہلے چار مصرعوں میں حضور ﷺ سے خطاب کی کیفیت بھی ہو تو ٹیپ کا مصرع جو لوگ عموماً مل کر پڑھتے ہیں، ایک الگ حیثیت اختیار کرلیتا ہے۔ جبکہ غزل کی صورت میں ردیف شعر کا لازمی جُز ہوتی ہے اور باقی الفاظ سے مل کر ایک مفہوم پیدا کرتی ہے۔

"صَلِّ علیٰ محمدٍ ﷺ" کی مختصر صورت "صَلِّ عَلیٰ" ہے۔ اس کا جواز موجود ہے اور یہ صُورت نعت میں عام طور پر استعمال ہوتی ہے۔ لیکن اس کی املا میں بھی گھپلے ہوتے ہیں مثلاً

○۔ بارانِ رحمت۔ منیر کمال مطبوعہ نعت اکادمی فیصل آباد۔ ص ۱۱۷۔ "صلی علیٰ" لکھا ہے۔ یہ ردیف ہے اور ہر جگہ یہی غلط املا موجود ہے۔ ص ۱۵۰۔ یہاں بھی "صلی علیٰ" لکھا ہے۔ ص ۱۶۷۔ ایک جگہ صَلِّ عَلیٰ درست ہے، دوسری جگہ "صلی علی" لکھا ہے جو غلط ہے۔

○۔ ورثہ۔ سعید وارثی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۳۸۔ "صلے علیٰ"

○۔ م ص۔ فدا خالدی دہلوی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۱۳۳۔ دوبار "صلی علیٰ" لکھا ہے ایک مرتبہ "صلے علی"۔

○۔ عقیدت کے پھول۔ میجر ریٹائرڈ محمد عاشق۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۴۳۔ "صلی علیٰ"

○۔ چمن حسن چمن۔ سید محمود حسن رضوی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۲۔ تین بار "صلی علیٰ"۔ ص ۹، ۱۲، ۱۹، ۲۳ پر ہر جگہ "اللّٰھم صلی علیٰ" لکھا ہے

○۔ رحمت فشاں۔ سید محمود حسن رضوی۔ ص ۱۷، ۳۱۔ "صلی علیٰ" تحریر ہے

○۔ محفلِ پُرنور۔ سید محمود حسن رضوی۔ ص ۳۰، ۴۲۔ "اللّٰھم صلے علیٰ"

○۔ قندیلِ حرم۔ سید نجم نعمانی سبزواری۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۴۶، ۷۴۔ تین بار "صلی علیٰ" لکھا ہے

○۔ باغِ نہالِ اکبر۔ خواجہ محمد اکبر وارثی میرٹھی۔ ص ۸۷۔ "صلی علیٰ"

○۔ طیّباتِ غوثی۔ مطبوعہ حیدر آباد دکن۔ ص ۳۰ "صلی اعلیٰ"

○۔ پیامبرِ فجر۔ سید اصغر علی شاہ۔ مطبوعہ ملتان۔ ص ۳۹۔ "صلی علیٰ ذاتہٖ وسلّم"

○۔ آیۂ رحمت۔ مسرور بدایونی۔ مطبوعہ فیصل آباد۔ ص ۴۹، ۶۶، ۷۷، ۸۵، ۹۶، ۱۰۱، ۱۰۶، ۱۱۶، ۱۴۰۔ "صلی علیٰ"

○۔ پیاری نعتیں مطبوعہ لاہور۔ ص ۴۲۔ غنی وارثی کی نعت۔ "صلے علیٰ"

○۔ نعتِ محمدی ﷺ۔ فتح محمد عاصی سہارنپوری۔ ص ۱۹، ۲۰۔ ستائیس بار "صلی علیٰ" لکھا ہے

○۔ م محمد ﷺ مرتّبہ مرتضیٰ اشعر۔ مطبوعہ ملتان۔ ص ۷۰۔ کوثر ثمرین کی نعت میں آٹھ بار "صلی علیٰ" تحریر ہے

○۔ اوج۔ نعت نمبر۔ صفحہ ۴۸۰، اور ۴۸۴ پر "صلی علیٰ" اور صفحہ ۵۱۱ پر "صلے علیٰ صلے علیٰ" تحریر ہے۔

○۔ سلامِ قدس۔ مرتّبہ سیّد طفیل احمد بدر امروہوی۔ ص ۷۷، ۱۴۰

○۔ تذکرۂ شعرائے مانسہرہ مرتّبہ داؤد کوثر۔ ص ۲۰۹۔ عاجز بغوی کی نعت میں تین بار

"صلی علیٰ" لکھا گیا ہے ○ میرے آقا میرے حضور ﷺ مرتّبہ ریاض ندیم نیازی۔ ص ۹۷۔ سجّاد باقر رضوی کی نعت میں "صلے علیٰ" لکھا ہے۔ ○ ماہنامہ نظام المشائخ دہلی۔ رسول ﷺ نمبر۔ اگست ۱۹۳۱۔ ص ۴۴۴ "صلے علیٰ"۔ ○ ماہنامہ الوارث کراچی۔ رسولِ کریم ﷺ نمبر۔ اکتوبر ۱۹۸۹۔ ص ۹۲۔ ارشاد قدّوسی کی نعت میں "صلے علیٰ" تحریر ہے۔ ○ ماہنامہ شام و سحر لاہور۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ مارچ ۱۹۷۷۔ ص ۵۔ سردار عبدالرب نشتر کی نعت میں "صلی علیٰ"۔ ○ ہفت روزہ "ختمِ نبوّت" کراچی۔ ۳۱ جولائی تا ۶۔ اگست ۱۹۹۲۔ ص ۲ مبارک بقاپوری کی نعت میں "صلی علیٰ"۔ ○ محمد احمد شاد کی کتاب "صلِ علیٰ" کی ایک نعت میں (ص ۱۸، ۱۹) "اے صلِ علیٰ اے صلِ علیٰ" ردیف ہے اور غلط لکھا ہے۔

"صَلّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلّمْ" درودِ پاک کی مختصر ترین صُورت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضورِ پاک ﷺ پر درود بھیجنے کے ساتھ ساتھ تاکیداً اسلام بھیجئے، خوب سلام بھیجئے، اہتمام کے ساتھ سلام بھیجئے اور تسلیم و رِضا کی کیفیتوں کے ساتھ سلام بھیجنے کا حکم ارشاد فرمایا ہے۔ اور درودِ پاک "صلّی اللہُ علیہِ وسلّم" میں صلوٰۃ و سلام، دونوں موجود ہیں۔ بہت سے شعرا نے اس درودِ پاک کو ردیف کے طور پر بھی استعمال کیا ہے۔ راز کاشمیری نے "صلی اللہ علیہ وسلم" ردیف کی نعتوں کا ایک انتخاب اِسی نام سے مرتّب اور شائع کیا تھا۔ بعد میں، راقم السّطور نے ماہنامہ "نعت" لاہور کے دو خاص نمبروں بعنوان "درود و سلام" حصہ اول و دوم (اکتوبر ۱۹۸۹، اور نومبر ۱۹۸۹) میں ایسی بہت سی نعتیں مزید جمع کر دیں، جو راز کاشمیری کی کتاب میں نہیں تھیں۔ پھر "الرشید" لاہور کے نعت نمبر ۱۳۹۱ھ نے "صلی اللہ علیہ وسلم" ردیف کی یہ نعتیں شائع کیں۔ "اردو نعتیہ شاعری کا اِنسائیکلو پیڈیا" میں آج تک اس ردیف میں کہی گئی قریباً تمام نعتوں کا حوالہ آ رہا ہے۔

احادیثِ مبارکہ کے سب مجموعوں میں، جہاں جہاں حضور رحمتِ ہر عالم ﷺ کا اسمِ گرامی آتا ہے مُحدّثین نے اس درودِ مبارک کی کتابت کا اہتمام کیا ہے لیکن جب نعت کی کتابوں میں یہ درودِ پاک غلط املا سے لکھا ہُوا دکھائی دیتا ہے، تو بڑی تکلیف ہوتی

ہے۔ بعض کتابوں میں یہ درودِ پاک جس انداز میں لکھا ہوا پایا گیا ہے' اس کی نشاندہی ذیل میں کی جاتی ہے:

○۔ جانِ ایمان۔ طیّب قریشی دہلوی۔ مطبوعہ دہلی۔ ص ۱۳۲۔ "صل اللہ علیہ وسلم" (ہر شعر میں) ○ بحضورِ سرورِ کائنات ﷺ۔ خواجہ عبدالسمیع پال اثر صہبائی۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۱' ۲' ۶۹' ۷۰ "صل اللہ علیہ وسلم" (ص ۶۹' ۷۰ کی نعت کے ہر شعر میں) ○ خاتم النبیین ﷺ۔ قصیدۂ بُردہ (منظوم اردو ترجمہ) سیّد مبارک علی شاہین۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۲۰ "صلی علیہ وسلم"۔ ص ۹۰' ۹۱۔ "صلیٰ اللہ علیہ وسلم" (پانچ بار) ○ حُسنِ خیال۔ خواجہ محمد اسلم۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۳۲' ۵۶ "صل اللہ علیہ وسلم" (ردیف میں ہر جگہ) ○ تذکرہ شعرائے بدایوں جلد اول۔ از سید شہید حسین شہیدؔ بدایونی۔ ص ۵۔ انتساب۔ "صل اللہ علیہ وسلم"

سرودِ نَے۔ صوفی اویسی۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۲۱۔ "صل اللہ علیہ وسلم" (ہر شعر میں) ○ رجائے بخشش۔ عبدالغنی سالک۔ ص ۷۔ "صل اللہ علیہ وسلم" (گیارہ مرتبہ) ص ۲۷ (بارہ مرتبہ) ○ نعتِ مصطفیٰ ﷺ مرتبہ محمد یامین وارثی مطبوعہ کراچی۔ ص ۱۳۶۔ "صل علیٰ علیہ وسلم" یعنی "صلی" کو "صل" لکھا ہے اور "اللہ" کی بجائے "علیٰ"۔ اللہ معاف کرے۔ ○ سلطانِ مدینہ ﷺ۔ مطبوعہ بمبئی۔ ص ۶۔ "صل اللہ علیہ وسلم" (گیارہ مرتبہ) ○ صلِ علیٰ۔ محمد احمد شادؔ۔ مطبوعہ گوجرانولہ۔ ص ۲۵۔ "صل اللہ" ○ خزینۂ رحمت۔ غریبؔ سہارنپوری۔ ص ۸۶۔ "صل اللہ علیہ وسلم" (ردیف) ○ ماہنامہ پیشوا دہلی۔ تذکرۂ جمیل۔ جون جولائی ۱۹۳۴۔ ص ۶۹۔ "صل اللہ علیہ وآلہ وسلم"۔

درودِ پاک کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کو پابند کر دیا کہ اس کے محبوبِ کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی بارگاہ میں درود وسلام کے پھول نچھاور کریں۔ طریقہ یہ ہے کہ قرآنِ پاک میں جو حکم دیا جاتا ہے' اس کی تفصیلات و جُزئیات حضور سیدِ انام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشاداتِ مبارکہ اور آپ ﷺ کی سُنّتِ کریمہ میں ملتی ہیں۔ اس حوالے

سے احادیثِ مبارکہ کو دیکھیں کہ درود مومن پر کس صُورت میں فرض ہے' تو بہت سی حدیثیں اِس مضمون کی ملتی ہیں۔ آقا حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس نے میرا نام سُن کر درود نہ پڑھا' وہ بدبخت ہے' وہ جہنمی ہے' اس کی ناک خاک آلود ہو' میرا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ ۔ ۔ وغیرہ۔ جب حضورِ اکرم ﷺ کا اسمِ گرامی سُن کر درود نہ پڑھنے کی اتنی سخت وعیدیں سامنے آگئیں تو مطلب واضح ہو گیا کہ اس صورت میں مومن پر درود فرض ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ہمارے لیے اس کے سوا کوئی صورت نہیں کہ آقا حضور ﷺ کا اسمِ گرامی لے کر' سُن کر' لکھ کر' یا پڑھ کر آپ ﷺ کی بارگاہِ بیکس پناہ میں درود وسلام کا نذرانہ پیش کرنے میں کسی کوتاہی کے مُرتکب نہ ہوں۔

اس صورتِ حال کو سامنے رکھتے ہوئے بعض علما نے فتویٰ دیا کہ جہاں آقا و مولائے کائنات علیہ السّلام و الصلوٰۃ کا اسمِ گرامی لکھا جائے' ساتھ میں درود تحریر ہو صرف "ؐ" کا نشان نہ ڈالا جائے۔ معنیٰ یہ تھا کہ درود لکھنے اور پڑھنے کا پورا پورا اہتمام ہو۔ ایسے بُزرگ مُفتیوں کے ماننے والوں نے' اپنی بدقسمتی سے یہ صُورت اختیار کی کہ حضور ﷺ کا اسمِ گرامی لکھتے ہوئے نہ پُورا درود لکھا' نہ "ؐ" ڈالا' اور ۔ ۔ ۔ نہ اِس موقع پر درود شریف پڑھا۔

میں اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے کوشش کرتا ہوں کہ ہر موقع پر درود شریف پڑھوں بھی' اور پورا لکھوں بھی' ۔ ۔ ۔ لیکن شاعری میں یا اور کسی مجبوری کے تحت جہاں پورا درودِ پاک لکھنا مشکل یا ناممکن ہو' وہاں "ؐ" کا نشان ڈال دیتا ہوں' اور خود "صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" پڑھتا ہوں۔ اس نشان سے مُراد یہ ہے کہ جو خوش قسمت اِسے دیکھے' دُور ہی سے سمجھ جائے کہ یہاں آقا حضور ﷺ کا ذکرِ خیر ہے اور درود پڑھنے کا اہتمام کر لے۔ شاعری میں جہاں پورا درودِ پاک لکھنا مشکل ہوتا ہے' یا اس سے وزن قائم نہیں رہتا' "ؐ" بھی نہ لکھنا اِسی طرح قارئینِ کرام کو وردِ درودِ پاک سے دُور لے جاتا ہے' جس طرح لے جا رہا ہے۔ اللہ معاف کرے۔

بہرحال نعت کی کتابوں میں "ؐ" کا نشان بہت استعمال ہوتا ہے' لیکن ضروری

ہے کہ ہم کلام پڑھتے ہوئے درود شریف پڑھنے کے حکم سے واقف ہو کر حضورِ پُر نور ﷺ کی بتائی ہوئی وعیدوں کا مصداق نہ بنیں۔ لیکن نعت کی کتابوں میں کہیں کہیں اس نشان "ؐ" کے استعمال میں بھی بے احتیاطی کی کیفیت نظر آتی ہے۔ مثلاً ○ سیّد محمد قاسم کی کتاب "پاکستان کے نعت گو شعرا" مطبوعہ کراچی صفحہ ۱۸۴ پر ستّار وارثی کی نعت میں ایک مصرع ہے: "نبی کوئی نہیں تم سا حبیب خالق اکبر ﷺ"۔ اس میں "نبی" کے لفظ سے مراد دوسرے انبیاء اکرام ہیں، حضورِ اکرم ﷺ نہیں۔ لیکن یہاں "ؐ" کا نشان پڑا ہے۔ جبکہ یہاں "علیہ السلام" کا محل ہے۔ ○ حفیظ تائبؔ کے دوسرے مجموعۂ نعت "وسلّموا تسلیما" مطبوعہ لاہور کے صفحہ ۱۵۶ پر لفظ "تلاش" طلوعِ سحر" ہے" مستقر" دیکھوں" اور کا" کے الفاظ پر "ؐ" کا نشان ہے۔ نیز ص ۱۹۳ پر "کیوں" کے لفظ پر اور دو اور جگہوں پر "ؐ" کا نشان ہے ○ اوج۔ نعت نمبر۔ اشکِ غم پُر شانِ کرم پر اور حضورِ خواجہ میں حضور پر بھی اور خواجہ پر بھی "ؐ" ہے۔ ص ۱۳۹، ۱۸۶، ۴۹۴۔

○۔ تذکرۂ شعرائے بدایوں جلد اوّل (از سیّد شہید حسین شہیدؔ بدایونی) مطبوعہ بدایوں کے انتساب میں ایک جگہ "تذکرہ شعرائے بدایوں" میں "بدایوں" کے لفظ پر "ؐ" کا نشان ہے، دوسری جگہ شعرائے" پر۔

مجلّہ "نعت رنگ" نمبر۱۔ مطبوعہ کراچی میں کئی مقامات پر "نعت" کے لفظ پر نشان "ؐ" ڈال دیا گیا۔ اس میں ایک ستم ظریفی یہ بھی کی گئی کہ پہلے تو میرے مضمون میں بھی "نعت" کے لفظ پر "ؐ" ڈالا گیا۔ پھر "نعت رنگ نمبر۲" میں ایک صاحب کا خط چھاپ دیا گیا کہ دیکھو راجا رشید محمُود نے کیا کِیا ہے، نعت کے لفظ پر "ؐ" ڈال دیا ہے۔ نہ تو مراسلہ نگار کو کہیں اور یہ نشان نظر آیا، نہ ایڈیٹر کو اس اعتراف کی توفیق ہوئی کہ غلطی راجا رشید محمُود کی نہیں، ایڈیٹر کی ہے۔

حال ہی میں ڈاکٹر منظور الحق مخدوم کے مجموعۂ نعت "تاجدارِ حرم" میں میرا دیباچہ چھپا ہے۔ میں نے اس میں "مطمحِ نظر" لکھا تھا، وہاں "مطمعِ نظر" چھپا ہے، اِس پر بھی میں ہی مطعون ہوں گا شاید۔

"ؐ" تو نشان کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے

"صلعم" کوئی لفظ ہی نہیں، نہ اسے "نشان" قرار دیا جا سکتا ہے، نہ اس کا کچھ معنیٰ ہے۔ لیکن بعض جگہ اس لفظ کا استعمال بھی نظر آتا ہے ○ مثلاً دس ستارے۔ صبؔا متھراوی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۲۵۔ مصرع "احمدِ صلعم احمدِ صلعم" ص ۲۵ ہی پر ایک اور مصرع "واحد کلمہ احمدِ صلعم" ○ نقوش۔ رسول ﷺ نمبر جلد دہم۔ ص ۵۳۵۔ ظہور نظرؔ کا مصرع "رسولِ اکرم حضور صلعم" ○ الرشید۔ نعت نمبر ۱۴۱۱ھ۔ ص ۸۳۰۔ عبدالعزیز خالدؔ کا مصرع "محمد ﷺ اُمّی حبیبِ کبریا صلعم" (یہی نعت اور مطلعے کا یہ دوسرا مصرع ارمغانِ نعت مرتّبہ شفیق بریلوی میں بھی ہے۔ ص ۳۲۱) ○ موجِ نور مرتّبہ محمد دین ادیب مطبوعہ چکوال۔ ص ۳۳۔ رسول صلعم (عنوان) خاتم النبیین ﷺ۔ قصیدۂ بُردہ (منظوم اردو ترجمہ)۔ سید مبارک علی شاہین۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۳۲۔ "صلعم" ○ فتح محمد عاصیؔ سہارنپوری کی کتاب کا نام یوں لکھا ہے۔ "نعت محمدی صلعم" (سرورق) ○ م ص۔ فداؔ خالدی دہلوی۔ ص ۴۴ (مقدمہ از ڈاکٹر ارشاد الحق قدوسی) ○ جلوۂ طور ملتان۔ خاص نمبر جنوری فروری ۱۹۵۸۔ ص ۸۷۔ صاحبزادہ ابوالفیض کے مضمون کا عنوان "حضور صلعم کے معجزات" ○ پیشوا دہلی۔ تذکرہ جمیل، جون جولائی ۱۹۳۴۔ ص ۱۴۳۔ "صلعم" ○ ماہنامہ الوارث کراچی۔ رسولِ کریم ﷺ نمبر۔ دسمبر ۱۹۸۶۔ ص ۴۷۔ "صلعم"

نعتوں میں درود پاک کی کئی اور صورتیں بھی استعمال ہوتی ہیں لیکن ان میں سے بیشتر میں بھی بے علمی، عربی زبان سے ناواقفیت یا بے احتیاطی عجیب رنگ دکھاتی ہے مثلاً

○۔ قمر انجمؔ کی کتاب "حسنت جمیعُ خصالہٖ" مطبوعہ کراچی کے ۹۴، ۹۵، ۹۶ پر ایک نعت ہے جس میں ٹیپ کا مصرع یہ استعمال کیا گیا ہے:

"صلی اللہ سیّد المرسلین ﷺ"۔ صلی اللہ شفیعُ المذنبین ﷺ....."

حالانکہ "علیٰ" کے بغیر یہ بالکل غلط ہے

○۔ لیکن ادیبؔ رائے پوری نے اِس میں اور کمال دکھایا ہے۔ انھوں نے ٹیپ کا مصرع یہ استعمال کیا ہے:

صل اللہ سیدا لعجرین۔ صل اللہ سیدا لحسنین"
(تصویرِ کمال محبت۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۵۷‘ ۵۸‘ ۵۹)
اس میں جہاں "علیٰ" غائب ہے‘ وہاں "صلی" کی "ی" بھی غائب ہے۔ ○ الوارث کراچی کے اپریل ۱۹۹۴ کے شمارے میں (ص ۱۹ پر) لکھا ہے۔ "یارب صلی وسلم علیٰ رسولہ الکریم"۔ (الورث کے دسمبر ۱۹۸۶ کے شمارے میں بھی یہی لکھا ہے۔ ص ۸۴)۔
○ جانِ ایمان۔ طیّب قریشی۔ ص ۱۶۷۔ نعت کی ردیف "سلامُ علیک" ہے لیکن ہر شعر میں "السّلام علیک" لکھا ہے ○ نعتِ محمدی ﷺ۔ فتح محمد عاصی سہارنپوری۔ ص ۳‘ ۲۱۔ "رب سلم علیٰ رسول اللہ (سلّم کو "سلم" لکھا ہے۔ اللہ معاف کرے)
○۔ نعتِ محمدی ﷺ۔ عاصی سہارنپوری۔ ص ۲۷۔ امام محمد بن سعید البوصیری علیہ الرحمہ کا مشہور شعر

"مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ"

یوں لکھا ہے۔

یارب صل وسلم دائما ابدا
علی نبی ک خیر خلق کل ھمیم

(اللہ رحم کرے)

اللہ تعالیٰ معاف فرمائے‘ کئی کتابوں میں کلمۂ طیّبہ تک تو غلط لکھا ہوا ہے۔ ○ دیوانِ محمدی۔ محمد دین فقیر مطبوعہ گجرات پنجاب۔ ۱۳۳۶ھ۔ ص ۷۰۔ لاالہٰ الّااللہ محمد الرسول اللہ (!) لکھا ہے۔ یعنی "رسول" کے بجائے "الرسول" تحریر ہے جو غلط ہے۔ ○ تاج حیدر آباد کن۔ میلاد نمبر (اکتوبر نومبر ۱۹۲۴) ۔ ص ۹۔ پروفیسر مولانا علامہ محمد عبدالقادر صدیقی حسرت (عثمانیہ کالج) کے مضمون کا عنوان "لاالہ الااللہ محمد الرسول اللہ" (!) تحریر ہے۔ صفحہ ۹ سے ۱۴ تک‘ ہر صفحے پر کلمہ اسی طرح لکھا ہے۔ ○ حکیم قادری محمد عبدالمنان غوری بصؔر قادری ایم اے ایل ایل بی (عثمانیہ) ایڈووکیٹ کی کتاب

(جس میں نعتیں ہیں لیکن کوئی ایک مصرع بھی دُرست نہیں) کے سرورق "عظمتِ مصطفیٰ ﷺ" کے اُوپر کلمۂ طیبہ اِس طرح لکھا ہے کہ "اِلّا" کا لفظ غائب ہے اور "الرّسول" لکھا ہے۔ صفحہ ۲۳ پر بھی "محمد الرسول اللہ" (ﷺ) تحریر ہے۔
○۔ نویدِ سحر۔ قمر حجازی۔ ص ۴۸‘ ۴۹‘ ۵۰۔ دس مرتبہ "محمد الرسول اللہ" (ﷺ) لکھا ہے۔ ○۔ ماہنامہ اظہار کراچی۔ سیرتُ النبی ﷺ نمبر۔ نومبر دسمبر ۱۹۸۵۔ ص ۱۷۔ سید محمد متیر علی جعفری کے مضمون کا نام "محمد الرسول اللہ" (ﷺ) تحریر ہے۔
○۔ میلادِ عاشی۔ رضیہ احمد خاں۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۲۳۔ کلمۂ توحید کا پہلا حصّہ تحریر ہے "لاالہٰ الا اللہ"۔ لیکن "اِلٰہ" کو "الہٰ" لکھا ہے۔

قرآنِ مجید میں ہے وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ:

نعتوں میں حضورِ اکرم ﷺ کی رحمتٌ للعالمینی کا ذکر عام طور سے کیا جاتا ہے‘ لیکن (اِلّا ماشاء اللہ) "رحمتٌ للعالمین" میں ایک الف کا اضافہ کردیا جاتا ہے۔ مثلاً درجِ ذیل کتابوں میں "رحمت اللعالمین" ہی لکھا ہے: ○۔ جانِ ایمان۔ طیّب قریشی دہلوی۔ ص ۲۶‘ ۱۱۶۔ پوری آیت لکھی ہے اور اسی طرح غلط املا میں۔ ص ۱۳۸‘ ۱۳۹‘ ۱۴۰ پر ہر جگہ "یا رحمۃ اللعلمین" لکھا ہے۔ ○۔ رحمت فشاں۔ سیّد محمد محمود حسن رضوی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۲‘ ۴۔ ○۔ گلدستۂ سلام بحضورِ خیر الانام ﷺ مرتّبہ رفیق احمد کلاؔم رضوی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۵۲ ○۔ تصویرِ کمالِ محبت۔ ادیبؔ رائے پوری۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۳۳‘ ۷۳‘ ۱۳۰ ○۔ ہلالِ حرم۔ سیّد ہلاؔل جعفری۔ مطبوعہ ملتان۔ ص ۳۸ ○۔ اُس قدم کے نشاں۔ ادیبؔ رائے پوری۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۴۷ ○۔ نعت و سلام۔ وحیدہ نسیمؔ۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۹۴ ○۔ صبحِ نُور۔ نوؔر صابری۔ ص ۱۱۳ (ہر شعر میں) ○۔ والضحیٰ۔ بیکلؔ اُتساہی مطبوعہ دہلی۔ ص ۶‘ ۸‘ ۱۰۷‘ ۲۱۰ ○۔ ایوانِ نعت مرتّبہ صبیحؔ رحمانی۔ مطبوعہ کراچی ص ۱۸۱۔ نظرؔ امروہوی کی نعت (ردیف ہے‘ ہر شعر میں اسی طرح غلط لکھا ہے) ○۔ اردو نعت: تاریخ وارتقا۔ سید افضال حسین نقوی فضلؔ فتحپوری۔ ص ۱۳۹۔ مظہرؔ عرفانی کی نعت میں "رحمت اللعالمینی" لکھا ہے ○۔ ذکرِ سرور

ﷺ مرتبہ فرید احمد قریشی مطبوعہ کراچی۔ ص ۱۷۔ مظفر وارثی کی نعت۔
○ ارمغانِ نیاز۔ عبدالغنی تائبؔ۔ ص ۷۳ ○ آس کے پھول۔ سعادت حسن آسؔ۔ ص ۵۹ ○ دستورِ حیات۔ سیّد انجم جعفری۔ مطبوعہ میانوالی۔ ص ۷۳، ۹۴ ○ آیۂ رحمت۔ مسرور بدایونی مطبوعہ فیصل آباد۔ ص ۸۳، ۱۲۱ ○ سحابِ رحمت۔ سکندر لکھنوی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۱۸ (صفحہ ۱۷ پر "مُصطفٰی ماجاءَ اِلّا رَحمۃً لّلعالَمِین ﷺ" میں بھی یہی غلطی دُہرائی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ "ماجاء" کے بجائے "ماجائے" لکھا ہے) ○ مدینۂ نعت مرتبہ نیر ندیم۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۳۲۔ صبا اکبر آبادی کی نعت کے ہر شعر میں یہ غلطی دُہرائی ہے۔ اس کے علاوہ صفحہ ۱۱۳ پر قمر صدیقی کی نعت میں بھی یہی غلطی کی ہے ○ ماہنامہ نورِ اسلام شرقپور شریف۔ دسمبر ۱۹۸۴۔ ص ۱۹۔ نعت کا عنوان اِسی طرح غلط لکھا ہے ○ ہفت روزہ پاک جمہوریت لاہور۔ ۲۵ نومبر ۱۹۹۳۔ ص ۲۔ انور شعور کی نعت اور ردیف (آٹھ دفعہ اسی طرح غلط لکھا ہے) ○ ۱۰۱ منتخب نعتیں مرتبہ ناصر زیدی۔ ص ۷۹۔ ثریا زیبا کی نعت ○ پاکستان کے نعت گو شعرا۔ سیّد محمد قاسم۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۲۴۴۔ طالق ہمدانی کی نعت ○ مجلہ حضرت حسانؓ نعت ایوارڈ ۹۰۔ ۹۱۔ ص ۴۔ کفایت علی کافیؔ مراد آبادی شہید کی نعت ○ مجلہ "المبشّر" کراچی۔ حضورِ اکرم ﷺ نمبر۔ ۱۴۱۱ھ۔ ص ۵۔ مضمون کا عنوان ○ اظہار کراچی۔ سیرۃُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۰۔ ص ۱۳۰۔ یا رحمۃً للعالمین ﷺ۔ کئی بار ○ مولوی دہلی۔ رسول ﷺ نمبر ۱۳۴۹ھ۔ ص ۱۲۷۔ علیم الدین ہاشمی کی نعت کے عنوان میں بھی اور متن میں بھی یہی غلطی ہے ○ سیرتِ پاک ("ماہِ نو" کی خصوصی اشاعتوں کا انتخاب) مطبوعہ کراچی۔ ص ۴، ۱۴۱ ○ بصیر کراچی۔ عید میلادُ النبی ﷺ ایڈیشن۔ مئی ۱۹۷۲۔ ص ۹۷ ○ پیشوا دہلی۔ تذکرۂ جمیل۔ جون جولائی ۱۹۳۴۔ ص ۵۵۔ ماہر القادری کے مضمون کا عنوان بھی اسی طرح ہے اور مضمون میں بھی جگہ جگہ اسی طرح لکھا ہے ○ ہفت روزہ الہام بہاولپور۔ میلادِ مصطفٰی ﷺ نمبر۔ ۲۱ جنوری ۱۹۸۲۔ ص ۱۵۸، ۲۱۴ (صفحہ ۲۱۴ پر مضمون کا عنوان پوری آیت ہے، اس میں بھی اسی طرح غلط لکھا ہے)

○۔ ماہنامہ حق نُما لاہور۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ نمبر۔ ستمبر ۱۹۹۳۔ ص ۲، ۶۱ (صفحہ ۶۱ کا عنوان بھی)

○۔ دلیلِ راہ لاہور۔ درود و سلام نمبر۔ مئی تا اگست ۱۹۹۳۔ ص ۱۵۲، ۱۸۱ ○ ہفت روزہ چٹان لاہور۔ رحمت للعالمین ﷺ نمبر۔ ۲۰ تا ۲۷ جولائی ۱۹۹۴۔ ہر صفحے کی پیشانی پر اور متن میں، جہاں جہاں لکھا ہے "رحمت اللعالمین" ہی لکھا ہے۔

○۔ الجامعہ جامعہ محمدی جھنگ۔ ربیع الاول ۱۴۰۵/ دسمبر ۱۹۸۴۔ ص ۷۶۔ مضمون کا عنوان آیۂ مبارکہ ہے جس میں "رحمتہ اللعالمین" تحریر ہے۔ ○ خیالستان۔ ظفر علی خاں۔ ص ۲۲۔ عنوان اسی طرح غلط ہے

○۔ نقوشِ عقیدت۔ الطاف احسانی۔ ۱۰۷

○۔ ماہنامہ مجلّہ بدایوں کراچی۔ اگست ۱۹۹۵۔ ص ۱۴۔ مولانا فضلِ رسول قادری بدایونی کی نعت میں

○۔ ماہنامہ آستانہ دہلی۔ سالنامہ ۱۹۴۹۔ ص ۱۱۹۔ انور صابری کی نعت میں

○۔ ماہنامہ تاج کراچی۔ ستمبر ۱۹۹۴۔ ص ۷۔ بابا ذہین شاہ تاجی کی نعت میں بارہ مرتبہ اسی طرح غلط کتابت ہوا ہے

○۔ نعتِ خاتم النبیین ﷺ۔ مرتبہ عبدالرحمان شوق امرتسری۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۳۲، ۳۳

○۔ نگینے۔ نادم عصری۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۷

○۔ جنّت کا نغمہ مرتبہ باب اللہ اشرفی۔ مطبوعہ بمبئی۔ ص ۲۹، ۳۱ (دس مرتبہ)

○۔ سلام رضا مرتبہ شہزاد احمد۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۹۴

○۔ عقیدت کے پھول۔ میجر ریٹائرڈ محمد عاشقؔ۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۱۱۰

○۔ جمالِ مصطفٰی ﷺ مرتبہ صبیح رحمانی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۱۳۶۔ صبا اکبر آبادی کی نعت کے ہر شعر میں اسی طرح غلط لکھا ہے

○۔ تاجدارِ عرب ﷺ۔ امیر صابری۔ ص ۷۷ "یارحمتً اللعالمین" (ﷺ)

ردیف ہے

○۔ ہفت روزہ ہلال راولپنڈی۔ عیدِ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۷ء۔ ص ۲۹ پر احسان دانش کی نعت کے ہر شعر میں اور صفحہ ۱۰۶ پر ضرغام حیدر نقوی کی نعت کے ہر شعر میں۔

○۔ نقوش لاہور۔ رسول ﷺ نمبر جلد دہُم۔ ص ۷۶، ۴۔ صنعتی بیجاپوری کی نعت میں

○۔ میلادِ عاشی۔ رضیہ احمد خاں۔ مطبوعہ کراچی۔ صفحہ ۱۶۔ آیۂ شریف یوں درج ہے

"وما ارسلنک الا رحمت للعٰلمین"۔ یعنی یہ صرف یہ الف زاہد ہے' بلکہ ع پر کھڑے زبر کے بجائے صرف زبر لگا ہے۔

"رحمتہً للعالمین" لکھتے ہوئے کئی کتابوں میں "رحمت" کو "رح م ت ہ" لکھا گیا ہے۔ کمپیوٹر میں ابھی یہ خرابی موجود ہے کہ اگر "رحمت للعالمین" لکھنا ہو' تو وہ اسے "رحمتہ" بنا دیتا ہے لیکن بہت سی ایسی کتابیں جو خوشنویس کی لکھی ہوئی ہیں' ان میں بھی یہ صورت نظر آتی ہے۔ مثلاً

○۔ جمالستانِ رحمت۔ حبیب اللہ حاوی۔ ص ۷۰' ۱۵۶

○۔ یارسول ﷺ۔ رفیق احمد کلام رضوی۔ ص ۸۷

○۔ جذباتِ قادری۔ فقیر قادری۔ ص ۴۵

○۔ نور الانوار۔ صدر الدین صدر جگرانوی۔ ص ۴۰ ("رحمتہ اللعالمینی" لکھا ہے)

○۔ بابِ عظمت مرتبہ قدیر احمد قدر القادری۔ ص ۱۲۔ شاہ روحی قادری کی نعت کے ہر شعر میں

○۔ صلِ علیٰ۔ محمد احمد شاد۔ ص ۱۵

○۔ حسنت جمیع خصالہ۔ قمر انجم۔ ص ۴۳ تا ۴۸۔ بار بار "رحمتہ للعالمین" (ﷺ) لکھا ہے۔ ت کے بعد ہ نظر آتی ہے لیکن خدا کا شکر ہے' ہ کے بعد الف نہیں ہے

○۔ پاکستان کے نعت گو شعرا۔ سید محمد قاسم۔ ص ۲۴۴۔ طالق ہمدانی کی نعت میں

○۔ تنویرِ ایمان۔ سید عابد علی عابد بریلوی مطبوعہ الٰہ آباد۔ ص ۷' ۳' ۱۷۳' ۱۹۱

○۔ فغانِ دل۔ خالد علیم۔ ص ۷' ۳' ۴۲' ۴۳ (تیرہ مرتبہ)

○۔ الوارث کراچی۔ رسولِ کریم ﷺ نمبر۔ دسمبر ۱۹۸۶ء۔ ص ۴۷۔ حیرت شاہ وارثی کی نعت کے پہلے مصرعے میں

(مندرجہ بالا حوالوں میں سے قمر انجم کے ہاں الف کا اضافہ نہیں ہے' ورنہ ہر جگہ "ہ" کے ساتھ الف بھی زاید لکھا گیا ہے۔ یعنی رحمتہ اللعالمین ﷺ) تحریر ہے۔

حضورِ اکرم ﷺ کی اِس صفتِ مبارکہ کے ساتھ کتابت میں یہ سلوک بھی روا رکھا گیا ہے کہ کہیں الف کے اضافے کے ساتھ ایک لام کم بھی کردیا ہے یعنی "رحمت العالمین" لکھ دیا گیا ہے۔ مثلاً

○۔ تنویرِ ایمان۔ عابد بریلوی۔ ص ۲۳' ۳۲

○۔ میلاد نمبر ۱۴۰۲ھ۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۸۲

○۔ نعت و سلام۔ وحیدہ نسیم۔ ص ۴۳' ۳۷

○۔ ختمِ نبوت کراچی۔ ۲۶ جولائی تا یکم اگست ۱۹۹۱ء۔ ص ۲۔ خواجہ مصباح الدین راٹھور کی نعت ○ اوج' نعت نمبر۔ ص ۳۹۳۔ "رحمتہ الا لعلمیں" لکھا ہے

قرآنِ مجید میں رحمتہً للعالمیں میں رحمت کو دو زبر کے ساتھ جو استعمال کیا گیا ہے' یہ عربی کے قاعدے کی رو سے' "تا" کی وجہ سے ہے۔ ورنہ اصل لفظ "رحمتٌ للعالمین" ہی ہے۔ "یا" کے ساتھ یہ لفظ استعمال ہو گا تو بھی دو زبر لگیں گے لیکن اگر صرف "رحمتٌ للعالمین" لکھنا ہو تو دو پیش لگانے ہوں گے۔ مگر بعض حضرات نے اسے دو زبر کے ساتھ استعمال کیا ہے' جو دُرست نہیں۔ مثلاً

○ جانِ جہاں۔ حافظ محمد افضل فقیر۔ ص ۷۵۔ "جنابِ رحمتً للعالمیں ﷺ آہستہ آہستہ"

○ مطلعِ فاراں۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۴۳۔ "جمالِ رحمتً للعالمین ﷺ ہے"

○ نشیدِ حضوری۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۸۰۔ "ظہورِ رحمتً للعالمیں ﷺ مقصودِ باری تھا" ص ۸۶۔ "تو رحمتً للعالمیں ﷺ"۔ ص ۸۷۔ "مقامِ رحمتً للعالمیں ﷺ ہے"

○ معراجِ فن۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۲۱۔ "وہ آیا اس جہاں میں رحمۃٌ للعالمیں ﷺ ہو کر" (حافظ لدھیانوی کے پہلے مجموعۂ نعت ثنائے خواجہ ﷺ میں البتہ رحمۃٌ للعالمیں ﷺ ہے۔ ص ۲۹)

○ ۱۰۱ مقبول نعتیں۔ مرتبہ منصور ندیم مطبوعہ راولپنڈی۔ ص ۵۲۔ احسان دانش کی نعت۔ ردیف "رحمت للعالمین ﷺ" ہے لیکن یہاں ہر جگہ "رحمۃ" لکھا ہے۔ یعنی ت کے بعد ہ بھی ہے اور اوپر دو زبر بھی ہیں۔ یہاں شاعر کا نام صرف "احسان" درج ہے۔

○۔ اردو ڈائجسٹ لاہور۔ رحمت للعالمین ﷺ نمبر سالنامہ ۱۹۸۸۔ ص ۲۵۹۔ احسان دانش ہی کی نعت ہے اور ردیف میں ہر جگہ ت پر دو زبر استعمال کیے گئے ہیں

○۔ نسیمِ گلشنِ نعت۔ حافظ فتح محمد حقیر فاروقی۔ ص ۶۱۔ "وہی ہیں رحمتٌ للعالمیں ﷺ خاص"

○۔ طیباتِ غوثی۔ مطبوعہ حیدر آباد دکن۔ ص ۵۸۔ "محمد ﷺ رحمتٌ للعالمیں ﷺ ہے"

○۔ گُل ہائے عقیدت مرتبہ سید قیصر حسین قیصر مشہدی۔ ص ۱۹۔ مظفر وارثی کی نعت میں ہر جگہ "یا رحمتِ للعالمیں ﷺ" لکھا ہے۔ یعنی ت کے نیچے ایک زیر کا استعمال کیا گیا ہے۔

حروفِ مقطعات کے دو سیٹ نعتوں میں بہت زیادہ استعمال کیے جاتے ہیں۔ طٰہٰ اور یٰسٓ۔ "طٰہٰ" ط اور ہ دو حروف ہیں اور "یٰسٓ" ی اور س دو حروف۔ ان کا معنیٰ و مفہوم تو صرف اللہ تعالیٰ جانتا ہے یا اس کے محبوبِ کریم علیہ الصلوٰۃ و التسلیم۔ لیکن یہ دونوں سیٹ حضورِ اکرم ﷺ کے لیے استعمال ہوتے ہیں مگر قرآنِ پاک سے ناواقفیت یا بے احتیاطی کی وجہ سے بعض کتابوں میں انھیں صحیح نہیں لکھا جاتا۔ مثلاً طٰہٰ کے بارے میں دیکھیے (قرآن کے الفاظ کو غلط لکھنے پر کوئی قانون حرکت میں آتا ہے یا نہیں' اتنا تو سوچنا چاہیے کہ اللہ کی غیرت جوش میں آسکتی ہے)

○ اُس قدم کے نشاں۔ ادیب رائے پوری۔ ص ۱۰۳۔ طٰہا (صفحہ ۳۵ پر بھی اسی طرح لکھا ہے)

○ حسنت جمیع خصالہ۔ قمر انجم۔ ص ۹۶۔ "طٰہا" ○ اظہار کراچی۔ سیرت النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۰۔ ص ۱۱۲۔ "طٰہا" (صفحہ ۱۳۴ پر بھی اسی طرح لکھا ہے)

○ مدینے کی مہک۔ طاہر حسین طاہر سلطانی۔ مطبوعہ کراچی۔ ص ۲۹۔ "طٰہا" (صفحہ ۸۱' اور ۸۵ پر بھی اسی طرح لکھا ہے)

○۔ انوارِ حرمین مرتبہ صدیق اسماعیل مطبوعہ کراچی۔ ص ۱۳۰۔ امید فاضلی کی نعت۔ "طٰہی"

امید فاضلی کی "میرے آقا ﷺ" اِس وقت راقم الحروف کے سامنے نہیں لیکن مجھے یاد ہے کہ اس کی پہلی نعت کے مطلعے کے مصرعِ اول میں "طٰہی" اِسی طرح لکھا ہے اور پوری کتاب میں چھ جگہوں پر یہی غلطی دہرائی گئی ہے۔ پھر ایک جگہ "و سلّموا" کو' جو فعلِ امر ہے (معنیٰ ہے "اور سلام پیش کرو") حضور ﷺ کی صفت کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ اللہ معاف فرمائے۔

○۔ ہدیۂ سخن۔ انتخابِ کلام مشاعرہ فیصل آباد۔ ۱۲ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ۔ پہلا صفحہ۔ عنوان ہے "یٰسین و طٰہا"

○۔ نظارے۔ صائم چشتی۔ (دسواں ایڈیشن)۔ ص ۱۳۔ "طٰہُ"

"یٰسٓ" بھی طٰہٰ کی طرف دو حروف ہیں۔ ی اور س۔ اور ان کو بھی قرآنی املا میں اسی طرح لکھا جانا چاہیے لیکن ان حروفِ مقطعات کے بارے میں دو مسئلے پیدا ہو گئے ہیں۔ ایک تو "یاسین" بعض حضرات کا نام بھی ہے جو "یٰسٓ" نہیں لکھا جا سکتا۔ یٰسین یا یاسین ہی لکھا جاتا ہے۔ دوسرا' ان حروفِ مقطعات کو جب نعت میں کسی قافیے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے تو عموماً نون غنہ کے وزن پر استعمال کیا جاتا ہے' وہاں "یٰسں" لکھنے میں شاعری متاثر ہوتی ہے۔ ان دو مقامات پر اگر کسی صورت میں کوئی رعایت دی بھی جا سکتی ہو تو ان کے علاوہ یہ حروف استعمال کرتے ہوئے "یاسین" یا "یٰسین" لکھنا کسی

طرح درست نہیں ہو سکتا۔ لیکن درجِ ذیل کتابوں میں یہ دو حروف چار یا پانچ حروف کی صورت میں لکھے ہوئے ملتے ہیں:

- اُس قدم کے نشاں۔ ادیبؔ رائے پوری۔ ص ۱۰۳، ۱۳۵
- روضُ الفردوس۔ حافظؔ چشتی تونسوی۔ ص ۵۴
- کُلیاتِ قادری۔ محمد غلامؔ رسول القادری۔ ص ۲۹
- صبحِ نُور۔ نورؔ صابری۔ ص ۱۱۷
- اوج۔ نعت نمبر۔ ص ۴۲، ۱۴۴، ۱۸۷، ۱۸۸، ... وغیرہ (ہر جگہ)
- وحدت و مدحت۔ جمیلؔ عظیم آبادی۔ ص ۱۸۴
- نویدِ رحمت۔ رفیع الدین ذکیؔ قریشی۔ ص ۳۳، ۷۳
- عنوانِ تمنّا۔ ذکیؔ قریشی۔ ص ۴۵، ۴۸، ۱۰۱
- سازِ عقیدت۔ ذکیؔ قریشی۔ ص ۴۵، ۱۶۵
- آفتابِ حرا۔ اصغر حسین خاں نظیرؔ لودھیانوی۔ ص ۱۵
- خورشیدِ حرا۔ ذکیؔ قریشی۔ ص ۸۷
- ارمغانِ نیاز۔ عبدالغنی تائبؔ۔ ص ۶۶
- ثنائے محمد ﷺ۔ ایازؔ صدیقی۔ ص ۹۲
- تجلّیاتِ شمس۔ شمس الحق شمسؔ مینسوی۔ ص ۵۳، ۵۷
- م ص۔ فداؔ خالدی دہلوی۔ ص ۱۰، ۱۲۷
- رہبرِ رہبراں۔ صوفی مسعود احمد رہبرؔ چشتی۔ ص ۵۱
- پیامبرِ فجر۔ سید اصغر علی شاہ۔ ص ۱۴، ۳۹
- حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ۔ قمر انجمؔ۔ ص ۹۶
- آیۂ رحمت۔ مسرورؔ بدایونی۔ ص ۲۳، ۷۹، ۱۲۷
- معراجِ سُخن۔ ڈاکٹر مسعود رضا خاکیؔ۔ ص ۸۹، ۱۰۷
- طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَیْنَا۔ ریاض احمد پرواؔز۔ ص ۹۳

- مینائے کوثر۔ محمد جان انجمؔ وزیر آبادی۔ ص ۳۴
- رجائے بخشش۔ عبدالغنی سالکؔ۔ ص ۵۰، ۸۰، ۱۱۴
- الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۵۱۴ (امیر خسروؔ کی نعت میں) ص ۷۱۴ (جمیلؔ احمد کی نعت میں) ص ۸۸۸۔ (وحیدہ نسیمؔ کی نعت میں) ص ۹۱۴ (نقشؔ ہاشمی کی نعت میں) ۱۳۳۶ (یزدانیؔ جالندھری کی نعت میں)
- قصیدہ نگارانِ اُتر پردیش از علی جوادؔ زیدی۔ ص ۳۲۸
- اظہار کراچی۔ سیرتُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۰۔ ص ۱۱۴، ۱۳۴
- باغِ نہالِ اکبر۔ خواجہ محمد اکبرؔ وارثی میرٹھی۔ ص ۸۰
- نذرِ رسالت۔ دلؔ ایوبی۔ ص ۱۲۴
- موجِ کوثر۔ واصفؔ عابدی سہارنپوری۔ ص ۲۴
- سلامِ قُدس۔ مرتّبہ سیّد طفیل احمد بدرؔ امروہوی۔ ص ۳۱۹
- جنّت کا نغمہ مرتّبہ باب اللہ اشرفی۔ ص ۳۲
- مدینے کی مہک۔ طاہر حسین طاہرؔ سلطانی۔ ص ۲۹، ۸۱، ۸۵
- صحیفۂ ولا۔ مرزا محمد ہادی عزیزؔ لکھنوی۔ ص ۲۸
- انوارِ حرمین مرتّبہ صدیق اسماعیل۔ ص ۱۳۰
- بہارِ نعت مرتّبہ محمد منیر قریشی۔ ص ۱۰۰ (تاجؔ عرفانی کی نعت میں)
- شانِ مصطفیٰ ﷺ۔ مرتّبہ محمد یامین وارثی۔ ص ۴۹، ۵۸، ۸۲
- ہدیۂ سخن۔ انتخابِ کلام مشاعرہ فیصل آباد۔ ۱۲ ربیع الاول ۱۴۰۳ھ۔
- پہلا صفحہ۔ عنوان لکھا ہے "یٰسین و طٰہٰ"
- ذکرِ سرور ﷺ مرتّبہ فرید احمد قریشی۔ ص ۱۹
- تنویرِ ایمان۔ سید عابد علی عابدؔ بریلوی۔ ص ۳۳
- رحمت فشاں۔ سید محمود حسن رضوی۔ ص ۲
- نظارے۔ صائمؔ چشتی (دسویں بار ۱۹۸۵)۔ ص ۱۳

قرآنِ پاک میں اللہ کریم جَلَّ جلالہٗ نے اپنے محبوبِ کریم ﷺ کو "یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ" کہہ کر بھی پکارا اور "یَا اَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ" بھی۔ مُزَّمِّل اور مُدَّثِّر دونوں قرآنی لفظ ہیں اور انھیں قرآنی تلفُّظ کے مطابق 'ز اور م' ۔۔۔ اور 'د اور ث' کی تشدید کے ساتھ ہی شاعری میں استعمال کیا جانا ضروری ہے لیکن نعت کی کتابوں میں یہ الفاظ صرف م اور ث کی ایک "شد" کے ساتھ عموماً استعمال کیے جاتے ہیں جو غلط ہے۔

جن کتابوں میں یہ جسارت ملتی ہے، ان کا نام ذیل میں درج کیا جاتا ہے:

- اُس قدم کے نشاں۔ ادیبؔ رائے پوری۔ ص ۱۰۳
- صبحِ نور۔ نورؔ صابری۔ ص ۱۱۷ (یٰسین ہو طٰہٰ ہو، مزمل ہو مدثر)

کلّیاتِ قادری۔ محمد غلامؔ رسول القادری۔ ص ۲۹

تجلّیاتِ شمسؔ۔ شمسؔ مینسوی۔ ص ۵۳ (مزمل)

مینائے کوثر۔ محمد جان انجمؔ وزیر آبادی۔ ص ۳۴ (مزمل)

رجائے بخشش۔ عبدالغنی سالکؔ۔ ص ۵۰، ۸۰ (مزمل۔ مدثر)

مدینے کی مہک۔ طاہر حسین طاؔہر سلطانی۔ ص ۲۹، ۸۵ (مزمل۔ مدثر)

ارشادِ خداوندی ہے: "وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی"۔ "وَالَّیْل" کو شعرائے نعت عموماً آقا حضور ﷺ کی زلفوں کے حوالے سے استعمال کرتے ہیں۔ عربی قواعد کی رو سے "واللیل" (دو لام کے ساتھ) جو عام طور سے نعتوں میں لکھا جاتا ہے، غلط نہیں۔ لیکن مُصحفِ عثمانی کے مطابق قرآنِ پاک میں یہ لفظ ایک لام کے ساتھ ہے "وَالَّیْل"۔ اور نعتوں میں اسی طرح استعمال ہونا چاہیے۔

میں نے جو چند کتابیں اس نقطۂ نظر سے دیکھی ہیں اور ان میں "واللیل" لکھا ہُوا نظر آیا ہے، وہ یہ ہیں:

- بوستانِ نعت مرتبہ احمد علی سیفؔ کلانوری۔ ص ۷۸، ۸۵، ۸۷
- اوج۔ نعت نمبر۔ ص ۱۳۱، ۱۵۹، ۱۹۵، ۲۸۹
- ارمغانِ مدینہ۔ صائمؔ چشتی۔ ص ۳۲

- وسیلۂ بخشش۔ محمد حفیظؔ نیازی۔ ص ۹۸
- کلّیاتِ قادری۔ محمد غلامؔ رسول القادری۔ ص ۲۷
- سازِ عقیدت۔ رفیع الدین ذکیؔ قریشی۔ ص ۴۲
- خورشیدِ حرا۔ ذکیؔ قریشی۔ ص ۳۴
- ماہنامہ خاتونِ پاکستان کراچی۔ ضمیمہ رسول ﷺ نمبر۔ ستمبر اکتوبر ۱۹۷۴۔ ص ۱۷ (شہیدؔی کی نعت میں)
- مجلّہ مہک گوجرانوالہ۔ نذرانۂ عقیدت بحضورِ سرورِ کونین ﷺ۔ ص ۲۴۶ (شہیدؔی کی نعت میں)
- نعتیہ کلام مرتبہ محمد حسین صادق۔ ص ۳۲ (شہیدؔی کی نعت) ص ۴۵ بھی
- کشف العرفان۔ ڈاکٹر نور محمد ربانؔی۔ ص ۲۵۷ (شہیدؔی کی نعت میں)
- نعتِ مصطفیٰ ﷺ۔ مطبوعہ مطبع مجیدی کانپور۔ ص ۳۱
- نورِ سخن۔ مرتبہ نور احمد میرٹھی۔ ص ۷۱
- بُستانِ نبی ﷺ۔ مرتبہ غلام نبی۔ ص ۱۳۳
- باغِ نہالِ اکبر۔ اکبرؔ وارثی میرٹھی۔ ص ۳۰
- تنویرِ ایمان۔ سید عابد علی عابدؔ بریلوی۔ ص ۸۲
- مراد العاشقین۔ سید غوث شاہ نقوؔی۔ ص ۲۸
- نظارے۔ صائمؔ چشتی۔ ص ۱۳ (دوبار)
- نورِ اسلام شرقپور شریف۔ اکتوبر نومبر ۱۹۸۱۔ ص ۶
- ثنائے خواجہ ﷺ۔ حافظؔ لدھیانوی۔ ص ۶۱

معراجِ مصطفیٰ علیہ التحیہ والثناء کے حوالے سے رویتِ باری کا ذکر آیا تو "مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی" کہا گیا۔ "مَا طَغٰی" سید ہلالؔ جعفری کے مجموعۂ نعت "ہلالِ حرم" میں دو جگہ استعمال کیا گیا اور دونوں جگہ غلط۔ ایک جگہ "مَا تغٰی" لکھا ہے (ص ۶۹) اور دوسری جگہ "مَا طغیٰ" (ص ۱۲۷) "ہلالِ حرم" میں (ص ۱۲۷ پر) زبر (َ) کو زیرہ لکھا ہے۔

نعتوں کی جو کتابیں اِس وقت میرے سامنے ہیں' ان میں سے کچھ کتابوں میں قرآنِ مجید کی دیگر آیات کو نقل کرتے ہوئے بھی بے احتیاطی کی گئی ہے۔ بعض صورتوں میں ایسی جسارتیں گناہ کی حیثیت اختیار کرلیتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن و احادیث کے سلسلے میں قلم اٹھاتے ہوئے محتاط رہنے کی توفیق بخشے۔

○۔ نوّر صابری کی "صبحِ نور" میں "فَاذْكُرُونِیْ اَذْكُرْكُمْ" کو "تذکرو نی اذ کرکم" لکھا ہے (ص ۴۴)

○۔ اصغر حسین خاں نظیؔر لودھیانوی کی کتاب "آفتابِ حرا" میں "لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَتِ اللّٰہِ" کو "لا تقنطوا من الرحمت اللہ" لکھا ہے (ص ۳۶)

○۔ طیبؔ قریشی اشرفی دہلوی کی کتاب "جانِ ایمان" میں "مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ" کو "من الرجا لکم" لکھ دیا ہے (ص ۲۸)

○۔ جانِ ایمان ہی میں يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ میں "یتلو" الف کے بغیر ہے (ص ۳۰)

○۔ ادیبؔ رائے پوری کی کتاب "تصویرِ کمال محبت" میں "تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ" کو "تزل من تشاء" لکھا ہے (ص ۱۵)

○۔ ریاض احمد پرواز کی کتاب "طلع البدر علینا" میں "لا تقنطوا" کو بارہ مرتبہ الف کے بغیر لکھا ہے (ص ۶۲' ۸۸)۔ اسی کتاب کے صفحہ ۹۵ پر "مُبَشِّرٌ" کو "مُبَشَّرٌ" باندھا ہے۔

○۔ بشرؔ قادری کی کتاب "عظمتِ مصطفیٰ ﷺ" میں فَاتَّبِعُوْنِیْ کو "فتبعونی" لکھا ہے (ص ۲۳)

○۔ سکندؔر لکھنوی کی کتاب "سحابِ رحمت" میں "بشیراً' نذیراً" لکھا ہے (ص ۸۷)

○۔ سید محمودؔ حسن رضوی کی کتاب "محفلِ پُرنور" میں "وَرَفَعْنَا" کو "وَرَیٰ فَعْنَا" لکھا ہے (ص ۹) اللہ رحم کرے

○۔ فضلِ حق کی کتاب "سوئے حرم" میں صفحہ ۳۳ پر "لا تقنطوا" میں الف نہیں۔ البتہ صفحہ ۳۱' ۹۴ پر یہ لفظ درست لکھا ہے

اردو نثر میں بھی "اِنْ شَآءَ اللّٰہُ" کو انشاء اللہ لکھا جا رہا ہے اور نظم میں بھی

یہی صورت اختیار کی جا رہی ہے حالانکہ یہ املا دُرست نہیں۔

اِنْ حرف ہے اور شاء فعل۔ حرف اور فعل کو ملا کر نہیں لکھا جاتا۔ البتہ حرف اور اسم کو ملایا جاتا ہے۔ لیکن مثلاً مندرجہ ذیل جگہوں پر "اِنْ شَاءَ اللہ" غلط لکھا گیا ہے۔

○۔ نور و نکہت۔ رفیع الدین ذکؔی قریشی۔ ص ۱۲۸

○۔ م ص۔ فدؔا خالدی دہلوی۔ ص ۴۲ (مقدمہ از ڈاکٹر ارشاد الحق قدوسی)

○۔ گلبانگِ حرم۔ حمیدؔ صدیقی لکھنوی۔ ص ۱۴۷ (ردیف ہے۔ ہربار غلط لکھا ہے)

○۔ آستانہ دہلی۔ اپریل ۱۹۶۴۔ ص ۳۱۔ جمیل کیفؔی بریلوی کی نعت میں ردیف "ان شاء اللہ" ہے اور ہربار غلط لکھا ہے

○۔ بُلبلِ بُستانِ مصطفیٰ ﷺ مرتّبہ سعید ہاشمی۔ ص ۱۴۳۔ حمیدؔ صدیقی کی نعت کے ہر شعر میں

○۔ نعتِ مصطفیٰ ﷺ۔ مرتّبہ محمد یامین وارثی۔ ص ۵۵۔ حمیدؔ صدیقی کی نعت کے ہر شعر میں

○۔ جمالِ مصطفیٰ مرتّبہ صبیحؔ رحمانی۔ ص ۱۱۵۔ حمیدؔ صدیقی لکھنوی کی نعت کے ہر شعر میں "لِلّٰہ" کا لفظ نعتیہ شاعری میں بھی استعمال ہوتا ہے لیکن کئی جگہوں پر دو کے بجائے تین ل لکھے ہوئے نظر آتے ہیں مثلاً

○۔ ہلالِ حرم۔ سیّد ہلاؔل جعفری۔ ص ۵۱

○۔ جمالستانِ رحمت۔ صوفی حبیب اللہ حاوؔی۔ ص ۱۸

○۔ وسیلۂ بخشش۔ محمد حفیظؔ نقشبندی۔ ص ۱۰۱

○۔ نور الانوار۔ صدؔر جگرانوی۔ ص ۲۰

○۔ آفتابِ حرا۔ نظیؔر لودھیانوی۔ ص ۹۷' ۹۸ (ردیف ہے)

○۔ ارمغانِ نیاز۔ عبدالغنی تائبؔ۔ ص ۱۲۷

○۔ ثنائے محمد ﷺ۔ ایاز صدیقی۔ ص ۶۲

○۔ خاتم النبیین ﷺ۔ سید مبارک علی شاہین۔ ص ۷۵، ۹۱

○۔ گلبنِ نعت۔ زینت بی بی محجوب۔ ص ۱۹ (ٹیپ کے مصرعے میں ہے)

○۔ نعتِ محمدی ﷺ۔ عاصی سہارنپوری۔ ص ۶، ۱۴

یا صاحبَ الجمال ﷺ۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۱۷۔ "الحمد للہ" ۔۔۔۔ (ردیف ہے۔ ۲۲ مرتبہ غلط لکھا ہے)

صلِّ علَی النّبی ﷺ۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۱۰۰۔ للہ الحمد کو "للہ الحمد" لکھا ہے

حدیثِ پاک میں وہ الفاظ ملتے ہیں جو ہمارے آقا و مولا علیہ الصلوٰۃ والثناء نے اِس دُنیائے آب و گِل میں ظہور فرماتے ہوئے بھی کہے۔ "رَبِّ هَبْ لِی اُمَّتِی" ۔ رفیع الدین ذکی قریشی کی دو کتابوں میں یہ فقرہ استعمال ہوا ہے لیکن دونوں جگہ غلط۔ "ھب" کو "حب" لکھا ہے

○۔ "ربِ حب لی امتی" سے کام اپنا بن گیا" (نویدِ رحمت۔ ص ۸۳)

○۔ "ربِّ حب لی امتی" کی التجا کرتے رہے (عنوانِ تمنا۔ ص ۴۳)

حضور فخرِ موجودات علیہ السّلام والصلوٰۃ نے اپنے "چھپا ہُوا خزانہ" ہونے کا جو ذکر فرمایا، اس حدیث کے الفاظ کو نقل کرتے ہوئے فقیر قادری کی کتاب میں غلطی ہو گئی ہے۔ "کُنتُ کَنزًا مَخفِیًا" میں "مَخفِیًا" کو "مَخفِی" لکھا گیا ہے۔ (ص ۳۸) یہ لفظ منصوب ہی ہونا چاہیے۔

حضور نورِ مجسم رحمتِ ہر عالم ﷺ کے دربارِ ابد قرار میں حاضری ہو تو آپ ﷺ کے چہرۂ پاک کی سمت کو "مُوَاجَهَۃ" کہتے ہیں۔ جب "ۃ" بھی ساکن ہونے کی وجہ سے "ہ" ہو جاتی ہے تو لفظ "مُوَاجَہَہ" بنتا ہے۔ اس میں ایک "ہ" کا کوئی تصوّر نہیں لیکن ہمارے محترم نعت نگار اس لفظ کو ایک "ہ" کے ساتھ استعمال کیے جا رہے ہیں جو درست نہیں۔ مثلاً

○۔ صلوا علیہ و آلہٖ۔ حفیظ تائب۔ ص ۱۳۲۔ "مواجہ پر سلامِ عجز کوئی پیش کرتا ہے"

○۔ وسلّموا تسلیما۔ حفیظ تائب۔ ص ۱۷۵۔ "مقصورہ و مواجہ کی نوریں فضا کی خیر"

○۔ وسلّموا تسلیما۔ حفیظ تائب۔ ص ۱۷۲۔ "غمِ جدائی میں چُور ہو کر مواجہِ سیّدُ الورٰی ﷺ پر"

○۔ وسلّموا تسلیما۔ حفیظ تائب۔ ص ۱۷۷۔ "مواجہ پہ سر کو جھکائے کھڑا ہوں"

○۔ ڈاکٹر ریاض مجید (اوج۔ نعت نمبر۔ ص ۳۸۷) "مواجہ کی فضا میں معتکف رہتے ہیں جان و دل"

○۔ یا صاحبَ الجمال۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۹۲۔ "مواجہ پہ دیکھی ہے اشکوں کی بارش"

○۔ یا صاحبَ الجمال۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۹۷۔ "جب مواجہ پہ حاضری ہو جائے"

○۔ یا صاحبَ الجمال۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۱۳۹۔ "پھر مواجہ پہ دعا یاد آئی"

○۔ معراجِ سفر۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۲۶، ۶۵، ۱۰۵

○۔ آہنگِ ثنا۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۱۵۔ "مواجہ پر کھڑا ہوں دامنِ اُمید پھیلائے"

○۔ آہنگِ ثنا۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۲۵۔ "مواجہ پر کھڑا ہوں سر جھکائے"

○۔ آہنگِ ثنا۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۹۱۔ "مواجہ پر کھڑا ہوں سر جھکائے"

○۔ آہنگِ ثنا۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۱۳۲۔ "اس طرح مواجہ پہ حضوری میں رہا تھا"

○۔ صلِّ علَی النّبی ﷺ۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۳۹۔ "مواجہ پر ہے کوئی اشک افشاں"

○۔ صلِّ علی النّبی ﷺ۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۵۸۔ "کچھ لوگ خموشی سے مواجہ پہ تھے حاضر"

○۔ تائیدِ جبریلؑ۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۱۲۷۔ "با چشمِ تر مواجہ پہ حاضر ہو یہ غلام"

○۔ تائیدِ جبریلؑ۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۱۳۸۔ "حاضر ہوں مواجہ پر، خجلت ہے نگاہوں میں"

(حافظ لدھیانوی کی تمام کتابوں میں "مواجہ" ایک "ہ" کے وزن کے ساتھ

استعمال ہوا ہے لیکن ہر جگہ "مواجہہ" درست املا سے لکھا ہے۔ یعنی اگر درست لکھا ہُوا پڑھنے کی کوشش کریں تو مصرع بے وزن ہو جاتا ہے)

○۔ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۶۴۱۔ سید ابو معاویہ ابوذر بخاری۔ "عنایت ہو تو ہو جاؤں میں حاضر اب مواجہ پر"

○۔ مجلہ المعین ضلع ساہیوال۔ اگست ۱۹۸۳۔ ص ۷۔ ڈاکٹر الف د نسیم۔ "پھر مواجہ پر کھڑا ہو کر پڑھوں اُن پر سلام"

پندرہ روزہ تحریک لاہور۔ میلاد نمبر حصہ اوّل۔ یکم تا ۵ اگست ۱۹۹۵۔ ص ۲۰۔ عبدالعزیز خالدؔ۔ "کرے ہر آن مواجہ پہ پیش باد مراد"

یہ لفظ "مُوَاجَہَہ" ہے لیکن ہمارے محترم اسے "مُواجِہ" پڑھتے ہیں۔ اِس کا نقصان یہ ہوا کہ سکندر لکھنوی کی کتاب "ارمغانِ حرم" میں اسے "مواجے" لکھ دیا گیا (ص ۵۳)

"مواجہہ" سے یاد آیا کہ ایسے الفاظ جن میں دو "ہ" ہونا چاہیں، انھیں لوگ ایک "ہ" سے لکھے جا رہے ہیں مثلاً شُبہہ، بالمشافہہ وغیرہ اور جہاں ایک "ہ" ہونی چاہیے، وہاں دو "ہ" استعمال ہو رہی ہیں مثلاً "شہ" کا لفظ آقا حضور ﷺ کے لیے نعتوں میں استعمال ہوتا ہے اور بہت سی کتابوں میں، اسے "شہہ" لکھا ہوتا ہے جو غلط ہے۔ پچھلی ہوئی نظر ڈالی تو مجھے مندرجہ ذیل جگہوں پر "شہ" کا لفظ غلط لکھا ہوا ملا:

○۔ عقیدت کے پھول۔ محمد عاشقؔ۔ ص ۱۱۳

○۔ نعت رنگ ۱۔ ص ۲۵۵

○۔ رجائے بخشش۔ عبدالغنی سالکؔ۔ ص ۲۸، ۵۰، ۴۴، ۶۴، ۷۰، ۸۲، ۱۴۴، ۱۴۲، ۱۵۶

حافظؔ لدھیانوی کے مجموعۂ نعت "یا صاحبَ الجمال" میں "تشبیہ" کو دو "ہ" کے ساتھ لکھا گیا ہے۔ ص ۷۔۱۱۔ "اس کو تشبیہہ دوں تو کس سے دوں"۔

جن نیک بختوں نے ایمان کی آنکھوں سے حضورِ اکرم ﷺ کا دیدار کیا، وہ صحابی کہلائے۔ جمع کے صیغے میں انھیں "صحابہ" کہا جائے گا یا "اصحاب"۔ لیکن دو

کتابوں میں مجھے ان معنوں میں "اصحابہ" کا لفظ لکھا ہُوا ملا، جو کسی طرح درست نہیں:

○۔ معراجِ سفر۔ حافظ لدھیانوی۔ ص ۱۴۸۔ "جلیل القدر اصحابہ تھے اس میں"

○۔ مجموعۂ نعتِ محمدی ﷺ۔ مؤلفہ شیخ عنایت حسین بدرؔ۔ مطبوعہ لاہور۔ ص ۵۵۔ جودَتؔ۔ "منقش نامِ اصحابہ رہے مرقد کے پتھر پر"

عربی کے بعض الفاظ کو اردو میں لکھتے ہوئے بعض لوگ غلطی سے "الف" نہیں لکھتے۔ یہ صورت نعتوں میں بھی نظر آتی ہے۔ مثلاً

○۔ اثر ریز۔ محمد عباس اثرؔ۔ ص ۴۴۔ ذوالاحترام (کتاب میں الف نہیں ہے)

○۔ جمالِ مدینہ۔ حسن المرتضیٰ خاورؔ۔ ص ۹۵۔ بحمد اللہ (کتاب میں الف نہیں ہے)

عربی کے جن الفاظ کے آخر میں الف کے بعد "ہ" آتی ہے، انھیں پورے اعلان کے ساتھ استعمال کرنا ضروری ہے۔ مثلاً اللہ (ا۔ ل۔ ل۔ ا۔ ہ) کو "اَلا" کے وزن میں استعمال نہیں کیا جاسکتا، لیکن مجموعہ ہائے نعت میں کہیں کہیں یہ مثال بھی نظر آتی ہے۔ صرف دو اہم نعت گوؤں کا ذکر کرتا ہوں۔

○۔ سنہری جالیوں کے سامنے۔ خالد بزمی۔ ص "یہ لطفِ اللہ تعالیٰ ہے آپ ﷺ کے باعث"

○۔ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۲۰۶۔ حفیظ تائبؔ۔ "سلام اے ابنِ عبداللہ، تحیات اے ابی القاسم ﷺ" (دونوں جگہوں پر "اللہ" اور "عبداللہ" کو "اَلا" اور "عَبدُ اَلا" کے وزن میں باندھا گیا ہے جو کسی طرح درست نہیں۔

○۔ طفیل دارا کا ایک مصرع ہے۔ "ایک اللہ جانتا ہے آپؐ کی جملہ صفات" (بعد از خدا۔ ص ۴۰) لیکن طفیل دارا کے کلام میں تو اور بھی بڑی بڑی غلطیاں ہیں۔

جب حضور رسولِ انام علیہ الصلوٰۃ والسلام پہلی بار اپنی والدہ سیّدہ آمنہ سلام اللہ علیہا کے ساتھ کمسنی میں ننھیال گئے تھے تو وہ شہر یثرب تھا، جب مکّہ مکرّمہ سے ہجرت کر کے وہاں تشریف لے گئے تو وہ مدینۃُ النبی ﷺ ہو گیا، طیبہ کہلایا۔ اب اسے یثرب کہنا جائز نہیں۔ مُسندِ احمد میں حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ جو شخص

غلطی سے مدینہ کریمہ کو یثرب کہ جائے، وہ استغفار کرے۔ "جذبُ القلوب" میں حضرت عبدالحق محدّث دہلوی امام بخاری کی تاریخ کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ جو آدمی یہ حرکت کرے، وہ توبہ کرے اور دس بار طیبَہ طیبَہ کہے۔ مطلب یہ کہ ہمیں یہ لفظ نعت میں بھی استعمال نہیں کرنا ہے۔ جہاں کہیں کسی قدیم شاعر کے ہاں یثرب کا لفظ ملتا ہے، میں ماہنامہ "نعت" میں چھاپنے کے لیے اسے "طیبَہ" میں تبدیل کر دیتا ہوں۔

البتہ "طیبَہ" کے لفظ کا جو حال نعتوں میں کیا جا رہا ہے، وہ کسی طرح مناسب نہیں۔ ہائے مختفی کا وزن نہیں ہوتا لیکن قافیے کے طور پر ایسے کسی لفظ کو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ اس میں ہائے مختفی کو الف کے وزن پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ لیکن جانے کیوں، اس صورت میں — اس لفظ کو الف کے ساتھ لکھنا بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ اس طرح "طیبَہ" کو "طیبا" لکھنا بلاجواز ہے۔ لیکن بعض مشہور ناموں نے قافیے کے طور پر نہیں، ویسے بھی طیبہ کو ہ کے بجائے الف سے لکھنا شروع کر دیا ہے، جو غلط ہے۔ درجِ ذیل مقامات پر مجھے "طیبا" لکھا ہوا ملا ہے:

○۔ جانِ جہاں۔ حافظ محمد افضل فقیرؔ۔ ص ۲۲۔ "وہ شوقِ بے نہایت شہرِ طیبا کے سفر کا ہے"

○۔ عطائے محمد ﷺ۔ حافظ محمد افضل فقیرؔ۔ ص ۷۸۔ "اطاعتِ شہِ طیبا ﷺ اساس تھی جن کی"

○۔ مطلعِ فاراں۔ حافظؔ لدھیانوی۔ ص ۷۳۔ "روحِ طیبا کے مناظر میں سدا رہتی ہے"

○۔ مطلعِ فاراں۔ حافظؔ لدھیانوی۔ ص ۷۹۔ "ہر ایک ذرۂ طیبا ہے رُوکشِ فردوس"۔

○۔ مطلعِ فاراں۔ حافظؔ لدھیانوی۔ ص ۸۱۔ "آتی رہے طیبا سے ہَوا رحمتِ عالم ﷺ"

○۔ مطلعِ فاراں۔ حافظؔ لدھیانوی۔ ص ۸۴۔ "طیبا کی راہ میں ہیں زمانے کی راحتیں"

○۔ نشیدِ حضوری۔ حافظؔ لدھیانوی۔ ص ۱۲۲۔ "لوگ کس شان سے طیبا میں ہیں ڈیرے ڈالے"

○۔ ثنائے خواجہ ﷺ۔ حافظؔ لدھیانوی۔ ص ۲۹۔ "خاکِ طیبا مری نظر میں ہے"

○۔ ثنائے خواجہ ﷺ۔ حافظؔ لدھیانوی۔ ص ۱۱۳۔ "میں کس ادا سے جانبِ طیبا رواں ہوا"

عرب ممالک میں کچھ عرصہ ملازمت کے بعد واپس آنے والے پاکستانیوں کے زیرِ اثر ہمارے معاشرے میں "ال" کا استعمال زیادہ ہو گیا ہے۔ عربوں نے بھی خیر "ال" کا استعمال زور سے کیا ہے۔ میں نے مدینۂ طیبّہ میں ایک بار لکھا ہوا دیکھا، **الاتوماتیکہ**۔ یہ "آٹومیٹک" کا حال تھا۔ لاہور میں، میں نے ایک درزی کی دکان پر "ال ٹیلر" کا بورڈ بھی پڑھا ہے۔ لیکن یہ صورتِ حال نعت کی کتاب میں بڑی نامناسب ہے۔ سیّد محمودؔ حسن رضوی کی کتاب "رحمت فشاں" مطبوعہ کراچی میں بیارُ النبی ﷺ، دربارُ النبی ﷺ، کردارُ النبی ﷺ، گلزارُ النبی ﷺ، افکارُ النبی ﷺ، ایثارُ النبی ﷺ، دیدارُ النبی ﷺ، سرشارُ النبی ﷺ، اظہارُ النبی ﷺ قافیے استعمال کیے گئے ہیں (ص ۴۹، ۵۰، ۵۱)۔ یہ سوچے بغیر کہ کونسا لفظ عربی کا ہے، کون سا نہیں، اور کس لفظ کے ساتھ "ال" لگا کر ترکیب بن سکتی ہے، کس کے ساتھ نہیں۔ بہت سی حمدیں "تری شان جلّ جلالہٗ" ردیف کی ملتی ہیں۔ جب اللہ سے واحد حاضر کے صیغے میں بات ہو رہی ہے تو "جَلّ جلالکَ" ہونا چاہیے۔ "جلّ جلالہٗ" تو واحد غائب کا صیغہ ہے۔ لیکن اصغر حسین خاں نظیرؔ لودھیانوی کی کتاب "آفتابِ حرا" میں "جَلّ جَلَالُہٗ" میں "جَلِّ" لکھا ہے جو دُرست نہیں (ص ۱۳، ۱۴)

محمد احمد شادؔ کی کتاب "صلِ علیٰ" میں "جزاک اللہ" ز کے بجائے "ذ" سے لکھا ہے۔ (ص ۸۶)

بشیر حسین ناظمؔ نے مولانا احمد رضاؔ خاں بریلوی کے مشہورِ زمانہ سلام کی تضمین کی ہے۔ اِس تضمین کا ایک بند (نقلِ کفر کفر نباشد) یہ ہے:

شانِ امکانِ ارض و سما پر درود

کائناتِ شفا و شفا پر درود

بحرِ لطف و عطا و سخا پر درود
"کنزِ ہر بیکس و بے نوا پر درود
حرزِ ہر رفتہ طاقت پہ لاکھوں سلام"

اس میں شُبہہ کی گنجائش نہیں کہ اُس نے اپنی جہالت کی وجہ سے حضور حبیبِ کبریا علیہ التحیۃ والثناء کو "کائناتِ شقا" کہا ہے۔ یہ لکھتے ہوئے اُس کا مقصد حضورِ اکرم ﷺ کی توہین نہیں ہو گا۔ لیکن اس کی بدبختی میں شک نہیں کیونکہ پروفیسر منیر الحق کعبی بھل پوری نے اپنی کتاب "سلامِ رضا، تضمین و تفہیم اور تجزیہ" (مطبوعہ جولائی ۱۹۹۵/ صفر ۱۴۱۶ھ) میں فرہنگِ آموز گار، القاموس الفرید، تاج العروس، فرہنگِ عامرہ، لغاتِ کشوری، جامع اللغات وغیرہ کے حوالے سے یہ توجّہ بھی دلائی کہ "شقا" کا مطلب بدبختی، تیرہ روزی، سخت دلی، نامرادی، بدحالی وغیرہ ہے (ص ۹۹) مگر سنا ہے کہ بشیر حسین ناظم اپنی اوقات کے مطابق، نجی محفلوں میں مُنیر الحق کعبی کو بدزبانی کا ہدف بناتا ہے۔۔۔۔ توبہ کی توفیق اسے نہیں ہوئی۔

اگر یہ درست ہے کہ اس نے توبہ نہیں کی، اور اس کے دوست اور سرپرست اس کو "ہلاشیری" دے رہے ہیں تو ان شاء اللہ دنیا میں بھی اس کا حال عبرت ناک ہو گا۔ قیامت کے دن تو اس جسارت کا نتیجہ دیدنی ہو گا ہی۔

ہم نے قرآن و احادیث کے الفاظ کے "نادرست" استعمال یا غلط املا کے بارے میں اور آقا حضور ﷺ کی توہین و تضحیک پر جو کچھ کہا ہے اور جس اکل کھرے انداز میں بات کی ہے، اس سے اگر کسی کی اصلاح ہو جاتی ہے تو بہت اچھا ہے۔ اگر دوست دشمن بنتے ہیں، مہربان نا مہربان ہو جاتے ہیں تو بھی اس لحاظ سے گھاٹے کا سودا نہیں کہ ہم نے اپنے آقا حضور ﷺ کو ناراض کرنے کی راہ نہیں اپنائی، منافقتوں کو گلے نہیں لگایا۔ جو کچھ لکھا ہے، محض اپنے سرکار ﷺ کی خوشنودی کی خاطر لکھا ہے۔

راجا رشید محمود

اردو نعتیہ شاعری کا اِنسائیکلوپیڈیا

شعراءِ نعت توجّہ فرمائیں

انسائیکلوپیڈیا کی جلد دُوُم قارئینِ کرام کے ہاتھوں میں ہے۔ اب تک ردیف "ر" تک کی نعتوں کا حوالہ آیا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ نعت کا کوئی شاعر اس ریکارڈ میں شرکت سے محروم نہ رہے۔ اس لیے

☆ جن شعراءِ کرام کے مجموعہ ہائے نعت چھپ چکے ہیں، ازراہِ کرم فوری طور پر ایڈیٹر نعت راجا رشید محمودؔ کے نام بھیج دیں تاکہ ان کی تمام نعتوں کا حوالہ اِنسائیکلوپیڈیا میں محفوظ ہو جائے

☆ جن شعراءِ کرام کے مجموعے نہیں چھپے، وہ اپنی نعتوں کی فوٹو سٹیٹ نقل مہیّا فرمائیں تاکہ ان کی نعتوں کا ذکر بھی حوالے کی اس کتاب میں شامل ہو سکے۔

☆ جن حضرات کے پاس قدیم شعراءِ نعت کی چھپی ہوئی کتابیں ہیں، وہ ان کی فوٹو سٹیٹ ہمیں فراہم فرما دیں، ہم ان کے شکریّے کے ساتھ یہ کتابیں "نعت لائبریری" میں شامل کریں گے، ان کا ذکرِ خیر ماہنامہ "نعت" میں کریں گے، اور نعتوں کا حوالہ اِنسائیکلوپیڈیا میں آ جائے گا۔

☆ اگر آپ کے پاس کسی شاعر کا مجموعۂ کلام ہو جن میں چند نعتیں بھی ہوں، تو آپ ان نعتوں کی فوٹو سٹیٹ ہمیں بھیج دیں تاکہ ایسے شاعر بھی اِنسائیکلوپیڈیا میں شریک ہو سکیں۔

ردیف "الف" تا "ر" کی جو نعتیں اب مل رہی ہیں یا مستقبل قریب میں دستیاب ہوں گی، ان کا ذکر ان شاء اللہ "ضمیمہ" میں کر دیا جائے گا

زیرِ نظر کاوش

☆ ردیف "ب" تا "ر" کی نعتوں کا حوالہ زیرِ نظر کاوش میں جمع کر دیا گیا ہے۔ "ب" سے "ر" تک کی ردیفوں اور قافیوں کے حوالہ جاتی تذکرے کے بعد چند نعتیں بھی دی جا رہی ہیں۔

☆ ایک مضمون میں یہ بتایا گیا ہے کہ کسی ایک ردیف میں کس کس شاعر نے طبع آزمائی کی ہے۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ کن شاعروں نے نئی ردیفوں میں نعتیں کہی ہیں۔

☆ ایک مضمون میں یہ حقائق سامنے لائے گئے ہیں کہ کس شاعر کی کون سی نعت کس جگہ کسی اور شاعر کے نام سے شائع ہوئی ہے۔

☆ "چور کون؟" میں دو شاعروں کی "مشترکہ" نعتوں کا ذکر کیا گیا ہے اور توجّہ دلائی گئی ہے کہ ان میں سے ایک ضرور چور ہے۔ کون؟ اس کے لئے مزید تحقیق جاری ہے۔

☆ "ایک نعت، دو کتابیں" میں جلد اوّل کی طرح یہ حقیقت سامنے لائی گئی ہے کہ کن شعرا کی کوئی ایک نعت ان کے اپنے ایک سے زیادہ مجموعوں میں شامل ہے۔

☆ ایک مضمون میں یہ بتایا گیا ہے کہ "ب" سے "ر" تک کی ردیفوں کی کون سی نعتیں کسی کتاب یا رسالے میں بار بار شائع کی گئیں۔

☆ آخری مضمون میں حسبِ سابق یہ بات سامنے لائی گئی ہے کہ کس کس کی کون کون سی نعت ایک سے زیادہ جگہ چھپی ہے اور کہاں؟

گزارش

ایک سطر میں شاعر کا نام، نعت کا ایک مصرع اور حوالہ دیا جانا ضروری تھا، اس لئے مجبوراً حضور رحمتِ ہر عالم نورِ مجسم ﷺ کے نامِ نامی یا ضمیر کے ساتھ اپنے ذوق کے مطابق پورا درودِ پاک "صلی اللہُ علیہِ وآلہٖ وسلم" نہیں لکھا جا سکتا (اللہ تعالیٰ معاف فرمائے)۔ مرتّب نے لکھتے ہوئے، پُروف پڑھتے ہوئے، ہر مرحلے میں درودِ پاک پڑھنے کا اہتمام کیا ہے۔ قارئینِ محترم کی بھلائی بھی اسی میں ہے کہ جہاں "ص" ہو، وہاں درود شریف ضرور پڑھ لیں۔

ب

"ہیں رسالت مآب ﷺ" ردیف کی ایک، "آفتاب" ردیف کی گیارہ، "موجِ شراب" ردیف کی ایک، "اضطراب" کی ایک، "روزِ حساب" کی ایک، "نقاب" کی ایک، "کا گلاب" ردیف کی دو، "جواب" ردیف کی دو، "کا جواب" کی دو، "لاجواب" کی تین، "ہے وہ شہرِ لاجواب" کی ایک اور "سے جواب" ردیف کی ایک نعت دستیاب ہوئی ہے۔

"کے سبب" ردیف کی ایک، "نامِ محمد ﷺ کے سبب" کی ایک، "جب" کی ایک، "واجب" کی ایک، "عجب عجب" کی ایک، "صاحب" کی دو، "ادب" کی ایک، "ادب ادب" کی ایک، "یارب" کی سات، "مدینہ پھر دکھا یارب" کی ایک، "ہو یارب" کی دو، "دے یارب" کی دو، "ہے یارب" کی دو اور "میرا یہ قلبِ مضطرب" کی ایک نعت ملی ہے۔

"عرب" ردیف کی ۱۳، "ماہ و نجم مہرِ عرب ﷺ" کی ایک، "اے ماہ و نجم، اے مہرِ عرب ﷺ" کی ایک، "شاہِ عرب ﷺ" ردیف کی تین، "شہنشاہِ عرب ﷺ" کی دو، "مہرِ نجم ماہِ عرب ﷺ" کی ایک، "شہِ عرب ﷺ" ردیف کی ایک نعت، "سب" ردیف کی ایک، "سب کے سب" کی ایک، "ہیں سب کے سب" کی ایک، "تمام شب" کی تین، "آج کی شب" کی ایک، "معراج کی شب" کی تین، "لقب" ردیف کی ایک، "پیغمبرِ اُمّی لقب ﷺ" کی ایک، "کب" ردیف کی پانچ، "طلب" کی ایک، "کی طلب" کی تین، "بے طلب" کی ایک اور "کی جانب" ردیف کی ایک نعت ملی ہے۔

"محبوب" ردیف کی دس، "سے خوب" کی ایک، "ہے خوب" کی ایک، "مطلوب" کی ایک، "حبیب ﷺ" ردیف کی ۱۹، "شبِ میلادِ حبیب ﷺ" کی ایک، "دیارِ حبیب ﷺ" کی دو، "ہے دیارِ حبیب ﷺ" کی ایک، "نامِ حبیب ﷺ" کی دو، "مرے حبیب ﷺ" کی ایک، "ہیں حق کے حبیب ﷺ" کی ایک کے علاوہ "کچھ ہے عجیب" ردیف کی ایک، "لاریب" کی ایک، "سے قریب" کی ایک، "کے قریب" کی سولہ، "گنبدِ اخضر کے قریب" کی ایک، "نصیب" کی سات، "ہو ترے در سے نصیب" کی ایک، "یا نصیب" کی ایک، "نہیں نصیب کی" ایک، "ہو نصیب" کی پانچ، "زہے نصیب" کی ایک، "ہے زہے نصیب" کی ایک، "شکیب" کی ایک اور "عندلیب" ردیف کی ایک نعت کا حوالہ ذیل میں درج کیا جا رہا ہے:

عظیم قریشی {شہِ انبیاؐ ہیں رسالت مآبؐ} سلسبیل۔جون ۷۷۔۸
عزیز لطیفی {اُن کے چہرے سے جو چمکا آفتاب} صبحِ بہاراں۔ص ۲۱۸
حسن رضا بریلوی {جانبِ مغرب وہ چمکا آفتاب} ذوقِ نعت۔ص ۵۰
انصار الٰہ آبادی {طوف کرتا ہے درِ والا کا دن بھر آفتاب} صلوٰۃ و سلام۔ص ۱۰
ادیب سہارنپوری {مطلعِ فاراں سے چمکا وہ عجب تر آفتاب} مدحِ رسولؐ۔ص ۱۰۱
غریب سہارنپوری {سامنے حضرتؐ کے ہے ذرّے سے کم تر آفتاب} خزینۂ رحمت۔ص ۳۲
شائق {کس طرح رُوئے محمدؐ سے ہو ہمسر آفتاب} بُستانِ نبیؐ۔ص ۱۲۲
افق کاظمی امروہوی {کب لگاتا ہے زمانے بھر کا چکّر آفتاب} فروغِ محامد۔ص ۷۸
فیض لدھیانوی {کیا لیے پھرتا ہے اپنا رُوئے انور آفتاب} نعتِ خاتم المرسلینؐ۔ص ۱۳۰
اختر لکھنوی {سب غلامانِ نبیؐ کے ہیں گریباں آفتاب} شام و سحر' جولائی ۹۱۔۳
قمر وارثی {اپنی منزل روز کر لیتا ہے آساں آفتاب} کشف الوریٰ۔ص ۹۷
راقب قصوری {دامنِ ماہِ عربؐ گر دیکھ پائے آفتاب} تحفۂ راقب' اول۔ص ۱۵
ساجد اسدی {کی مئے حُبِّ نبیؐ نے یہ عطا موجِ شراب} پیامبرِ مغفرت۔ص ۴۳
خادم مہائی {عشقِ شہؐ میں ہے وہ شانِ اضطراب} ریاضِ فردوس۔ص ۱۱
راقب قصوری {ہم گنہگاروں کو کچھ بھی غم نہیں روزِ حساب} تحفۂ راقب' اول۔ص ۱۶
غلام سرور لاہوری {جب تلک تھا چہرۂ نُورِ محمدؐ پر نقاب} نعتِ سروری۔ص ۱۴
صبیح رحمانی {خواب روشن ہو گئے' مہکا بصیرت کا گلاب} جادۂ رحمت۔ص ۷۰
قمر وارثی {بن گیا گلدستۂ کامل رسالت کا گلاب} کشف الوریٰ۔ص ۳۹
غریب سہارنپوری {سایہ بھی ہوتا' اگر ہوتا پیمبرؐ کا جواب} خزینۂ رحمت۔ص ۳۳
حافظ پیلی بھیتی {ہے نبیؐ کا قصرِ عالی چرخِ اخضر کا جواب} نعتِ حافظ۔ص ۱۱۰
غلام سرور لاہوری {چاند شرمندہ ہے اور سورج ہے کیسا لاجواب} نعتِ سروری۔ص ۱۵
حسن رضا بریلوی {حُسن ہے بے مثل' صُورت لاجواب} مجموعۂ نعت' اول۔ص ۵۵
داؤد آفریدی {جیسی تیری ذات ہے اللہ اکبر لاجواب} شانِ احمدیؐ۔ص ۱۱
راجا رشید محمود {آقا کا لطف یاب ہے وہ شہرِ لاجواب} شہرِ کرم (مصطفیٰ نگر)
آغا مرزا {حق نے ازل سے بخشی ہے تاثیر لاجواب} شعلۂ عشق اول۔ص ۱۳
حسن رضا بریلوی {سر سے پا تک ہر ادا ہے لاجواب} ذوقِ نعت۔ص ۴۹
راقب قصوری {لا بھی دے قاصد ہمیں جا کر مدینے سے جواب} تحفۂ راقب' اول۔۱۵
راجا رشید محمود {مہرباں ہم پر ہے رب آقاؐ کی نسبت کے سبب} ورفعنا لک ذکرک۔ص ۲۳
یعقوب پرواز {جس طرح ملتے ہیں لب نامِ محمدؐ کے سبب} شام و سحر' نعت نمبر ۳' ۷۰

خالد محمود {مُسکرائیں گے غم کے مارے جب} قدم قدم سجدے۔ص ۹۷
افتخار صفدر قریشی {یہ مقامِ مصطفیٰؐ ہے' یہاں احترام واجب} پاک جمہوریت' ۲ مئی ۷۵
آزاد بیکانیری {تیرے کرم ہیں سرورِ ذی شاںؐ عجب عجب} ثنائے محبوبِ خالقؐ۔ص ۴۳
سعید وارثی {یہ بھی احسان ہو منجملۂ احسان صاحب} ورثہ۔ص ۸۴
ممتاز {. . . وہ جلوہ ہم کو دکھاؤ صاحب} نعتِ دربارِ یثرب۔ص ۳۰
آزاد بیکانیری {پیدا ہوا حبیب خدا کا'' ادب ادب} ثنائے محبوبِ خالقؐ۔ص ۴۴
ادیب رائے پوری {مصطفیٰؐ کا نام توقیرِ ادب} اُس قدم کے نشاں۔ص ۲۳
رضا بیگ جمالی {دکھا تُو ہم کو بھی دیدارِ مصطفیٰؐ یا رب} جلوۂ جمالی۔ص ۱۴
آزاد بیکانیری {دیکھوں ان آنکھوں سے دیدارِ نبیؐ کا یا رب} ثنائے محبوبِ خالقؐ۔ص ۴۵
فخر الدین حاذق {جلوۂ مصطفیٰؐ دکھا یا رب} چشمۂ کوثر۔ص ۱۶
حافظ جونپوری {تمنا ہے یہی میری' مدینہ اب دکھا یا رب} حافظ الاسلام' دوم۔۲۲
وہبی {تڑپتا ہے دلِ شیدا' مدینہ پھر دکھا یا رب} مجموعۂ نعتِ محمدیؐ۔۲۹
شائق دہلوی {دل کی دل ہی میں نہ رہ جائے تمنا یا رب} کلیاتِ شائق۔ص ۶
لُطف بریلوی {نہیں قسمت میں جو دیدارِ پیمبرؐ یا رب} دیوانِ لُطف۔ص ۱۲
سیّد عاصم گیلانی {میری فردِ عمل تقصیر نامہ سر بہ سر یا رب} وسیلہ۔ص ۳۵
حنیف اسعدی {لبِ گویا کو وہ معراج عطا ہو یا رب} ذکرِ خیر الانامؐ۔ص ۵۷
طفیل ہوشیارپوری {نعت گوئی کا عطا مجھ کو ہُنر ہو یا رب} رحمتِ یزداں۔ص ۳۸
امیر مینائی {دونوں عالم کے بکھیڑوں سے چھُڑا دے یا رب} محامدِ خاتم النبیینؐ۔۴۴
معظم {گھر مرا گلشنِ طیبہ میں بنا دے یا رب} نعتِ بہارِ یثرب۔ص ۳۲
امداد علی خادم {محمدؐ کی عنایت ہر گھڑی درکار ہے یا رب} میلادِ سرورِ عالمؐ۔ص ۳۹
زینت بی بی محجوب {محمدؐ کی عنایت ہی مجھے درکار ہے یا رب} گلبنِ نعت۔ص ۲۶
راجا رشید محمود {اس کے سوا جائے کہاں میرا یہ قلبِ مضطرب} شہرِ کرم (مصطفیٰ نگر)
عبدالغفور ملک {وہ اُمّی لقبؐ شہسوارِ عربؐ} مئے طہور۔ص ۱۵۵
مصطفیٰ رضا نوری {ہے تم سے عالم پُر ضیا ماہِ عجم مہرِ عرب} سامانِ بخشش۔ص ۹۳
سیّد نجم نعمانی {. . . اے ماہِ عجم اے مہرِ عربؐ} قندیلِ حرم۔ص ۷۲
احمد رضا بریلوی {تابِ مرآتِ سحر گردِ بیابانِ عرب} حدائقِ بخشش۔حصّہ اول
غلام سرور لاہوری {یا نبیؐ تجھ سے پھلا پھولا گلستانِ عرب} نعتِ سروری۔ص ۱۳
ضیاء القادری {خلد سے آئی نسیمِ چمنستانِ عرب} تجلیاتِ نعت۔ص ۵۳
احمد رضا بریلوی {دل وہی دل ہے جو آنکھوں سے ہو حیرانِ عرب} نعتیہ کلام۔ص ۲۴

محمد عبداللہ بارق {کیا ہو مجھ سے بیانِ شانِ عرب} چشمۂ کوثر۔ ص ۲۷

ضیاء القادری {بزمِ عالم سے ہو ممتاز نہ کیوں شانِ عرب} تجلیاتِ نعت۔ ص ۵۲

عبدالغفار حافظ {کر سکے کیا کوئی اندازۂ فیضانِ عرب} ارمغانِ حافظ۔ ص ۵۰

جلالی دہلوی {اے شہِ کونینؐ اے ذی جاہ سلطانِ عرب} فیض الاسلام' سیرت نمبر ۱۹۵۵

امیر مینائی {خلق جب ملکِ عرب میں ہو وہ سلطانِ عرب} محامد خاتم النبیین ص ۴۴

موسیٰ لدھیانوی {کیوں نہ جاؤں میں عرب کو لے کے ارمانِ عرب} نعتیہ دیوانِ موسیٰ۔ ص ۷

چندی پرشاد شیدا {کر دیا اک نور سے معمور ایوانِ عرب} موجِ نور۔ ص ۱۵۹

غوث شاہ نقوی {جب ہوا پیدا محمد مصطفیٰ شاہِ عرب} مرادالعاشقین۔ ص ۱۸

خالد علیم {آپؐ کا ذکرِ مبارک لب بہ لب شاہِ عربؐ} محفل' خیرالبشر نمبر ۱۳۹

خورِ سحر {نہ تاج و تخت' نہ اولاد و مال شاہِ عربؐ} لفظ ہمارے۔ نعت نمبر' ۱۱۰

صابر القادری بریلوی {سب رسولوں کے ہیں سردار شہنشاہِ عربؐ} بخششِ رب۔ ص ۴۴

راجا رشید محمود {اللہ اللہ شوکت و شانِ شہنشاہِ عربؐ} وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ۔ ص ۴۵

مصطفیٰ رضا نوری {ماہِ تاباں تو ہوا مہرِ عجم ماہِ عرب} سامانِ بخشش۔ ص ۶۱

حفیظ تائب {ادراک سے پرے ہے مقامِ شہِ عربؐ} وسلموا تسلیما۔ ص ۱۰۷

حافظ پیلی بھیتی {میں بھی شیدائے عرب' دل بھی ہے شیدائے عرب} نعتِ حافظ۔ ص ۱۰۹

قاسم الحیدری {مطلعِ عالم پہ ہو تم' کیوں نہ ہوں مسرور سب} نعتِ نبیٔ اکرمؐ۔ ص ۱۱

صبیح رحمانی {نظر آتے ہیں پھول سب کے سب} جادۂ رحمت۔ ص ۶۶

راقب قصوری {محمدؐ ایسے دل خواہ ہیں کہ دل خواہاں ہیں سب کے سب} تحفۂ راقب۔ اول۔ ص ۱۳

راز کاشمیری {لب پر رہی حضورؐ کی مدحت تمام شب} لوح بھی تو قلم بھی تو۔ ۸۱

راز کاشمیری {شمعِ حرا کی ضَو میں گزاری تمام شب} لوح بھی تو قلم بھی تو۔ ۸۳

ذکی قریشی {مدحِ نبیؐ میں میں نے گزاری تمام شب} خورشید حرا۔ ص ۳۳

سیف کلانوری {آئے دنیا میں شہِ جنّ و بشرؐ آج کی شب} بوستانِ نعت۔ ص ۵۴

امیر مینائی {کرمِ حضرتؐ کا یہ بازار تھا معراج کی شب} محامد خاتم النبیینؐ۔ ۴۳

غوثی {وہ سجا احمدِ مختارؐ تھا معراج کی شب} طیباتِ غوثی۔ ص ۲۴

عزیز حاصل پوری {صبح فردوس کی تنویر ہے معراج کی شب} صحیفۂ نور۔ ص ۴۹

راجا رشید محمود {اللہ کے رسولؐ ہیں خیر الوریٰ لقب} حدیثِ شوق۔ ص ۹۵

راغب مراد آبادی {ختم الرسل محبوب رب پیغمبرِ امّی لقب} بدرالدجیٰ۔ ص ۱۰۷

کیف ٹونکی {اے ماہِ عربؐ ہو گا دیدار تمہارا کب} بوستانِ نعت۔ ص ۵۲

راقب قصوری {جانے اللہ یہ دل ناشاد ہو گا شاد کب} کلیاتِ راقب قصوری ۴۴

تسخیر بدایونی {یا رب! بتا دے' عشقِ نبیؐ مجھ کو دے گا کب} تحفۂ اخیار۔ ص ۲۸

راقب قصوری {دیکھئے' مجھ بھولے کو کرتے ہیں احمدؐ یاد کب} تحفۂ راقب۔ اول۔ ص ۱۳

حافظ پیلی بھیتی {بیٹھے گا چین سے یہ دلِ بے قرار کب} نعتِ حافظ۔ ص ۱۰۸

غنی دہلوی {میرے آقاؐ مدینے بلاؤ گے کب} نسیم حجاز۔ ص ۱۲۷

حافظ جونپوری {نفس کی تو پیروی کرتا ہے دل جنّت طلب} حافظ الاسلام' دوم۔ ۲۲

شمس مینسوی {درد کی جستجو نے دوا کی طلب} تجلیاتِ شمس۔ ص ۵۵

محمد دین فقیر {زاہدا' تجھ کو ہے محرابِ عبادت کی طلب} دیوانِ محمدیؐ۔ ص ۱۳

غوث شاہ نقوی {کچھ نہیں دل میں ہمارے مال و دولت کی طلب} مرادالعاشقین۔ ص ۱۸

راجا رشید محمود {دل میں نکھر رہے ہیں جو سو رنگ بے طلب} پاک جمہوریت' ۲۱ مئی ۷۶

محمد افضل فقیر {رُخِ حضورؐ ہے پروردگار کی جانب} عطائے محمدؐ۔ ص ۱۱۹

لطف بریلوی {ہے دو عالم میں تو ہی ایک خدا کا محبوبؐ} دیوانِ لطف۔ ص ۱۳

رضا بیگ جمالی {واہ کیا حق نے ترا رُتبہ بڑھایا محبوبؐ} جلوۂ جمالی۔ ص ۱۳

حقیر فاروقی {خاص اللہ کے ہیں میرے پیمبرؐ محبوب} نسیم گلشنِ نعت۔ ص ۲۴

بشیر زواری {مجھ کو رہتا ہے شب و روز خیالِ محبوبؐ} خزینۂ نعت۔ ص ۸۳

ضیاء القادری {وقفِ اعجاز نمائی ہے خیالِ محبوبؐ} تجلیاتِ نعت۔ ص ۵۷

شریف امروہوی {یوں نگاہوں میں سما جائے خیالِ محبوبؐ} قندیلِ عرش۔ ص ۱۳۵

اکبر وارثی میرٹھی {مرحبا صلّ علیٰ عزّت و شانِ محبوبؐ} باغِ نہالِ اکبر۔ ص ۷۹

افق کاظمی امروہوی {اللہ کے محبوبؐ کی کیا ذات ہے محبوب} فروغِ محامد۔ ص ۷۸

حافظ {کیوں نہ محبوبِ الٰہی ہو لقائے محبوبؐ} گلدستۂ نعت و مناقب ۳۱

حافظ پیلی بھیتی {آپ پیدا کرے' آپ اپنا بنائے محبوبؐ} نعتِ حافظ۔ ص ۱۱۰

حامد بدایونی {لپٹا غلاف روضۂ خیرُ البشرؐ سے خوب} گلزارِ نظمِ حامد۔ ص ۳۵

ضیاء القادری {بزمِ خوباں کا خوش آیند یہ اسلوب ہے خوب} تجلیاتِ نعت۔ ص ۵۵

راجا رشید محمود {نبیؐ طالب ہیں تو غفار مطلوب} مدیحِ سرکارؐ (زیرِ طبع)

عارف عبدالمتین {میں تیرے ساتھ ہوں اور تو ہے میرے ساتھ حبیب} بے مثال۔ ص ۱۱۱

اختر الحامدی {ہمسرِ طور ہے صبحِ شبِ میلادِ حبیبؐ} نورالحبیب' میلاد نمبر ۷۸

ضیاء القادری {کرے جناں کی طرف رُخ نہ جاں نثارِ حبیبؐ} تجلیاتِ نعت۔ ص ۵۱

ضیاء القادری {ہے نورِ ذات سرِ عرش ہمکنارِ حبیبؐ} خزینۂ بہشت۔ ص ۹۳

حمید صدیقی {نگاہِ شوق ہے اور برملا دیارِ حبیبؐ} گلبانگِ حرم۔ ص ۱۷۷

نازش پرتاب گڑھی {بہارِ خلد نظر بن گیا دیارِ حبیبؐ} نعتِ پاک کی اہمیت۔ ص ۲۹۴

حافظ لدھیانوی {خوشا نصیب کہ ہے سامنے دیارِ حبیبؐ} ثنائے خواجہؐ۔ ص۷۹
بہزاد لکھنوی {نہ پوچھو کہ کیا ہے دیارِ حبیبؐ} کرم بالائے کرم۔ ص۱۳۲
نیر اسعدی {کس قدر ہے اوج پر نامِ خدا، نامِ حبیبؐ} نعت ہی نعت۔ ص۸۹
مخمور بھوپالی {خلق ہوتا تھا کہ عظمت پا گیا نامِ حبیبؐ} مدحِ رسولؐ۔ ص۷۸
قمر یزدانی {خود خدا بھی ہے ثنا خوانِ حبیبؐ} مہرِ درخشاں۔ ص۱۳۳
ہاشم ضیائی {عرش و فرش و لوح و کرسی ہیں ثنا خوانِ حبیبؐ} خلوتِ ہاشم۔ ص۴۲
مفتی خلیل برکاتی {جا کے لا اے شوقِ بے پایاں قلم دانِ حبیبؐ} جمالِ خلیل (قلمی) ۱۳
ضیاء القادری {بارکَ اللہ! یہ وقار و عظمت و شانِ حبیبؐ} ماہنامہ نعت۔ جولائی ۸۹
اختر الحامدی {یوں حضورِ حق میں پہنچے ہم غلامانِ حبیبؐ} ترجمانِ اہلسنت، مارچ ۷۶
صوفی رہبر چشتی {عرش کے جلووں سے ہے معمور ایوانِ حبیبؐ} رہبرِ رہبراںؐ۔ ص۱۲۸
حافظ پیلی بھیتی {توبہ توبہ، منہ مرا، اور وصفِ شایانِ حبیبؐ} نعتِ حافظ۔ ص۱۰۷
غافل کرنالی {سلطانِ عرش و سرورِ دیں ہیں مرے حبیبؐ} منتخب نعتیں۔ ص۱۵۰
سید قابل {دردِ دل کی دوا ہیں حق کے حبیبؐ} بہارِ نعت، منیر۔ ص۴۰
خاکی کاظمی {دل میں دردِ عشق ہو اور سر میں سودائے حبیبؐ} السّعید، دسمبر ۵۹۔ ۸
افق کاظمی امروہوی {دل میں ہے جوشِ محبت، سر میں سودائے حبیبؐ} فروغِ محامد۔ ص۷۶
حفیظ تائب {کہاں زبانِ سخنور، کہاں ثنائے حبیبؐ} صلّوا علیہ و آلہٖ۔ ص۷۸
ضیاء القادری {مصحفِ رب ہے جمالِ مصحفِ روئے حبیبؐ} ماہنامہ نعت۔ اگست ۸۹
جمیل قادری رضوی {چودھویں کا چاند ہے روئے حبیبؐ} قبالۂ بخشش۔ ص۲۷
ضیاء القادری {والضحیٰ والشمس ہے، والنجم ہے روئے حبیبؐ} مجموعۂ نعت۔ ص۷۵
ہاشم ضیائی {کب سے مچلی ہے نگاہِ آرزو سوئے حبیبؐ} خلوتِ ہاشم۔ ص۷۱
شیخ ننکانوی {مرحبا، اے عازمِ کوئے حبیبؐ} برقِ تپاں۔ ص۸۸
راقب قصوری {منزلِ عشقِ محمدؐ کی رہنا کچھ ہے عجیب} کلیاتِ راقب قصوری ۴۵
نظیر لدھیانوی {وہی کونین کا مطلوب لاریب} ضیائے حرم، اگست ۷۷۔ ۳۹
خورشید ایلچپوری {جس نے پایا ہے نبیؐ کو دیدہ و دل سے قریب} خورشیدِ رسالت۔ ص۲۹
اجمل سلطانپوری {بھیڑ پروانوں کی ہے گنبدِ خضرا کے قریب} جذباتِ کلامِ اجمل۔ ۴۵
انجم رومانی {ستم رسیدہ و مظلوم کی دعا کے قریب} بیاضِ محمود
رئیس الشاکری {شبِ اسرا یہ کھلا عالمِ بالا کے قریب} گلدستۂ نعت و منقبت۔ ۲۲۶
بدر القادری {بدرِ بے مایہ درِ سیّدِ والاؐ کے قریب} جمیلُ الشیَم۔ ص۸۳
سرور بدایونی {زندگی بھر جو رہے صاحبِ محشرؐ کے قریب} آیۂ رحمت۔ ص۱۳

منیر قصوری {جب ہوا نعت سرا گنبدِ اخضر کے قریب} چادرِ رحمت۔ ص۱۲۹
طیب قریشی {آپؐ نے پہنچایا ہے انساں کو ساحل کے قریب} جانِ ایمان۔ ص۵۷
مفتی خلیل برکاتی {حق ہے شہ رگ کے قریں تو مصطفیٰؐ دل کے قریب} جمالِ خلیل (قلمی) ۱۳
خادی اجمیری {کار فرما ہے سکوں، بے تابیٔ دل کے قریب} نکہت و نور۔ ص۴۰
ضامن حسنی {ایک سیلِ نور رقصاں ہے مرے دل کے قریب} ضامنِ حقیقت۔ ص۶۳
اختر الحامدی {ہر تڑپ پر روضۂ پُرنور ہے دل کے قریب} نعت محل۔ ص۵۶
صابر القادری بریلوی {قہرِ یزداں ہے اُدھر اصنامِ باطل کے قریب} بخششِ رب۔ ص۴۴
اصغر نثار قریشی {جس طرح ہوتے ہیں تارے مہِ کامل کے قریب} حریمِ عرش (قلمی)
بکل اُتساہی {ذکر فرقت کا نہ اب چھیڑ وصالی کے قریب} والضحیٰ۔ ص۱۷۰
لالۂ صحرائی {آ ہی پہنچا ہوں میں بالآخر مدینے کے قریب} لالہ زارِ نعت۔ ص۱۳۹
لالۂ صحرائی {بسکہ جستِ عشق لے آئی مدینے کے قریب} لالہ زارِ نعت۔ ص۱۳۵
صابر القادری {اک مسافر آ تو پہنچا ہے مدینے کے قریب} بخششِ رب۔ ص۴۵
سید افتخار حیدر {ہم کو ملی حضورؐ کی نسبت خوشا نصیب} صبحِ ازل۔ ص۴۱
کشن پرشاد شاد {میں دور ہوں مدینے سے، فریاد یا نصیب} غیر مسلموں کی نعت گوئی ۱۸۴
ضیاء القادری {حشر میں شافعِ اُمّت کی ہے امداد نصیب} تجلّیاتِ نعت۔ ص۵۴
غریب سہارنپوری {ہیں خوش نصیب جن کو ہے طوفِ حرم نصیب} خزینۂ رحمت۔ ص۳۳
سیف زلفی {جس قلب کو نہیں ہے محمدؐ کا غم نصیب} روشنی۔ ص۶۳
راقب قصوری {ہم جا مریں مدینہ میں، ایسے کہاں نصیب} تحفۂ راقب، اول۔ ۲۹
خالد محمود {اہلِ جہاں کو درد کا چارا نہیں نصیب} قدم قدم سجدے۔ ص۲۵۲
آزاد بیکانیری {پھر بخت جاگ اُٹھے، مرا بیدار ہو نصیب} ثنائے محبوبِ خالقؐ۔ ۴۴
وفا {یا رب! رسولِ پاکؐ کا دیدار ہو نصیب} نعتیہ کلام۔ ص۲۴
حافظ وندیر رامپوری {حافظ کو حُبِّ احمدِ مختارؐ ہو نصیب} دیوانِ بہارِ عرب۔ ص۱۵
سجاد مرزا {اے کاش، قربِ سیّدِ ابرارؐ ہو نصیب} کیفِ دوام۔ ص۳۹
قاسم الحیدری {گنبدِ خضرا کا سایہ ہو نصیب} سبیلِ ہدایت۔ ص۵
خاکی کاظمی امروہوی {کیفِ مستی میں ہو استغراقِ جانانہ نصیب} السعید، فروری ۶۳۔ ص۲۴
اکرم علی اختر {ہو جائے پھر زیارتِ بیتِ نبیؐ نصیب} صہبائے نور۔ ص۴۷
عارف رضا {دردمندی، جاں گدازی ہو ترے در سے نصیب} عطائی خوشبو۔ ص۳۲
سید افتخار حیدر {ہم کو ملا حضورؐ سا رہبر، زہے نصیب} صبحِ ازل۔ ص۵۳
خالد محمود {دل میں نبیؐ کی یاد بسی ہے، زہے نصیب} قدم قدم سجدے۔ ص۲۰۳

بیاؔبی مراد آبادی {ترے محبوبؐ کا دیدار جو ہو جائے نصیب} ثنائے حبیبؐ۔ ص ۳۶
شائقؔ دہلوی {ہند سے سُوئے مدینہ مجھے لے جائے نصیب} کلیاتِ شائق۔ ص ۶
راجا رشید محمودؔ {نبیؐ کا روضۂ اقدس ہے آستانِ شکیب} شہرِ کرم (مصطفیٰ نگر)
غلام سروؔر لاہوری {تیرے روضے میں اگر گلشن سے جائے عندلیب} نعتِ سروری۔ ص ۱۵

نعت

بن گیا گلدستۂ کامل رسالت کا گلاب
جب نُبوّت سے مِلا ختمِ نُبوّت کا گلاب

ہیں بہاریں عظمتوں کی اُس کے زیرِ پا حضور ﷺ
آپ نے بخشا جسے اپنی محبّت کا گلاب

گُنبدِ خضرا ہے یکتا گُلشنِ کونین میں
اپنی رفعت، اپنی نکہت، اپنی رنگت کا گلاب

ہے یہ اعجازِ نموئے اِتّباعِ مصطفیٰ ﷺ
شاخِ حیرت پہ کِھلا ہے میرے قامت کا گلاب

اے بہارِ نور و نکہت، رہ کے تیرے درمیاں
ڈھل گیا رنگِ بصیرت میں بصارت کا گلاب

دستِ آقا ﷺ نے پئے تزئینِ راہِ آشتی
سنگِ اسود سے تراشا ہے اُخوّت کا گلاب

باغِ طیبہ کی خرامی ہے قمرؔ اس کا نصیب
بخش دیں جس کو شہِ والا ﷺ اجازت کا گلاب

قمرؔ وارثی

کیا لیے پھرتا ہے اپنا رُوئے انور آفتاب
پیشِ پیغمبر ﷺ ہے معمولی سا اختر آفتاب

اللہ اللہ آپ ﷺ کے پُرنور چہرے کی جھلک
لوگ یہ سمجھے، اُتر آیا زمیں پر آفتاب ﷺ

آپ ﷺ کا پائے مُبارک چُھو کے جو روشن ہوئے
چُومتا ہے اُن حسیں ذرّوں کو دن بھر آفتاب

آسماں پر یونہی گھٹتا نہیں وہ بار بار
آپ ﷺ کی رخشندہ سیرت سے ہے ششدر آفتاب

اپنی تابانی میں سرگرمی دکھانے کے لئے
سورۂ وَالشّمس دُہراتا ہے اکثر آفتاب

آپ ﷺ کی تعلیم سے یُوں جگمگاتے ہیں قلوب
ضَوفشانی کر رہا ہے جیسے گھر گھر آفتاب

بس اِسی باعث نظر آیا نہ سایہ آپ ﷺ کا
عین سر پر تھا نُبوّت کا منوّر آفتاب

عاصیوں کو اپنے دامن میں چُھپا لینا حضور ﷺ
جب سَوا نیزے پہ ہو ہنگامِ محشر آفتاب

فیضؔ دونوں میں زمین و آسماں کا فرق ہے
ہو نہیں سکتا محمد ﷺ کے برابر آفتاب

فیضؔ لدھیانوی

سُلطانِ عرش و سرورِ دیں ہیں مرے حبیبﷺ
انسانیت کے مہرِ مُبیں ہیں مرے حبیبﷺ

میرے حبیبﷺ ہی کی تجلّی ہے دہر میں
حُسنِ بہارِ خُلدِ بریں ہیں مرے حبیبﷺ

لولاک کا خطاب انہی کو دیا گیا
کون و مکاں کا حُسنِ مُبیں ہیں مرے حبیبﷺ

ان کے مقامِ نور سے واقف نہیں کوئی
اللہ کے بہت ہی قریں ہیں مرے حبیبﷺ

ان کا جمال، ان کی تجلّی نظر میں ہے
میرے لئے بہشتِ یقیں ہیں مرے حبیبﷺ

ثانی کوئی نہیں ہے دو عالم میں آپﷺ کا
کون و مکاں میں سب سے حسیں ہیں مرے حبیبﷺ

جن کے لئے تمام صحیفے رقم ہوئے
وہ پیشوائے دینِ متیں، ہیں مرے حبیبﷺ

غافلؔ ملے جو دیدۂ بینا تو دیکھنا
مسند نشینِ عرشِ بریں ہیں مرے حبیبﷺ

غافلؔ کرنالی

ب {قافیہ}

جن نعتوں میں ردیف کے بجائے "ب" کا قافیہ ہی استعمال ہوا ہے، ایسی ۱۳۷ نعتیں دستیاب ہوئی ہیں۔ ان کا ایک ایک مصرع، شاعر کا نام اور حوالہ درج کیا جاتا ہے:

فضلِ حق	{مَیں گرفتارِ حوادث، مَیں اسیرِ نان و آب}	سُوئے حرم۔ ص ۳۶
غوث شاہ نقوی	{دلِ مضطر ہے چُوں ماہیٔ بے آب}	مرادُالعاشقین۔ ۱۷
الطاف احسانی	{. . . خلق کے رہنما، وہ رسالت مآبؐ}	نقوشِ عقیدت۔ ص ۳۷
فضلِ حق	{اے کہ تو نبیوں میں ہے رحمت مآبؐ}	سُوئے حرم۔ ص ۶۷
محمد ہادی نگرامی	{اے مدینہ! جلوہ گاہِ حضرتِ ختمی مآبؐ}	مولوی، رسول نمبر ۱۵۔ ۱۳۔ ۱۳۵
محشر بدایونی	{مجھ کو صبا تو لے چل اب}	حرفِ ثنا۔ ص ۲۳
محمد اقبال نجمی	{رحمت کے جب کھولیں باب}	آپؐ کی باتیں۔ ص ۵۳
فضل احمد کریم فضلی	{ہے اگر کائنات ایک رباب}	ارمغانِ نعت۔ ص ۲۶۸
ندیم نیازی	{اے صاحبِ لولاکؐ و سحر تاب و گہر تاب}	وَمَا اَرْسَلْنٰکَ... ۶۱
انور حسین انور	{چمکا اُفُقِ ذہن پہ وہ مہرِ جہاں تاب}	مہرِ جہاں تاب۔ ص ۱۷
امیر الاسلام شرقی	{اے رحمتِ تمامؐ کے جلووں کی آب و تاب}	خوابِ رفتہ۔ ص ۴۲
خادمی اجمیری	{نقشِ قدمِ پاک پہ صدقے دلِ بے تاب}	نکہت و نور۔ ص ۱۱۳
خدا بخش اظہر	{اے کہ ترا وجود ہے چرخِ جہاں کا آفتاب}	موجِ نور۔ ص ۱۸۹
اثر لودھیانوی	{چمکا جو بامِ کعبہ پہ جلووں کا آفتاب}	عکسِ جمال۔ ص ۵۳
خالد علیم	{پردۂ آفاق میں ڈوب گیا آفتاب}	شام و سحر نعت نمبر ۶، ۴۶۰
علی اکبر عباس	{جب کی گئی زمیں کو عطا روحِ آفتاب}	مدینۂ نعت۔ ص ۷۸
عبدالمجید صدیقی	{ہو گیا طالع رسالت کا مقدّس آفتاب}	صدقِ مقال۔ ص ۳۰
غلام حسین ساجد	{تیرے وصال کے لئے تیز ہے شمعِ آفتاب}	م محمدؐ۔ ص ۵۴
محمد سعید اختر	{اُس زمیں کی خاک کا ہر ذرہ رشکِ آفتاب}	سُوئے حرمین۔ ص ۴۶
نظیر لودھیانوی	{نکلا اُفُق سے نور کی بارش میں آفتاب}	موجِ نور۔ ص ۱۸۱
حامد علی حامد	{کس کے پَرتَو سے منوّر ہیں یہ ماہ و آفتاب}	قصیدہ نگارانِ اُتر پردیش
منظور احمد مجور	{اے آسمانِ رُشد کے تابندہ آفتاب}	بامِ عرش۔ ص ۹
غلام حیدر مرزا	{اے کہکشانِ قدس کے تابندہ آفتاب}	فیض الاسلام، فروری ۷۹، ۴۱

ظفر علی خاں {اے خاورِ حجاز کے رخشندہ آفتاب} خیالستان۔ ص ۱۹
خدا بخش اظہر {طیبہ کے ماہتاب' اے بطحا کے آفتاب} موجِ نور۔ ص ۹۳
اصغر سودائی {حضورِ پاکؐ کی تاویلِ دین و شرحِ کتاب} شہِ دوسرا۔ ص ۴۲
عبدالکریم ثمر {والئِ لوح و قلمؐ صاحبِ وحی و کتابؐ} احسنِ تقویم۔ ص ۱۰۲
عابد نظامی {اے نبیؐ! اے رسولِ وحی و کتاب} صلِّ علیٰ محمدؐ۔ ص ۱۰۷
ستار وارثی {آپؐ کی ذاتِ پاک ہے علم و یقیں کی وہ کتاب} حرفِ معتبر۔ ص ۵۹
محمد فیروز شاہ {ظہورِ صدق کی فیروز نورِ حق کی کتاب} مروز' رحمتؐ للعالمین نمبر ۲۸
غنی دہلوی {وہ مکمل نور ہیں' وہ ہیں سراپا الکتاب} نسیمِ حجاز۔ ص ۲۲۴
علامہ محمد اقبالؒ {لوح بھی تُو' قلم بھی تُو' تیرا وجود الکتاب} مدحِ رسولؐ۔ ص ۱۰۸
عطاء الرحمان عتیق {مہبطِ وحی و مجسّم الکتاب} اوجِ نعت نمبر ۲' ۵۰۵
ع س مسلم {سلام ان پر کہ جو ہیں صاحبِ اُمُّ الکتابؐ} زمزمۂ درود۔ ص ۷۵
سکندر لکھنوی {الصلوٰۃُ والسلام اے صاحبِ اُمُّ الکتاب} سحابِ رحمت۔ ص ۱۱۰
نقش ہاشمی {اے نبیٔ محترمؐ اے حاملِ اُمُّ الکتابؐ} بہارِ نعت۔ ص ۲۰۱
گوہر ملسیانی {آپؐ کے ہونٹوں پہ جاری آیۂ اُمُّ الکتاب} متاعِ شوق۔ ص ۴۱
حافظ محمد حسین {سایہ ہے تیرے حسن کا' پُرنور ماہتاب} چراغِ حرم۔ ص ۳
عبدالغفور ملک {عظمتِ انسانیت کا وہ درخشاں ماہتاب} مئے طہور۔ ص ۱۷۹
اکرم علی اختر {بزمِ انجم' کہکشاں اور آفتاب و ماہتاب} کیف و سرور۔ ص ۹۳
حافظ لدھیانوی {دریوزہ گر اُسی کے ہیں خورشید و ماہتاب} معراجِ فن۔ ص ۹۳
قمر یزدانی {صبحِ ازل کے آفتاب' شامِ ابد کے ماہتاب} خُمِ خانۂ محمدؐ۔ ص ۵۰
عابد نظامی {دیکھ کر اُس رخ کی تابانی خجل ہے ماہتاب} صلِّ علیٰ محمدؐ۔ ص ۷۷
عرفان رُشدی {کون و مکاں وہ تا بہ ثریٰ پردہ حجاب} چراغِ مصطفویؐ۔ ص ۴۷
اثر صہبائی {اے کہ تجھ میں جلوۂ حق بے حجاب} بحضورِ سرورِ کائناتؐ۔ ص ۵۵
انجم وزیر آبادی {میم کا جس دم اٹھایا اسمِ احمدؐ سے حجاب} مینائے کوثر۔ ص ۳۳
نذیر قیصر {دیکھ رہی ہیں جاگتی آنکھیں تیرے سچّے خواب} اے ہوا مؤذّن ہو۔ ص ۵۴
عبدالکریم ثمر {اے کہ ترا وجودِ پاک کون و مکاں کا انتخاب} شعر و الہام۔ ص ۲۲۹
محمد خالد جذبی {کون جانے راز ہائے انتخاب} بیاضِ محمود
غلام زبیر نازش {حضورؐ گلشنِ توحید کے گُلِ شاداب} حرف حرف عقیدت۔ ص ۴۰
نقوشِ پا ہیں منور شہاب کی صورت

درِ حضور ﷺ پہ دیکھے ہیں ہم نے اے عاصم
پلک پلک پہ ستارے حباب کی صورت

سید عاصم گیلانی

لائی یہ مژدۂ جاں بخش صبا آج کی رات
جلوہ فرما ہوئے محبوبِ خدا ﷺ آج کی رات

تابشوں سے رُخِ پُرنور کی وقتِ مولد
خانۂ آمنہؓ معمور ہُوا آج کی رات

بولے آپس میں یہ خوش ہو کر چرند اور پرند
لو وہ پیدا ہُوئے شاہِ دوسرا ﷺ آج کی رات

پیارے محبوبِ خدا ﷺ پر ہو درود و سلام
در و دیوار سے آئی یہ صدا آج کی رات

ہوئے پیدا تو یہ اعجاز دکھایا شہ ﷺ نے
اپنے خالق کے لئے سجدہ کیا آج کی رات

سختیاں دور ہوئیں، کلفتیں کافور ہوئیں
خلق پر چھا گئی رحمت کی گھٹا آج کی رات

کیسی شب ہے کہ جدھر کان لگا کر سُنیئے
تہنیت کی چلی آتی ہے صدا آج کی رات

حشمت علی فائق بریلوی

ت {قافیہ}

جن نعتوں میں "ت" کا قافیہ استعمال ہوا ہے، ایسی ۱۴۳ نعتیں ملی ہیں، ان کا ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے:

عزیز لکھنوی	{زورِ کششِ حسنِ خداداد کی کیا بات}	نقوش۔ رسول نمبر۱۰
حافظ لدھیانوی	{ہے وحیٔ الٰہی کی نشانی تری ہر بات}	جذبِ حسانؓ۔ ص۷۷
عبدالغنی تائب	{بن جائے گی پھر بگڑی ہوئی اپنی ہر اک بات}	ارمغانِ نیاز۔ ص۹۶
اکرم علی اختر	{دل میں رمرے سما گئی پیرِ مغاں کی ایک بات}	کیف و سُرور۔ ص۷۹
گہر اعظمی	{اُن کا ذکر ہے اچھی بات}	ثنائے رسولؐ۔ ص۱۱۹
حافظ لدھیانوی	{ہر لب پہ ترا ذکر ہے، ہر لب پہ تری بات}	تائیدِ جبریلؑ۔ ص۸۶
حیرت الہ آبادی	{جب سے رقصاں ہے لبوں پر سیدِ عالمؐ کی بات}	منارۂ نور۔ ص۸۷
سعید اللہ خاں	{روح کو مل جائے گا ذکرِ نبیؐ سے جب ثبات}	سعادتِ سعید۔ ص۱۳۹
فرخ اعظم	{آپؐ کے فیضِ کرم سے ہے دو عالم کو ثبات}	روحانی ڈائجسٹ، جنوری ۸۳
مصباح راٹھور	{آپؐ کے دم سے جہانِ مُرغ و ماہی کو ثبات}	ختمِ نبوتؐ۔ ۵ ستمبر۹۱
اعظم چشتی	{سمجھا نہیں ہنوز مرا عشق بے ثبات}	نیرِ اعظم۔ ص۵۵
شعیب آرزو	{اس کے طفیل پاؤ گے محشر میں تم نجات}	نظر نظر طیبہ۔ ص۲۰
الطاف احسانی	{جب مظالم سے کسی صورت نہ تھی ممکن نجات}	نقوشِ عقیدت۔ ص۷۹
ستار وارثی	{آپؐ تجلیٔ ازل، آپؐ جمالِ نورِ ذات}	حرفِ معتبر۔ ص۱۴۷
عنایت گورداسپوری	{تھی فخرِ انبیاؑ وہ تمھاری ہی ایک ذات}	والیٔ بطحا۔ ص۲۹
غنی دہلوی	{سب سے افضل ہے وہ دنیا میں مقدس نیک ذات}	نسیمِ حجاز۔ ص۱۰۹
فیض الحسن شاہ	{تیری نوائے شوق سے وجد میں ہے حریمِ ذات}	ارمغانِ فیض۔ ص۱۳
فضل گوالیاری	{ذہنِ انساں اب بھی قاصر ہے کہ کیا ہو گی وہ ذات}	جواہر النعت۔ ص۱۷۲
حافظ لدھیانوی	{خدا کے بعد سب سے ہے سخی ذات}	مطلعِ فاراں۔ ص۱۱۴
عبدالغفور ملک	{خدا کے بعد ارفع ہے تری ذات}	مئے طہور۔ ص۱۳۹
اثر صہبائی	{زینتِ کائنات تیری ذات}	بحضورِ سرورِ کائناتؐ ۲۸
قمر یزدانی	{بعدِ خدا بزرگ تر دونوں جہاں میں تیری ذات}	مہرِ درخشاں۔ ص۱۹۴
غوث شاہ نقوی	{سب سے اونچی ہے نبی جیؐ تیری ذات}	مراد العاشقین۔ ص۱۹
حنیف نازش	{رنگ و بو کے اس جہاں میں ہے مقدم ان کی ذات}	سخن سخن خوشبو (قلمی)

نعیم صدیقی	{اونچی اُن کی ذات}	نور کی ندیاں رواں ۳۰
ذکی قریشی	{دونوں جہاں میں منتخب سرورِ دو جہاںؐ کی ذات}	نور و نکہت۔ ص ۱۱۴
ذکی قریشی	{آپؐ کی بعثت سے پہلے چھائی تھی تاریک رات}	سازِ عقیدت۔ ص ۷۹
مظفرالدین	{تعالیٰ اللہ' طیبہ کے وہ دن رات}	جلوہ گاہ۔ ص ۲۰۲
الطاف قریشی	{آپؐ کا ذکر لب پہ ہے دن رات}	ثنا۔ ص ۹۴
حافظ لدھیانوی	{تو روشنی ہے صبح کی' تجھ سے حسین رات}	تائیدِ جبریلؑ۔ ص ۱۱۷
حفیظ صدیقی	{. . . رات معراج کی عجب تھی رات}	لازوال۔ ص ۲۱
مسرور بدایونی	{ظاہر ہر ایک شے سے ہوئے یہ تاثرات}	آیۂ رحمت۔ ص ۵۷
اکرم علی اختر	{سینے میں دل ہے' دل میں غم' غم میں ترے تصوّرات}	کیف و سرور۔ ص ۳۹
وجیہ السما عرفانی	{ہر دو عالم کے لئے اُن کے خدا کی سوغات}	میرے حضورؐ۔ ص ۱۲۴
حافظ لدھیانوی	{ہیں مرکزِ انوار مدینے کے مضافات}	ضیائے حرم' جولائی ۹۴
عبدالکریم ثمر	{. . . شب و روز تیرے تصرّفات}	شعر و الہام۔ ص ۲۰۷
کاوش زیدی	{مخزن و سرچشمۂ اعلیٰ صفات}	مدحتِ خیرالانامؐ۔ ۵۹
خالد محمود	{رحمت مآب' جانِ کرم' پیکرِ صفات}	قدم قدم سجدے۔ ۱۹۹
طفیل دارا	{ایک اللہ جانتا ہے آپؐ کی جملہ صفات}	بعد از خدا۔ ص ۴۰
نواب علی ریحان	{میرے رسولؐ کی دونوں جہاں میں ہیں یہ صفات}	ثنائے خواجۂ کونینؐ ۱۳۵
معنی اجمیری	{اے رسولِ پاکؐ اے پیغمبرِ قدسی صفات}	نقوش' رسولؐ نمبر ۱۰' ۵۳۳
حنیف ادیب	{والیٔ کون و مکاںؐ عالی صفات}	بزمِ رسالت۔ ص ۸۱
غنی دہلوی	{ہیں حدیثوں کی کُتُب میں فہم و دانش کے نکات}	نسیم حجاز۔ ص ۹۲
توقیر چغتائی	{امن کی شہراہوں پر بیٹھا ظلم لگائے گھات}	بزمِ رسالت۔ ص ۹۲
طاہر لاہوری	{نسیمِ صبحِ کرم نے بدل دیئے حالات}	جمالِ کون و مکاں۔ ۷۸
لاغر صدیقی	{ہجرِ نبیؐ میں اس طرح دل ہے اسیرِ مشکلات}	الوارث' ۱۴۰۲ھ۔ ۶۰
حافظ محمد حسین	{حُسنِ نبیؐ کے سامنے خورشید بھی ہے مات}	چراغِ حرم۔ ص ۲
خدا بخش اظہر	{اے کہ وہ تو ہے باعث خاموشی ممات}	موجِ نور۔ ص ۶۴
علیم ناصری	{مصطفیٰؐ نے آ کے توڑا میرے دل کا سومنات}	موجِ نور۔ ص ۹۳
بہار یار جنگ خلق	{اے کہ ترا وجود ہے' وجہِ وجودِ کائنات}	صریرِ خامہ' نعت نمبر ۸۰
وجد الحسینی	{ایک ترا وجود ہے' وجہِ نمودِ کائنات}	منتخب نعتیں۔ ص ۲۰۷
نصرت عبدالرشید	{اے کہ وجود آپؐ کا باعثِ فخرِ کائنات}	خواتین کی نعت گوئی' ۳۹۷
ماہر القادری	{اے کہ ترا وجود ہے وجہِ ظہورِ کائنات}	ذکرِ جمیل۔ ص ۱۱۸

ریاض سہروردی	{سرورِ کائناتؐ ہیں وجہِ ظہورِ کائنات}	دیوانِ ریاض۔ ص ۴۳
عبدالکریم ثمر	{تری نظر میں قوّتِ تسخیرِ کائنات}	شعر و الہام۔ ص ۲۱۱
نظیر شاہجہانپوری	{پنہاں تھا حرف حرف میں اک رازِ کائنات}	ارم در ارم۔ ص ۱۵۸
ہارون الرشید ارشد	{باعثِ رشکِ دو جہاں' مرکزِ نازِ کائنات}	شام و سحر' میلاد نمبر ۸' ۱۱
سیماب اکبر آبادی	{آخری درجہ پہ تھا بحرانِ نبضِ کائنات}	سازِ حجاز۔ ص ۲۷
حافظ لدھیانوی	{تیرا وجود باعثِ تخلیقِ کائنات}	ثنائے خواجہؐ۔ ص ۴۴
یزدانی جالندھری	{ان کا وجود باعثِ تخلیقِ کائنات}	شام و سحر' نعت نمبر ۵' ۲۵۶
محمد عباس اثر	{میرے حضورؐ باعثِ تخلیقِ کائناتؐ}	اثر ریز۔ ص ۳۱
سید افتخار حیدر	{مصطفیٰؐ ہیں نور کی اک کائنات}	صبحِ ازل۔ ص ۳۵
عابد نظامی	{اے شہِ اِنس و ملک' باعثِ کُل کائنات}	صلِ علیٰ محمدؐ۔ ص ۶۵
ذکی قریشی	{اے شہنشاہِ دو عالمؐ اے رسولِ کائنات}	نور و نکہت۔ ص ۸۲
عارف سیمابی	{ان کی نمود باعثِ تشکیلِ کائنات}	عرفانیات۔ ص ۸۱
اثر رامپوری	{اے کہ ترا جمال ہے زینتِ بزمِ کائنات}	فاران' سیرت نمبر ۵۶' ۱۸۸
مریم قادری	{فخرِ زمین و آسماں' نازشِ بزمِ کائنات}	نغماتِ حرم۔ ص ۳۵
؟	{ترے وجود سے ہُوا فروغِ بزمِ کائنات}	ہلال' سیرت نمبر ۸۸' ۱۷۴
کرم حیدری	{تجھ سے ہے اے شہِ عربؐ رونقِ بزمِ کائنات}	نعم۔ ص ۲۸
انور محمود خالد	{اے کہ ترا وجود ہے رونقِ بزمِ کائنات}	انتخابِ مشاعرہ۔ ۱۴۰۴ھ
ع س مسلم	{سلام ان پر' ہے جن کے دم سے بزمِ کائنات}	زمزمۂ درود۔ ص ۸۵
عبدالرشید فاضل	{اے تیری ذات مہرِ درخشانِ کائنات}	فاران' سیرت نمبر ۵۶
جلال کڑپوی	{لطف و کرم سے فاش کر رازِ درونِ کائنات}	آمنہؓ کالالؐ۔ ص ۴۳
احمد شجاع ساحر	{تیرا شہود باعثِ تکوینِ کائنات}	مخزنِ نعت۔ ص ۱۳۶
عبدالمجید سالک	{اے شاہِ انبیاؑ و شہنشاہِ کائنات}	نقوش' رسولؐ نمبر ۱۰
جعفر علی آشفتہ	{آپؐ کے صدقے ہوئی تخلیق ساری کائنات}	ورفعنالک ذکرک ۹۲
نظیر لودھیانوی	{درحقیقت ہے فنا انجام ساری کائنات}	آفتابِ حرا۔ ص ۹۵
حافظ لدھیانوی	{مدحتِ سرکارؐ کا مظہر ہے ساری کائنات}	آہنگِ ثنا۔ ص ۷۸
منظور علی شیخ	{آپؐ ہیں میری جانِ جاں' آپؐ ہیں میری کائنات}	حُسنِ رحمت۔ ص ۴۶
ظفر علی خاں	{اے کہ تری نمود ہے غازۂ رُوئے کائنات}	بہارستان۔ ص ۴۵
... اختر	{اُتری ہیں جس کی روح پہ آیاتِ بیّنات}	اقراء۔ ص ۲۴۶
ا۔ د۔ نسیم	{کہتی ہیں الکتاب کی آیاتِ بیّنات}	نسیمِ طیبہ۔ ص ۶۵

خواجہ محمد اسلم {نظریں ہوں بوسہ گیر اور اُٹھے ہوئے ہوں ہات} حُسنِ خیال۔ ص ۱۳۰
عزیز لکھنوی {قسمت پہ عزیزؔ اپنی کروں کیوں نہ مباہات} صحیفۂ ولا۔ ص ۲۹
عبدالرشید اشکؔ {جلوۂ روئے محمدؐ سے ہیں روشن شش جہات} جانِ رحمت۔ ص ۱۷
حافظ لدھیانوی {ہوں حمد و ثنا میں مری، قرآن کی آیات} معراجِ فن۔ ص ۵۹
طاہر لاہوری {جمال کون و مکاں تیرے حُسن کی آیات} جمالِ کون و مکاں ۴۸
اقبال عظیم {ہیں محمدؐ مصطفیٰ روحِ حیات} ماحصل۔ ص ۱۳۶
وجیہ السما عرفانی {حضورؐ محفلِ ہستی میں ہیں مدارِ حیات} میرے حضورؐ۔ ص ۲۶
اے آر چنگیزؔ {بج رہا ہے دم بہ دم سازِ حیات} گلدستۂ حمد و نعت۔ ۵۰
اے آر چنگیزؔ {یوں ہُوا نغمہ سرا سازِ حیات} گلدستۂ حمد و نعت۔ ۵۱
ظفر علی خاں {اے کہ ترا جمال ہے زینتِ محفلِ حیات} بہارستان۔ ص ۳۵
منظور احمد مجورؔ {محمد عربیؐ راح بخش جامِ حیات} بامِ عرش۔ ص ۱۱
وقار انبالوی {اے کہ تیرے نور سے روشن ہوئی بزمِ حیات} الرشید نعت نمبر، ۹۵۵
حیات جعفری {حضورؐ مرکزِ ہستی، حضورؐ جانِ حیات} گلدستہ۔ ص ۱۸
الف شاہ سیدؔ {اے محمدؐ مجتبیٰؐ اے سرورِ ہر ذی حیات} معارفِ اسلام، رسول نمبر ۹۲
ادیب رائے پوری {آپؐ کی یاد میں جس جس نے گزاری تھی حیات} اُس قدم کے نشاں، ۶۷
صہبا اختر {ہر قضا و ہر فنا سے ماورا تیری حیات} اقرأ۔ ص ۱۰۳
ظفر ہاشمی {آنکھ روشن ہے تو روشن ہے حیات} آہنگِ ظفر۔ ص ۴۱
بہزاد لکھنوی {مری حسرت و آرزوئے حیات} کرم بالائے کرم۔ ص ۱۳۰
ظہیر الدین علوی {اے کہ ترا جمال ہے حُسنِ رُخِ تجلیات} چشمۂ کوثر۔ ص ۲۳
محمد علی ظہوری {ہیں مہر و ماہتاب کی ہر سُو تجلیات} نوائے ظہوری۔ ص ۱۰
منظور احمد مجورؔ {اے کہ ترا شہود ہے جلوہ گہِ تجلیات} بامِ عرش۔ ص ۱۶
قمر یزدانی {ظاہر ہیں برّ و بحر میں تیری تجلیات} خُم خانۂ محمدؐ۔ ص ۹۱
طاہر لاہوری {حلقۂ دو جہاں میں ہیں جس کی تجلیات} جمالِ کون و مکاں۔ ص ۵۹
غنی دہلوی {بلندی پہ ہے احساسِ محبّت} نسیمِ حجاز۔ ص ۱۳۲
صوفی اویسی {یا رب! وہ عطا کر دے محمدؐ کی محبّت} سرودِ نے۔ ص ۱۳۴
عابد نظامی {دل میں ہے مرے رحمتِ عالمؐ کی محبّت} فیضانِ کرم۔ ص ۸۰
کاوش زیدی {جس دل میں ہے سرکارِ دو عالمؐ کی محبّت} مدحتِ خیر الانامؐ۔ ۴۹
امین علی نقوی {محمدؐ ہیں محبّت ہی محبّت} حُسنِ محمدؐ۔ ص ۵۱
امین علی نقوی {کرو لوگو محمدؐ سے محبّت} حُسنِ محمدؐ۔ ص ۱۱۰

راس مسعود صدیقی {مجھے پیارے نبیؐ سے ہے محبّت} انوار الصوفیہ جنوری ۶۸
ظفر شاربؔ {للہِ الحمد غزل سے نہیں قطعاً" رغبت} کاسۂ فکر۔ ص ۱
حافظ لدھیانوی {ذکرِ محبوبؐ سے پاتے ہیں دل و جاں راحت} جذبِ حسّانؓ۔ ص ۹۳
قمر حجازی {ترے در کے سوا دل کو کہیں ملتی نہیں راحت} نویدِ سحر۔ ص ۳۸
حافظ لدھیانوی {میری سانسوں میں بسا رہتا ہے رنگِ مدحت} تائیدِ جبریلؑ۔ ص ۱۱۵
ذکی قریشی {ذکیؔ، مَیں اور شہِ والاؐ کی مدحت} مہرِ فاراں۔ ص ۱۳۲
حافظ لدھیانوی {کرتے رہے ہم خواب میں سرکارؐ کی مدحت} تائیدِ جبریلؑ۔ ص ۱۰۹
ادا جعفری {یہ حُسنِ نوازش، یہ اوجِ سعادت} خواتین کی نعت گوئی ۵۴
عبدالعزیز خالدؔ {دیں اپنے پرائے تری عظمت کی شہادت} طاب طاب۔ ص ۴۴
ذکی قریشی {کیوں ہو نہ سر خمیدہ، خامہ بصد عقیدت} حرفِ نیاز۔ ص ۵۷
ذکی قریشی {آمادہ ہُوا نعت پہ پھر حُسنِ عقیدت} عنوانِ تمنا۔ ص ۹۳
عبدالعزیز خالدؔ {جسے دیّان نے تکمیلِ دیں کی دی بشارت} ماذماذ۔ ص ۲۶
مظفر کچھوچھوی {مبارک ہو طیبہ کی تجھ کو زیارت} نسیمِ حجاز۔ ص ۴۶
ا۔ د۔ نسیمؔ {کرتا ہوں میں گھر بیٹھے مدینے کی زیارت} نسیمِ طیبہ۔ ص ۸۷
ستار وارثی {وحدت کی تجلّی ہو تم آئینۂ قدرت} حرفِ معتبر۔ ص ۱۳۹
محمد عباس اثرؔ {اک عمر سے جو دل میں تھی، بر آئی ہے حسرت} اثر ریز۔ ص ۲۷
نظیر شاہجہانپوری {حدودِ روح الامینؑ مقرر، ہے بے تعیّن مقامِ حضرتؐ} ارم در ارم۔ ص ۱۳۵
ع س مسلمؔ {سلام اُن پر، ہے جن پر اختتامِ حُسنِ سیرت} زمزمۂ سلام۔ ص ۶۴
وقار امپوری {دونوں عالم کا شرف، دونوں جہاں کی عزّت} ارمغانِ نعت۔ ص ۱۵۸
خالد بزمی {مسجد ہو، بُت کدہ ہو، کلیسا ہو یا کنشت} سنہری جالیوں…۔ ص ۴۷
بشیر احمد بشیرؔ {شاید یہی دو حرف بنیں وجہِ شفاعت} اقلیم نعتیہ انتخاب نمبر
لالہ صحرائی {. . . دل پہ طاری جذبۂ رقّت} لالہ زارِ نعت۔ ص ۴۷
امین علی نقوی {محمدؐ ہے مجموعۂ ہر صفت} حسنِ محمدؐ۔ ص ۹۳
نازاں اکبر آبادی {شق چاند ہو، انگلی کے اشارے میں وہ طاقت} زمانہ۔ جون ۱۹۶۸
جمیل عظیم آبادی {حقیقت، حقیقت، سراپا حقیقت} وحدت و مدحت۔ ص ۱۳۴
بشیر الہ آبادی {رسولِ اکرمؐ کی شانِ اقدس میں لفظ و معنیٰ کی کیا حقیقت} جامِ فروزاں۔ ص ۱
ا۔ د۔ نسیمؔ {پڑتے ہی نگہ کھل گئے اسرارِ حقیقت} نسیمِ طیبہ۔ ص ۹۲
ستار وارثی {مظہرِ کامل حُسنِ سراپا جلوہ نمائے نورِ حقیقت} حرفِ معتبر۔ ص ۱۵۳
طاہر لاہوری {روشن ہوئی لولاک میں قندیلِ رسالت} جمالِ کون و مکاں ۷۰

شاعر	مصرع	ماخذ
بہزاد لکھنوی	{خدا کے نور، اے ختمِ رسالتؐ}	کرم بالائے کرم۔ ص ۱۶۴
انور حسین انور	{وہ سرورِ کونین، وہ سلطانِ رسالتؐ}	مہر جہاں تاب۔ ص ۶۹
عطا مار ہروی	{ہاں مگر وہ شہِ ابرار" شفیعِ امت}	قصیدہ نگارانِ اُترپردیش
نظیر لودھیانوی	{اے سحابِ کرم و لطف، سراپا رحمت}	شام و سحر 'میلاد نمبر ۷۸' ۱۱
نظیر شاہجہانپوری	{دلِ محزوں پہ ہو جائے کرم اے صاحبِ رحمتؐ}	ارم در ارم۔ ص ۱۱۸
فضلِ حق رضوی	{ہے محمدؐ کی وہ ہستی کہ مجسّم رحمت}	دھوپ چھاؤں۔ ص ۳۸
محمد اقبال نجمی	{ہمارے نبیؐ ہیں دو عالم کی رحمت}	آپ کی باتیں۔ ص ۳۹
امداد علی خادم	{نازل ہوئی کونین میں اللہ کی رحمت}	میلادِ سرورِ عالم ص ۴۷
ریاض احمد پرواز	{بارگاہِ ایزدی سے ہو جو قدرت مرحمت}	طلع البدرُ علینا۔ ص ۸۴
وارثی شیدا	{خدا کی قسم، میری یاور ہے قسمت}	نعتِ حبیبؐ۔ ص ۲۷
فضلِ حق رضوی	{یا محمدؐ ہو بیاں کس طرح تیری عظمت}	دھوپ چھاؤں۔ ص ۳۹
ذکی قریشی	{وہ ماہِ دانش، وہ مہرِ حکمت}	نویدِ رحمت۔ ص ۹۹
محمد اقبال نجمی	{جس جا دیکھوں رب کی حکومت}	آپ کی باتیں۔ ص ۵۱
نظیر شاہجہانپوری	{. . . یہ صحنِ حرم ہے کہ ہے صحنِ جنت}	ارم در ارم۔ ص ۱۸۵
محمد اقبال نجمی	{اُن کی دنیا، ان کی جنت}	آپ کی باتیں۔ ص ۱۹
حافظ لدھیانوی	{نگاہِ شوق کی طیبہ ہے جنت}	مطلعِ فاراں۔ ص ۴۷
حامد الوارثی	{وہ پیکرِ صداقت، وہ عزتِ نبوت}	نغمۂ نور۔ ص ۵۱
سجاد مرزا	{شمعِ نبوت}	کیفِ دوام۔ ص ۶۱
ع س مسلم	{سلام اُن پر کہ جو ہیں خاتمِ وحی و نبوت}	زمزمۂ سلام۔ ص ۵۸
حنیف نازش	{کسی نہ ماں نے جنا اُنؐ کے مرتبے کا سپوت}	سخن سخن خوشبو (قلمی)
حبیب الرحیم	{ہے شغل جن کا مدام خلوت}	دیوانِ حبیب 'دوم' ۲۰
ادیب رائے پوری	{حصار باندھ کے بیٹھے ہیں رنگ اور نکہت}	اس قدم کے نشاں۔ ص ۱۵
ندیم نیازی	{ملے گی اس کو ہی راہِ ہدایت}	وما ارسلنک...۱۱۲
شیخ بنکانوی	{دل و جاں کی ہے بس اتنی حکایت}	برقِ تپاں۔ ص ۸۰
غلام رسول عدیم	{جب مرحمت ہوا مجھے خامہ عنایتا"}	شام و سحر 'نعت نمبر ۴'
سرفراز قریشی	{محمدؐ تو شہکارِ دستِ مشیت}	بہارِ نعت 'منیر۔ ص ۹۶
چرن سرن ناز	{انداز میں ہو دلبری، گفتار میں معصومیت}	رہبرِ اعظمؐ۔ ص ۹۲

ایک ترا وجود ہے، وجہِ نمودِ کائنات
تیرے ظہورِ نور سے کھل اُٹھا چہرۂ حیات

پھیلے ہوئے ہیں ہر طرف جلوے ترے کمال کے
کون و مکاں کا حُسن ہے تیرے جمال کی زکات

تیری ہی روشنی سے ہے عکس پذیر کُل جہاں
سینۂ پاک ہے ترا آئینۂ تجلّیات

حُسنِ ازل کی تابشیں تجھ سے ہی جگمگا اُٹھیں
تجھ سے چمک دمک اٹھی معرفتِ صفات و ذات

ٹوٹ گیا تھا رابطہ بندہ و حق کے درمیاں
تو نے دُرست کر دیئے بگڑے ہوئے تعلّقات

کھول کے تو نے رکھ دیئے عُقدۂ مشکلات سب
حل ہوئے اک اشارے میں اُلجھے ہوئے معاملات

علم و یقیں کے درس سے فکر و نظر بدل گئے
ذہن کے سب تخیُّلات، قلب کے سب تفکُّرات

وجد الحسینی

اے کہ ترے وجود پہ خالقِ دو جہاں کو ناز
اے کہ ترا وجود ہے وجہِ وجودِ کائنات

اے کہ ترا سرِ نیاز حدِ کمالِ بندگی
اے کہ ترا مقامِ عشق قُربِ تمام عینِ ذات

خُوگرِ بندگی جو تھے، تیرے طفیل میں ہوئے
وارثِ مصر و کاشغر، مالکِ دجلہ و فرات

تیرے یہاں سے کھُل گئیں، تیرے عمل سے حل ہوئیں
منطقیوں کی اُلجھنیں، فلسفیوں کی مشکلات

مدحتِ شاہ دوسرا ﷺ مجھ سے بیاں ہو کس طرح
تنگ مرے تصوّرات، پست مرے تخیّلات

نواب بہادر یار جنگ خلقؔ

مرے رسول ﷺ کی دونوں جہاں میں ہیں یہ صفات
ازل کا ایک صحیفہ، ابد کے منشورات

جہاں رسول ﷺ کے ابرُو کو ہو گئی جنبش
ٹھہر گیا ہے وہیں پر یہ کاروانِ حیات

خدا کے آئنہ خانے میں کیوں نہ ہو تصویر
کہ آ گئے ہیں زمانے میں فخرِ موجودات ﷺ

کہاں مَیں ہیچمداں اور کہاں یہ نعتِ نبی ﷺ
بہت بڑی ہے خدا کی قسم، رسول ﷺ کی ذات

نہ پوچھ عالمِ وَالّیل و عالمِ وَالشّمس
نبی ﷺ کا چہرہ سحر ہے، نبی ﷺ کی زلف ہے رات

مری نگاہ میں روضہ رسولِ ﷺ پاک کا ہے
مری نگاہ سے کھائی ہے جنّتوں نے بھی مات

عجیب بات ہے ریحاؔن شاہِ بطحا ﷺ سے
ملی ہیں نعت کی صورت میں مجھ کو تخلیقات

نواب علی ریحاؔن

روح کو مل جائے گا ذکرِ نبی ﷺ سے جب ثبات
زندگی آلائشوں سے پائے گی یکسر نجات

آدمی جس وقت ہو پابندِ احکامِ رسول ﷺ
حرص و طمع سے اسے اس وقت ملتی ہے نجات

آدمی واقف اگر اسرارِ سیرت سے نہ ہو
ہو نہیں سکتی درخشاں اس کی قندیلِ حیات

ہم کسی کی پیروی سے اجر کیا حاصل کریں
اُسوۂ پاکِ نبی ﷺ ہے اصل دستورِ نجات

تا ابد اس پر غبارِ نفس جم سکتا نہیں
ہے منزہ اس قدر آئینۂ ذات و صفات

سعید اللہ خاں

تھ

"کے ساتھ ساتھ" ردیف کی ایک، "کے ساتھ" کی ۹۳، "پہ ہاتھ" کی ایک اور "کے ہاتھ" کی ۵ نعتیں دستیاب ہوئی ہیں۔ ریکارڈ درجِ ذیل ہے۔

شاعر	مصرع	ماخذ
فضا کوثری	{نظمِ جہاں ہے مستقل علمِ بشر کے ساتھ ساتھ}	آیاتِ نورانی۔ ص ۳۴
میر واصف علی	{خوشبو کو ربطِ خاص ہے بادِ صبا کے ساتھ}	جواہر النعت۔ ص ۲۳۵
شائق دہلوی	{ہے عرض بار بار یہی التجا کے ساتھ}	کلیاتِ شائق۔ ص ۳۷
جمیل نظر	{نامِ نبیؐ کا ربط ہے ایسا خدا کے ساتھ}	ایقان۔ ص ۹۳
راسخ عرفانی	{آغازِ نعت کرتا ہوں نامِ خدا کے ساتھ}	نسیمِ منیٰ۔ ص ۱۱۳
جمیل عظیم آبادی	{تنہا رسولِ پاکؐ ملے ہیں خدا کے ساتھ}	وحدت و مدحت۔ ص ۱۶۹
عبدالغفار حافظ	{ذوقِ ثنائے حضرتِ خیرُ الوریٰؐ کے ساتھ}	ارمغانِ حافظ۔ ص ۸۸
محمد افضل فقیر	{کیا ربطِ جاں ہے گنبدِ خیرُ الوریٰؐ کے ساتھ}	عطائے محمدؐ۔ ص ۱۰۱
ہیرانند سوز	{نامِ رسولؐ لب پہ رہے ہر دعا کے ساتھ}	غیر مسلموں کی نعت گوئی
سہیل غازی پوری	{بیٹھا رہوں گدائے درِ مصطفیٰؐ کے ساتھ}	شہرِ علم۔ ص ۵۸
انصار الٰہ آبادی	{روحِ سجدہ کیوں نہ مختص ہو درِ والاؐ کے ساتھ}	صلوٰۃ و سلام۔ ص ۱۳۴
الطاف احسانی	{وہ خوش نصیب ہیں جو ہجومِ بلا کے ساتھ}	نقوشِ عقیدت۔ ص ۵۸
معظم	{مدفون ہوں مدینہ میں ان کےؐ ولا کے ساتھ}	نعت بہارِ یثرب۔ ص ۹۰
اقبال عظیم	{ہو چاہے اک زمانہ کسی رہنما کے ساتھ}	ماحصل۔ ص ۹۲
عابد بریلوی	{وابستگی ہے حُسن کو حمد و ثنا کے ساتھ}	تنویرِ ایمان۔ ص ۱۸۱
راسخ عرفانی	{یادؐ حریمِ ناز کی آئی رمِ ہوا کے ساتھ}	حدیثِ جاں۔ ص ۴۸
عبدالغفار حافظ	{اُٹھے تھے سرورِ دیںؐ عزمِ انقلاب کے ساتھ}	ارمغانِ حافظ۔ ص ۹۰
مائل قریشی	{پڑھیے درودِ پاک خلوص و ادب کے ساتھ}	المیزان، مئی ۸۱۔ ۷
راسخ عرفانی	{حُسنِ عمل کے ساتھ، کمالِ نسب کے ساتھ}	نکہتِ حرا۔ ص ۶۸
سیدہ زیدی	{ہر ایک سانس بندھی ہے تمہاری یاد کے ساتھ}	خواتین کی نعت گوئی ۲۱۰

شاعر	مصرع	ماخذ
نورؔ صابری	{دل مسخّر کیے سرکارؐ نے گفتار کے ساتھ}	صبحِ نور۔ ص ۱۰۳
لئیقؔ قادری	{ہوں گے ابرار جہاں سیّدِ ابرارؐ کے ساتھ}	ذوقِ نظر، شافعِ محشرؐ نمبر
مظفرؔ الدین	{ہم سُوئے حشر چلیں گے شہِ ابرارؐ کے ساتھ}	شام و سحر، نعت نمبر ۲۔ ۷۲
شوکتؔ ہاشمی	{جب سے وابستہ ہُوا مدحتِ سرکارؐ کے ساتھ}	شاخِ نور (قلمی) ۳۶
حافظ محمد مستقیمؔ	{کیا محبّت ہے خدا کو مِرے سرکارؐ کے ساتھ}	معراجِ سخن۔ ص ۱۰۰
ریاضؔ سہروردی	{ہو تصوّر میں خیال اُن کا گنہ گار کے ساتھ}	ریاضِ رسولؐ سوم۔ ۳۳
بدرؔ القادری	{نظر اٹھا کے اگر دیکھ لیں وہ پیار کے ساتھ}	جمیل الشّیم۔ ص ۹۲
کچھمی نرائن سحاؔ	{اللہ کو ہے کتنی محبّت بشر کے ساتھ}	غیر مسلموں کی نعت گوئی
سیّدہ رابعہ نہاںؔ	{آئے دنیا میں محمدؐ نور کے پیکر کے ساتھ}	صبحِ تجلّی۔ ص ۱۷
کچھمی نرائن سحاؔ	{اب آہ دل کے ساتھ ہے، نالہ جگر کے ساتھ}	ماہنامہ نعت۔ جولائی ۹۲
محسنؔ احسان	{ہے جس کا ذکر ہر اک لب پہ احترام کے ساتھ}	بزمِ رسالت۔ ص ۱۹۵
راغبؔ مراد آبادی	{زباں پہ نامِ نبیؐ آئے احترام کے ساتھ}	بدرالدُّجیٰ۔ ص ۲۷
انصارؔ الٰہ آبادی	{ہر قدم سجدہ و سلام کے ساتھ}	سراج السّالکین ۸۴، ۱۰۶
حافظ محمد مستقیمؔ	{دم نکل جائے لطفِ نام کے ساتھ}	معراجِ سُخن۔ ص ۶۱
صائمؔ چشتی	{جس کا آغاز ہُوا اُس کے حسیں نام کے ساتھ}	نور دا چشمہ۔ ص ۱۰
خلیقؔ قریشی	{بے سہاروں کو سہارا ہے ترے نام کے ساتھ}	برگِ سدرہ۔ ص ۹۳
کوثرؔ نیازی	{ہُوا یہ راز عیاں آخری پیام کے ساتھ}	زرِ گل۔ ص ۲۴
صبیحؔ رحمانی	{اس طرح جانِ دو عالم ہے دل و جان کے ساتھ}	ماہِ طیبہ۔ ص ۷۷
شریفؔ امروہوی	{صدقے کرنے کے لئے جان کو ایمان کے ساتھ}	قندیلِ عرش۔ ص ۵۵
عزیزؔ حاصلپوری	{وہ آئے حُجّت و بُرہان کے ساتھ}	صحیفۂ نور۔ ص ۲۱۷
حنیفؔ اسعدی	{میں خود یہاں ہوں، دل ہے اسی انجمن کے ساتھ}	ذکرِ خیر الانامؐ۔ ص ۱۵۹
راسخؔ عرفانی	{جس نے نبیؐ سے پیار کیا قلب و جاں کے ساتھ}	محدّث ۹۶، ۱۳ھ۔ ۳۵۱
راسخؔ عرفانی	{ملتے ہیں ہونٹ ذکرِ شہِ مُرسلاںؐ کے ساتھ}	ارمغانِ حرم۔ ص ۲۷
غلام زبیر نازشؔ	{اک حُسن لازوال ہے اپنے بیاں کے ساتھ}	حرف حرف عقیدت ۷۶
محمد منصور آفاقؔ	{تیری جمیل ذات ہے تنہائیوں کے ساتھ}	آفاق نما۔ ص ۷۴
خاورؔ اجمیری	{یوں ربط ہے بشر کا، خدا اور نبیؐ کے ساتھ}	نکہت و نور۔ ص ۹۳
فداؔ الکیم کرنی	{قلب و نظر کا ربط ہے نورِ نبیؐ کے ساتھ}	حدیثِ ایماں۔ ص ۷۰
بشیرؔ زواری	{غم اور میرے ساتھ ہیں عشقِ نبیؐ کے ساتھ}	خزینۂ نعت۔ ص ۱۰۳
؟	{کیا پیار ہے حضورؐ کو ہر اُمّتی کے ساتھ}	نعتِ مصطفیٰؐ۔ ص ۴۲

شاعر	مصرع	ماخذ
جلالؔ کڑپوی	{کملا کے اُس کا، کیوں میں رہوں اب کسی کے ساتھ}	آمنہؓ کا لال۔ ص ۴۳
نذیر احمد علویؔ	{کوئی کسی کے ساتھ ہے کوئی کسی کے ساتھ}	حدیثِ عشق۔ ص ۴۲
انصارؔ الٰہ آبادی	{ہر سانس پر درود ہے اور کس خوشی کے ساتھ}	صلوٰۃ و سلام۔ ص ۱۱۸
عزیزؔ بلیغی	{وہ جلوہ گاہ سے اٹھے اِس سادگی کے ساتھ}	صبحِ بہاراں۔ ص ۸۸
طیّبؔ قریشی	{حُبِّ رسولؐ رچ کے رہی زندگی کے ساتھ}	جانِ ایمان۔ ص ۱۰۸
اعجازؔ لکھنوی	{ہو لب پہ نعتِ پاک بھی زندہ دلی کے ساتھ}	نعتِ پاک کی اہمیت، ۳۰۱
طیّبؔ قریشی	{نعت طیّبؔ خوب لکھے عزمِ ایمانی کے ساتھ}	جانِ ایمان۔ ص ۱۱۸
محمد اکرمؔ باجواہ	{ہوتی ہے نعت معرفت و آگہی کے ساتھ}	شام و سحر نعت نمبر ۱، ۳۵۷
انجمؔ رومانی	{نورِ چراغِ غارِ حرا ہے ہمارے ساتھ}	میرے آقا میرے حضورؐ
نصیر الدین نصیرؔ	{لب وا کیے تھے رکھ کے محمدؐ کے در پہ ہاتھ}	اقلیمِ نعت، انتخاب نمبر
ذکیؔ قریشی	{مانگا کبھی جو ہم نے خدا سے اُٹھا کے ہاتھ}	نویدِ رحمت۔ ص ۱۳۱
حنیف نازشؔ	{مانگا خدا سے جب بھی انھوں نے اُٹھا کے ہاتھ}	شام و سحر نعت نمبر ۶
عبدالغفار حافظؔ	{ہیں نعتیں خدا کی حبیبِ خداؐ کے ہاتھ}	ارمغانِ حافظ۔ ص ۹۱
نصیر الدین نصیرؔ	{اس کو نہ چھُو سکے کبھی رنج و بلا کے ساتھ}	ہلال، سیرت نمبر ۸۹، ۷۵
ضیاءؔ القادری	{خالی متاعِ خیر سے ہیں بے نوا کے ہاتھ}	خزینۂ بہشت۔ ص ۲۷۳

نعت

وہ خوشِ نصیب، ہیں جو ہجومِ بلا کے ساتھ
جنّت میں ہوں گے شافعِ روزِ جزاؐ کے ساتھ

قربان اُس پہ تمکنت و شانِ خُسروی
وابستگی تھی جس کو ہر اک بے نوا کے ساتھ

ہے یہ خلوص و جذبۂ کامل کا معجزہ
ہم سے شکستہ پا ہیں نسیمِ صبا کے ساتھ

یہ اضطرارِ دیدِ مدینہ زہے نصیب
ہے اک ہجومِ حسرت و ارماں دُعا کے ساتھ

الطافؔ احسانی

ہو چاہے اک زمانہ کسی رہنما کے ساتھ
ہم ہیں قسم خدا کی، فقط مصطفیٰ ﷺ کے ساتھ

منزل پہ ہم نہ پہنچے تو پہنچے گا اور کون
ہم جادۂ سفر میں ہیں کس پیشوا کے ساتھ

ہم سے ڈرو کہ ہم ہیں غلامانِ مصطفیٰ ﷺ
نسبت ہے ہم کو سرورِ ہر دوسرا ﷺ کے ساتھ

ہم جانتے ہیں، کیا ہے تقاضائے بندگی
صلِّ علیٰ کا وِرد بھی، ذکرِ خدا کے ساتھ

یہ ساری کائنات ہے لولاک آشنا
منسوب ہر چراغ ہے نورُ الہدیٰ ﷺ کے ساتھ

رشتہ ہر ایک صبح کا شمسُ الضحیٰ سے ہے
ہر شب کو ربطِ خاص ہے بدرُ الدجیٰ کے ساتھ

ممکن نہیں کہ بابِ کرم اُس پہ وا نہ ہو
شامل اگر ہو حُسنِ عقیدت دعا کے ساتھ

اقبالؔ نعت گوئی بھی ہے اک شرف مگر
لازم ہے اِتباع بھی مدح و ثنا کے ساتھ

اقبالؔ عظیم

ٹ

"جھٹ پٹ" ردیف کی ایک، "کی چوکھٹ" کی ایک، "ہے ان کی چوکھٹ" کی ایک، "کسی پہلو کسی کروٹ" کی ایک، "لوٹ" کی ایک اور "بس ایک مسکراہٹ" ردیف کی ایک نعت ملی ہے۔ ان چھ نعتوں کا ایک ایک مصرع ذیل میں نقل کیا جاتا ہے۔

آزادؔ بیکانیری	{یا نبیؐ روضۂ اقدس پہ بلا لو جھٹ پٹ}	ثنائے محبوبِ خالقؐ ۴۸
راجا رشید محمودؔ	{نہ مجھ سے چھوٹے گی خیر الانامؐ کی چوکھٹ}	شہرِ کرم (مصطفیٰؐ نگر)
حنیف نازشؔ	{نگاہوں میں بسی ہے اُن کی چوکھٹ}	بہارِ نعت۔ ص ۱۸۲
شائق دہلوی	{نہیں آرام اک ساعت کسی پہلو کسی کروٹ}	کُلیاتِ شائق۔ ص ۸
نورؔ سہارنپوری	{کیا تو نے مچا رکھی ہے اے چرخِ کہن لُوٹ}	باغِ کلامِ نور۔ ص ۴۴
راجا رشید محمودؔ	{جس کو نبیؐ نے بخشی بس ایک مسکراہٹ}	مدیحِ سرکارؐ (زیرِ طبع)
سیّد انوار ظہوریؔ	{جانبِ روضۂ اقدس ہوں روانہ سرپٹ}	حرفِ منزّہ۔ ص ۱۸۷

نعت

یہ امن عام کی ہے، احترام کی چوکھٹ
نہ مجھ سے چھوٹے گی خیرُ الانام ﷺ کی چوکھٹ

بھکاری جو بھی یہاں کا ہے، فیض پاتا ہے
مِرے حضور ﷺ کی ہے فیضِ عام کی چوکھٹ

یہاں بھی اور وہاں بھی فلاح یاب ہے وہ
پکڑ کے رکھے جو اُن ﷺ کے نظام کی چوکھٹ

راجا رشید محمودؔ

جس کو نبی ﷺ نے بخشی بس ایک مسکراہٹ
اُس کو ہے سب خُدائی بس ایک مسکراہٹ

محشر میں فیصلہ جو میرا ہُوا تھا، بدلا
آقا ﷺ کی میں نے پائی بس ایک مسکراہٹ

پاتے تھے جو اُسامہؓ ہر روز مصطفیٰ ﷺ سے
میں بھی تو پاؤں ایسی بس ایک مسکراہٹ

محشر میں حُزن و غم سے جب دل لرز رہے ہوں
اُن ﷺ کی ملے الٰہی بس ایک مسکراہٹ

فردِ عمل کو دیکھیں آقا ﷺ تو مُسکرائیں
دھوئے ہر اک سیاہی بس ایک مسکراہٹ

حُور و قصُور آقا ﷺ میری طلب نہیں ہیں
دیں آپ ﷺ مجھ کو اپنی بس ایک مسکراہٹ

جن کو سزائے دوزخ دی جا چکی ہو، اُن کو
سرکار ﷺ کی ہے کافی بس ایک مسکراہٹ

جتنے بُرے عمل ہوں، جتنی کڑی سزا ہو
سب کا علاج ان ﷺ کی بس ایک مسکراہٹ

محمودؔ خوش رہا وہ، اور رنج و غم سے چھُوٹا
جس نے بھی آزمائی بس ایک مسکراہٹ

راجا رشید محمودؔ

ٹ {قافیہ}

"ٹ" کے قافیے کے ساتھ صرف سیّد انوار ظہوری کی نعت ملی ہے، جو درج ذیل ہے: (حرف مدحت۔ ص ۱۸۷)

نعت

ذہن کو حفظ ہُوئی، پائے نظر کی آہٹ
جانبِ روضۂ اقدس ہُوں روانہ، سرپٹ

لاکھ سر تا بہ قدم گرد کے طوفان میں اَٹ
اے مدینے کے مسافر نہ کبھی راہ سے ہَٹ

میں گنہگار ہوں، کس منہ سے مدینے جاؤں
گو کہ ہے دل کو مرے ایک ہی ضد، ایک ہی رَٹ

یاد ہمراہ مدینے کے مناظر لائی
اب طبیعت میں تکدّر نہ کوئی جھلّاہٹ

ہے مرا نُقطۂ آغاز اسی کی مٹّی
ہے مری منزلِ آخر وہ مبارک چوکھٹ

جزر و مد زمزم خرامی کا، اُٹھا ہے دل میں
نقشِ پا ہے، مرے سجدوں کی سجیلی چوکھٹ

جاذبِ دل نہ سمجھ منظرِ گیتی، ناداں
سبز گنبد سے کبھی اے نظرِ شوق، لپٹ

آپؐ کا اسمِ گرامی جو زباں پر آیا
کھُل گئے دل کے دریچے، مرے احساس کے پٹ

سیّد انوار ظہوری

ٹھ

"اُٹھ" ردیف کی جو دو نعتیں دستیاب ہوئی ہیں' ان کا حوالہ ذیل میں درج کیا جا رہا ہے:

گوہر ہوشیارپوری	[بندہ اشک بار اٹھ]	آرزو حضوری کی' ۳۵
شوکت ہاشمی	[طیبہ کی ہے پکار' اٹھ]	شاخِ نور (قلمی) ۱۰۶

نعت

بندۂ اشکبار اُٹھ
بیٹھ گیا غبار اٹھ

کھل گیا بابِ مغفرت
راندۂ روزگار اٹھ

گنبدِ سبز آ گیا
زائرِ دل نگار اٹھ

روضے پہ جا شکار ہو
طائرِ ناشکار اُٹھ

ردّ و قبول سے گزر
دستِ دعا گزار اٹھ

مدح سرائے مصطفیٰ
شاغلِ ذکرِ یار اٹھ

شب وہ درود پڑھ کے سو
صبح کو مُشکبار اٹھ

گوہر ہوشیارپوری

ث

"اثاث" ردیف کی ایک' "الغیاث" کی ۱۵' "عبث" ردیف کی ۷' "ہو عبث" کی ایک' "سے بحث" کی ۲' "وارث" کی ایک' "ہیں وارث" کی ایک' "کے وارث" کی ۲' "باعث" ردیف کی ایک' "کا باعث" کی ۳' "کیا باعث" کی ۲' "ترے باعث" کی ایک' "کے باعث" کی ایک' "ہے آپ ﷺ کے باعث" کی ایک' "ہوئے مبعوث" کی ایک' "حدیث" ردیف کی ۳' "کی حدیث" کی ۲' "ہے پیمبر ﷺ کی حدیث" کی ایک' "جن کی حدیث" کی ایک' "مستغیث" کی ایک اور "ہیں مستغیث" ردیف کی ایک نعت مل سکی ہے۔

ع س مسلم	[سلام ان پر' چمن کا جن کے ہر منظر اثاث]	زمزمۂ درود۔ ص ۸۷
راقب قصوری	[اے ناخدائے دو جہاں' آؤ خدارا الغیاث]	تحفۂ راقب' اول۔ ۲۱
حافظ جونپوری	[ہجرِ احمدؐ نے ہے مارا' الغیاث]	حافظ الاسلام' دوئم۔ ۲۵
غلام سرور لاہوری	[اے شہِ تختِ رسالتؐ الغیاث]	نعتِ سروری۔ ص ۲۲
امیر مینائی	[جز ترے کس سے کرے مسکیں یہ اُمت الغیاث]	محامدِ خاتم النبیینؐ۔ ۴۷
غریب سہارنپوری	[کرتا ہے جب مرا دل ناشاد الغیاث]	خزینۂ رحمت۔ ص ۳۹
قاسم	[ہوں جاں بلب میں سیّدِ ابرارؐ الغیاث]	نعت بہارِ یثرب۔ ص ۳۹
حافظ رامپوری	[ہر بے کس و غریب کے غم خوار الغیاث]	دیوانِ بہارِ عرب۔ ص ۱۹
متین	[بے حال ہجر میں ہے تن زار الغیاث]	نعتِ بہارِ یثرب۔ ۳۸
داؤد آفریدی	[رہبر ہو اور ہادی ہو سرکارؐ الغیاث]	شانِ احمدیؐ۔ ص ۱۳
شائق دہلوی	[مرتا ہے دردِ ہجر کا بیمار الغیاث]	کلیاتِ شائق۔ ص ۹
ضیاء القادری	[مسند نشینِ خلوتِ انوار الغیاث]	تجلیاتِ نعت۔ ص ۶۱
لطف بریلوی	[کب تلک ہوں آپؐ کی فرقت سے بے دم الغیاث]	دیوانِ لطف۔ ص ۱۵
نور سہارنپوری	[وقتِ مدد ہے یا شہِ ذی شانؐ الغیاث]	باغِ کلامِ نور۔ ص ۴۲
حسن رضا بریلوی	[جاں بلب ہوں' آ مری جاں الغیاث]	ذوقِ نعت۔ ص ۵۵
محمد دین فقیر	[آپؐ کا بندہ ہے حیراں' الغیاث]	دیوانِ محمدیؐ۔ ص ۱۹

شاعر	مصرع	ماخذ
موسیٰ لودھیانوی	{بے طرح لاحق ہُوا ہے دردِ پنہاں الغیاث}	
قاسم	{الغیاث اے ماہتابِ ذی کمالی الغیاث}	نعتیہ دیوانِ موسیٰ - ص ۸
موسیٰ لودھیانوی	{جس نے سمجھا ماسوائے حق کو سر تا پا عبث}	نعتِ گلزارِ یثرب - ۳۹
داؤد آفریدی	{نہ کہو، ہجر میں ہے نالہ و فریاد عبث}	نعتیہ دیوانِ موسیٰ - ص ۹
شائق دہلوی	{نہ اتنا شور مچا اے دلِ خراب عبث}	شانِ احمدیؐ - ص ۱۳
ضیاء القادری	{فکرِ اعمال ہے اس درجہ دلِ زار عبث}	کلیاتِ شائق - ص ۱۰
حامد بدایونی	{روضہ پہ گر نثار نہ ہوں، ہیں گہر عبث}	تجلیاتِ نعت - ص ۶۲
حاجی امداد اللہ	{ذکر کر ذکرِ خدا، اور ہے تذکیر عبث}	گلزارِ نظمِ حامد - ص ۳۸
نظیر لودھیانوی	{ٹھہرا نہیں رسولؐ کا کوئی سخن عبث}	کلیاتِ امدادیہ - ص ۲۰۸
ضیاء القادری	{ذوقِ سکوت خوگرِ ضبطِ فغاں عبث}	آفتابِ حرا - ص ۱۰۷
اکبر وارثی میرٹھی	{زائرانِ شہِ دیںؐ ہند کو آتے ہو عبث}	خزینۂ بہشت - ص ۷۸
امیر مینائی	{لحد میں کرتے ہیں ناحق یہ مجھ حقیر سے بحث}	باغِ نہالِ اکبر - ص ۸۱
راقب قصوری	{حُسنِ نبیؐ کی چل جو پڑی دلبروں سے بحث}	محامدِ خاتم النبیینؐ - ۴۷
الطاف احسانی	{. . آرزوئے دلِ مبتلا ہے عبث}	تحفۂ راقب، اول - ص ۲۱
غریب سہارنپوری	{گھر نہ ہو کوئے محمدؐ میں تو جینا ہے عبث}	نقوشِ عقیدت - ص ۲۷
غلام سرور لاہوری	{نبوت کا کیا حق نے محمد مصطفیٰؐ وارث}	خزینۂ رحمت - ص ۳۹
راقب قصوری	{مرے کیوں نہیں مجھ تک آتے ہیں وارث}	نعتِ سروری - ص ۲۳
صابر براری	{یومِ ازل کے بانی، یومِ جزا کے وارث}	تحفۂ راقب، اول - ص ۲۰
ریاض سہروردی	{. . نبوت کے وارث، رسالت کے وارث}	جامِ طہور - ص ۳۵
حقیر فاروقی	{زمین و آسماں کے ہیں رسولِ مجتبیٰؐ باعث}	دیوانِ ریاض - ص ۴۷
غلام سرور لاہوری	{ہیں جو بخشش کے مصطفیٰؐ باعث}	نسیمِ گلشنِ نعت - ص ۲۹
زہیر کنجاہی	{ہے ان کی ذات فروغِ حیات کا باعث}	نعتِ سروری - ص ۲۱
راجا رشید محمود	{ذکرِ آقاؐ قرار کا باعث}	بہارِ نعتِ منیر - ص ۴۳
عمرالدین مثالی	{مدینے میں بلاتے کیوں نہیں سرکارؐ کیا باعث}	حدیثِ شوق - ص ۲۲
غوثی	{اک اشارے میں ہُوا شقِ قمر کیا باعث}	دیوانِ نعتیہ مثالی - ص ۱۱
محمد عاشق	{زندگی کامراں ترے باعث}	طیباتِ غوثی - ص ۲۵
خالد بزمی	{بشر کا مرتبہ بالا ہے آپؐ کے باعث}	عقیدت کے پھول - ۱۵۳
آزاد بیکانیری	{ہم کو پیدا کیا خالق نے نبیؐ کے باعث}	سنہری جالیوں... ص ۴۹
افق کاظمی امروہوی	{دیارِ پاک میں جب مصطفیٰؐ ہوئے مبعوث}	ثنائے محبوبِ خالقؐ - ۴۹
		فروغِ محامد - ص ۸۳

شاعر	مصرع	ماخذ
راسخ عرفانی	{چراغِ جادۂ منزل ہے مصطفیٰؐ کی حدیث}	نکہتِ حرا - ص ۴۴
ا۔د۔ نسیم	{ملتے ہیں آج یوں تو بہت کاتبِ حدیث}	نسیمِ طیبہ - ص ۱۲۰
عارف سیالکوٹی	{سرد ہو گی نہ کبھی گرمیٔ بازارِ حدیث}	ہلال - میلاد نمبر ۹۱ - ۲۰۱
رضا بیگ جمالی	{ہر بشر آنکھوں پہ رکھتا ہے پیمبرؐ کی حدیث}	جلوہ جمالی - ص ۱۶
راقب قصوری	{عشقِ رُوئے مصطفیٰؐ دل میں ہے، حرزِ جاں حدیث}	تحفۂ راقب، اول - ص ۱۹
عارف عبدالمتین	{تری حدیث میں پنہاں تھی دو جہاں کی حدیث}	بے مثال - ص ۱۲۱
ع س مسلم	{سلام ان پر، ہے شمعِ رہ گزر جن کی حدیث}	زمزمۂ درود - ص ۸۹
غلام سرور لاہوری	{تجھ سے جب مانگے گا داد اے شاہِ دوراںؐ مستغیث}	نعتِ سروری - ص ۲۰
ع س مسلم	{سلام ان پر کہ جن سے قلب و جاں ہیں مستغیث}	زمزمۂ درود - ص ۹۱

نعت

جس نے سمجھا ماسوائے حق کو سر تا پا عبث
اُس کی نظروں میں ہے سب دنیا و مافیہا عبث

جب محمد ﷺ دو جہاں میں ہیں مُعین و سرپرست
فکرِ عُقبیٰ ہیچ ہے، غم خوارئِ دنیا عبث

بادۂ عشقِ نبی ﷺ میں بے خود و سرشار ہوں
ہے مری آنکھوں میں شغلِ ساغر و مینا عبث

میں ہوں اے واعظ! ازل سے بلبلِ باغِ نبی ﷺ
ذکر میرے سامنے جنت کا کیوں چھیڑا عبث

جبکہ اے موسیٰ! محمد ﷺ ہیں شفیعِ عاصیاں
فکر بے جا خُلد کا، دوزخ کا ہے کھٹکا عبث

غلام مُصطفیٰ مُوسیٰ لُودھیانوی

زندگی کامراں ترے باعث
راحت دوجہاں ترے باعث

زیردستوں کے، بے سہاروں کے
حوصلے بیکراں ترے باعث

بخت بیدار، ولولے زندہ
آرزوئیں جواں ترے باعث

لطف و بخشش کی دلنواز فضا
آشتی کا سماں ترے باعث

چاند تاروں سے بڑھ کے تابندہ
منزلوں کے نشاں ترے باعث

تجھ سے تصدیق عظمت آدم
سجدہ قدسیاں ترے باعث

عرش اعظم پہ ہے خرام ترا
لامکاں ہے مکاں ترے باعث

حکمت و فطرت و مشیت کا
آدمی رازداں ترے باعث

نطق ہے تیرے ذکر سے دلشاد
فکر ہے گلفشاں ترے باعث

محمد عاشق

ج

"آج" ردیف کی ۳۳ "دے آج" کی ایک "سے آج" کی ۲ "ہے آج" کی ۳۲ "کی معراج ہے آج" کی ایک "رہا ہے آج" کی ۲ "آرہا ہے آج" کی ایک "پیدا ہوئے آج" کی ایک "تاج" کی ایک "محتاج" کی چار "معراج" کی دو "صاحب معراج ﷺ" کی ایک "شب معراج" کی ۴۳ "کی معراج" کی ۳ "اس کا مزاج" کی ایک "کی لاج" کی ایک "علاج" ردیف کی ۵ "کا علاج" کی ۲ "ہے رواج" کی ایک "کی احتیاج" کی ایک "سورج" کی ۳ "کا سورج" کی ایک "گنج" کی ایک اور "کو ہے عروج" ردیف کی ایک نعت ملی ہے:

؟	{اے خامۂ اعجاز رقم! قصد ہے کیا آج}	نعتیہ کلام - ص ۲۸
حافظ رامپوری	{غنی ہیں ترے در کے محتاج آج}	دیوان بہار عرب - ص ۱۷
غریب سہارنپوری	{ہے بزم نعت مثل چمن مشک بار آج}	بوستان نعت - ص ۶۸
ریاض سہروردی	{سب سے بہتر، سب سے افضل ہے یہ کاروبار آج}	دیوان ریاض - ص ۴۸
نادر علی برتر	{صحن گلزار دو عالم ہو گیا گلزار آج}	تاج "میلاد نمبر" ۱۹۳۴، ۱۵۱
خادم مہائی	{وہ کیف زا ہے حب نبیؐ کا خمار آج}	ریاض فردوس - ص ۱۲
غلام سرور لاہوری	{تیرے درد ہجر میں مرتا ہے یہ بیمار آج}	نعت سروری - ص ۲۳
غریب سہارنپوری	{ہے خانۂ رسولؐ میں آئے بہار آج}	خزینۂ رحمت - ص ۳۸
سپہری	{پھر بڑھنے لگا عشق محمدؐ کا اثر آج}	بستان نبیؐ - ص ۱۲۴
شائق دہلوی	{کون آیا ہے گلشن میں، جھکے ہیں جو شجر آج}	کلیات شائق - ص ۱۱
شائق	{کیوں شام جدائی میں نہ ہو نور سحر آج}	بستان نبیؐ - ص ۱۲۵
عقیل	{ہے پیارے محمدؐ کا نگاہوں میں گزر آج}	بستان نبیؐ - ص ۱۲۵
راقب قصوری	{نبیؐ کی زلف ہے مد نظر آج}	تحفۂ راقب، اول - ۲۲
سروش مچھلی شہری	{اک رنگ میں ہیں آئنہ و آئنہ گر آج}	قصیدہ نگاران اتر پردیش
نور سہارنپوری	{سجدے میں مانگتے ہیں دعائیں حضورؐ آج}	باغ کلام نور - ص ۴۵
طیب قریشی	{عالم کا ذرہ ذرہ ہوا کوہ طور آج}	جان ایمان - ص ۰۲

نسیمی {حد سے فزوں ہے رحمتِ حق کا نزول آج} ثمرۂ حیات۔ ص ۱۸
آزاد بیکانیری {پڑھتا ہوں میں نبیؐ پہ درود و سلام آج} ثنائے محبوبِ خالق ۵۰
عابد بریلوی {نوشاہِ دو عالمؐ کے جو آتے ہیں قدم آج} تنویرِ ایمان۔ ص ۱۲۴
ضیاء القادری {دل میں مدنی چاندؐ کے آئے جو قدم آج} خزینۂ بہشت۔ ص ۸۲
عبدالغفار حافظ {مدحت ترے محبوبؐ کی کرتا ہے رقم آج} ارمغانِ حافظ۔ ص ۵۷
حسن رضا بریلوی {کیا مژدۂ جاں بخش سنائے گا قلم آج} ذوقِ نعت۔ ص ۵۹
عابد بریلوی {دے ڈال مجھے مولا تو اپنا ہی قلم آج} تنویرِ ایمان۔ ص ۱۲۵
مظہر الدین {ہے پیشِ نظر روضۂ سلطانِ اممؐ آج} جلوہ گاہ۔ ص ۸۵
ضیاء القادری {دل میں ہے تمنائے درِ شاہِ اممؐ آج} خزینۂ بہشت۔ ص ۸۳
غوثی {وہ زار ہوں میں الفتِ شاہِ زمنؐ میں آج} طیباتِ غوثی۔ ص ۲۶
اکبر وارثی میرٹھی {وقفِ درِ محبوبؐ ہوئی اپنی جبیں آج} باغِ نہالِ اکبر۔ ص ۲۲
حقیر فاروقی {ہوئے پیدا جنابِ شاہِ دیںؐ آج} نسیمِ گلشنِ نعت۔ ص ۳۰
اکبر وارثی میرٹھی {محبوبِ خداؐ خانۂ دل میں ہے مکیں آج} نہالِ روضۂ اکبر۔ ص ۱۳
خاکی کاظمی {چشمِ رحمت میرے ساقی کی ہے میخانہ میں آج} السعید، فروری ۶۳۔ ۲۵
محمد دین فقیر {پُرنور ہوئی پائے مبارک سے زمیں آج} دیوانِ محمدیؐ۔ ص ۱۷
عاصی سہارنپوری {کس تجمل سے شہِ ہر دوسراؐ آتے ہیں آج} نعتِ محمدیؐ۔ ص ۱۸
محمد دین فقیر {غیرتِ فردوس اپنا ہو گیا کاشانہ آج} دیوانِ محمدیؐ۔ ص ۱۷
داؤد آفریدی {شاد ہے عشقِ محمدؐ میں دلِ دیوانہ آج} شانِ احمدیؐ۔ ص ۱۳
لطف بریلوی {عشقِ احمدؐ نے بنایا ہے مجھے دیوانہ آج} دیوانِ لطف۔ ص ۱۵
گوہر امان گوہر {ساقی شرابِ عشقِ محمدؐ پلا دے آج} تذکرۂ شعرائے مانسہرہ ۲۱۰
آزاد بیکانیری {یہ شرف مجھ کو ملا نعت کی تاثیر سے آج} ثنائے محبوبِ خالقؐ۔ ۵۰
حامد بدایونی {اُترے دمِ وداع ترے آستاں سے آج} گلزارِ نظمِ حامد۔ ص ۳۹
عزیز حاصلپوری {نغمہ زن بربطِ صبا ہے آج} صحیفۂ نور۔ ص ۲۸
جلیل بدایونی {خدا اپنی بخشش جتاتا ہے آج} باغِ رسولؐ۔ ص ۲۰
عاشق {خدا رُخ سے پردہ اُٹھاتا ہے آج} تحفۂ محمدیؐ اول۔ ۶۳
حقیر فاروقی {محمدؐ کو خالق بلاتا ہے آج} نسیمِ گلشنِ نعت، ص ۳۰
موسیٰ لودھیانوی {مدِ نظر نبیؐ کی جو زلفِ دوتا ہے آج} نعتیہ دیوانِ موسیٰ۔ ص ۹
علامہ محمد اقبال {ہر دو جہاں میں ذکرِ حبیبِ خداؐ ہے آج} باقیاتِ اقبال (معینی)
قمر یزدانی {ہر سمت جشنِ آمدِ شاہِ ہدیٰؐ ہے آج} ساغرِ کوثر۔ ص ۳۱

تمنا صادق {بلبلِ باغِ نبیؐ زمزمہ پرداز ہے آج} ماہنامہ نعت۔ اپریل ۸۹
بیدل فاروقی {محبوبِ حقؐ جو عازمِ عرشِ علیٰ ہے آج} بحضورِ صاحبِ لولاکؐ ۳۸
صابر القادری بریلوی {جشنِ عروجِ سطوتِ شاہِ دنا ہے آج} ارمغانِ حق۔ ص ۸۰
صابر القادری بریلوی {صبحِ وصال رنگ ہی بدلا ہوا ہے آج} ارمغانِ حق۔ ص ۷۷
وصی سیتاپوری {سوئے زمیں جو عرش نشیں آ رہا ہے آج} مجموعۂ نعت، دوم۔ ۵۳
مظفر کچھوچھوی {یہ کون تجھ کو مظفر بلا رہا ہے آج} نسیمِ حجاز۔ ص ۴۵
بدر القادری {فخرِ زمیں فلک کو بھی شرما رہا ہے آج} جمیلُ الشیم۔ ص ۱۳۲
قابل {ذکرِ محبوبِ کبریاؐ ہے آج} نعتِ بہارِ یثرب۔ ص ۴۱
علیم صبا نویدی {ہر سمت گھر میں نورِ شہِ انبیاؐ ہے آج} نؔ۔ ص ۲۹
میر عثمان علی خاں {عرش پر خلق کا سرتاج ہے آج} نقوش رسولؐ نمبر ۱۰، ۳۰۷
وحشی {دونوں عالم کا تمھیں حق نے دیا راج ہے آج} نعتِ بہارِ یثرب۔ ص ۴۲
ثاقب {دوستو! احمدِ مختارؐ کی معراج ہے آج} مولود شریف۔ ص ۱۲۲
الطاف احسانی {. . . جشنِ صبحِ بہار ہے آج} نقوشِ عقیدت۔ ص ۲۹
حافظ بصیر پوری {حافظ بیادِ بادشہِ بحر و برؐ ہے آج} اُفقِ شام۔ ص ۴۴
راز کاشمیری {پیشِ نگاہ سرورِ عالمؐ کا در ہے آج} لوح بھی تو قلم بھی تو ۸۹
ساجد صدری {مجھ کو جو فکرِ مدحتِ خیرُ البشرؐ ہے آج} پیامبرِ مغفرت۔ ص ۳۶
حبیب اللہ حاوی {ظلمت کدے میں آمدِ خیرُ البشرؐ ہے آج} جمالستانِ رحمت۔ ص ۸۷
صابر القادری {دنیا میں خیر مقدمِ خیرُ البشرؐ ہے آج} بخششِ رب۔ ص ۴۹
عبدالحمید خاں {پیشِ نظر جو روضۂ خیرُ البشرؐ ہے آج} شام و سحر، میلاد نمبر ۷۸
ضیاء القادری {عینِ شہود و حیرتِ چشم و نظر ہے آج} تجلیاتِ نعت۔ ص ۶۳
اصغر نثار قریشی {بامِ فرازِ عرش پہ حق جلوہ گر ہے آج} حریمِ عرش (قلمی)
طالق ہمدانی {جلنے میں دل بھی صورتِ داغِ جگر ہے آج} افکارِ جمیل۔ ص ۳۱
عبدالعزیز شرقی {بزمِ دل میں مری کچھ روشنیٔ طور ہے آج} فیوض الحرمین۔ ص ۱۳۸
محمد علی جوہر {کلفتِ قطعِ منازل ہوئی کافور ہے آج} مخزنِ نعت۔ ص ۸۷
صفی احمد {نعتِ حبیبِ پاکؐ ہے، میری زباں ہے آج} کشتِ دل۔ ص ۳۳
رضا بیگ جمالی {کل سے بڑھ کر آہ و زاری اے شہِ ذیشانؐ ہے آج} جلوۂ جمالی۔ ص ۱۷
رضا بیگ جمالی {کل جو صدمہ تھا، وہی صدمہ شہِ ذیشانؐ ہے آج} جلوۂ جمالی۔ ص ۱۶
علیم صبا نویدی {روشن ضمیر آپؐ سا کوئی نہیں ہے آج} نؔ۔ ص ۵۶
عرشی {لیلۃُ المعراج کیا ہی رنگ دکھلاتی ہے آج} قندیلِ عرش۔ ص ۲۵

غوث شاہ نقوی {محمدؐ مصطفیٰؐ پیدا ہوئے آج} مراد العاشقین۔ ص ۲۳

حافظ پیلی بھیتی {نبیؐ بہت ہیں، نبوت کا سب کے سر پہ تاج} نعتِ حافظ۔ ص ۱۱۷

غلام سرور لاہوری {کرے گا اس کو نہ ہرگز کبھی خدا محتاج} نعتِ سروری۔ ص ۲۴

ضیاء القادری {اتنا خوشحال تو آقاؐ ہو تمہارا محتاج} تجلیاتِ نعت۔ ص ۶۳

نور سہارنپوری {دولت کا ہوں محتاج، نہ سامان کا محتاج} باغِ کلامِ نور۔ ص ۴۷

لطف بریلوی {دولتِ عشقِ نبیؐ کے ہیں تونگر محتاج} دیوانِ لطف۔ ص ۱۶

غلام سرور لاہوری {نبیؐ کو اوجِ نبوت پہ جب ہوا معراج} نعتِ سروری۔ ص ۲۵

ضیاء القادری {تاجِ سرِ لولاکَ لمَا صاحبِ معراجؐ} تجلیاتِ نعت۔ ص ۶۵

خادی اجمیری {اے صلِّ علیٰ شاہدِ یکتا شبِ معراج} نکہت و نور۔ ص ۱۰۲

جمیل قادری رضوی {پردہ رُخِ انور سے جو اُٹھا شبِ معراج} قبالۂ بخشش۔ ص ۳۲

لطف بریلوی {محبوبِ خداؐ عرش پہ پہنچا شبِ معراج} دیوانِ لطف۔ ص ۱۶

معظم {پہنچا جو فلک پر شہِ بطحاؐ شبِ معراج} نعت دربارِ یثرب۔ ۴۲

اکبر وارثی میرٹھی {پہنچا جو سرِ عرش وہ پیارا شبِ معراج} باغِ نہالِ اکبر۔ ص ۴۳

ضیاء القادری {تھا کتنا حسیں حسن تقاضا شبِ معراج} ماہنامہ نعت۔ جولائی ۸۹

اشفاق قادری {شور تھا صلِّ علیٰ کا شبِ معراج} دیوانِ اشفاق۔ ص ۱۲

عرشی {اس جا نہ رہا غیر کا کھٹکا شبِ معراج} قندیلِ عرش۔ ص ۱۶

حافظ محمد مستقیم {وہ حسن سرِ عرش جو چمکا شبِ معراج} معراجِ سخن۔ ص ۱۲۶

ضامن حسنی {پھیلا تھا ہر اک سمت اجالا شبِ معراج} ضامنِ حقیقت۔ ص ۱۰۸

جلیل بدایونی {بس حق سے ملے سیّدِ والاؐ شبِ معراج} باغِ رسولؐ۔ ص ۲۴

قمر یزدانی {کیا خوب سجا عرشِ معلیٰ شبِ معراج} مہرِ درخشاں۔ ص ۵۵

حکیم ذوقی {مولا کو ہے بندے کی تمنا شبِ معراج} بصیر' رسولؐ نمبر ۲۷۔ ۹۷

بیان یزدانی {سایۂ شبِ معراج کو پایا شبِ معراج} قندیلِ حرم۔ ص ۱۹

اسد اسرائیلی {معراج نے معراج کو پایا شبِ معراج} ماہنامہ نعت۔ مارچ ۸۹

ضیاء القادری {اعزازِ شہِ دیںؐ نے یہ پایا شبِ معراج} ماہنامہ نعت۔ جولائی ۸۹

صابر براری {فردوس کو اوّل تو سجایا شبِ معراج} جامِ طہور۔ ص ۳۶

امیر مینائی {اللہ نے خلوت میں بلایا شبِ معراج} محامدِ خاتم النبیینؐ۔ ۴۹

آزاد بیکانیری {اللہ نے خلوت میں بُلایا شبِ معراج} ثنائے محبوبِ خالقؐ۔ ۵۱

لئیق {خالق نے نبیؐ کو جو بلایا شبِ معراج} نعت دربارِ یثرب۔ ۴۲

حقیر فاروقی {خالق نے جو حضرتؐ کو بلایا شبِ معراج} نسیم گلشنِ نعت۔ ص ۲۱

آثم {خالق نے محمدؐ کو بلایا شبِ معراج} مجموعۂ نعت محمدیؐ ۳

ذہین شاہ تاجی {قوسین میں کونین سمایا شبِ معراج} تاج' اگست ۷۲۔ ۳۱

رئیس بدایونی {کیا کہیے، کسے علم کہ ہے کیا شبِ معراج} ماہنامہ نعت۔ اپریل ۸۹

نور سہارنپوری {اُمت کے لئے روتے تھے حضرتؐ شبِ معراج} باغِ کلامِ نور۔ ص ۴۵

نظر {مہماں جو ہوئے شاہِ رسالتؐ شبِ معراج} سلام و نعتِ رسولؐ ۳۷

غریب سہارنپوری {اللہ نے کی آپؐ کی دعوت شبِ معراج} خزینۂ رحمت۔ ص ۴۱

خاکی کاظمی {ہے عبد کی معبود سے خلوت شبِ معراج} ماہنامہ نعت۔ مارچ ۸۹

امیر مینائی {پہنچے جو سرِ عرش پیمبرؐ شبِ معراج} محامدِ خاتم النبیینؐ ۴۸

ممتاز گنگوہی {کیا حق نے دیا رُتبہؐ برتر شبِ معراج} چمن مناقب چہارم ۳۹

غریب سہارنپوری {پاس اپنے محمدؐ کو بلا کر شبِ معراج} خزینۂ رحمت۔ ص ۴۰

تسخیر بدایونی {جاتے تھے عجب شان سے سرورؐ شبِ معراج} تحفۂ اخیار۔ ص ۱۲۱

امیر مینائی {جب ہو نہ مقابل سے مقابل شبِ معراج} محامدِ خاتم النبیینؐ۔ ۴۸

لطف بریلوی {پردہ بھی نہ تھا بیچ میں حائل شبِ معراج} دیوانِ لطف۔ ص ۱۶

صابر القادری بریلوی {سرکارؐ ہوئے جب متبسّم شبِ معراج} ارمغانِ حق۔ ص ۶۷

عزیز لطیفی {اے صلِّ علیٰ فیضِ دوامِ شبِ معراج} صبحِ بہاراں۔ ص ۶۴

اکبر وارثی میرٹھی {محبوبؐ چلا عرش کو جس دم شبِ معراج} باغِ نہالِ اکبر۔ ص ۸۱

حافظ پیلی بھیتی {اللہ غنی، آپ کا رتبہ شبِ معراج} ماہنامہ نعت۔ اپریل ۸۹

شائق دہلوی {جب دُور ہوا دوری کا پردہ شبِ معراج} کلیاتِ شائق۔ ص ۱۰

ہاشم ضیائی {خالق سے ملا عرش پہ بندہ شبِ معراج} خلوتِ ہاشم۔ ص ۹۲

جمیل قادری {کس نے نہیں پایا ترا صدقہ شبِ معراج} مجموعۂ نعت 'اول۔ ۸۸

حافظ پیلی بھیتی {دعوت تھی جو محبوبِ خداؐ کی شبِ معراج} نعتِ حافظ۔ ص ۱۱۶

میر آصف جاہ {کیا دھوم سے حضرتؐ کو تھی آئی شبِ معراج} ارمغانِ نعت۔ ص ۱۵۲

عبدالکریم ثمر {لوائے نور کا سایہ لیے شبِ معراج} احسنِ تقویم۔ ص ۱۷

ضیاء القادری {انجم و شمس و قمر آئنہ دارِ معراج} ماہنامہ نعت۔ مارچ ۸۹

ساغر مشہدی {تھی اس لئے معراج کی رات کی معراج} اقلیمِ نعتیہ انتخاب نمبر

افق کاظمی امروہوی {بسوئے حق ہوئی یوں آنحضورؐ کی معراج} فروغِ محامد۔ ص ۸۳

صبا متھراوی {اللہ اللہ وہ اک نورِ مبیںؐ کی معراج} دربارِ رسالت میں۔ ۲۹

طارق سہی {موسموں کی بات ہے اس کا مزاج} جواہر النعت۔ ص ۲۱۵

اکرم علی اختر	{ہوتی ہے ہر کسی کو جہاں میں کسی کی لاج}	صہبائے نور۔ ص ۴۲
راقب قصوری	{مجھ مریضِ خط کو ہے احمدؐ کے منہ کا لب علاج}	تحفۂ راقب' اول۔ ۲۱
ساجد اسدی	{ہے میرے دردِ دل کا تو خاکِ شفا علاج}	پیامبر مغفرت۔ ص ۴۷
حافظ پیلی بھیتی	{یا شاہِ دیںؐ کرو دلِ بیمار کا علاج}	نعتِ حافظ۔ ص ۱۱۷
راجا رشید محمود	{نعت ہے بے دینی و الحاد کے سم کا علاج}	حدیثِ شوق۔ ص ۴۱
عمرالدین مثالی	{کیا شہؐ نے جب چشمِ نم کا علاج}	دیوانِ نعتیہ مثالی۔ ۱۲
غلام سرور لاہوری	{دردِ دل اپنا ہے یکسر لاعلاج}	نعتِ سروری۔ ص ۲۵
غریب سہارنپوری	{حاضرِ خدمت ہو اٹھ کر اے مریضِ لاعلاج}	خزینۂ رحمت۔ ص ۴۱
راقب قصوری	{مرتا ہے فاقہ کشی سے نفسِ پُر فن' ہے رواج}	تحفۂ راقب' اول۔ ۲۲
غریب سہارنپوری	{مومن کو یوں ہے عشقِ پیمبرؐ کی احتیاج}	خزینۂ رحمت۔ ص ۴۱
عابد نظامی	{جگ میں ایک ہے ایسا سورج}	رؤف رحیم۔ ص ۷۷
غریب سہارنپوری	{ہیں آسمانِ نبُوّت کے مصطفیٰؐ سُورج}	خزینۂ رحمت۔ ص ۳۸
محمد احمد شاد	{نکلا طیبہ سے صداقت کی صدا کا سورج}	صلِّ علیٰ۔ ص ۸۲
صابر بن ذوقی	{ایسا کس نے دیکھا سورج}	ثنائے خواجہ کونینؐ ۱۶۵
,,	{حوالے کر دیا حضرتؐ کے' حق نے سارا گنج}	نعتِ گلزارِ یثرب۔ ۴۲
راقب قصوری	{اُمتوں میں اُمتِ خیر البشرؐ کو ہے عروج}	تحفۂ راقب' اول۔ ۲۳

نعت

سرکار ﷺ کی مدحت ہے مری زیست کا حاصل
ہے عشقِ محمد ﷺ مرے جذبات کی معراج

مولا ﷺ کی غلامی ہے مری فکر کی عظمت
یہ فخر ہے تقدیسِ خیالات کی معراج

تخلیق کا مقصد ہے مناجاتِ الٰہی
اور ذکرِ رسالت ہے عبادات کی معراج

ہر شخص تجھے کہتا ہے مدّاحِ محمد ﷺ
ساغر ہے یہی تیرے کمالات کی معراج

ساغر مشہدی

اللہ اللہ وہ اک نُورِ مبیں کی معراج
جسم کی، روح کی، عرفان و یقیں کی معراج

ہو گئی راکبِ بُراقِ حسیں کی معراج
مہر کی، ماہ کی، افلاک و زمیں کی معراج

تیری معراج بنی اہلِ زمیں کی معراج
عقل کی، ہوش کی، ایمان و یقیں کی معراج

اُمِّ ہانیؓ کے مکاں، تجھ پہ اَبد تک ہوں سلام
سب کی معراج ہے اک تیرے مکیں کی معراج

کہکشاں بن کے کھلے کون و مکاں کے اَسرار
اے زہے دُرجِ نبُوت کے نگیں کی معراج

چاند قدموں میں ستارے تھے جلَو میں لاکھوں
اللہ اللہ رے رخشندہ جبیں کی معراج

تھم گیا وقت، رُکی کون و مکاں کی گردش
دیکھ اے چرخ، یہ ہے حُجرہ نشیں کی معراج

عرش والوں میں ابھی تک ہے یہی ذکر صبا
قابَ قوسَین ہے اک فرش نشیں کی معراج

صبا متھراوی

بلبلِ باغِ نبی ﷺ زمزمہ پرداز ہے آج
انجمن صورتِ گل گوش بر آواز ہے آج

آج میں رفعتِ معراج بیاں کرتا ہوں
فکر تا عرشِ بریں مائلِ پرواز ہے آج

دھوم ہے آج فلک پر کہ حضور ﷺ آتے ہیں
بزمِ انجم نگہِ شوق کیے باز ہے آج

عالمِ انفس و آفاق ہوئے غرقِ نشاط
در و دیوار پہ اک وجد کا انداز ہے آج

چشمِ بینا بشریت کے مدارج دیکھے
بندۂ فرش نشیں عرش کا دمساز ہے آج

فخر کرتے ہیں ملائک بھی قدم بوسی پر
عرش بھی بوسۂ نعلین سے ممتاز ہے آج

آبرو بخشِ مسیحا و کلیم آتا ہے
آج افلاک پہ مکے کا یتیم ﷺ آتا ہے

آغا صادق

کرے گا اس کو نہ ہرگز کبھی خدا محتاج
نبی ﷺ کے در پہ سوالی جو آئے گا محتاج

بس ایک دم میں ترے فیض سے غنی بن جائے
اگر گدا ہو کوئی، یا فقیر، یا محتاج

کہاں سے پائے گا یہ خیر یا رسولَ اللہ ﷺ
تمھارے فیض سے خالی اگر پھرا محتاج

نہ جائے گا کبھی محروم مال و دولت سے
سدا جو آپ ﷺ کے در پر کرے صدا محتاج

جو آستانِ رسولِ خدا ﷺ پہ جا پہنچا
رہے گا حاجتِ دنیا سے کب بھلا محتاج

صدا ہمیشہ یہ بابِ نبی ﷺ سے آتی ہے
اگر ہے خواہشِ دولت، اِدھر کو آ محتاج!

ہیں جتنے لوگ غلامانِ احمدِ مختار ﷺ
پکڑ کے دامنِ دولت رہیں گے کیا محتاج

ترے غلام کی حاجت نہیں کوئی باقی
ترا فقیر اگر ہے تو ہے ترا محتاج

مفتی غلام سرور لاہوری

قوسین میں کونین سمایا شبِ معراج
ہر چیز کو معراج میں پایا شبِ معراج

خود اپنا جمال، اپنی نظر، آئینہ اپنا
کچھ غیر نہ دیکھا، نہ دکھایا شبِ معراج

دن رات سے آزاد ہوا دورِ زمانہ
مرکز ہی پہ محور سمٹ آیا شبِ معراج

وہ ارض و سماوات کی اقطار سے نکلے
سلطان تھا اللہ کا سایہ شبِ معراج

یہ عالمِ وحدت ہے کہ ہے وحدتِ عالم
جز ذات، نہ اپنا نہ پرایا شبِ معراج

بے واسطہ محبوب و محب میں ہوئیں باتیں
جبریلؑ کو بھی منہ نہ لگایا شبِ معراج

تھے ظاہر و باطن میں محمدؐ ہی محمد ﷺ
اوّل کو جب آخر سے ملایا شبِ معراج

بابا ذہین شاہ تاجی

ج {قافیہ}

"ج" کے قافیے کی ۱۵ نعتیں دستیاب ہوئی ہیں۔ ان کا ایک ایک مصرع ملاحظہ فرمایئے:

شاعر	مصرع	ماخذ
سرورؔ	{عرب سے محمدؐ کو ملتا تھا باج}	نعتِ گلزارِ یثرب۔ ۴۱
نظیرؔ لودھیانوی	{زہے بندہ ترے سر پہ غنا و سخا کا تاج}	اوقاف، ستمبر ۷۸ء۔ ۲۵
غوثؔ شاہ نقوی	{محمد مصطفیٰ ہیں صاحبِ تاج}	مرادُ العاشقین۔ ص ۲۲
حافظؔ جونپوری	{نبی بجا ہیں، بجا ہیں ہمارے سب سرتاج}	حافظ الاسلام دوم۔ ۲۵
ع س مسلمؔ	{سلام ان پر ہو، جو ہیں صاحبِ معراج و تاج}	زمزمۂ درود۔ ص ۹۳
عمرالدین مثالیؔ	{نہ رکھ تو اپنے سوا اور کا خدا محتاج}	دیوانِ نعتیہ مثالی۔ ص ۱۲
ظفرؔ علی خاں	{لُٹ رہا ہے آنکھوں آنکھوں میں تری اُمّت کا راج}	بہارستان۔ ص ۳۹
ریاضؔ سہروردی	{مُلکِ حق کا مِلک تیری، اس میں ہے تیرا ہی راج}	دیوانِ ریاض۔ ص ۴۹
م حسن لطیفیؔ	{اوجِ سرِ گردوں کا غرور آج ہے تاراج}	لطیفیات۔ ص ۳۴۸
عابدؔ نظامی	{سیّدِ کون و مکاں، اے رحمت و نور و سراج}	صلِّ علیٰ محمد۔ ص ۴۹
علیمؔ ناصری	{صاحبِ تاج، صاحبِ معراجؐ}	شام و سحر۔ نعت نمبر ۵
سرورؔ	{اہلِ اعزاز، صاحبِ معراج}	نعتِ گلزارِ یثرب۔ ص ۴۱
سجادؔ مرزا	{بگڑا ہُوا ہے گردشِ حالات کا مزاج}	کیفِ دوام۔ ص ۸۴
علیمؔ ناصری	{منہاج محمدؐ کا ہے اللہ کا منہاج}	شام و سحر۔ نعت نمبر ۴
ع س مسلمؔ	{سلام ان پر غلوئے بے کراں جن کا عروج}	زمزمۂ درود۔ ص ۹۵

نعت

محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں صاحبِ تاج
محمد ﷺ کا جہاں سارا ہے محتاج

خدا نے کر دیا بذل و کرم میں
وجودِ مصطفیٰ ﷺ کو بحرِ موّاج

گنہ گاروں کو بخشائیں گے حضرت ﷺ
شفاعت کا رکھیں گے سر پہ جب تاج

غوث شاہ نقوی

نعت

اوجِ سرِ گردوں کا غرور آج ہے تاراج
اقصائے ورا سے ہے ورا مرکبِ معراج

انساں نے اسی رات بھری جَست وہ جس سے
طے ہو گئیں صد منزلِ دشوارئ منہاج

رولے گئے گردِ رہِ پہنائے سفر میں
الماس، گہر، لعل، بلوُر، آئنہ، پکھراج

صد خوشۂ پرویں کے پلوں پر ہی سے ہو کر
گزری تھی سُبک زین سواری شبِ معراج

رفتارِ سُبک سیرئ رفرف سے سُبک تر
ہوتی ہیں محبّت کی لطیف و سُبک امواج

ٹھہراتی ہے اِس ندرتِ پرواز کو سائنس
حد بستگئ فاصلہ و وقت سے اخراج

اے کاہکشاں روندنے والے قدموں سے
از راہِ کرم، اُمّتِ پس ماندہ کی رکھ لاج

اے خاصۂ خاصانِ رُسُل! روحِ رسالت
رکھ دے سرِ اُمّت پہ بصد فتح و ظفر تاج

جو خاکِ مذلّت میں پڑے ہیں وہ نگوں سار
اقوامِ جہانبان و جہاندار سے لیں باج

م حسن لطیفی

جھ

"سمجھ" ردیف کی ریاض حسین چودھری کی ایک نعت ملتی ہے:

ریاض چودھری {عشق رسولؐ ہی کو زر معتبر سمجھ} بیاض محمود

نعت

بازارِ زندگی کو ہَوَس کا کھنڈر سمجھ
عشقِ رسول ﷺ ہی کو زرِ معتبر سمجھ

ہر نقشِ پا کو جان فلک سے عظیم تر
گردِ رہِ نبی ﷺ کو متاعِ سفر سمجھ

اتنا یقین رکھ کہ ابد کے بھی ہیں رسول ﷺ
احوالِ روز و شب سے انھیں باخبر سمجھ

نظریں رہیں حضور ﷺ کی دہلیز کی طرف
اِس عہدِ نارسا کو شبِ مختصر سمجھ

سوءِ ادب ہے آنسوؤں کا رقصِ بے حجاب
آداب حاضری کے بھی اے چشمِ تر! سمجھ

ہوتا ہے یہ ہَوائے مدینہ سے ہم کلام
اے ہوشمند، عظمتِ آشفتہ سر سمجھ

عزّت ملی ہے مدحتِ سرکار ﷺ کے طفیل
ہرگز نہ اس کو وجہِ کمالِ ہُنر سمجھ

تو پرچمِ حضور ﷺ کے سائے میں ہے ریاض
ماحول کی تپش کو فریبِ نظر سمجھ

ریاض حسین چودھری

"بیچ" ردیف کی دو، "بیچ بیچ" کی ایک، "کھینچ" ردیف کی چار، "کے بیچ" کی ۳، "کا بیچ" کی ایک اور "بیچ ہے بیچ" ردیف کی ایک نعت ملی ہے:

افقؔ کاظمی امروہوی	{عیاں بعثتِ مصطفیٰ ﷺ سے ہُوا بیچ}	فروغِ محامد۔ ص ۸۴
ع س مسلمؔ	{سلام ان پر کہ رحمت کا جو ہیں عنوان بیچ}	زمزمۂ درود۔ ص ۹۷
شائقؔ دہلوی	{عرض ہے خدمتِ عالی میں یہ آقا بیچ بیچ}	کلیاتِ شائقؔ۔ ص ۱۱
اکبرؔ وارثی میرٹھی	{جذبۂ دل جانبِ بطحا مجھے اک بار کھینچ}	باغِ نہالِ اکبر۔ ص ۲۴
ابرارؔ کرتپوری	{تو اُمتی ہے، عمل کر، نہ دستِ برتر کھینچ}	مدحت۔ ص ۸۲
ساجدؔ اسدی	{مرے خیال، ذرا جاں نواز منظر کھینچ}	پیامبرِ مغفرت۔ ص ۴۸
نورؔ سہارنپوری	{لے جائے مدینے میں اگر چرخِ کہن کھینچ}	باغِ کلامِ نور۔ ص ۴۷
غیور احمد غیورؔ	{آپ ﷺ کی خو ہے عطا، ہم گھرے حالات کے بیچ}	نعت رنگ ۱۔ ص ۲۶۱
خالدؔ عرفان	{تذکرے اب تک ہیں ان کے چاند اور تاروں کے بیچ}	الہام۔ ص ۹۳
عبدالغفار حافظؔ	{شمعِ محفل جس طرح ہوتی ہے پروانوں کے بیچ}	ارمغانِ حافظؔ۔ ص ۵۹
شائقؔ دہلوی	{سیدھا پڑتا نہیں کوئی مری تدبیر کا بیچ}	کلیاتِ شائقؔ۔ ص ۱۱
حبیبؔ	{جلوہ گر یار نہ ہو تن میں تو جاں بیچ ہے بیچ}	بُستانِ نبی ﷺ۔ ص ۱۳۶

نعت

آپ ﷺ کی خُو ہے عطا، ہم گھرے حالات کے بیچ
آپ ﷺ کے در پہ نظر جاتی ہے خطرات کے بیچ

رحمتِ کُل ﷺ کا اشارہ ہو تو ساحل سے لگے
ٹوٹی کشتی ہے، بھنور پڑتے ہیں ظلمات کے بیچ

حُسنِ ایجاب پہ کامل سا یقیں ہوتا ہے
آپ ﷺ کا واسطہ آئے جو مناجات کے بیچ

غیور احمد غیورؔ

عرض ہے خدمتِ عالی میں یہ آقا ﷺ بیچ بیچ
ابھی جی جاؤں جو آ جاؤ مسیحا بیچ بیچ

اک نظر بھی مہ و خورشید کو دیکھوں نہ کبھی
آپ ﷺ دکھلا دیں، جو اپنا رُخِ زیبا بیچ بیچ

گو گنہگار ہوں، دوزخ میں نہیں جانے کا
ہو چکا ہے شبِ معراج میں وعدہ بیچ بیچ

میں تو آؤں گا، بلاؤ نہ بلاؤ یا شاہ ﷺ
ہند میں اب تو نہیں رہنے کا شیدا بیچ بیچ

جیتے جی گر درِ اقدس سے یہ لب مل جائیں
صدقے ہو جاؤں میں تم پر شہِ والا ﷺ بیچ بیچ

بے مدینہ گئے آئے نہ اجل ربِّ وَدود
تو ہی واقف ہے جو ہے دل کی تمنّا بیچ بیچ

ہو عطا نُورِ نظر کے لئے اب خاکِ مزار
میں میرے سے نہیں ہونے کا اچھا بیچ بیچ

مرتے ہی ہو گی لحد تختۂ گلہائے بہشت
آقا ﷺ شائقؔ پہ رہے سایۂ طُوبیٰ بیچ بیچ

میر سید علی شائقؔ دہلوی

چھ

"کچھ" ردیف کی ایک "سب کچھ" کی ۲ "کچھ نہ کچھ" کی ایک "سے کچھ" کی ایک "مت پوچھ" کی ایک "نہ پوچھ" کی ۶ اور "ہم سے نہ پوچھ" ردیف کی ایک نعت ملی ہے۔

شاعر	مصرع	ماخذ
راجا رشید محمود	{طیبہ میں جو کی عرض کہ فرمائیں عطا کچھ}	شہرِ کرم (مصطفیٰ نگر)
صوفی رہبر چشتی	{تمھی ہو اے میں قرباں، مونسِ شاہ و گدا سب کچھ}	رہبرِ رہبراں۔ ص ۱۲۳
ہاشم ضیائی	{تمھاری دسترس میں ہے شہِ ہر دو سرا" سب کچھ}	خلوتِ ہاشم۔ ص ۶۳
شائق دہلوی	{رنگ لائے گی طبیعت کچھ نہ کچھ}	کلیاتِ شائق۔ ص ۳۶
گوہر ہوشیار پوری	{مانگئے ربِ کائنات سے کچھ}	آرزو حضوری کی۔ ۱۹۹
ظہیر صدیقی	{نگاہِ لُطفِ نبیؐ کی ملاحتیں مت پوچھ}	خیر الوریٰؐ۔ ص ۵۲
سکندر لکھنوی	{رم جھم رم جھم نور کی بارش، طیبہ کی برسات نہ پوچھ}	میرے آقا میرے حضورؐ
بدر جمالی	{کیوں قرار آتا نہیں دل کو کسی صورت نہ پوچھ}	جمالیات۔ ص ۸۵
بدر جمالی	{اشتیاقِ رویتِ حضرتؐ کی کیفیت نہ پوچھ}	جمالیات۔ ص ۸۵
ریاض سہروردی	{کیا ہے کس کے کرم نے یہ دل شکار، نہ پوچھ}	دیوانِ ریاض۔ ص ۱۷۸
ساقی گجراتی	{ماورائے علم ہے سرکارؐ کا عالم، نہ پوچھ}	زادِ عقبیٰ۔ ص ۸۵
ساجد اسدی	{اوجِ درِ حبیبِ خداؐ آسماں نہ پوچھ}	پیامبرِ مغفرت۔ ص ۹۸
فضل حق	{کس ستارے میں تھی کتنی روشنی، ہم سے نہ پوچھ}	سُوئے حرم۔ ص ۱۰
راجا رشید محمود	{طیبہ کی حیثیت جو ہے، بیتُ الحرم سے پوچھ}	مدیحِ سرکارؐ (زیرِ طبع)

نعت

نگاہِ لُطفِ نبی ﷺ کی ملاحتیں مت پوچھ
نبی ﷺ کے فیض و کرم کی عنایتیں مت پوچھ

ازل سے کیسے ابد تک ہیں جاری و ساری
نبی ﷺ کے فیض کے کیا ہیں حکایتیں مت پوچھ

ہر آنے والے کا دامن بھریں وہ خوشیوں سے
درِ نبی ﷺ پہ ہیں کیا کیا ضیافتیں مت پوچھ

ظہیر صدیقی

تمھی ہو، اے میں قرباں، مُونسِ شاہ و گدا سب کچھ،
تمھارے آستانے سے ملا سب کو شہا ﷺ سب کچھ،

تمھاری گردِ پا اُڑ کر مری آنکھوں تک آ پہنچی،
بتاؤں کیا کہ اب مجھ کو نظر آنے لگا سب کچھ

فقیر و بے نوا در سے تمھارے بھیک پاتے ہیں،
خدا شاہد تمھی ہو خلق کے حاجت روا سب کچھ

یدِ بیضا، جمالِ یُوسفِ کنعاں، دمِ عیسیٰؑ
تمہارے حُسن کا صدقہ ہے یہ صَلِّ عَلیٰ سب کچھ

سرِ فاراں عجب انداز تھا ارشادِ عالی کا
خطابت ہو تو ایسی ہو، سمجھ میں آ گیا سب کچھ

حسیں ہو، مہ جبیں ہو، مہ لقا ہو، ماہِ کامل ہو
ہو تم بزمِ جہاں میں شاہدِ بزمِ دَنا سب کچھ

نہ جانے کون سی منزل پہ آ پہنچے قدم رہبر
جہاں کا ذرّہ ذرّہ بن گیا ہے رہنما سب کچھ،

صُوفی مسعُود احمد رہبر چشتی

ح

راجا رشید محمود	{سر آنکھوں پر رکھیں قدسی نہ آقاؐ کے قدم کیونکر}	ورفعنا لک ذکرک۔ ص ۶۹
شوکت نظامی	{روضۂ پاک کو ہم چھوڑ کے جائیں کیونکر}	آستانہ، جون ۵۹۔ ۳۶
راجا رشید محمود	{جاتا ہوں لے کے دیدۂ تر مصطفیٰؐ نگر}	شہرِ کرم (مصطفیٰؐ نگر)

قمر صدیقی	{گردشِ دوراں سے آخر کیوں ہراساں ہوں قمرؔ}	حرف حرف روشنی۔ ص ۸۴
مسعود رضا خاکی	{پاکیزہ فضاؤں میں ہے جینے کا مزا اور}	معراجِ سخن۔ ص ۱۳
اقبال عظیم	{سجدوں میں اثر اور ہے، جلووں کا اثر اور}	نعتِ پاک کی اہمیت' ۲۸۳
صابر براری	{رکھتا ہے غمِ ہجرِ نبیؐ کیف و اثر اور}	جامِ طہور۔ ص ۴۸
ندیم نیازی	{ہے شام وہاں اور، وہاں کی ہے سحر اور}	ومار سلنک... ص ۴۷
الطاف انصاری	{پیدا نہ ہوا کوئی محمدؐ سا بشر اور}	گلستانِ محمدؐ۔ ص ۱۰۱
عزیز بلیغی	{کیا ہو گا کوئی آپؐ سا فرخندہ فال اور}	صبحِ بہاراں۔ ص ۵۶
عبدالکریم ثمرؔ	{ہر خطِ جبیں اور، ترا نقشِ قدم اور}	احسن تقویم۔ ص ۱۳۶
مظہر الدین	{یا رب، مجھے تفویض ہوں انوارِ حرم اور}	جلوہ گاہ۔ ص ۱۷۹
ضیاء القادری	{ہو جائیں نہ جذباتِ زیارت کہیں کم اور}	تجلیاتِ نعت۔ ص ۷۷
یزدانی جالندھری	{اے دیدۂ نم عشقِ پیمبرؐ میں ہو نم اور}	شام و سحر نعت نمبر ۳۔ ۱۰
ساجد اسدی	{وہ مہرِ عربؐ گر نہ چمکتا کوئی دن اور}	پیامبرِ مغفرت۔ ص ۵۵
عطا حسین کلیمؔ	{جلووں سے ضیا تاب ہوئے سرو و سمن اور}	منتخب نعتیں۔ ص ۱۳۲
ایاز صدیقی	{اشکوں کی زباں اور ہے لفظوں کی زباں اور}	ثنائے محمدؐ۔ ص ۵۲
خدا بخش اظہرؔ	{زاہد کی تمنا ہے، ملے باغِ جناں اور}	دیوانِ اظہر' اول۔ ص ۱۹۹
اختر الحامدی	{مجرم ہیں شہاؐ، دے گا ہمیں کون اماں اور}	نعت محل۔ ص ۶۵
ساجد اسدی	{قسمت سے نہیں ملتی کہیں مجھ کو اماں اور}	پیامبرِ مغفرت۔ ص ۵۲
مظہر الدین	{ہوتی ہے بہ یادِ شہِ دیںؐ طبع رواں اور}	عرفات' نومبر ۸۴۔ ۲
عبدالغفار حافظ	{ہے ولولۂ مدحتِ سلطانِ جہاںؐ اور}	ارمغانِ حافظ۔ ص ۲۶
خاور لدھیانوی	{توصیف تری چاہے ہے اندازِ بیاں اور}	بہارِ نعت۔ ص ۹۱
لیث قریشی	{ہے مدحتِ احمدؐ میں مرا طرزِ بیاں اور}	تاباں تاباں۔ ص ۱۰۱
ابرار کرتپوری	{یہ معجزۂ شقِ قمر سے ہے عیاں اور}	مدحت۔ ص ۸۸
اصغر نثار قریشی	{وہ جس نے کیا حُسنِ دو عالم کو حسیں اور}	حریمِ عرش (قلمی)
شائق دہلوی	{کیا ہجرِ نبیؐ آہ ستائے گا ابھی اور}	کُلّیاتِ شائق۔ ص ۱۶
رمیش زائن گلشنؔ	{آیا ہے، نہ آئے گا محمدؐ سا کوئی اور}	غیر مسلموں کی نعت گوئی
طفیل ہوشیارپوری	{اب عرش سے اُترے گا صحیفہ نہ کوئی اور}	رحمتِ یزداں۔ ص ۱۷۳
نجمہ خاں	{چلی جو سُوئے مدینہ، نظر کے رنگ تھے اور}	خواتین کی نعت گوئی' ۲۷۳
صبا متھراوی	{رہروِ راہِ محبت کی ہے منزل غارِ ثورؔ}	دربارِ رسالت میں۔ ص ۶۱
نور سہارنپوری	{اے عرب کی حُور لانبے گیسوؤں والی کھجُور}	باغِ کلامِ نور۔ ص ۵۲

لطف بریلوی	{یہ احمدِ مرسلؐ کے ہے نزدیک، نہیں دُور}	دیوانِ لطف۔ ص ۲۰
فائق بریلوی	{بدقسمتی سے جو رہے شاہِ عربؐ سے دور}	گلدستۂ نعت دوم۔ ص ۵
محمد افضل فقیرؔ	{دل رہینِ درد و غم ہو کہ ہو درد و غم سے دور}	عطائے محمدؐ۔ ص ۹۷
حافظ پیلی بھیتی	{وحشت تو لے چلی ہے پرائے وطن سے دور}	نعتِ حافظ۔ ص ۱۳۲
محمد انور بابرؔ	{یہ شب گزیدہ صبح کرے گی چمن سے دور}	بیاضِ محمود
امیر مینائی	{کیا چین آئے روضۂ شاہِ زمنؐ سے دور}	محامدِ خاتم النبیینؐ۔ ص ۵۹
عبدالکریم ثمرؔ	{نورِ لولاک میں تقدیسِ زمیں ہیں سرورؐ}	شاخِ سدرہ۔ ص ۵۲
تسخیرؔ بدایونی	{بتا دو وہ مسند، جہاں ہیں وہ سرورؐ}	تحفۂ اخیار۔ ص ۹۲
شعیب آبروؔ	{مجھ کو بھی حُسن کے جلوے نظر آئیں گے ضرور}	نظر نظر طیبہ۔ ص ۴۹
خالد محمود	{فاصلے جتنے ہیں، سرکارؐ مٹائیں گے ضرور}	قدم قدم سجدے۔ ص ۱۸۵
حافظ	{سیدِ کونینؐ کے روضے پہ جانا ہے ضرور}	نعت ہی نعت' سوم ۳۸
غنی دہلوی	{مری آنکھوں میں بطحا کا تصوُّر}	نسیمِ حجاز۔ ص ۱۷۷
قمر وارثی	{الٰہی بنے عمر بھر کا تصوُّر}	شمس الضحیٰ۔ ص ۱۲۹
راجا رشید محمودؔ	{کرتا ہوں میں جب روضۂ انور کا تصوُّر}	شہرِ کرم (مصطفےٰ نگر)
حافظ محمد مستقیمؔ	{دم ہونٹوں پہ، آنکھوں میں مدینے کا تصوُّر}	معراجِ سخن۔ ص ۱۳۳
مسرورؔ کیفی	{اپنی آنکھوں میں چُھپا لاتا حضورؐ}	حرفِ عطا۔ ص ۲۳
نظیر لودھیانوی	{اللہ کی جناب میں ہے التجا حضورؐ}	آفتابِ حرا۔ ص ۲۳
عابد نظامی	{رہبر و رہنما حضور، مُرشد و مقتدا حضورؐ}	صلِ علیٰ محمدؐ۔ ص ۱۴۸
حفیظ تائبؔ	{رنگِ فطرت آپؐ کے فیضان سے نکھرا حضورؐ}	وسلموا تسلیما۔ ص ۱۳۸
حفیظ تائبؔ	{آپ ہیں طُغرائے آیاتِ ظہور آقا حضورؐ}	شام و سحر۔ نعت نمبر ۶۔ ۲۸
راسخ عرفانی	{بھیگے ہیں آنسوؤں سے حروفِ ثنا حضورؐ}	نسیمِ مدنی۔ ص ۸۰
مسرورؔ کیفی	{پھر مقدّر اوج پر آیا حضورؐ}	سیدالکونینؐ۔ ص ۴۳
مسرورؔ کیفی	{سرِ شوق جس دم جھکایا حضورؐ!}	آئینۂ انوار۔ ص ۱۷
ریاض سہروردی	{سرورِ انبیاؑ ہے کون؟ سرورِ انبیا حضورؐ}	دیوانِ ریاض۔ ص ۶۷
عبدالرشید فاضلؔ	{آپ سے جب مل گئی ایمان کی دولت حضورؐ}	الرشید' نعت نمبر' ۶۵
محمد اکرم رضاؔ	{ہو رہا ہے منتشر شیرازۂ اُمّت حضورؐ}	شام و سحر۔ نعت نمبر ۶۔ ۴۹
محمد عاشق	{آدمیّت کا اعتبار حضورؐ}	عقیدت کے پھول۔ ص ۲۸۱
انصار الٰہ آبادی	{حضُورِ حُسن میں بھی حُسن تاجدار حضورؐ}	کلام لاکلام۔ ص ۴۲
راغبؔ مراد آبادی	{ہوں دور آپ سے، دل کو نہیں قرار حضورؐ}	بدرُ الدُّجیٰ۔ ص ۹۹

حنیف اسعدی {نہ جانے کب سے ہے مجھ کو یہ انتظار حضورؐ} ذکرِ خیر الانامؐ۔ ص ۱۰۴
ظہیر صدیقی {اوّل و آخر حضورؐ} خیر الوریٰؐ۔ ص ۱۰۶
شفیق صدیقی {دکھ اٹھا کر بھی رہے شاکر حضورؐ} ہلال۔ نعت نمبر۔ ص ۵۹
کاوش زیدی {خلق اور اخلاص کے گوہر حضورؐ} مدحتِ خیر الانامؐ۔ ص ۸۷
نفیس القادری {حضورِ حق میں وہ ہوتا ہے سرفراز حضورؐ} روحِ نفیس۔ ص ۶۴
انصار الٰہ آبادی {کمالِ جلوہ نہ کیوں ہو غبار پاک حضورؐ} کلام لا کلام۔ ص ۳۴
الطاف قریشی {بے مثیل اور بے مثال حضورؐ} ثنا۔ ص ۹۳
حسن رضا بریلوی {مرحبا عزّت و کمال حضورؐ} ذوقِ نعت۔ ص ۶۶
محمد حمید شاہد {خدائے پاک کی ہیں معتبر دلیل حضورؐ} انتخاب۔ مشاعرہ ۱۴۰۳ھ
وجیہ السماء عرفانی {سر خط نامہ تکمیل حضورؐ} میرے حضورؐ۔ ص ۸
حنیف نازش {قریب تر ہے ادھر زندگی کی شام حضورؐ} الرشید نعت نمبر ۱۴۴۴ھ
ہارون الرشید ارشد {بہ قید ہوش سمجھتا ہوں میں مقامِ حضورؐ} شام و سحر نعت نمبر ۱۔ ۱۳۵
خالد محمود {تعیّنات کی حد میں نہیں مقامِ حضورؐ} قدم قدم سجدے۔ ۲۵۷
اثر لودھیانوی {عبودیت میں بھی اک رحمتِ تمام حضورؐ} عکسِ جمال۔ ص ۶۴
انصار الٰہ آبادی {روح میں چمکے نہ کیوں شمع شبستانِ حضورؐ} کلامِ لا کلام۔ ص ۲۴
جاوید احسن {میرا غم میری خوشی، میرے دل و جان حضورؐ} شام و سحر نعت نمبر ۵۔ ۱۵۸
بدر القادری {جنھیں نصیب ہُوا لطفِ ذکرِ شان حضورؐ} جمیل الشیم۔ ص ۵۸
حشمت یوسفی {غایتِ دلبری حضورؐ دلبرِ دلبراں حضورؐ} جمالِ الہام۔ ص ۹۷
شعیب آبرو {مشفق و مہرباں حضورؐ رحمتِ بیکراں حضورؐ} نظر نظر طیبہ۔ ص ۶۹
مظفر وارثی {میرے اندر فروزاں حضورؐ} کعبۂ عشق۔ ص ۱۲۵
الطاف قریشی {ہر اسمِ پاک آپ کا رحمت نشاں حضورؐ} ثنا۔ ص ۹۹
افضل کوٹلوی {زینتِ ہر جہاں ہے کون، زینتِ ہر جہاں حضورؐ} عرشِ تمنّا۔ ص ۵۷
راز کاشمیری {ارض و سما کی آپؐ سے رعنائیاں حضورؐ} لوح بھی تو قلم بھی تو۔ ۹۴
ریاض سہروردی {دردِ ہجراں سنا رہا ہُوں حضورؐ} دیوانِ ریاض۔ ص ۶۹
سیف زلفی {اپنی امت کو پلائیں نور کی دھاریں حضورؐ} روشنی۔ ص ۲۵
الطاف قریشی {میری صبحوں کی ابتدا ہیں حضورؐ} ثنا۔ ص ۹۲
عابد نظامی {خدا کی ساری خدائی کی ابتدا ہیں حضورؐ} صلِّ علیٰ محمدؐ۔ ص ۴۰
ضیا محمد ضیا {دونوں عالم کے مقتدا ہیں حضورؐ} موجِ زمزم۔ ص ۹۶
سعادت حسن آس {کشتیٔ دیں کے ناخدا ہیں حضورؐ} آس کے پھول۔ ص ۹۳

اقبال صفی پوری {خدا نہیں ہیں، مگر مظہرِ خدا ہیں حضورؐ} الرشید نعت نمبر ۶۴۲
نور صابری {ساری مخلوق سے اک افضل و اعلیٰ ہیں حضورؐ} صبحِ نور۔ ص ۷۵
ممتاز ظافر {نقاشِ کائنات کے شہکار ہیں حضورؐ} بدرِ کمال۔ ص ۲۰۲
ریاض سہروردی {ہر اعتبار ہی سے گنہگار ہُوں حضورؐ} دیوانِ ریاض۔ ص ۶۷
سید عاصم گیلانی {بشر بھی ہیں تو پھر اس شان کے بشر ہیں حضورؐ} وسیلہ۔ ص ۱۰۱
سیدہ رابعہ نہاں {شوکت و عظمتِ انسان کا مظہر ہیں حضورؐ} صبحِ تجلی۔ ص ۴۳
عبد الغنی تائب {رہبر جہاں کے، محسنِ انسان ہیں حضورؐ} ارمغانِ نیاز۔ ص ۶۹
حنیف اسعدی {خدا گواہ کہ بے حدّ و بے کراں ہیں حضورؐ} ذکرِ خیر الانامؐ۔ ص ۹۷
حافظ مظہر الدین {مقصدِ بزمِ کُن فکاں ہیں حضورؐ} تجلّیات۔ ص ۱۰۰
مسرور کیفی {ہم زمین آپؐ آسماں ہیں حضورؐ} سجدۂ حرف۔ ص ۱۳
بیدل فاروقی {شافعِ عاصیاں ہیں حضورؐ} بحضورِ صاحبِ لولاکؐ ۱۰۰
بیدل فاروقی {وجہِ تخلیقِ دو جہاں ہیں حضورؐ} بحضورِ صاحبِ لولاکؐ ۱۱۴
بیکل اتساہی {مہ و نجوم کی منزل کی جستجو ہیں حضورؐ} والضحیٰ۔ ص ۸۷
مسرور کیفی {بادشاہوں پہ بھی بھاری ہیں حضورؐ} میزابِ رحمت۔ ص ۳۱
نسیم بستوی {اللہ اللہ، جلوۂ زیبا دکھاتے ہیں حضورؐ} بیاضِ محمود
ممتاز ظافر {کتنے اچھے، کتنے اعلیٰ، کتنے پیارے ہیں حضورؐ} بدرِ کمال۔ ص ۳۶۲
سعادت حسن آس {نظر نظر سے دلوں میں سما رہے ہیں حضورؐ} آس کے پھول۔ ص ۷۲
مسرور کیفی {آپ کے قدموں میں آئے ہیں حضورؐ} ہلال۔ سیرت نمبر ۸۹۔ ۲۰۳
حافظ محمد مستقیم {ایک ادنیٰ سی جھلک آ کے دکھا جائیں حضورؐ} معراجِ سخن۔ ص ۱۶۵
مسرور کیفی {کبھی آپؐ تشریف لائیں حضورؐ} سجدۂ حرف۔ ص ۳۳
انصار الٰہ آبادی {رہِ حضوریٔ حق کیوں نہ ہو براہِ حضورؐ} کلامِ لا کلام۔ ص ۸۴
انصار الٰہ آبادی {جس کے دل میں ہوں مہر و ماہِ حضورؐ} کلامِ لا کلام۔ ص ۱۴
مسرور کیفی {بخت ہے کچھ نارسا ورنہ حضورؐ} میزابِ رحمت۔ ص ۱۹
نور صابری {عقل و دل و نگاہ کی رخشندگی حضورؐ} صبحِ نور۔ ص ۱۱۵
مسرور کیفی {دل کی دنیا میں بہار آئی حضورؐ} سجدۂ حرف۔ ص ۲۳
نسیم بستوی {قیدِ الم میں آپؐ کی اُمّت ہے اے حضورؐ} نسیمِ طیبہ۔ ص ۹
نعیم صدیقی {کاش قبول ہو سکے میرا سلام اے حضورؐ} نور کی ندیاں رواں۔ ۱۱۳
نعیم صدیقی {پُر کیف کس قدر غمِ پنہاں ہے اے حضورؐ} الرشید نعت نمبر ۷۶۰
مسرور کیفی {میری آنکھوں کو جلا دیجے حضورؐ} نور یزداں۔ ص ۷۷

حفیظ تائب {اُترے مَلک زمینِ حرم پر ترے حضورؐ} صَلُّوا عَلَیْہِ وَآلِہٖ۔ ص ۹۶
اخلاق عاطف {آتی ہیں وسعتیں بھی سمٹ کر ترے حضورؐ} قریہ قریہ خوشبو۔ ص ۱۸
غلام زبیر نازش {جھکتے ہیں شرق و غرب کے سرور ترے حضورؐ} حرف حرف عقیدت۔ ۹۲
گوہر ملسیانی {گلشن کے نور و نکہت و صبا مرے حضورؐ} مظہرِ نور۔ ص ۴۴
جلیل نقوی {نبیوں میں سب سے اوّل و اولیٰ مرے حضورؐ} اقرا۔ سیرت نمبر۔ ص ۱۰۳
محمد اسلم سیالوی {حُسنِ ازل کے آپ ہیں مظہر مرے حضورؐ} ہلال۔ میلاد نمبر ۷-۸۔ ۱۳۸
سیف زلفی {ہر کرب میں سکونِ دو عالم مرے حضورؐ} روشنی۔ ص ۵۷
ریاض چودھری {اقلیمِ ہست و بُود کے سلطاں مرے حضورؐ} زرِ معتبر۔ ص ۱۰۶
حسن کاظمی {ختمِ رُسل حبیبِ خدا ہیں مرے حضورؐ} گلدستہ نعت و منقبت۔ ۲۲۸
وہاب عادل {جب ہوئی تخلیق و تکمیلِ جہاں تیرے حضورؐ} شام و سحر نعت نمبر ۳، ۲۶۶
ندیم نیازی {آئینہ خانۂ وحدت کی ضیا مرے حضورؐ} وما ارسلنٰک... ص ۲۶
راجا رشید محمود {بے زباں، کج بیاں، ناکارہ ہوں میرے حضورؐ} حدیثِ شوق۔ ص ۱۲
لالہ صحرائی {جہانِ تیرہ میں شمع ہدیٰ ہیں میرے حضورؐ} لالہ زار نعت۔ ص ۱۹۵
قاسم الحیدری {نظمِ عالم چل رہا ہے کس سہارے سے حضورؐ} سبیلِ ہدایت۔ ص ۱۱
مسرور کیفی {بخت ایسا کون لایا ہے حضورؐ} سجدۂ حرف۔ ص ۸۵
مسرور کیفی {باعثِ تسکین و راحت ہے حضورؐ} نورِ یزداں۔ ص ۱۷
مسرور کیفی {اکِ جہانِ رنگ و نکہت ہے حضورؐ} سجدۂ حرف۔ ص ۷
انور صابری {جگر خراش بہت اپنی داستاں ہے حضورؐ} مہک۔ رسولؐ نمبر۔ ۲۵۵
مسرور کیفی {حقیقت یہ سب پر عیاں ہے حضورؐ} آئینۂ انوار۔ ص ۱۱
مسرور کیفی {یہ تقسیم کیا دلنشیں ہے حضورؐ} سید الکونینؐ۔ ص ۲۵
مفتی خلیل برکاتی {دیارِ طیبہ میں مرنے کی آرزو ہے حضورؐ} جمالِ خلیل (قلمی) ۱۵
عبدالکریم ثمر {سبک خرام بہاروں کا قافلہ ہے حضورؐ} شاخِ سدرہ۔ ص ۴۴
عبدالکریم ثمر {ودیعت آپ کو عالم کی سروری ہے حضورؐ} احسنِ تقویم۔ ص ۵۹
مسرور کیفی {آدمی تو لاابالی ہے حضورؐ} میزابِ رحمت۔ ص ۲۳
مسرور کیفی {آپ کی مدحت سرائی ہے حضورؐ} میزابِ رحمت۔ ص ۲۷
سعید اللہ خاں {شفیعُ الوریٰ بن کے آئے حضورؐ} سعادتِ سعید۔ ص ۹۹
انصار الٰہ آبادی {معنیٔ آیاتِ ناطق رُوئے زیبائے حضورؐ} صلوٰۃ و سلام۔ ص ۶۲
ضیاء القادری {اے تعالیٰ اللہ جمالِ رُوئے زیبائے حضورؐ} ماہنامہ نعت۔ جولائی ۸۹
اختر الحامدی {اللہ اللہ رے اعجازِ کفِ پائے حضورؐ} نعت گل۔ ص ۶۵

خالد محمود {جان و دل سے ہُوں میں فدائے حضورؐ} قدم قدم سجدے۔ ۲۶۷
کاوش زیدی {پیامِ خدا تھا ندائے حضورؐ} مدحتِ خیرالانامؐ۔ ص ۶۳
مسرور کیفی {کچھ بتائے اور کچھ دُعائے حضورؐ} میزابِ رحمت۔ ص ۳۵
اختر لکھنوی {جنھیں عزیز ہوئی ہر نفس رِضائے حضورؐ} حضورؐ۔ ص ۷۹
انصار الٰہ آبادی {روحِ ایماں ہے مُدعائے حضورؐ} صلوٰۃ و سلام۔ ص ۹۷
جعفر شیرازی {علاجِ ظلمتِ کونین ساتھ لائے حضورؐ} لفظ ہمارے۔ نعت نمبر، ۱۸
اختر مسعود شیخ {اللہ اللہ، شانِ احمدؐ کون فرمائے حضورؐ} بزمِ رسالت۔ ص ۳۰
نور القادری {نورِ رحماں ہے نُورِ رُوئے حضورؐ} شانِ مظہرِ جلیل
انصار الٰہ آبادی {شمعِ کعبہ طاقِ ابروئے حضورؐ} کلام لاکلام۔ ص ۸۸
انصار الٰہ آبادی {جو دل کی آنکھوں سے دیکھو جوارِ کُوئے حضورؐ} صلوٰۃ و سلام۔ ص ۴۷
احمد جی عارف {اب آپ کی نگاہِ کرم چاہیئے حضورؐ} نعت پاک کی اہمیت، ۲۸۸
راجا رشید محمود {دل بن گیا مرا ارمِ آبادِ آنحضورؐ} حدیثِ شوق۔ ص ۹۷
ضیا محمد ضیا {محبوبِ حق ہیں، مُرسلِ داور ہیں آنحضورؐ} موجِ زمزم۔ ص ۹۴
عزیز حاصلپوری {سرکار تری نور ہے، دربار ترا نور} گلدستۂ نعت۔ ص ۱۰۱
غریب سہارنپوری {محمدؐ کا ہُوا جلوہ فزا نور} خزینۂ رحمت۔ ص ۶۱
حافظ چشتی تونسوی {محمد مصطفیٰؐ نُورٌ علیٰ نُور} روض الفردوس۔ ص ۳۶
قمر یزدانی {محمد مصطفیٰؐ نورٌ علیٰ نُور} خُمِ خانۂ محمدؐ۔ ص ۸۳
عزیز حاصلپوری {محمدؐ کی نظر نورٌ علیٰ نُور} جامِ نور۔ ص ۵۲
غوث شاہ نقوی {رسُولِ انس و جاں نورٌ علیٰ نُور} مراد العاشقین۔ ص ۳۳
غریب سہارنپوری {ہے احمدؐ سے جہاں نورٌ علیٰ نُور} خزینۂ رحمت۔ ص ۶۱
ادیب سیمابی {نبیٔ ہر نبی نورٌ علیٰ نُور} شاخِ طُوبیٰ۔ ص ۶۴
اکرم علی اختر {سمٹا ہُوا تھا غار میں غارِ حرا کا نور} کیف و سرُور۔ ص ۲۴
حسین سحر {ہے جہاں ربِّ لامکاں کا نور} تقدیس۔ ص ۱۲۷
سکندر لکھنوی {معراج کی شب نور سے جب جا کے ملا نور} سراجاً منیرا۔ ص ۶۲
شمس مینسوی {ہے روئے نبیؐ جس کی ہے والشمس ثنا نور} تجلّیاتِ شمس۔ ص ۲۷
شمس مینسوی {آئینۂ قدرت کی چمک اور ضیا نور} تجلّیاتِ شمس۔ ص ۲۷
عبدالعزیز فطرت {جس کا نام اور نسب ہے پُرنور} نقوش، رسولؐ نمبر ۱۰، ۴۳۷
اعظم چشتی {گزرا وہ جدھر سے، ہوئی وہ راہ گزر نور} نیّرِ اعظم۔ ص ۴۸
اکرم علی اختر {ذاتِ نبیؐ ہے دیدۂ اہلِ نظر میں نور} صہبائے نُور۔ ص ۶۱

محمد عاشق {دانش و داد کی سرکار حضورِ انورؐ} عقیدت کے پھول۔ ص ۱۵۱

گوہر ہوشیارپوری {ہمارے رہبر حضورِ انورؐ} آرزو حضوری کی۔ ۲۳۰

ضیاء القادری {نورِ مہِ بطحاؐ سے دل و جاں ہیں منوّر} خزینۂ بہشت۔ ص ۹۸

ضیاء القادری {دیدنی ہے احمدِ مختارؐ کا نور و ظہور} ماہنامہ نعت۔ جولائی ۸۹

راسخ عرفانی {رشکِ خورشید ہیں کشکولِ گدا کے تیور} نسیم منیٰ۔ ص ۱۲۲

حافظ پیلی بھیتی {ایک سا نور شب و روز ہے اندر باہر} نعت حافظ۔ ص ۱۳۳

داؤد آفریدی {جلوۂ نورِ نبیؐ سب میں ہے اندر باہر} شانِ احمدیؐ۔ ص ۱۷

عقیل {ہوائے گُل میں بھٹک رہی ہے جو جانِ بلبل چمن سے باہر} بستانِ نبیؐ۔ ص ۱۳۴

راجا رشید محمود {طیبہ ہے، اور نہیں کوئی اپنائیت کا شہر} شہرِ کرم (مصطفیٰ نگر)

اعظم چشتی {تابانیوں کا شہر، درخشانیوں کا شہر} ضیائے حرم، جولائی ۷۳

مسرور بدایونی {غریبوں بے کسوں کا ہے سہارا روضۂ اطہر} آیۂ رحمت۔ ص ۳۸

م س ف کریم {حرم کی ہوا ہے مطہر مطہر} ممدوحِ کردگار (قلمی) ۵۸

جمیل ملک {دائم قائم نام ہے تیرا امن، محبت، خیر} ماہنامہ نعت، فروری ۱۹۹۶

راجا رشید محمود {دنیا میں جو ہیں کرتے مدینے کا ذکرِ خیر} شہرِ کرم (مصطفیٰ نگر)

حفیظ تائب {وہ ہادیؐ جہاں جسے کہیئے جہانِ خیر} نقوش، عصری ادب نمبر (۱۳۹)

عارف رضا {بادر ہوا ہوں رحمتِ عالمؐ! نگاہِ خیر} عطا کی خوشبو۔ ص ۸۹

حفیظ تائب {سرچشمۂ عطا درِ خیرُ الوریٰؐ کی خیر} وسلّموا تسلیما۔ ص ۱۷۵

عبدالعزیز شرقی {تیرے گھر کی خیر! یا رب! تیرے دیوانوں کی خیر!} فیوضُ الحرمین۔ ص ۶۷

اصغر سودائی {مالکِ ہر دو جہاں میرا خدا خیر ہی خیر} شہِ دوسراؐ۔ ص ۵۰

افضل خاکسار {اللہ رے یہ شانِ کرم، یہ ادائے خیر} بہارِ نعت۔ ص ۱۷۷

حافظ محمد افضل فقیر {پیدا کیا خدا نے بشر کو برائے خیر} عطائے محمدؐ۔ ص ۶۵

نور صابری {کیا ہے اربابِ یقیں آب و ہوا کی تسخیر} صبحِ نور۔ ص ۱۰۹

بے چین رجپوری {کیے حضورؐ نے عدم ظلم و اجبار و نمیر، تبارک اللہُ القدیر} الرشید نعت نمبر ۹۶۶

حافظ رامپوری {رُخ و زلف پہ مبتلا ہے نذیر} دیوانِ بہارِ عرب۔ ۲۱

راجا رشید محمود {غیر آقاؐ کا جو ہے، میرا غیر} مدیحِ سرکارؐ (زیرِ طبع)

انجم وزیرآبادی {بعد از خدا ہے کون ہمارا ترے بغیر} مینائے کوثر۔ ص ۵۹

سیّد نجم نعمانی {بگڑا نصیب کس نے سنوارا ترے بغیر} قندیلِ حرم۔ ص ۷۸

اعظم چشتی {بگڑے ہوؤں کو کس نے سنوارا ترے بغیر} مخزنِ نعت۔ ص ۱۴۸

محمد اسلم مبتلا {آقاؐ کہاں ہے کوئی سہارا ترے بغیر} محفلِ سرکارؐ۔ ص ۲۲

نذیر احمد علوی {دنیا کا اور کیا ہے سہارا ترے بغیر} حدیثِ عشق۔ ص ۵۰

فیض الحسن شاہ {تشنہ تھا میرا ذوقِ تماشا ترے بغیر} ارمغانِ فیض۔ ص ۵۵

اکرم علی اختر {ہم نے نہ کی کسی کی تمنّا ترے بغیر} صہبائے نور۔ ص ۴۹

نسیم بستوی {صحنِ چمن ہے دشت و بیاباں ترے بغیر} نسیمِ طیبہ۔ ص ۱۹

اختر حیدرآبادی {انسان سب تھے دست و گریباں ترے بغیر} خواتین کی نعت گوئی، ۴۹

محسن اعظم {اے مشعلِ حریمِ رگِ جاں ترے بغیر} مخزنِ نعت۔ ص ۱۳۹

ادیب سیمابی {کوئی نہیں ہے فخرِ رسولاں ترے بغیر} شاخِ طوبیٰ۔ ص ۹۳

شمس پنسوی {ملتی نہیں ہے دولتِ ایماں ترے بغیر} تجلیاتِ شمس۔ ص ۵۹

ماہر القادری {نیکی ترے بغیر نہ ایماں ترے بغیر} ذکرِ جمیل۔ ص ۱۷۴

منیر کمال {ہوتی نہیں قبول دعائیں ترے بغیر} بارانِ رحمت۔ ص ۱۳۷

لطیف بخاری {چمکا نہ نورِ حق کا ستارا ترے بغیر} گلبنِ محمدیؐ۔ ص ۵

صوفی رہبر چشتی {بے جاں ہے شب کدے کا نظارہ ترے بغیر} رہبرِ رہبراں۔ ص ۸۸

ندیم نیازی {جہاں میں کوئی میرا نہ رہا تیرے بغیر} وما ارسلنٰک…۱۱۰

ریاض سہروردی {ملا ہے کس کو نبُوّت کا تاج تیرے بغیر} دیوانِ ریاض۔ ص ۶۸

قمر یزدانی {کون ہے فخرِ رسلؐ خیرُ البشرؐ تیرے بغیر} ساغرِ کوثر۔ ص ۹۲

اصغر سودائی {مصوّروں کے تصوّر ہیں خام تیرے بغیر} شہِ دوسراؐ۔ ص ۱۳۵

خالد کفایت {ہر صدا نامعتبر، نامہرباں تیرے بغیر} آشوبِ غم۔ ص ۲۳

قاسم الحیدری {کون ہے آنکھوں کا تارا یا نبیؐ تیرے بغیر} نعت نبی اکرمؐ۔ ص ۳

عنایت گورداسپوری {سعی فرماتے رہے سارے نبیؐ تیرے بغیر} والیِ بطحا۔ ص ۵۱

ہاشم نسیائی {کی نہ حُسنِ ذات نے جلوہ گری تیرے بغیر} خلوتِ ہاشم۔ ص ۹۱

عبدالغنی سالک {یہ مانا، کچھ نہیں دیتا کوئی خدا کے بغیر} رجائے بخشش۔ ص ۱۰۰

خالد محمود {ہے بے قرار دعا جیسے مُدّعا کے بغیر} قدم قدم سجدے۔ ص ۲۱۱

ریاض سہروردی {ملا خدا نہ کسی کو، خُدا نُما کے بغیر} دیوانِ ریاض۔ ص ۶۳

ناصر زیدی {پھلتا نہیں خرد کا شجر آپؐ کے بغیر} دربارِ رسالت۔ ص ۱۳۹

فدا الحیم کرنی {اب ہے اُداس گلشنِ جاں آپؐ کے بغیر} حدیثِ ایماں۔ ص ۹۷

سیّدہ رابعہ نہاں {ظلمت کدہ تھا سارا جہاں آپؐ کے بغیر} صبحِ تجلی۔ ص ۱۸

ماہر القادری {زندگی کچھ بھی نہیں تیری محبّت کے بغیر} ذکرِ جمیل۔ ص ۱۷۲

حنیف نازش {بندگی کچھ نہیں آقاؐ کی اطاعت کے بغیر} سخن سخن خوشبو (غیر مطبوعہ)

قمر یزدانی {لاالٰہ کہنا ہے لا حاصل محمدؐ کے بغیر} مہرِ درخشاں۔ ص ۱۵۵

نعت

زہے اوجِ شرف، مدّاحِ شاہِ دوجہاں ﷺ ہو کر
زمینِ شعر اِتراتی ہے کیا کیا آسماں ہو کر

جھپکتی ہیں نگاہیں چرخ پر انجمِ تنک ضَو کی
نظر آتا ہے ہر طیبہ کا کُوچہ کہکشاں ہو کر

رہا یوں ہی کا یوں ہی گرم بستر استراحت کا
پلٹ آیا ہے کوئی دم کے دم میں لامکاں ہو کر

رسالت پر دلالت اس سے بڑھ کر اور کیا ہو گی
شہادت سنگریزے دے چکے ہیں بے زباں ہو کر

وزیر حسین نشترؔ سندیلوی

ہر اک ذرّہ چمک اُٹھا ہے مہتابِ ضیا بن کر
فضا کو جگمگایا آپ ﷺ نے شمسُ الضحیٰ بن کے

مِرے سرکار ﷺ آئے دردِ عصیاں کی دوا بن کر
سکونِ قلبِ مضطر، غم زدوں کا آسرا بن کر

نبیؐ ہیں اور جتنے، اخترِ بُرجِ رسالت ہیں
مِرے سرکار ﷺ آئے ہیں مگر شمسُ الضحیٰ بن کر

خدا شاہد بڑی مشکل میں تھے اللہ کے بندے
کہ وہ تشریف لائے دفعتاً مُشکل کُشا بن کر

پریشانِ حوادث دیکھ کر بحرِ حوادث میں
پے تسکین اُنھی کی یاد آئی نا خدا بن کر

خلیلُ اللہؑ ہے کوئی، کلیمُ اللہؑ ہے کوئی
مگر آقا ﷺ مِرے آئے ہیں محبوبِ خدا بن کر

مُجھی پر منحصر کیا ہے شہنشاہِ زمانہ بھی
اُنھی کے آستاں پر آ رہے ہیں بے نوا بن کر

سمجھ سے ماورِ ہستی کو احسنؔ کوئی کیا سمجھے
کہ دنیا میں مِرے سرکار ﷺ آئے جانے کیا بن کر

احسنؔ مارہروی

کوئی کیا لکھے گا اُنﷺ کی سیرت و اخلاق پر
جن کا اُسوہ نقش ہے قرآن کے اوراق پر

کوئی جھوٹا انﷺ کی سچائی کو مدّھم کیا کرے
زہر اثر انداز ہو سکتا نہیں تریاق پر

کس طرح کس کس حوالے سے کریں انﷺ کی ثنا
اَن گِنت منظر ہیں انﷺ کے، فکر کے آفاق پر

انﷺ کی آلؓ اور ہر صحابیؓ پر ہوں پیہم رحمتیں
برکتیں ہوں دائمی انﷺ کے سبھی عُشّاق پر

نعت انﷺ کی شان کے شایاں کوئی لکھے گا کیا
کون اُتر سکتا ہے پُورا اُنﷺ کے استحقاق پر

اب بھی پا سکتے ہیں عاطفؔ عظمتِ گُم گشتہ ہم
گر عمل دل سے کریں، انﷺ کے دیئے اسباق پر

اخلاق عاطفؔ

مطمئن بیٹھے ہُوئے ہیں حشر کے انجام پر
بخش دے گا بخشنے والا تمھارے نام پر

اور کیا لو گے سَند پیغمبری کے کام پر
ختم کروالی نبُوّت تم نے اپنے نام پر

کیا ہو اللہ و محمدﷺ میں تمیزِ حُسن و عِشق
کوئی اُس کے نام پر نقطہ، نہ اِن کے نام پر

پوچھنا تھا حضرتِ آدمؑ! تمھیں پڑھنے کے بعد
عرش پر یہ نام ہے یا عرش ہے اِس نام پر

نظمِ پیغمبرﷺ تو دیکھو حشر تک کا انتظام
اک نہ اک موجود، وقت آئے اگر اسلام پر

میرے ساغر کی تو اے ساقی الگ پہچان ہے
بادہ خوارِ مصطفیٰﷺ لکھّا ہوا ہے جام پر

کُفر کی ظلمت مِٹی یوں مصطفیٰﷺ سے اے قمرؔ
چاند غالب آ گیا جیسے سوادِ شام پر

قمرؔ جلالوی

حیات کچھ بھی نہیں مدحتِ نبی ﷺ کے بغیر
کہاں ہے چین مجھے ایسی شاعری کے بغیر

بھلا خُدا کی محبّت میں لذّتیں ہیں کہاں
مرے نبی ﷺ کی محبّت کی چاشنی کے بغیر

ترے بغیر خدا ہم سے ہے کہاں راضی
نہیں خدا کی مشیّت تری خوشی کے بغیر

نبی ﷺ کی یاد میں رہتا ہوں ہر گھڑی مسرور
مری حیات ۔ نہیں ایسی زندگی کے بغیر

لگا لو ظاہر و باطن کی آنکھ میں سرمہ
بصیرتیں نہیں خاکِ درِ نبی ﷺ کے بغیر

خدا سے مانگ لو، ممکن نہیں ہے دردؔ ولی
نبی ﷺ کی ذات کا عرفان بے خودی کے بغیر

دردؔ کاکوروی

عالمِ انساں میں ہے جو سب سے بہتر، وہ بشر ﷺ
سب زمانے کے لیے ہے جو پیمبر، وہ بشر ﷺ

سر بسجدہ ہو کے جس نے حق سے بخشش کی طلب
شافعِ اُمّت جو ہو گا روزِ محشر، وہ بشر ﷺ

جو شبِ معراج کو پہنچا سرِ عرشِ بریں
بن کے مہمانِ عزیزِ ربِّ داور، وہ بشر ﷺ

بس کہ ناممکن ہے جس کی کاملیّت کا جواب
ہُو بہُو ہے جو صفاتِ حق کا مظہر، وہ بشر ﷺ

جانتے ہیں فخر جس کی پیروی، شاہ و گدا
جس کے آگے سرنگوں کسریٰ و قیصر، وہ بشر ﷺ

حق تعالیٰ اور ملائک جس پہ پڑھتے ہیں درود
ذکر جس کا اہلِ ایماں کے لبوں پر، وہ بشر ﷺ

لمحے لمحے نام جس کا ہو فضاؤں میں بلند
جس کا گھر ہے مومنوں کے دل کے اندر، وہ بشر ﷺ

خلق میں، کردار میں جس کا نہیں کوئی مثیل
قُلزُمِ توحید کا ہے جو شناور، وہ بشر ﷺ

کفر کی ظلمت کو بخشی جس نے تنویرِ سحر
نورِ حق سے دل کیے جس نے منور، وہ بشر ﷺ

افضل تحسینؔ

جلوؤں سے ضیا تاب ہوئے سرو و سمن اور
آپ ﷺ آئے، بہار آئی، کھلا رنگِ چمن اور

ہے شمعِ سخن عشقِ پیمبر ﷺ سے فروزاں
جذبہ ہو جو صادق تو نکھر جاتا ہے فن اور

تقدیسِ حرم پر مِرا ایمان ہے، پھر بھی
بطحا کی فضا اور ہے، طیبہ کی پھبن اور

سیراب ترے لُطف سے ہے کشتِ تمنا
بارانِ کرم مجھ پہ ہو اے شاہِ زمن ﷺ اور

نعتِ شہِ ابرار ﷺ میں لکھتا رہوں تا زیست
دے عشقِ پیمبر ﷺ جو مجھے تابِ سُخَن اور

شُہرت کا نہیں، نعت ہے بخشش کا وسیلہ
دنیا کی ہَوَس اور ہے، عُقبیٰ کی لگن اور

خاموشی و حیرت ہے یہاں عرضِ تمنّا
ہیں بارگہِ قُدس کے آدابِ سُخَن اور

ہر چند کلیمؔ اور ہے کچھ لُطفِ حضوُری
ہے نشترِ دُوری کی مگر دل میں چبھن اور

سیّد عطا حسین کلیمؔ

دیکھو آیۂ پاک کے تیور، **اِنَّآ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ**
کون ہے اُس پیارے کا ہمسر **انّا اعطینک الکوثر**

قلبِ مبارک کیسا ہو گا، وہ سینہ کیا سینہ ہو گا
سُورۂ کوثر اُتری جس پر، **انّا اعطینک الکوثر**

ان کا بھی اک ذوق ہے اپنا، ان کی بھی اک اپنی بولی
گنبدِ خضرا، پڑھیں کبوتر، **انّا اعطینک الکوثر**

اس کی یادوں کا کیا کہنا، یادیں اس کی مہکیں اندر
اس کے نام سے روح معطّر، **انّا اعطینک الکوثر**

اپنے اپنے جُھنڈ کی جانب شام ڈھلے اور لوٹیں پنچھی
وِرد پکاتے دوشِ ہوا پر **انّا اعطینک الکوثر**

ان کے ہاتھ پہ ہاتھ خدا کا، مولا بھی ہیں نور اسی کا
جھوٹ نہیں ہے بال برابر **انّا اعطینک الکوثر**

مجھ کو تو یہ ربط ہے کافی، مجھ کو تو یہ دھیان بہت ہے
اے دل جو تو چاہے تو کر، **انّا اعطینک الکوثر**

دن گزریں دن گنتے اپنے، دیکھیں کب سرکار ﷺ بلائیں
کب پہنچیں پڑھتے اس در پر **اِنَّآ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ**

بشیر احمد بشیرؔ

صُورتِ نعت ہے خوشبوؤں کا گذر ان کی دہلیز پر
کتنی شاداب ہے میری شاخِ نظر ان کی دہلیز پر

ریگزاروں سے سُورج ہُویدا ہُوا علم و ادراک کا
جسم و جاں پر کُھلے رازہائے ہنر ان کی دہلیز پر

در بدر کے معانی بدل دیتی ہے ایک چشمِ کرم
عجز و آداب ملحوظ رہ جائیں گر ان کی دہلیز پر

چاند حُبِّ نبی ﷺ کا ہے جب سے خیالوں کے افلاک پر
میری ہر رات کی ہو رہی ہے سحر ان کی دہلیز پر

حاضری کے دیے جب بھی دیتے ہیں اُمید کی روشنی
میں تصوّر میں ہوتا ہوں با چشمِ تر ان کی دہلیز پر

شہرِ طیبہ میں ہر آنے والے مسافر کو تکتا رہوں
کون مل جائے کس بھیس میں، کیا خبر، ان کی دہلیز پر

آگہی سے شناسائی کا یہ بھرم ان کی نظرِ کرم
بے خبر جانے والے ہوئے با خبر ان کی دہلیز پر

رئیسؔ احمد

آئے وہ حرفِ معتبر میری زبان پر
جائے صدا درود کی پھر آسمان پر

مقصد یہ ہے کہ نعتِ حبیبِ خدا ﷺ کہوں
مُہرِ ثبات ثبت ہو حُسنِ بیان پر

قرآں کی آیتیں اُسی پیکر میں ڈھل گئیں
سایہ کیا ہے جس نے زمان و مکان پر

سُورج پلٹ کے اس کی گواہی کو آ گیا
اُنگلی اٹھائی جس نے اُفُق کی کمان پر

گردن میں طوقِ عشقِ محمد ﷺ سدا رہے
نکلے جو دم مِرا تو اسی آستان پر

ایسے بھی عاشقانِ نُبُوّت جہاں میں ہیں
مقتل کی سمت آئے جو پہلی اذان پر

میں نے کہاں کا اجرِ رسالت ادا کیا
باقی ہے قرض اس کا حسنؔ میری جان پر

حسنؔ عسکری کاظمی

چمک اُٹھا زمانہ، جگمگایا گام گام آخر
رسالت کے فلک پر آ گیا ماہِ تمام آخر

فلک کو دیکھتی رہتی تھی مظلوموں کی ہر بستی
گھٹا رحمت کی چھائی، بن گئے دنیا کے کام آخر

نہیں ممکن چراغ و نُور میں کچھ بُعد یا پردہ
ہُوئے معراج میں اس شان سے وہ یک مقام آخر

اُڑا لی کہکشاں نے خاک جن کے نعلِ مرکب کی
فقط ایمان سے جانا گیا انﷺ کا مقام آخر

وہﷺ نُورِ اوّلیں بھی ہیں، رسولِ آخریں بھی ہیں
ہیں اک معراج اپنے آپ میں خیرُ الانامﷺ آخر

انہیﷺ کے واسطے سے ہے ہمرا معبود سے رشتہ
انہیﷺ کی ذات سے ہیں خلق و خالق ہمکلام آخر

وہﷺ یاد آئیں تو دل پر سُورۂ قرآں اُتر آئے
کلامُ اللہ بھی تو ان کا ہے قول و پیام آخر

سیّد افتخار حیدر

ہم آ رہے ہیں گُلشن بے خار دیکھ کر
یعنی دیارِ احمدِ مختارﷺ دیکھ کر

اپنا لیا ہے رحمتِ پروردگار نے
مجھ کو غلامِ سیّدِ ابرارﷺ دیکھ کر

قصّہ کلیمؑ و طُور کا یاد آ گیا مجھے
تنویرِ رُوئے احمدِ مختارﷺ دیکھ کر

دل میں ہُوں عشقِ ساقیٔ کوثرﷺ لئے ہوئے
مجھ کو سنبھالنا مرے غم خوار دیکھ کر

اُن کے رُخِ جمیل کا ممکن نہیں جواب
سو بار دیکھیے اُنہیں اک بار دیکھ کر

چلتا ہے اِس سے شانِ محمدﷺ کا کچھ پتا
روح الامینؑ کو غاشیہ بردار دیکھ کر

اک ساعتِ قلیل میں عرشِ بریں کی سیر
شرمندہ برق ہے تری رفتار دیکھ کر

احسانؔ کون جائے دیارِ رسولﷺ سے
بیٹھے ہیں اُن کا سایۂ دیوار دیکھ کر

احسان الحق فاروقی

پھلتا نہیں خرد کا شجر آپ ﷺ کے بغیر
ملتی نہیں متاعِ ہُنر آپ ﷺ کے بغیر

ہمراہ آپ ﷺ لائے صداقت کی روشنی
ممکن نہ تھا وجودِ سحر آپ ﷺ کے بغیر

جُز آپ ﷺ کے جہان میں ممکن نہیں گزر
دشوار آخرت کا سفر آپ ﷺ کے بغیر

دنیا و دیں کی آخری منزل ہیں آپ ﷺ ہی
کیسے ہو طے یہ راہ گزر آپ ﷺ کے بغیر

حق سے نہ ملتے آپ ﷺ تو اے پیکرِ رموز
آتی کہاں سے کوئی خبر آپ ﷺ کے بغیر

جو مرضیٔ خدا، وہی مرضی ہے آپ ﷺ کی
کیا پا سکے گا کوئی بشر آپ ﷺ کے بغیر

یاد آئی آپ ﷺ کی تو گلستاں سا کھل گیا
ویراں تھا میرے دل کا نگر آپ ﷺ کے بغیر

وابستہ ہر اُمید ہے ناصؔر کی آپ ﷺ سے
کیسا سکونِ قلب و نظر آپ ﷺ کے بغیر

ناصؔر زیدی

ہے مدحتِ احمد ﷺ میں رسا طرزِ بیاں اور
اِس صنف میں ہو طبع رواں کیوں نہ رواں اور

میں دیدۂ پُرنم لیے روضے پہ ہوں حاضر
یہ سچ ہے کہ ہوتی ہے ندامت کی زباں اور

ہر لمحہ یہاں ہوتی ہے انوار کی بارش
یہ شہرِ مدینہ ہے، یہاں کا ہے سماں اور

عاصی ہوں، بجُز سایۂ دامانِ محمد ﷺ
دنیا میں نہیں میرے لیے جائے اماں اور

پُرکیف فضا سارے مدینے کی ہے، لیکن
ان آنکھوں میں ہے گنبدِ خضرا کا سماں اور

یکتا دو جہاں میں ہے تری ذاتِ گرامی
ہے کون و مکاں میں کوئی تجھ جیسا کہاں اور؟

تسکینِ دل و جاں بھی ہے ملتی اسی در سے
اس در کو کوئی چھوڑ کے پھر جائے کہاں اور

کعبہ بھی نظر میں ہے، مدینہ بھی نظر میں
تھا لیثؔ وہاں اور، نہ ہے لیثؔ یہاں اور

لیث قریشی

ہر اک ذرّہ نہ کیوں چمکے متاعِ دو جہاں ہو کر
کوئی تشریف لایا ہے خدا کا ترجماں ہو کر

کہیں خاموشیاں بن کر کلیجے میں سماتی ہیں
کہیں گونجی ہے ان کی بات تاثیرِ اذاں ہو کر

ہر اک غُنچہ برنگِ گُل ادب سے مسکراتا ہے
چمن میں کون آ پہنچا بہاروں کی زباں ہو کر

غبارِ راہِ طیبہ آنکھ میں آئے تو گُل بن کر
کلیجے میں اُتر آئے مگر بے تابیاں ہو کر

کسی دن تو کرم ہو گا ہوائے کوئے طیبہ کا
کبھی تو حاضری ہو گی غبارِ کارواں ہو کر

اُنھی کی نعتِ والا ہے، اُنھی کی نذر ہوتی ہے
کسی کو کیا سناؤں مستقیمؔ خوش بیاں ہو کر

حافظ محمد مستقیم

ہُوں دُور آپ سے، دل کو نہیں قرار حضور ﷺ
مدینے آؤں، تمنّا ہے بار بار حضور ﷺ

بصد خلُوص درود و سلام کے تحفے
خدا نے آپ کو بھیجے ہیں بار بار حضور ﷺ

خدا کے جملہ صفات آپ ﷺ نے بتائے ہیں
خدا کا آپ نے بخشا ہے اعتبار حضور ﷺ

بقیدِ عُمر سرِ مُو نہ اس میں فرق آئے
حضور ﷺ ہی کی اطاعت رہے شعار حضور ﷺ

شفاعت آپ ﷺ ہی فرمائیں گے بروزِ حساب
ہو مجھ سے اپنے گناہوں کا کیا شمار حضور ﷺ

حضور ﷺ کا ہے کرم، خود کھنچا چلا آیا
درِ حضور پہ، مجھ سا گناہ گار حضور ﷺ

مدینہ جنّتِ ارضی ہے، شک نہیں اس میں
قدم قدم پہ ہے پیشِ نظر بہار حضور ﷺ

درِ حضور ﷺ پہ پھر آؤں اور سلام پڑھوں
وہ دن کب آئے گا، جس کا ہے انتظار حضور ﷺ

یہ آرزو ہے، چلے اب کے سر کے بل راغبؔ
نصیب اگر ہو مدینے کی رہ گزار حضور ﷺ

راغبؔ مراد آبادی

فدا سو جان سے ہوں کیوں نہ اُس شمعِ رسالت پر
نوازش جس کی رہتی ہو ہمیشہ حالِ اُمّت پر

ملائک، حُور و غلماں ہو گئے سو جان سے شیدا
پڑی جس کی نظر اک بار اس ماہِ نبوّت پر

کہا وقتِ تولّد "اُمّتی یا اُمّتی" کس نے
کمر باندھی بھلا یُوں کس نبی ﷺ نے ہے شفاعت پر

بیاں میں کیا کروں تعریف اُس کے حُسنِ زیبا کی
ہُوا عاشق خدائے پاک ہے خود اس کی صورت پر

کیا شقُّ القمر جس نے کہ انگشتِ شہادت سے
میں ہوں روزِ ازل سے شیفتہ اُس ماہ طلعت پر

نہ کچھ روزِ جزا کے خوف سے تم دل میں حیراں ہو
بھروسا عاصیو رکھو محمد ﷺ کی شفاعت پر

تڑپتا ہوں تپِ دُوری سے ہر لحظہ شہِ عالم ﷺ
کرو بہرِ خدا اب تو نظر میری مصیبت پر

اڑا کر تُو ہی لے جا اے صبا مجھ کو مدینہ میں
ترس کھانا مناسب ہے تجھے میری نقاہت پر

داؤد آفریدی

ہے شام وہاں اور، وہاں کی ہے سحر اور
طیبہ کی فضاؤں کا ہے رنگ اور اثر اور

اس در کا، کرشمہ جو نہیں ہے تو یہ کیا ہے
ہوتا ہے سرافراز جو جھکتا ہے یہ سر اور

وہ شہر مدینہ کہ ہے رحمت کا خزینہ
ہے اُس کا شجر اور، ہَوا اور، ثمر اور

وہ ذات کہ جس پر بشریّت بھی کرے ناز
ہو گا نہ زمانے میں کوئی ایسا بشر اور

وہ قلب منوّر ہے کہ جس میں ہے تری ﷺ یاد
فرقت میں جو ہوتے ہیں لہو، وہ ہیں جگر اور

اللہ کرم! مجھ پہ کبھی چشمِ عنایت
کب تک رہی ہو گی غمِ فرقت میں بسر اور

اے بادِ صبا! مجھ کو بھی سینے سے لگا لے
طیبہ سے جو آئی تو یہاں سے بھی گزر اور

اے رحمتِ عالم ﷺ یہ ندیمؔ آپ کے قرباں
پیدا ہو رہی نعت میں مدحت کا اثر اور

ندیم نیازی (عیسیٰ خیلوی)

نبی ﷺ آئے جہاں میں رحمۃٌ للعالمیں ہو کر
سراج السّالکیں بن کر شفیعُ المذنبیں ہو کر

یکایک سب اندھیرے چھٹ گئے کُفر و ضلالت کے
عطا کی روشنی ذروں کو شمسُ المرسلیں ہو کر

سبق عرفاں کے وہ دیتے رہے اپنے پرائے کو
کہیں بن کر حرا کی ضو، کہیں حَبل المتیں ہو کر

غریبوں کی محبّت میں گزاری زندگی اپنی
محمد مصطفیٰ ﷺ نے صاحبِ تاج و نگیں ہو کر

جو اُن کی پیروی سے منزلِ مقصود تک پہنچے
وہ دنیا میں چمک اٹھے امیرُ المؤمنیں ہو کر

میں اُن کی مدح کیا لکھوں جنھوں نے عرش پر طالؔق
شرف پایا ہے ممدوحِ الٰہ العالمیں ہو کر

طالؔق ہمدانی

جھکتے ہیں شرق و غرب کے سرور ترے ﷺ حضور
دل میں ہے عرضِ شوق کا محشر ترے ﷺ حضور

یہ واقعہ ہے معجزہ ہستی کے واسطے
بولے زبانِ حال سے کنکر ترے ﷺ حضور

گُلہائے نعت کا لیے اک ارمغانِ شوق
پہنچوں ہوا کے دوش پر اُڑ کر ترے ﷺ حضور

تقسیمِ عدل و امن و مُساوات کے لئے
حاضر ہوئے ہیں دہر کے رہبر ترے ﷺ حضور

میرا بھی دل ہو گنبدِ خضرا سے فیض یاب
اے کاش! پہنچے بندۂ کمتر ترے ﷺ حضور

باغِ جہاں کی سیر کا کیا فائدہ اُسے
نازؔش کا قلب ہو جو معتبر ترے ﷺ حضور

غلام زبیر نازؔش

اب عرش سے اُترے گا صحیفہ نہ کوئی اور
تجھ سا کوئی آیا ہے نہ آئے گا نبی اور

سرچشمۂ الطاف و کرم ذات ہے جس کی
ایسا کوئی دیکھا نہیں دنیا نے سخی اور

وہ ختمِ رُسُل ﷺ چارہ گرِ درد ہے میرا
کیا کوئی کرے گا مری اب چارہ گری اور

معراجِ محبّت ہے مدینے کی زیارت
جُز اس کے نہیں دل میں تمنّا ہی کوئی اور

آنکھوں میں بسے گنبدِ خضریٰ کے مناظر
تقدیسِ عبادت میں نظر ڈوب گئی اور

جب سے شہِ بطحا ﷺ کی نظر مجھ پہ ہوئی ہے
جذباتِ دلی اور ہیں، جذباتِ نظر اور

ہر سمت نظر آتے ہیں انوار ہی انوار
دیکھا جو مدینہ تو یہ دنیا ہی لگی اور

جو بات کہی تو ﷺ نے وہی بات ہے سچی
اللہ نے کہی اور نہ قرآں نے کہی اور

طفیلؔ ہوشیارپوری

ہے لوحِ قلب پر آقا ﷺ کی چاہ کی تصویر
مرا عقیدہ رسالت پناہ ﷺ کی توقیر

اُنہی کے دم سے ہُوا ہے مرا وجود، وجود
ہے اُن کے نور سے میری نگاہ کی تنویر

جو دوستو، ہے تمہیں عمرِ جاوداں درکار
ہے خاک شہرِ حبیبِ الٰہ ﷺ کی اکسیر

خدا کا مجھ پہ کرم ہے، نبی ﷺ کی رحمت ہے
ہُوئی نہ مجھ سے کبھی جلبِ جاہ کی تقصیر

نبی ﷺ کا عشق دلوں سے نکل نہیں سکتا
عبث کسی کی ہے شام و پگاہ کی تقریر

سپردِ کی مجھے خالق نے نعت کی خدمت
ہُوئی ہے آپ ہی اعزاز و جاہ کی تدبیر

کبھی خیال میں آیا جو گنبدِ خضرا
چمک اٹھی وہیں بختِ سیاہ کی تقدیر

فقط ارادۂ محبوب ﷺ، رجعتِ خورشید
فقط اشارۂ سرکار ﷺ، ماہ کی تسخیر

ہے رہ گزارِ مدینہ سے رہ گزارِ بہشت
خدا نے کی ہے خود اس شاہراہ کی تعمیر

کرم پھر آج ہے اُن کا کہ نعت کہتا ہوں
پھر آج دیکھیے محمودؔ آہ کی تاثیر

راجا رشید محمودؔ

(نعت صنعتِ ذُوقافیتین میں ہے)

پا در ہوا ہوں رحمتِ عالم ﷺ! نگاہِ خیر
اس بے بسی میں مجھ کو عطا ہو پناہِ خیر

صحرا کی وسعتوں میں تپش جاں گداز ہے
آقائے نامدار ﷺ! عطا ہو گیاہِ خیر

مولائے کائنات ﷺ کی بے کس نوازیاں
اس انکساری میں بھی ملی ہے کلاہِ خیر

وہ کربِ جاں مُخِل کہ مری جاں ہے بے قرار
ہے التجا کہ مجھ کو ملے لطفِ آہِ خیر

میں بحرِ سوزِ جاں کے کنارے پہ ہوں کھڑا
امواجِ بے لگام پہ ہو دستگاہِ خیر

آقا! ﷺ عطا ہوں گنبدِ خضرا کی تابشیں
ہر دم نگاہ میں ہو مرے بارگاہِ خیر

ممکن ہے زندگی میں ملے اعتبارِ دید
ممکن ہے مل سکے کبھی وہ راہِ شاہِ خیر ﷺ

ہو آشنائے لذّتِ قربِ حضور ﷺ کاش
حاصل کبھی رضا کو ہو، آماجگاہِ خیر

عارف رضا

عبودیت میں بھی اک رحمتِ تمام حضور ﷺ
ہیں سرورانِ ازل مقتدی، امام حضور ﷺ

کہاں سے آپ کی مدحت میں پختگی لاؤں
میں خام اور مرا ذکر و فکر خام، حضور ﷺ

کتابِ ہست کا عنواں خدا کے نام کے بعد
ہے کوئی نام تو ہے آپ ہی کا نام حضور ﷺ

جو چاہو گردشِ دوراں کی نبض تھم جائے
تمہارے ہاتھوں میں ہے وقت کی زمام حضور ﷺ

جہاں میں آپ کے حُسنِ عمل کی خوشبو سے
مہک رہے ہیں خیابانِ صبح و شام حضور ﷺ

کنیزیں آپ کے گھر کی ہیں عزّت و توقیر
غلام آپ کے در کا ہے احترام حضور ﷺ

مچل رہا ہے جو سینے میں حاضری کے لئے
قبول کیجئے اُس شوق کا سلام حضور ﷺ

حقیر ذرّے کو کیا آفتاب سے نسبت
کہوں یہ کیسے کہ ہوں آپ کا غلام حضور ﷺ

اثر لودھیانوی

چلا جہان سے ارمانِ مصطفیٰ ﷺ لے کر
خدا کے سامنے جاتا میں اور کیا لے کر

مزا تو جب ہے، عبادت بھی ہو مزا لے کر
خدا کو یاد کرو نامِ مصطفیٰ ﷺ لے کر

خدا کے در سے نہ جائے گا نامراد کبھی
جو آئے نامِ محمد ﷺ کا واسطہ لے کر

مروں تمہارے تصوّر میں یا رسولَ اللہ ﷺ
اُٹھوں تمہاری محبّت کا آسرا لے کر

خدا کی رحمتیں خود آئیں پیشوائی کو
چلا جو سُوئے خدا نامِ مصطفیٰ ﷺ لے کر

تکیں گے حشر میں سب آسرا شفاعت کا
شفاعت آئے گی خُود ان کا آسرا لے کر

خدا کرے تمہی بن جاؤ مُدّعا میرا
تمہارے سامنے کیا آؤں مُدّعا لے کر

غزل میں کیوں نہ ہو ارمان بارشِ الہام
شروع کی ہے غزل نامِ مصطفیٰ ﷺ لے کر

ارمان اکبر آبادی

ہوتی نہیں قبول دعائیں ترے بغیر
بے سُود و بے اثر ہیں صدائیں ترے بغیر

کوئی نہیں، جو تیرے سوا چارہ ساز ہو
کس کو ہم اپنا درد سنائیں ترے بغیر

سوچوں میں بھی اندھیرا، ارادوں میں بھی دُھواں
گھیرے ہُوئے ہیں کالی بَلائیں ترے بغیر

ہم بے نوا کھڑے ہیں ترے انتظار میں
سُنتا ہے اپنی کون ندائیں ترے بغیر

پانی کا قطرہ قطرہ ترے حکم کا عمیل
بے فیض و بے فروغ گھٹائیں ترے بغیر

جب تو ہی سوز و سازِ عمل، تو ہی زندگی
کیا زندگی کا لُطف اُٹھائیں ترے بغیر

اے باعثِ وجودِ جہاں، تیری رحمتیں
آئیں ترے بغیر، نہ جائیں ترے بغیر

تو دو جہاں کے لطف و کرم کا مدیر ہے
بے سود دو جہاں کی عطائیں ترے بغیر

منیر کمال

ہو رہا ہے منتشر شیرازۂ اُمت حضور ﷺ
دہر کو درکار ہے پھر آپ کی رحمت حضور ﷺ

روشنی کے تھے مسافر، ظلمتوں میں کھو گئے
پارہ پارہ ہو گئی اسلام کی وحدت حضور ﷺ

عرصہ محشر میں ہیں ہم، کیجیے چشم کرم
پھر عطا کر دیجیے اسلاف کی عظمت حضور ﷺ

سورج اُلٹے پاؤں پلٹا، چاند دو ٹکڑے ہُوا
آپ ﷺ کی سی دی کے اللہ نے قدرت حضور ﷺ

جس پریشاں حال انساں کو نوازا آپ ﷺ نے
اس سے بڑھ کر کون ہے دنیا میں خوش قسمت حضور ﷺ

آپ ﷺ آئے تو کِھلی پژمُردہ روحِ زندگی
زینتِ کون و مکاں ہے آپ کی بعثت حضور ﷺ

دیدِ شہرِ شوق ہو جو مُدعائے قلب و جاں
پھر گوارا کس طرح طیبہ کی ہو فرقت حضور ﷺ

محمد اکرم رضاؔ

مصطفیٰ یا مصطفیٰ یا مصطفیٰ ﷺ شام و سحر
رہتا ہے لب پر مرے صَلِّ عَلیٰ شام و سحر

ہو گا جس محفل میں ذکرِ مصطفیٰ ﷺ شام و سحر
زندگی جھُومے گی، آئے گا مزا شام و سحر

لکھ سکا ہرگز نہ مَیں شایانِ شانِ مصطفیٰ ﷺ
یوں تو کاغذ پر قلم چلتا رہا شام و سحر

محفلِ نعتِ نبی ﷺ سے گھر کو روشن کیجیے
کیجیے پیارے نبی ﷺ کا تذکرہ شام و سحر

رحمتہ للعالمیں ﷺ ہی بخشوائیں گے ہمیں
ہم اگر مانگیں شفاعت کی دعا شام و سحر

ہیچ ہیں اب ہیچ دنیا کی یہ ساری رونقیں
ہیں تصوُّر میں جو وہ جلوہ نما شام و سحر

اُن کے صدقے میں دعا مقبول اُس کی کیوں نہ ہو
وہ جو دیتا ہے نبی ﷺ کا واسطہ شام و سحر

یہ کرم ان کا ہے حیرتؔ، جو نبھاتے ہیں ہمیں
عاصیوں کو کون ورنہ پوچھتا شام و سحر

حیرتؔ الٰہ آبادی

مہک اُٹھے مرا ہر حرف مُشک بُو ہو کر
قلم جو ان کا لکھے وصف قبلہ رُو ہو کر

خیال بھی ہو جو اُن کا تو دست بستہ ہو
اِدھر نگاہ بھی اُٹھے تو باوضو ہو کر

یہی ہے ان کے کرم سے اب آرزو میری
کہ میری عمر کٹے ان کی آرزو ہو کر

الٰہی میں بھی وہاں ہوں، جہاں ہوئی تقسیم
مئے مَحبتِ مولا ﷺ سبُو سبُو ہو کر

ہُوں روسیاہ، اگر مجھ پہ لطف ہو جائے
درِ حبیب ﷺ پہ جاؤں میں سُرخرُو ہو کر

ازل ابد کے سبھی راز جن پہ فاش ہوئے
ملے جو عرش پہ خالق سے دوبدو ہو کر

اس آرزو میں کہ مل جائے خاکِ پا ان کی
صبا کی طرح پھروں وقفِ جستجو ہو کر

پروفیسر صوفی عبدالرشید

علاجِ ظُلمتِ کونین ساتھ لائے حضور ﷺ
عجب اُجالا جہاں میں ہُوا، جب آئے حضور ﷺ

خوشا نصیب یہ نسبت میانِ شاہ و گدا
حضورؐ میرے شہنشاہ، مَیں گدائے حضور ﷺ

زمانے اور یہ سب سلسلے زمانوں کے
حیات کے سحر و شام سب برائے حضور ﷺ

زمیں کا ذکر ہی کیا، یہ حضورؐ کا رتبہ
کہ عرش ناز کرے آ کے زیرِ پائے حضور ﷺ

ازل کی صبح سے لے کر ابد کی شام تلک
رہے گی زینتِ گوشِ جہاں صدائے حضور ﷺ

عجب حضورؐ کی باتیں عجب حضورؐ کے وصف
کہ خود خدا بھی ہے گرویدہ ادائے حضور ﷺ

کرم کی رَوشنیاں کیجئے مرے آقا ﷺ
کہ آ رہے ہیں سروں پر غموں کے سائے حضور ﷺ

حضور ﷺ آپ کا در چھوڑنا نہیں ممکن
کرے گا کون شَفاعت مری سوائے حضور ﷺ

نہاں اسی میں ہیں جعفر بلندیاں میری
مجھے یہ فخر بہت، مَیں ہوں خاکِ پائے محمد ﷺ

جعفر شیرازی

ہے اُن کی محبّت کی ہر اک شے بخدا نور
غم نور، خوشی نور، شفا نور، قضا نور

پُرنور ہے ہر چیز مدینے کی الٰہی
دن ایک طرف، رات کی بھی یاں ہے فضا نور

ہر لحظہ اُترتے ہیں ملک خُلد و ارم سے
ہر لحظہ نظر آتا ہے طیبہ میں نیا نور

اِس ارض مقدس کی ہے ہر بات میں اک بات
داتا کا کرم نور، فقیروں کی صدا نور

پامال جو ہو جاتے ہیں ان قدموں سے ذرّے
ان ذرّوں کے آگے مہ و خورشید کا کیا نور

کوُچے نہیں جنّت کے، مدینہ کی ہیں گلیاں
ہے خاک میں حُوروں کی صباحت سے سوا نور

اللہ غنی، درگہِ سرکارِ دو عالم ﷺ
منگتوں کی ہے جھولی میں اسی در نے بھرا نور

دنیا میں اجالا ہے فقط نُورِ نبی ﷺ سے
ہے شمسؔ کو اس نور کے صدقے میں ملا نور

شمسؔ مینسوی

ضمانتِ سحرِ خوش نوا حضور ﷺ کا ذکر
امانتِ نظرِ دل رُبا حضور ﷺ کا ذکر

صباحتِ گُل و لالہ گواہی دیتی ہے
قسم خدا کی، ہے راحت فزا حضور ﷺ کا ذکر

قبائے لالہ و گُل یا خرامِ موجِ سحر
نفس نفس ہے سدا خوش ادا حضور ﷺ کا ذکر

قرارِ قلبِ تپاں، انبساطِ غم زدگاں
علامت خبرِ دل کُشا حضور ﷺ کا ذکر

چراغِ خانۂ امکاں، دلیلِ صبحِ نشاط
متاعِ محفلِ اہلِ وفا حضور ﷺ کا ذکر

یہ اور بات، مری آنکھ بھیگ جاتی ہے
ہمیشہ وجہِ مسرّت رہا حضور ﷺ کا ذکر

گلیم بُوذرؓ و سلماںؓ کہ شانِ اہلِ حشم
ازل سے تا بہ ابد ہے عطا حضور ﷺ کا ذکر

سعیدؔ وجد میں تھی محفلِ حیات و ممات
زباں سے میری ہُوا جب ادا حضور ﷺ کا ذکر

سعیدؔ وارثی

چلا ہوں جانبِ بطحا، سراپا آرزو ہو کر
مری آنکھوں سے آنسو ہیں رواں، دل کا لہو ہو کر

عقائد کے خرابے میں، عمل کے دشتِ ویراں میں
حضور ﷺ آئے گھٹا بن کر، ہوائے مشکبو ہو کر

گلِ انسانیت مُرجھا چکا تھا کشتِ عالم میں
حضور ﷺ آئے یہاں فصلِ بہارِ رنگ و بو ہو کر

مدینے کے معطّر سے ہے دامانِ صبا مشکیں
اگرچہ آئی ہے وہ جابجا اور کوبکو ہو کر

ملی اس کُرۂ خاکی میں مجھ کو راہ جنّت کی
حرم کے کُرۂ گنبد کے اکثر روبرو ہو کر

اطاعت احمدِ مرسل ﷺ کی گر میرا مقدّر ہو
ملے دنیا مجھے، جنّت کا عکسِ ہوبہو ہو کر

عجب صدمہ ملا ہے، مجھ کو یارو، زندگی بھر کا
کہ لوٹ آیا ہوں زندہ، جالیوں کے روبرو ہو کر

لالۂ صحرائی

اے دیدۂ نم عشقِ پیمبر ﷺ میں ہو نم اور
سامانِ کرم ہو گا اسی طرح بہم اور

ہے جُود و سخاوت میں بہت شہرۂ حاتم
لیکن شہِ کونین ﷺ کی ہے شانِ کرم اور

اے لات و منات اور ہُبل توڑنے والے
اُمّت نے تری آج تراشے ہیں صنم اور

سُنّت کے ہیں پیرو، نہ ہیں قرآن پہ عامل
اب فکر و نظر اور ہیں، دل اور، حرم اور

یوں بیٹھ نہ جی چھوڑ کے، اے عزمِ زیارت
وہ سامنے دربار ہے، دو چار قدم اور

میں روضۂ سرکار ﷺ پہ پہنچوں تو اجل آئے
اے صاحبِ اکرام! ہو بس اتنا کرم اور

یہ مرحلۂ نعتِ شہِ کون و مکاں ﷺ ہے
درکار ہیں اس کے لیئے قرطاس و قلم اور

خود آپ جو کہ دیں اسے اپنا، مرے آقا ﷺ!
یزدانی کا بڑھ جائے زمانے میں بھرم اور

یزدانی جالندھری

لَا اِلٰہ کہنا ہے لاحاصل محمد ﷺ کے بغیر
مل نہیں سکتی رہِ منزل محمد ﷺ کے بغیر

لاکھ کوشش بھی کرے انسان دنیا میں مگر
رب سے ہو سکتا نہیں واصل محمد ﷺ کے بغیر

ہر طرف ویرانیاں چھائی ہُوئی تھیں دہر میں
سُونی تھی یہ بزمِ آب و گِل محمد ﷺ کے بغیر

ہر بشر اندیشۂ طوفان سے دوچار تھا
دُور تھا ہر گوشۂ ساحل محمد ﷺ کے بغیر

پیکرِ وہم و گماں، یہ بحرِ ہستی کا حباب
کیسے بنتا بندۂ کامل محمد ﷺ کے بغیر

خاک کا پُتلا رہا ساجد حضورِ سنگ و خشت
مُدّعائے زیست سے غافل محمد ﷺ کے بغیر

وجہِ تسکینِ دلِ عاشق ہے دیدارِ حبیب ﷺ
چین پا سکتا نہیں یہ دل محمد ﷺ کے بغیر

آرزوئے دید ہے میری نگاہِ شوق کو
ہے قمرؔ اک طائرِ بسمل محمد ﷺ کے بغیر

قمرؔ یزدانی

مدینے کا خیال آیا، چلوں یوں سر بہ سر بن کر
کہ جیسے جا رہا ہوں میں سفیرِ بحر و بر بن کر

کسی نے ہم سے جب پوچھا، تمھاری زندگی کیا ہے
زباں پر کلمۂ احمد ﷺ تھا شرحِ مختصر بن کر

محمد ﷺ صاحبِ معراج ہیں منزل بھی، رہبر بھی
بُلاتے ہیں وہ ہر انسان کو شمس و قمر بن کر

محمد ﷺ نقطۂ ایماں، محمد ﷺ محورِ ایماں
محمد ﷺ مرضیٔ داور ہیں نطقِ معتبر بن کر

"محمد ﷺ شمعِ محفل بُود شب جائے کہ من بُودم"
گنہگاروں کی صورت تھا مگر میں نوحہ گر بن کر

اندھیروں میں خدا کو ڈھونڈتی پھرتی تھی یہ دنیا
محمد ﷺ دینِ حق لے آئے دنیا میں سحر بن کر

اِدھر ہم نے دعا کی، اور اُدھر بابِ اثر وا تھا
دُعائے قلبِ مومن میں وہ رہتے ہیں اثر بن کر

مدینہ کُوئے جاناں ہے اگر جانا تو یوں جانا
سراپا التجا بن کر، عقیدت سر بہ سر بن کر

زمانہ جا رہا ہے آہ سُوئے ارتقا نوری
دلِ مومن میں رہتے ہیں وہ خود عزمِ سفر بن کر

کرّار نوری

جب ہوئی تخلیق و تکمیلِ جہاں تیرے حضور
کوئی شے کیوں ہو بھلا تجھ سے نہاں تیرے حضور

تیرا کوچہ ہے سبھی کے واسطے دارالسّلام
ہر شکستہ دل کو ملتی ہے اماں تیرے حضور

نعت گوئی کی تمنّا یوں تو ہے دل کو، مگر
نعت ہو ایسی جو ہو شایانِ شاں تیرے حضور

کھول کر کھڑکی ترے دربار کو تکتا رہوں
کاش مل جائے مدینے میں مکاں تیرے حضور

ہے سکوں کتنا تری دیوار کے سائے تلے
بھول جاتے ہیں غمِ سود و زیاں تیرے حضور

کچھ نہیں دامن میں عادلؔ کے، ندامت کے سوا
پیش ہے یہ آج تیرا نعت خواں تیرے حضور

وہاب عادلؔ

دانش و داد کی سرکار حضورِ انورﷺ
عدل و انصاف کا معیار حضورِ انورﷺ

فکر و احساس کی معراج اجالا تیرا
تابشِ مطلعِ انوار حضورِ انورﷺ

عقل کا مایہ و سرمایہ تدبّر تیرا
عشق کی دولتِ بیدار حضورِ انورﷺ

بیکراں بخششِ پیہم کا بیاں ناممکن
رُوِشِ ابرِ گہُر بار حضورِ انورﷺ

نو بہاروں کو گُل افشانی سکھانے والا
ہے ترا شیوۂ گفتار حضورِ انورﷺ

تجھ سے اخلاق نے، تہذیب نے عزّت پائی
تجھ سے قائم ہوئیں اقدار حضورِ انورﷺ

زیرِ دستوں کا غلاموں کا ہے عاشق بے شک
خواجہ و آقا و سردار حضورِ انورﷺ

محمد عاشقؔ

معراج کا جو ذکر بھی آیا زبان پر
پہنچی زمین اُڑتی ہوئی آسمان پر

طائر تو کیا کہ جنّ و ملک دنگ رہ گئے
بے بال و پر بشر کی اس اونچی اڑان پر

بے مثل اس سفر کا اب احوال کیا کہیں
تالے پڑے ہوئے ہیں زبان و بیان پر

لمحے کی ایک جست میں لیکن جو طے کرے
اس کا حقیقتاً ہے تسلّط زمان پر

جبریلؑ کو بھی ساتھ نہ پا کر کسی جگہ
کیوں جانے ہنس دیا تھا مکیں لامکاں پر

اک شاہدِ ازل کی طرح ان غیوب میں
ڈالی نگاہ غیب کے اک اک نشان پر

اصغر علی شاہ

پسِ پردہ رہے مقصودِ ربُّ العالمیں ہو کر
بشر کی شکل میں آئے وہ اک نُورِ مبیں ہو کر

حقیقت میں نبوت آپ ﷺ ہی پر ختم ہونی تھی
حضور ﷺ آخر میں ہی آئے نبیؐ اوّلیں ہو کر

خدا کا نام اپنے ساتھ رکھّا، یا فقط کملی
نہ رکھا کوئی ساماں شاہِ افلاک و زمیں ہو کر

قدم روح الامینؑ کے ساکنانِ قدس نے چومے
گئے جب آپ ﷺ کے دربار سے روح الامینؑ ہو کر

خدا نے اُدْنُ مِنّیْ کے حسیں لہجے میں فرمایا
مجھے صُورت دکھا پیارے، ذرا میرے قریں ہو کر

خدا کی ذات جانے یا محمد مصطفیٰ ﷺ جانیں
شبِ اسریٰ ہوئی کیا گفتگو خلوت نشیں ہو کر

وہ محشر میں کرم ہم پر نہ فرمائیں، یہ ناممکن
انیسِ بے کساں ہو کر، شفیعُ المذنبیں ﷺ ہو کر

خدا کو ڈھونڈتے تھے ہم، خدا ہم کو ملا انور
مگر وابستۂ دامانِ ختمُ المرسلیں ﷺ ہو کر

انور فیروزپوری

جس کا نام اور نسب ہے پُرنور
جس کا ہر پیارا لقب ہے پُرنور

اس پہ ہر لمحہ درود اور سلام
واہ کیا ماہِ عربؐ ہے پُرنور

بسکہ ہے نعت کا مضمون مقصود
میری ہر جُنبشِ لب ہے پُرنور

اے خوشا وادیٔ طیبہ کی فضا
اُفُق دشتِ عرب ہے پُرنور

نور ہی نور ہے عالم عالم
دل ہی تنہا مرا کب ہے پُرنور

جس نے انسان کو بخشا ہے شرف
زندگی جس کے سبب ہے پُرنور

جس کے روضے کی تجلّی کے طفیل
صبح رنگین ہے، شب ہے پُرنور

آرزو بس اُسی جلوے کی ہے
دیدۂ حُسنِ طلب ہے پُرنور

عبدالعزیز فطرتؔ

ردیفیں اور شاعر

"ب"

رسالت مآب ﷺ منیرؔ احدی۔ **ہیں رسالت مآب** ﷺ۔ عظیمؔ قریشی۔ **آفتاب** حسنؔ رضا بریلوی۔ عزیزؔ لطیفی۔ شاہ انصار حسین انصارؔ الہ آبادی۔ ادیبؔ سہارنپوری۔ محمد خاں غریبؔ سہارنپوری۔ شائقؔ۔ افقؔ کاظمی امروہوی۔ فیضؔ لدھیانوی۔ اخترؔ لکھنوی۔ قمرؔ وارثی۔ منشی امام الدین راقبؔ قصوری۔ **موجِ شراب** ابو العجز ساجدؔ اسدی۔ **اضطراب** فخرالدین برے خادمؔ مہائی۔ **روزِ حساب** راقبؔ قصوری۔ **نقاب** مفتی غلام سرورؔ لاہوری **کا گلاب** صبیحؔ رحمانی۔ قمرؔ وارثی **جواب** حسنؔ رضا خاں بریلوی۔ داؤدؔ آفریدی۔ **کا جواب** غریبؔ سہارنپوری۔ حافظ خلیل الدین حسن حافظؔ پیلی بھیتی۔ **لاجواب** مفتی غلام سرورؔ لاہوری۔ حسنؔ رضا خاں بریلوی۔ منشی آغا مرزا **ہے وہ شہرِ لاجواب** راجا رشید محمود **سے جواب** راقبؔ قصوری **کے سبب** راجا رشید محمودؔ **نامِ محمد** ﷺ **کے سبب** محمد یعقوب پرواز **جب** خالدؔ محمود نقشبندی۔ **واجب** افتخار مقدرؔ قریشی **عجب عجب** آزادؔ بیکانیری **صاحب** سعیدؔ وارثی۔ ممتازؔ **ادب** ادیبؔ رائے پوری **یا رب** رضا بیگ جمالیؔ۔ آزادؔ بیکانیری۔ فخرالدین حاذقؔ۔ حافظ محمد اسمٰعیل حافظؔ جونپوری۔ میر سیّد علی شائقؔ دہلوی۔ لطفؔ بریلوی۔ سیّد عاصمؔ گیلانی **مدینہ پھر دکھا یا رب** وہبیؔ۔ **ہو یا رب** حنیفؔ اسعدی۔ طفیلؔ ہوشیارپوری **دے یا رب** امیرؔ مینائی۔ معظمؔ **ہے یا رب** امداد علی خادمؔ۔ زینت بی بی محجوبؔ **میرا یہ قلبِ مضطرب** راجا رشید محمودؔ **عرب** عبدالغفور ملکؔ۔ احمد رضاؔ خاں بریلوی۔ مفتی غلام سرورؔ لاہوری۔ یعقوب حسین ضیاءؔ القادری بدایونی۔ محمد عبداللہ بارقؔ۔ حافظ عبدالغفار حافظؔ۔ سید ناصرؔ جلالی دہلوی۔ امیرؔ مینائی لکھنوی۔ غلام مصطفیٰ موسیٰؔ لودھیانوی۔ چندی پرشاد شیداؔ۔ حافظؔ پیلی بھیتی **ماہِ عجم، مہرِ عرب** ﷺ مصطفیٰ رضا خاں نوریؔ۔ **اے ماہِ عجم، اے مہرِ عرب** ﷺ سید نجمؔ نعمانی سبزواری **شاہِ عرب** ﷺ غوث شاہ نقویؔ۔ خالدؔ علیم۔ تنویرؔ سحر **شہنشاہِ عرب** ﷺ صابرؔ القادری بریلوی۔ راجا رشید محمودؔ **مہرِ عجم، ماہِ عرب** ﷺ مصطفیٰ

رضا خاں نوری شہِ عرب ﷺ حفیظ تائب سب احمد حسین قاسم المیدری سب کے سب مبیج رحانی ہیں سب کے سب راقب قصوری تمام شب خواجہ عبدالمنان راز کاشمیری۔ رفیع الدین ذکی قریشی آج کی شب احمد علی سیف کلانوری معراج کی شب امیر مینائی۔ غوثی۔ عزیز حاصلپوری لقب راجا رشید محمود پیغمبرِ اُمّی لقب ﷺ راغب مراد آبادی کب کیف ٹونکی۔ راقب قصوری۔ سخاوت حسین تسخیر بدایونی۔ حافظ پیلی بھیتی۔ غنی دہلوی طلب حافظ جونپوری کی طلب شمس الحق شمس بھینسوی۔ محمد دین فقیر۔ غوث شاہ نقوی۔ بے طلب راجا رشید محمود کی جانب حافظ محمد افضل فقیر محبوب لطف بریلوی۔ رضا بیگ جمالی۔ حافظ فتح محمد حقیر فاروقی۔ بشیر زواری۔ ضیاء القادری بدایونی۔ شریف امروہوی۔ اکبر وارثی میرٹھی۔ افق کاظمی امروہوی۔ حافظ۔ حافظ پیلی بھیتی سے خوب حامد بدایونی۔ ہے خوب ضیاء القادری بدایونی مطلوب راجا رشید محمود حبیب ﷺ عارف عبدالمتین۔ ضیاء القادری۔ حافظ لدھیانوی۔ قمر یزدانی۔ ہاشم ضیائی بدایونی۔ مفتی خلیل خاں برکاتی۔ اختر الحامدی الضیائی۔ صوفی مسعود احمد رہبر چشتی۔ حافظ پیلی بھیتی۔ سید محمد خلیل خاکی کاظمی امروہوی۔ افق کاظمی امروہوی۔ حفیظ تائب۔ جمیل قادری رضوی۔ شیخ ننکانوی۔ شب میلادِ حبیب ﷺ سید محمد مرغوب اختر الحامدی۔ دیارِ حبیب ﷺ زائرِ حرم حمید صدیقی لکھنوی۔ نازش پرتاب گڑھی۔ ہے دیارِ حبیب ﷺ زائرِ مدینہ بہزاد لکھنوی۔ نامِ حبیب ﷺ محمود بھوپالی۔ نیر اسعدی مرے حبیب ﷺ غافل کرنالی ہیں حق کے حبیب ﷺ سید قابل کچھ ہے عجیب راقب قصوری لاریب: صفر حسین خاں نظیر لودھیانوی۔ سے قریب خورشید ایلچپوری کے قریب اجمل سلطانپوری۔ انجم روحانی۔ رئیس الشاکری۔ بدر القادری۔ اختر الحامدی۔ ضامن حسنی۔ مسرور بدایونی۔ طیب قریشی دہلوی۔ مفتی خلیل خاں برکاتی۔ خادی اجمیری۔ لالہ صحرائی۔ صابر القادری بریلوی۔ اصغر نثار قریشی۔ بکل اتساہی بلرامپوری۔ ضیاء القادری بدایونی۔ گنبدِ خضرا کے قریب منیر قصوری نصیب غریب سہارنپوری۔ راقب قصوری۔ بیامی مراد آبادی۔ چودھری اکرم علی اختر۔ سید افتخار حیدر۔ سیف زلفی۔ خاکی کاظمی امروہوی۔ شائق دہلوی۔ ہو ترے در سے نصیب عارف رضا۔ یا نصیب سرکشن پرشاد شاد۔ نہیں نصیب خالد محمود نقشبندی ہو نصیب آزاد بیکانیری۔ وفا۔ حافظ و نذیر رامپوری۔ سجاد مرزا۔ قاسم المیدرری۔ زہے نصیب سید افتخار حیدر۔ ہے زہے نصیب خالد محمود نقشبندی شکیب راجا رشید محمود عندلیب مفتی غلام سرور لاہوری

مندرجہ ذیل شعراءِ نعت نے "ب" کے قافیے میں نعتیں کہی ہیں:

عبد الکریم ثمر۔ اشفاق قادری۔ ریاض الدین ریاض سہروردی۔ خیر النسا بہتر۔ محمد یوسف عازم القادری۔ سید امین علی نقوی۔ فضلِ حق۔ غوث شاہ نقوی۔ رضا امروہوی۔ محمد ہادی تگرامی۔ اعظم چشتی۔ محشر بدایونی۔ محمد کریم اللہ۔ محمد اقبال نجمی۔ رفیع الدین ذکی قریشی۔ فضل احمد کریم فضلی۔ ندیم نیازی۔ زائرِ حرم حمید صدیقی لکھنوی۔ ابو الامتیاز ع س مسلم۔ انور حسین انور۔ عمر الدین مثالی۔ حفیظ تائب۔ انور حسین انور۔ امیر الاسلام شرقی۔ رعنا ناہید رعنا۔ خدا بخش اظہر امرتسری۔ خادی اجمیری۔ خواجہ عبدالسمیع پال اثر صہبائی۔ اثر لدھیانوی۔ حافظ لدھیانوی۔ علی اکبر عباس۔ خالد علیم۔ غلام رسول عدیم۔ عبدالمجید صدیقی۔ راجا رشید محمود۔ سعید اختر سعید۔ محمد سعید اختر۔ علیم ناصری۔ غلام حسین ساجد۔ کمال الدین شیدا۔ اصغر حسین خاں نظیر لودھیانوی۔ طفیل دارا۔ حامد علی حامد۔ منظور احمد مجور مکان شرقی۔ عبد العزیز خالد۔ ابو العصر غلام حیدر مرزا امرتسری۔ نعیم صدیقی۔ ظفر علی خاں۔ خدا بخش اظہر امرتسری۔ محمد شیر افضل جعفری۔ حافظ مظہر الدین۔ اصغر سودائی۔ محمد نیروز شاہ۔ ستار وارثی۔ عابد نظامی۔ علامہ محمد اقبال۔ ضیا محمد ضیا۔ عطاء الرحمان عتیق۔ غنی دہلوی۔ راسخ عرفانی۔ گوہر ملسیانی۔ نقش ہاشمی۔ سکندر لکھنوی۔ محمد حنیف نازش قادری۔ محمد حنیف اختر۔ اکرم علی اختر۔ عبد الغفور ملک۔ جلال کاشمیری۔ یزدانی جالندھری۔ غلام زبیر نازش۔ عرفان رشدی۔ قمر یزدانی۔ آفتاب اسلام آغا۔ صوفی فضل الدین فدا کمیم کرنی۔ محمد جان انجم وزیر آبادی۔ بشیر احمد تمنا۔ فضل الرحمان نعیم۔ نذیر قیصر۔ غیاث قریشی۔ محمد خالد جذبی۔ محمد عاشق۔ اصغر سودائی۔ صائم چشتی۔ حیرت الٰہ آبادی۔ صابر براری۔ عارف اکبر آبادی۔ الف د نسیم۔ غلام مصطفیٰ قمر۔ رفیع الدین ذکی قریشی۔ رفیق احمد کلام رضوی۔ میر تجلی دہلوی۔ خواجہ محمد اسلم۔ انصار الٰہ آبادی۔ فضلِ حق۔ صوفی اویسی۔ سہیل غازی پوری۔ عبد العزیز خالد۔ میر نذر علی درد کاکوروی۔ حفیظ الرحمان احسن۔ قلی قطب شاہ۔ منور ہاشمی۔ الطاف احسانی۔

"پ"

آپ چودھری اکرم علی اختر۔ راز کاشمیری۔ نور سہارنپوری۔ خلیق۔ حافظ عبدالغفار حافظ۔ عبد المجید صدیقی۔ نظیر لودھیانوی۔ ادیب سیمابی۔ آغا صادق۔ محسن احسان۔ عزیز حاصلپوری۔ عاصی کرنالی۔

کا شہر محمد اعظم چشتی۔ اپنائیت کا شہر راجا رشید محمود روضۂ اطہر مسرور کیفی ہے مطہر مطہر
م س ف کریم خیر حفیظ تائب۔ محمد افضل فقیر۔ عارف رضا۔ محمد افضل خاکسار۔ امن محبّت خیر
جمیل ملک مدینے کا ذکر خیر راجا رشید محمود کی خیر عبدالعزیز شرقی۔ حفیظ تائب۔ خیر ہی خیر اصغر
سودائی کی تسخیر نور صابری تبارک اللّٰہُ القدیر بے چین رجپوری ہے نذیر حافظ و نذیر
رامپوری غیر راجا رشید محمود ترے بغیر انجم وزیر آبادی۔ ماہر القادری۔ اکرم علی اختر۔ سید نجم
نعمانی۔ اعظم چشتی۔ محمد اسلم مینا۔ نذیر احمد علوی۔ صاحبزادہ سید فیض الحسن شاہ۔ ادیب سیمابی۔ نسیم
بستوی۔ سیدہ سردار بیگم اختر حیدر آبادی۔ محسن اعظم۔ شمس مینوی۔ منظور حسین ماہر القادری۔
منیر کمال۔ لطیف بخاری۔ صوفی رہبر چشتی۔ تیرے بغیر ندیم نیازی۔ ریاض سہروردی۔ قمر یزدانی۔
اصغر سودائی۔ خالد کفایت۔ عنایت گورداسپوری۔ ہاشم ضیائی بدایونی یا نبی ﷺ تیرے بغیر
قاسم الحیدری کے بغیر خالد محمود۔ ماہر القادری۔ حنیف نازش۔ ریاض سہروردی۔ اقبال عظیم۔
انصار الٰہ آبادی۔ ایاز صدیقی۔ فضل حق۔ طور نورانی۔ درد کاکوروی۔ انصار الٰہ آبادی۔ خدا کے
بغیر عبدالغنی سالک آپ ﷺ کے بغیر ناصر زیدی۔ فدا کھیم کرنی۔ سیدہ رابعہ نہاں محمد
ﷺ کے بغیر قمر یزدانی کے بغیر شریف امروہوی۔ ابرار کرتپوری۔ ساجد اسدی۔ مجھے
کافی ہے منیر منیر قصوری۔ ظہیر ظہیر صدیقی۔ شہرِ نبی ﷺ کی تصویر راجا رشید محمود

کسی کی نعت کسی کے نام

لطفؔ بریلوی

ماہنامہ "نعت" لاہور کا جنوری ۱۹۹۶ کا شمارہ "لطفؔ بریلوی کی نعت" کے موضوع پر خاص نمبر تھا۔ اِس میں دنیائے ادب میں پہلی بار یہ حقیقت سامنے لائی گئی کہ لطفؔ بریلوی کا پورا نعتیہ دیوان اسلام آباد کے ایک پروفیسر (ریٹائرڈ) سید حسین شاہ فداؔ نے اپنے نام سے چھاپ دیا۔ راقم نے "دیوانِ لطف پر ڈاکا" کے عنوان سے جو مقدمہ لکھا، اس میں پروفسر مذکور کی "کارکردگی" کا ایک جائزہ لیا تھا۔ زیرِ نظر تالیف میں ردیف "ب" سے "ر" تک محولہ بالا چوری کا ذکر کیا جاتا ہے:

لطفؔ بریلوی کی نعت کا پہلا مطلع ہے:

نہیں قسمت میں جو دیدارِ پیمبر ﷺ یارب
خاکِ یثرب ہی سے آنکھیں ہوں منوّر یارب

نعت بارہ اشعار کی ہے جس میں پانچ مطلعے ہیں (ص ۱۲، ۱۳) حسین شاہ فداؔ نے ان بارہ اشعار کو چھ چھ کی برابر تقسیم کے ساتھ دو نعتوں کی صورت دی ہے (ارمغانِ عقیدت۔ ص ۷۳، ۷۴) مطلع میں "نہیں" کو "ہو نہ" میں اور "یثرب" کو "بطحا" میں تبدیل کر کے اپنایا ہے۔ شعروں کو آگے پیچھے کرنے کے چکّر میں لطفؔ کے ایک مطلع کو (مِن و عَن) دوسری نعت کے مقطعے سے پہلے والے شعر کی صورت دی ہے۔

لطفؔ کا ایک شعر تھا:

شوقِ دل کو یہ اثر بخش کہ یثرب جا کر
ہند کو آؤں عرب سے نہ میں پھر کر یارب

فداؔ نے اس کا دوسرا مصرع یوں بنا کر اپنا مقطع بنایا ہے۔ "ملک میں آئے فداؔ واں سے نہ ہی پھر کر یارب" ---- لطفؔ کا مقطع تھا:

درِ محبوب ﷺ کی جاروب کشی لطفؔ کو بخش
اب نہ دنیا میں پھرا تو اسے در در یارب

فداؔ نے اس کا یہ حال کیا ہے:

ان کے در پر یہ فداؔ بھی اس کا جارُوب کش ہو
اب نہ دنیا میں پھرا تو اس کو در در یارب

"شاعری" کے اس حالِ زار پر "پروفیسر محمد طاہر القادری، مفکّرِ اسلام حضرت علامہ سیّد عبد القادر شاہ جیلانی (راولپنڈی) حال مقیم لندن سربراہ انٹرنیشنل مُسلم مُوومنٹ اور سیّد صابر حسین شاہ گیلانی ایم اے اردو، فاضل فارسی حال مقیم لندن" کی تقریظات زینتِ "ارمغانِ عقیدت" ہیں (ص ۱۹ تا ۲۸)

لطفؔ بریلوی کی ایک نعت "محبُوب" ردیف کی ہے، اس میں سولہ شعر ہیں جن میں سے سات مطلعے ہیں (دیوانِ لُطف۔ ص ۱۳) فداؔ نے اس کو بھی آٹھ آٹھ شعروں کی صورت میں دو نعتوں کی حیثیت دی ہے (ارمغانِ عقیدت۔ ص ۷۵، ۷۶) پانچ مطلعے پہلی نعت میں ہیں اور اس پہلی نعت کا مقطع بھی مطلع ہے۔ لطفؔ کا یہ مطلع یوں ہے:

نہیں رکھتا ہے قدم عرش پر اپنا محبوب ﷺ
اس کے دیوانے ہیں ہم، ہے جو خدا کا محبوب ﷺ

فداؔ نے اسے یُوں اپنا مقطع بنا لیا ہے:

نہ ہی رکھتا ہے قدم عرش پر اپنا محبوب ﷺ
اس کا دیوانہ فداؔ ہے جو خدا کا محبوب ﷺ

لطفؔ کے مقطع میں "لطف" کے بجائے "بندہ" لکھ کر فداؔ نے اپنا عام شعر بنا لیا ہے۔ اور مقطع گڑھنے کے لیے لطفؔ کے اس شعر پر مشقِ ستم کی ہے:

نیک نامی اسے دنیا میں میسّر ہو گی
ہے جو دنیا میں ترے عشق سے رُسوا محبوب ﷺ

اس کا مقطع یہ بنا:

نیک نامی فدا آخر میں میسر ہو گی
ہے یہ دنیا میں ترے عشق سے رُسوا محبوب ﷺ

"جنت" ردیف میں لطف کی نعت کا مطلع ہے:

ہم کو حاصل ہے مدینہ میں فضائے جنت
شیخ و زاہد کو مبارک ہو ہوائے جنت

فدا نے "ہم" کو "مجھ" میں تبدیل کر دیا ہے۔ لُطف کی نعت نو اشعار پر مشتمل ہے اور مطلع بھی ایک ہی ہے (ص ۱۳) اس لیے اس کی دو نعتیں نہیں بن سکیں۔ لطف کا مقطع تھا

لطف صحرائے مدینہ میں نہ ہوتے گر دفن
گور میں آتی نہ ہر سُو سے ہوائے جنت

فدا نے نظریۂ ضرورت کے تحت پہلا مصرع یُوں بگاڑا۔ "اس مدینہ میں فدا کی گر نہ ہوتی تدفین" (ص ۷۷)

"بہشت" ردیف کے ساتھ بھی لُطف نے زیادہ شعر نہیں کہے۔ صرف دس شعر ہیں (ص ۱۳، ۱۴)۔ فدا نے لُطف کے ایک شعر کو چھوڑ دیا ہے، نو استعمال کر لئے ہیں۔ مطلعے میں "لیں" کو "لو" میں بدلا ہے۔ لطف کا مقطع یہ ہے:

جیتے جی مدح طرازِ حرمِ پاک رہا
کیا عجب، مَرتے ہی گر لطف کو مل جائے بہشت

فدا نے اس کا یہ حال کیا ہے:

جیتے جی جب یہ مدح کہتا رہا ہے شوق سے
کیا عجب، مَر کر فدا کو واں پہ مل جائے بہشت

لطف نے "مولدِ حضرت ﷺ" ردیف کی ۲۳ شعروں کی نعت کہی جس میں تین مطلعے ہیں۔ فدا نے اس کی تین نعتیں بنا لیں (ص ۷۹۔ ۸۱) لطف کے درج ذیل تین شعروں کو فدا نے اپنے مقطعوں کی صورت دی:

زمینِ گُلشنِ ایجاد رشکِ باغِ رضواں ہے
یہ سرسبزی تھی، یہ خوشبو تھی آنِ مولدِ حضرت ﷺ
جو زائر واں پہ حاضر تھا، پڑا تھا غش میں جُوں مُوسیٰؑ
تجلّی گاہِ خالق تھا مکانِ مولدِ حضرت ﷺ
مثالِ نارِ فارس آتشِ دوزخ بُجھائے گا
پڑھے گا لطف جب وصفِ زمانِ مولدِ حضرت ﷺ

فدا نے یہ کیا:

زمیں گلشن کی واں پر جنتِ اعلیٰ سے بڑھ کر تھی
فدا خوشبو میں تیزی تھی نشانِ مولدِ حضرت ﷺ
فدا کی روح تھی واں پر بھی معروفِ ثنا خوانی
تجلّی گاہِ خالق تھا مکانِ مولدِ حضرت ﷺ
بُجھائے آتشِ دوزخ تپش کو اپنی پل بھر میں
پڑھے گا جب فدا وصفِ زمانِ مولدِ حضرت ﷺ

لطف نے "الغیاث" ردیف کی دو نعتیں کہیں، ایک عالم، جہنّم کے قافیوں کے ساتھ اور دوسری بیمار، بے کار کے قافیوں کے ساتھ۔ فدا نے اِس اور اُس دونوں نعتوں کے سارے شعر اپنے لیے استعمال کر لئے۔ ایک نعت کے مطلعے کے پہلے کو دوسرا اور دوسرے کو البتہ پہلا بنا لیا، نیز "کب تلک ہوں" کو "کب سے ہُوں میں" میں بدل لیا۔ لطف کے مقطعے یہ ہیں:

لطف اُس دم بابِ رحمت کھول دیتا ہے خدا
ہجرِ حضرت ﷺ میں رِکیا کرتے ہیں جب ہم الغیاث
سیراب جس کے فیضِ کرم سے جہان ہے
اس کا ہے لطف تشنۂ دیدار الغیاث

فدا نے انھیں یوں اپنایا:

اس گھڑی رب بابِ رحمت کھول دیتا ہے فدا

ہجرِ حضرت ﷺ میں کہا کرتے ہیں جب ہم الغیاث
سیراب جس کے فیضِ کرم سے جہان ہے
اس کا فدؔا ہے تشنۂ دیدار الغیاث

لطفؔ کی نعت کا مطلع تو فدؔا نے مِن وعَن چُرایا ہے۔ مقطع یہ تھا:

لطفؔ گر نعتِ نبی ﷺ میں تم نہ لکھتے یہ غزل
شاعروں کو خوش نہ آتا آپ کا افسانہ آج

فدؔا نے اسے یُوں کر دیا:

اے فدؔا گر عشق دل سے لکھ نہ سکتے تم غزل
شاعرانِ خوش نوا تم کو سمجھتے بیگانہ آج

تیرہ اشعار کی "محتاج" ردیف کی نعت کی فدؔا نے دو نعتیں بنائی ہیں: لطفؔ کے درجِ ذیل مطلعے اور مقطعے کو فدؔا اپنے دو مقطعوں کی صورت میں سامنے لائے ہیں:

غیر کا ہو نہ الٰہی دلِ مضطر محتاج
رکھ پیمبرؐ کا مجھے بہرِ پیمبر ﷺ محتاج
اس شہنشاہ ﷺ کی اے لطفؔ رعیّت ہُوں میں
جس کی دربانی کے ہیں لاکھ سکندر محتاج

"ارمغانِ عقیدت" میں ان کی ترمیم و "اصلاح" یوں ہوئی:

غیر کا ہو نہ فدؔا کا قلبِ مضطر محتاج
رکھ پیمبرؐ کا اسے بہرِ پیمبر ﷺ محتاج
اس شہنشہ کی فدؔا بھی کر رہا ہے تعریف
جس کی دربانی کے ہیں لاکھوں سکندر محتاج

قوافی کے فرق سے "شبِ معراج" ردیف کی دو نعتیں لطفؔ بریلوی نے کہیں۔ مطلعے تو فدؔا کی دستبرد سے محفوظ رہے اور مِن وعَن اپنائے گئے لیکن مقطعوں میں ترمیم تو ضروری تھی۔ لطفؔ نے کہا:

اے لطفؔ جو محبوب ﷺ نے چاہا، وہی پایا

باقی نہ رہی کوئی تمنّا شبِ معراج
سرد آتشِ دوزخ ہے گنہگاروں پہ اے لطفؔ
ابلیس تھا پابندِ سلاسل شبِ معراج

فدؔا کے مقطعے یوں "بنے":

جو کچھ کہ فدؔا محبوب نے چاہا، وہی پایا
باقی نہ رہی کوئی تمنّا شبِ معراج
سرد آتشِ دوزخ ہے فدؔا امّت پہ دائم
ابلیس تھا پابندِ سلاسل شبِ معراج

"روح" ردیف کا مقطع یہ ہے:

اے لطفؔ جان کھوئیں گے ہجرِ نبی ﷺ میں ہم
آزردہ دل ہو یا کرے ہم پر عتاب روح

فدائی مقطع یہ بنا:

کھوئیں گے جان ہم بھی فدؔا ان کے ہجر میں
آرزدہ دل ہو یا پھر کرے کچھ عتاب روح

ردیف "خ" سے "ر" تک کے لطفؔ کے شعروں اور فدؔا کے "مقطعوں" کا موازنہ درج ہے۔ (دائیں طرف لطفؔ کے شعر ہیں، بائیں طرف فدؔا کی "سینہ زوری" ہے)

لطفؔ گر موزوں ہو اوصافِ لبِ لعلینِ پاک
خونِ دل سے لکھّیں گے دیواں میں ہم اشعار سُرخ (لطف)

اے فدؔا گر لکھ سکیں ہم وصفِ لعلینِ رسول ﷺ
خونِ دل سے ہم لکھیں دیوان میں اشعار سرخ (فدا)

سجدے صفِ عُشّاق کو واجب ہیں اُسی سمت
محراب عبادت ہیں یہ ابروئے محمد ﷺ (لطف)

سجدے صفِ عشّاق کے کرتے ہیں فدؔا مست
محرابِ عبادت ہیں یہ ابروئے محمد ﷺ (فدا)

اک جوہرِ آئینہ سویدا نظر آیا
جب دل میں ہُوا جلوہ نما رُوئے محمد ﷺ (لطف)

اک جوہرِ آئینہ سویدا نظر آیا فد
ہے دل میں فدؔا جلوہ نما روئے محمد ﷺ (فدا)

زیبا ہے اُسے دعوئ شاگردئ معبود
جو عبد ہے اے لطفؔ ثنا گوئے محمد ﷺ (لطف)

زیبا ہے فدؔا دعوئ شاگردئ معبود
تو عبد ہے پر لطف ثنا گوئے محمد ﷺ (فدا)

ملائک عالمِ بالا سے اس محفل میں آتے ہیں
یہ ادنیٰ مومنو ہے عزّ و شانِ محفلِ مولد (لطف)

ملائک عالمِ بالا سے اِس محفل میں آتے ہیں
یہ ادنی سا فدؔا ہے عزّ و شانِ محفلِ مولد (فدا)

ولادت گاہ حضرت ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوں
الٰہی لطفؔ اور سب حاضرانِ محفلِ مولد (لطف)

ولادت گاہِ حضرت ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوں
فدؔا بھی اور سارے حاضرانِ محفلِ مولد (فدا)

نقش ہے نام محمد ﷺ کا ہمارے دل پر
اس اثر کا کبھی عامل کوئی دیکھا تعویذ (لطف)

نقش ہے نام محمد ﷺ کا فدؔا کے دل پر
اس اثر کا کوئی عامل نے دیکھا تعویذ (فدا)

جنت میں قدم بوس ہوں اے لطفؔ نبی ﷺ کے
ہو جائے بدن سے یہ کہیں جان حزیں دور (لطف)

جنت میں نبی ﷺ پاس ہو جائے یہ فدؔا بھی
ہو جائے بدن سے کہیں روحِ غمیں دور (فدا)

نہیں ملتی مجھے یادِ نبی ﷺ سے ایک دم مہلت
نمازِ پنج گانہ شیخ ہے موقوف فرصت پر (لطف)

نہیں ملتی فدؔا نعتِ نبی ﷺ سے ایک دم مہلت
نمازِ پنج گانہ شیخ کی موقوف فرصت پر (فدا)

مدینے کی گدائی بادشاہی سے زیادہ ہے
چلو اے لطفؔ یاں سے، خاک ڈالو اس ریاست پر (لطف)

مدینے کی گدائی بادشاہی سے زیادہ ہے
فدؔا چل دے یہاں سے، خاک اس بُعدِ مسافت پر (فدا)

ہو گیا ہے دور دل سے باغِ جنّت کا خیال
خوش ہُوا ایسا مدینے کی فضا کو دیکھ کر (لطف)

ہو گیا ہے دور دل سے باغِ جنّت کا خیال
ہے فدؔا عاشق مدینہ کی فضا کو دیکھ کر (فدا)

لب پہ جاری ہو گیا حضرتؐ کے سُبحَانَ الَّذِیْ
بیتِ اقصٰی میں صفوفِ انبیاؑ کو دیکھ کر (لطف)

لب پہ جاری ہو گیا حضرتؐ کے "سبحان" اے فدؔا
بیتِ اقصٰی میں صفوفِ انبیا کو دیکھ کر (فدا)

بے وضو اے لطفؔ مَیں نامِ نبی ﷺ لیتا نہیں
سب ملک قائل ہیں میرے اِتّقا کو دیکھ کر (لطف)

بے وضو میں اے فدؔا لیتا نہیں نامِ نبی ﷺ
سب ملک قائل ہیں میرے اِتّقا کو دیکھ کر (فدا)

تسخیر و بسمل

سخاوت حسین تسخیرؔ بدایونی اور حمید حسن بسملؔ رامپوری کی کتابوں میں چند نعتیں دونوں کے نام سے چھپی ہوئی ہیں۔ ان میں سے چور کون ہے؟ فی الحال اس کا فیصلہ تو نہیں ہو سکا، لیکن صورتِ حال ایک الگ مضمون "چور کون؟" میں بیان کی جارہی ہے۔ ردیف "ب" تا "ر" کے حوالے سے تین نعتیں ایسی ہیں جن میں سے دو تو مکمل طور پر تسخیرؔ و بسملؔ نے اپنا رکھی ہیں اور ایک میں بارہ شعر "مشترکہ" ہیں، کچھ اشعار الگ الگ بھی ہیں۔

طالقؔ ہمدانی

"جب گئے عرش پہ محبوبِ خدا ﷺ آج کی رات" طالقؔ ہمدانی کی نعت ہے جو اُن کے مجموعہ کلام "افکارِ جمیل" کے صفحہ ۳۶ پر موجود ہے۔ ماہنامہ "الجامعہ" جامعہ محمدی شریف (جھنگ) میں یہ نعت "طارق ہمدانی" کے نام سے چھپی ہے (شمارہ دسمبر ۱۹۹۴۔ ص ۱۷)

ظفرؔ علی خاں

"اے خاورِ حجاز کے رخشندہ آفتاب" ظفرؔ علی خاں کی مشہور نعت ہے۔ یہ نعت ایک انتخاب نعت "سلطانِ مدینہ ﷺ" مطبوعہ بمبئی میں "نذیرؔ اکبر آبادی کے نام سے شائع ہوئی ہے۔ (ص ۲)

ضیاؔ جعفری / حیاتؔ جعفری

"حضور ﷺ مرکزِ ہستی، حضور ﷺ جانِ حیات" ایک نعت ہے جو "ارمغانِ نعت" مرتبہ شفیق بریلوی میں ضیاؔ جعفری کے نام سے شائع ہوئی۔ کتاب میں ان

کا نام میر عنایت اللہ لکھا ہے۔ (ص ۲۳۲)۔ وہیں سے یہ نعت ماہنامہ "الرشید" لاہور کے نعت نمبر ۱۴۱۳ھ کے لیے لی گئی اور اس میں بھی ضیاؔ جعفری ہی کے نام سے شائع ہوئی (ص ۹۵۲) لیکن اٹک میں ہونے والے مشاعرے کی نعتیں نذرؔ صابری نے "گلدستہ" کے عنوان سے جمع کیں تو ان میں یہ نعت "حیات جعفری" کے نام سے شامل ہے۔

منظورؔ علی شیخ

"خالق کے شاہکار ہیں، خلقت کے تاجدار ﷺ" منظور علی شیخ کی نعت ہے جو اُن کے مجموعۂ نعت "حُسنِ رحمت" میں موجود ہے۔ ہفت روزہ "ہلال" راولپنڈی کے نعت النبی المکرم ﷺ نمبر میں یہ نعت "منظور احمد" کے نام سے شائع کی گئی ہے (ص ۹۹)

❁

چور کون

ماہنامہ "نعت" لاہور کے جنوری ۱۹۹۶ کے شمارے "لُطفؔ بریلوی کی نعت" میں "دیوانِ لطفؔ پر ڈاکا" کے عنوان سے یہ حقیقت سامنے لائی گئی کہ لطفؔ بریلوی کے پورے کے پورے نعتیہ دیوان کو پروفیسر سید حسین شاہ فداؔ (اسلام آباد) نے اپنے نام سے ("ارمغانِ عقیدت" کے عنوان سے) کتابی شکل میں چھاپ لیا۔ ردیف "ب" سے "ر" تک کی ایسی نعتوں کا ذکر انسائیکلوپیڈیا کی زیرِ نظر جلد میں "کسی کی نعت کسی کے نام" سے بھی کیا جا رہا ہے۔

اس بار ایک نئی حقیقت دریافت ہوئی ہے' یہ کہ چند نعتیں کسی ایک کتاب میں کسی ایک شاعر کے نام سے چھپی ہیں' وہی نعتیں کسی دوسری کتاب میں ایک دوسرے نام سے شائع ہوئی ہیں۔ ان دونوں شاعروں میں سے ایک بہر حال چور ہے۔ کون؟ فی الحال یہ طے نہیں ہو سکا۔ جونہی اس سلسلے میں پیش رفت ہوئی' قارئینِ محترم تک پہنچا دی جائے گی۔ اس وقت جو صورتِ حال ہے' وہ درج کی جا رہی ہے۔

سخاوت حسین تسخیرؔ بدایونی کی کتاب "تحفۂ اخیار" ۴۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب مطبع قیومی کانپور میں رجبُ المرجب ۱۳۲۸ھ میں شائع ہوئی۔ اس میں آقا حضور ﷺ کے "احوالِ ولادت و رضاعت و معجزات و حلیہ و معراج و فضائلِ اُمّتِ آنحضرت ﷺ" بیان کئے گئے ہیں۔ "تحفۂ اخیار" میں ۷۷ نعتیں تسخیرؔ تخلّص کی ہیں' ایک حامیؔ کی' دو طیشؔ کی' ایک آمیرؔ کی اور ایک کسی گمنام شاعر کی ہے ("لاعلم" لکھا ہے) اور سات نعتوں کے ساتھ تخلّص نہیں ہے۔ یہ کتاب مولوی محمد شفیع رضوی (ہجویری پبلشرز) نے "نعت لائبریری" کے لئے عطا فرمائی۔

دوسری کتاب "دفترِ نعت حصّہ اوّل" ہے جو مطبع الٰہی' آگرہ میں ۱۹۰۴ میں چھپی۔ یہ سید حمید حسن بسملؔ رامپوری کی تالیف ہے۔ بسملؔ کے بارے میں لکھا ہے۔ کہ یہ سید

محمد شاہ مائلؔ رامپوری کے صاحبزادے اور محمد عبدالرحمان راسخؔ دہلوی کے شاگرد ہیں۔ کتاب کے دیباچے میں بسملؔ لکھتے ہیں۔ "ایک مدّت سے اس خاکِ پائے رسولِ اکرم محمد مصطفیٰ ﷺ کو شوقِ میلاد خوانی دامن گیر ہے اور سخن لاحاصل و افسانہ ہائے باطل سے نفرتِ کامل ہے۔ لہٰذا تالیفِ میلاد کا خیال ہُوا اور ویرانۂ دل خزانۂ شوقِ غزلیاتِ دلچسپ سے مالا مال ہوا۔ چنانچہ اس ایّامِ مبارک فرجام میں اس عاجز نے بفضلِ خداوندِ انام بہ تعجیلِ تمام ایک کتاب بنام "دفترِ نعت حصّہ اوّل" ترتیب دے کر جا بجا سے کلامِ جدید شامل کیے گئے۔"

"دفترِ نعت حصہ اول" میں یاسینؔ' قمرؔ' رشکؔ' فداؔ' مفتونؔ' آزادؔ' منّتؔ' افسوسؔ' عرشیؔ' خلیلؔ' ظہیریؔ' ناظرؔ' نسیمؔ' عصرؔ' تقیؔ' فضاؔ' خستہؔ' امیرؔ مینائی' حافظ محمد زین العابدین حافظ گلشن آبادی' عاجزؔ' حبیبؔ' رشید حسن رشیدؔ (پسرِ بسملؔ) حاتمؔ گلشن آبادی (تلمیذِ بسمل) منیرؔ' منشورؔ' احمد علی خاں شاغلؔ گلشن آبادی (تلمیذِ بسمل) امیراؤ علی خاں عاملؔ گلشن آبادی (تلمیذِ بسمل) مائلؔ رامپوری (پدرِ بسمل) غلام غوث منّتؔ رامپوری' شعلہؔ گلشن آبادی' عبدالحفیظ گلشنؔ آبادی' شبابؔ گلشن آبادی اور نظامؔ الدین گلشن آبادی کی نعتیں اور مناقب جمع ہیں اور مؤلف بسملؔ رامپوری ("حال مقیم گلشن آباد عرف جاورہ") ہیں۔ کتاب میں ۱۷ نعتیں سید حمید حسن بسملؔ کی ہیں اور ۲۱ نعتیں ایسی ہیں کہ ان کے ساتھ شاعر کا نام بھی درج نہیں اور مقطع بھی نہیں ہے۔ کتاب ۵۶ صفحات پر مشتمل ہے اور عابد حسین شاہ مہتمم بہاءُ الدین زکریاؒ لائبریری چھپر ضلع چکوال (حال کراچی) نے اس کی عکسی نقل "نعت لائبریری" کے لیے مہیا فرمائی ہے۔

تسخیرؔ اور بسملؔ کے نام سے چھپنے والی کچھ نعتیں "ایک" ہی ہیں مثلاً ایک نعت کا مطلع ہے:

بلا شک شفیعِ جہاں ہیں محمد ﷺ
ظہورِ زمین و زماں ہیں محمد ﷺ

یہ نعت "تحفۂ اخیار" کے صفحہ ۳۴ پر اور "دفترِ نعت حصّہ اول" کے صفحہ ۱۶ پر ہے۔ نعت کے ۹۔ اشعار ہیں اور ایک مقطع۔ تسخیرؔ بدایونی کے نام سے چھپنے والی نعت کے نام مصرعے وزن میں ہیں لیکن بسملؔ رامپوری کی کتاب میں "میہماں" کو "مہماں" "پیمبر

ﷺ" کو "پیغمبر ﷺ" اور "مِرے" کو "میرے" لکھا ہے جس سے مصرعے وزن سے خارج ہو گئے ہیں۔ نعت کے صرف مقطعے مختلف ہیں:

فلک پر ہیں تسخیرؔ حوروں کی تمکیں
زمیں پر کس بے کساں ہیں محمد ﷺ

فلک تو حوروں کی تمکیں ہیں بسملؔ
زمیں پر کس بے کساں ہیں محمد ﷺ

(بسملؔ کے مقطع میں فلک کے بعد "پر" کا لفظ بھی نہیں ہے۔ جس سے مصرع بے وزن ہو گیا ہے)

ایک اور "مشترکہ" نعت کا مطلع ہے:

جو پکڑے جائیں گے ہم سب گناہ گاروں میں
نجات ہو گی نبی ﷺ کے فقط اشاروں میں

یہ نعت "دفترِ نعت حصہ اول" کے صفحہ ۱۶ پر اور "تحفۂ اخیار" کے صفحہ ۴۱ پر ہے۔ یہ نعت مطلع و مقطع سمیت آٹھ اشعار پر مشتمل ہے۔ مقطع میں صرف تخلّص تبدیل ہوا ہے:

ملا خدا سے ازل میں غمِ نبی ﷺ تسخیرؔ
زہے نصیب کہ ہُوں ان کے بے قراروں میں

ملا خدا سے ازل میں غمِ نبی ﷺ بسملؔ
زہے نصیب کہ ہُوں ان کے بے قراروں میں

اس ایک لفظ کے علاوہ صرف ایک جگہ "احمد ﷺ" کے بجائے "حضرت ﷺ" لکھا ہے۔ البتہ بسملؔ رامپوری کی مرتّبہ کتاب میں چند غلطیاں ضرور ہیں۔ دو جگہ "اِک" کو "ایک" لکھا ہے، "پڑھیں" کو "پڑ ہیں" لکھا ہے۔ "گناہ گاروں" کو "گنہگاروں" لکھا ہے۔ ایک مصرعے میں "اک" کا لفظ رہ گیا ہے۔ اس طرح بسمل کی نعت میں کئی مصرعے بے وزن لگتے ہیں۔

"دفترِ نعت حصہ اول" کے صفحہ ۲۴ پر اور "تحفۂ اخیار" کے صفحہ ۱۰۶، ۱۰۷ پر ایک اور نعت ایسی ہی ملتی ہے۔ یہ نعت نو اشعار کی ہے۔ مطلع ہے:

دل و جاں ہیں دونوں فدائے محمد ﷺ
خدا ہم کو کر خاکِ پائے محمد ﷺ

مقطع کا تخلّص والا مصرع (پہلا) مختلف ہے۔ اختلاف یہ ہے:

مسخّر ہے تسخیرؔ پیارے لقب کا
کہاں چھوڑ کر تم کو جائے محمد ﷺ

پیارے لقب کا مسخّر ہے بسملؔ
کہاں چھوڑ کر تم کو جائے محمد ﷺ

بسملؔ کی مرتّبہ کتاب میں الفاظ کا جو اختلاف ہے، اس میں "ہم کو" کی جگہ "مجھ کو" اور "فلک اور شمس و قمر" کے بجائے "قمر اور شمس و فلک" ہے۔ تین جگہ "ترے" کو "تیرا" اور ایک جگہ "ترا" کو "تیرا" لکھا ہے اور ایک جگہ "ہے" کے بجائے "ہیں" ہے۔

"تحفۂ اخیار" میں "مرحبا اے مِرے معراج کے جانے والے ﷺ۔ مرحبا مژدۂ جاں بخش سنانے والے ﷺ" مطلع والی نعت صفحہ ۲۸، ۲۹ پر چھپی ہے۔ یہ گیارہ اشعار کی نعت ہے۔ ان میں سے نو اشعار بسملؔ کے نام سے "دفترِ نعت حصہ اول" کے صفحہ ۱۷ پر موجود ہیں لیکن بسمل کی نعت میں کچھ اشعار کا اضافہ بھی ہے۔ جو نو اشعار "مشترکہ" ہیں ان میں جو مقطع "مشترکہ" ہے، اس میں صرف تخلّص کی تبدیلی ہے۔

چل مدینے کو، ملیں گے شہ والا ﷺ تسخیرؔ
حق کے پیارے، تجھے فردوس دلانے والے ﷺ

ان اشعار میں جو اختلاف ہے، اس میں بسملؔ کی نعت میں دو جگہ "مِرے" کو "میرے" لکھا ہے۔ "سلّموا" تسخیر کی کتاب میں درست کتابت ہوا ہے، بسمل کی کتاب میں "الف" کے بغیر لکھا ہے۔ تسخیر کی کتاب میں ایک جگہ "معصیت" کا لفظ ہے، بسملؔ کی نعت میں "مصیبت" لکھا ہے جس سے مصرع بے وزن بھی ہو گیا ہے۔ تسخیر کی نعت میں "مرحبا اے گُلِ خوش رنگِ ریاضِ وحدت" ہے۔ بسملؔ کی نعت میں "ریاض" کے بجائے "بہار" ہے۔ ایک مصرعے میں "پر" کا لفظ نہیں لکھا گیا ہے۔

تسخیرؔ بدایونی کی نعت میں دو اشعار ایسے ہیں جو بسملؔ کی نعت میں نہیں ہیں۔

اے مسیحا، مرے مُردوں کے جلانے والے
کشتیٔ نوحؑ کو طوفاں سے بچانے والے
مرحبا سرورِ انام شفیعِ دو جہاں ﷺ
بوجھ اِس اُمّت عاصی کا اٹھانے والے

بسملؔ رامپوری کی نعت تیرہ اشعار پر مشتمل ہے اور جو چار اشعار تسخیرؔ کی نعت سے زیادہ ہیں، ان میں دو مقطعے ہیں۔ یہ چار اشعار درجِ ذیل ہیں:

آب رحمت سے برستا ہے تو آ جلد برس
ابر کی طرح مجھے روز رُلانے والے
"چشمِ رحمت بکُشا سُوئے من انداز نظر"
آ میرے دل کی لگی آگ بجھانے والے
کر کے بسملؔ مجھ سے منہ پھیر کے کیوں جاتا ہے
مُنہ دکھا مجھ کو مرے ناز اٹھانے والے
کشتۂ ناز کو انداز سے زندہ کر دے
خاک میں بسملؔ محزوں کو ملانے والے

آپ دیکھ رہے ہیں کہ مرے کو "میرے" مجھے کو "مجھ سے" اور محزوں کو "محزوں" لکھا گیا ہے۔

"دفترِ نعت حصہ اول" میں (صفحہ ۱۷، ۱۸ پر) بسملؔ کی ایک نعت تیرہ اشعار کی ہے، اسی زمین میں "تحفۂ اخیار" میں (صفحہ ۴۰، ۴۱ پر) تسخیرؔ بدایونی کی ایک نعت ۲۵ اشعار کی ہے۔ ان میں سے بارہ اشعار "مشترکہ" ہیں۔ دونوں کے مطلعے اور مقطعے مختلف ہیں۔

بلا شک ہے سب کا سہارا محمد ﷺ
ہمارا محمدؐ تمہارا محمد ﷺ تسخیر
ہمیں جان و دل سے ہے پیارا محمد ﷺ
محمدؐ کے ہم ہیں، ہمارا محمد ﷺ بسمل
ہوئیں ساری تسخیرؔ کی مشکلیں حل
لیا نام جس دم تمہارا محمد ﷺ تسخیر

مدینے میں بسملؔ کو اپنے بُلا لو
یہ کب تک پھرے مارا مارا محمد ﷺ بسمل

(۳) "مشترکہ" اشعار میں بسملؔ کی مرتبہ کتاب میں "اسی طرح" کو "اس طرح" لکھا ہے۔ باقی شعر ایک جیسے ہیں۔ مطلعے اور مقطعے کے علاوہ بسملؔ کے اپنے اشعار یہ ہیں۔

بروزِ قیامت میں کہتا پھروں گا
کہاں ہے، کہاں ہے ہمارا محمد ﷺ
خبر لو بہت جلد میری کہ مجھ کو
تمہاری جدائی نے مارا محمد ﷺ
جو آنکھوں میں آئے تو کب تک رہے گا
یہ پردہ ہمارا تمہارا محمد ﷺ

تسخیرؔ بدایونی کے خاص اپنے اشعار یہ ہیں:

دماغ دو عالم ہے خوشبو سے آگیں
ترے بال ہیں مشک سارا محمد ﷺ
نہ بخشے گا جب تک خدا ان کی امت
نہ جنّت کریں گے گوارا محمد ﷺ
یہ دنیا کا دکھ درد ہنگامِ محشر
سُنیں گے ہمارا تمہارا محمد ﷺ
ہمیں پُرسشِ روزِ محشر سے کیا غم
خدا کا ہے پیارا ہمارا محمد ﷺ
تمھی نے ہے باغِ ارم سب سے پہلے
کیا ہے ہمارا اجارا محمد ﷺ
بلا لو مدینے میں مجھ کو خدارا
میں کب تک پھروں مارا مارا محمد ﷺ

نہ بھولوں میں تا مرگ نامِ مبارک
گلے میں ہو جاں، لب پہ پیارا محمد ﷺ
بہنگامِ محشر میں کہتا پھروں گا
مجھے جان و دل سے ہے پیارا محمد ﷺ
گزر پُل پہ جب حشر میں خلق کا ہو
مجھے بھولنا مت خدارا محمد ﷺ

زیرِ نظر مضمون میں، تسخیرؔ بدایونی یا بسملؔ رامپوری کی شاعری کی حیثیت کا تعیّن مقصود نہیں۔ شاعری جس کی جیسی بھی ہے، پیشِ نظر یہ حقیقت ہے کہ دونوں کی کتابیں مطبوعہ ہیں۔ دونوں میں چند نعتیں "مشترکہ" ہیں یا ان کے کافی اشعار "ایک" ہیں۔ بادی النظر میں یہ احساس ہوتا ہے کہ تسخیرؔ کا کلام چوری کا نہیں۔ ایک تو "تحفہ اخیار" ان کی اپنی کتاب ہے، اس میں ان کی ۷۷ نعتیں اپنی ہیں۔ ان کی کتاب میں کتابت کی تصحیح کا خیال رکھا گیا ہے، مصرعے بے وزن نہیں ہیں۔ ایک مشترکہ مقطعے میں یہاں تسخیرؔ کے ساتھ متخرؔ کا لفظ استعمال کیا ہے، بسملؔ کے یہاں ایسا التزام نہیں ہے۔ ان کے بارے میں "تذکرۂ شعرائے بدایوں" جلد اول میں ہے: منشی محمد سخاوت حسین ابن شیخ امان اللہ۔ ساکن محلّہ شہباز پور، بدایوں۔ ۲۸ رمضان ۱۳۳۶ھ کو بدایوں میں انتقال ہوا۔ "نقش تسخیر" نامی ایک رسالہ جو ۱۶ صفحہ پر مشتمل ہے، سامنے ہے جو وکٹوریہ پریس بدایوں میں طبع ہوا۔ یہ مناجات پر مشتمل ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ تقریباً پچاس سال کی عمر میں کہی گئی۔ (ص ۱۹۹، ۲۰۰) .... معنٰی یہ ہوا کہ ان کی مناجات کا ایک اور رسالہ بھی ملتا ہے۔

راقم الحروف کے پاس ان کی ایک اور کتاب "نزولِ رحمت" بھی ہے۔ جس میں ایک قطعہ، ایک فارسی نعت، ۱۴، اور ۳۶ بند کے ۲ مخمس، ۱۳ بند کا ایک مسدّس، ۹ بند کا ایک خمسۂ مناجات، ۲۱ شعر کا قصیدہ متضمن حلیہ شریف اور سلام در حالِ ولادت شامل ہیں۔ یہ کتاب ۲۴ صفحات کی ہے اور محرم ۱۳۴۳ھ میں مطبع وحیدی کانپور سے چھپی۔
میں نے ان کا ایک میلاد نامہ بھی دیکھا ہے جو عورتوں کے لئے لکھا گیا اور نثر

میں ہے۔ نام ہے "مراۃ الحور معروف بہ عروسِ نعت، مع حصہ دوم موسوم بہ ریاض النور۔ صفحات ۱۱۲ ہیں۔ جولائی ۱۹۱۴ میں مطبع مجیدی، کانپور سے شائع ہوا۔ اس میں تسخیرؔ بدایونی کی دو نعتیں اور ۳۶۲ اشعار کی مثنوی "قصہ دائی حلیمہؓ" ہے۔ (ماہنامہ نعت لاہور۔ اپریل ۱۹۸۸۔ "اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو"۔ حصّہ اوّل۔ ص ۸۶)

لیکن ایک معاملہ ایسا ہے جو بسملؔ کو کھلا کھلا چور نہیں کہنے دیتا۔ وہ یہ کہ "دفترِ نعت حصہ اول" ۱۹۰۴ میں چھپی۔ یکم جنوری ۱۹۰۴ کو ۱۲ شوال ۱۳۲۱ھ تھی۔ مارچ ۱۹۰۴ء میں ۱۳۲۲ھ شروع ہو گیا تھا۔ جبکہ "تحفۂ اخیار" ۱۳۲۸ھ میں شائع ہوئی۔ ۱۳۲۸ھ فروری ۱۹۱۰ میں شروع ہوا اور جنوری ۱۹۱۱ کے آغاز تک رہا۔ اگرچہ "تحفۂ اخیار" تاریخی نام ہے اور اس سے ۱۳۰۵ھ عدد برآمد ہوتے ہیں۔ منظور علی منظورؔ کے قطعۂ تاریخ سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے ---- اور، یہ بات بھی یقینی نہیں ہوتی کہ جو تاریخِ اشاعت کتاب پر درج ہے، وہ درست ہی ہو گی۔

بہرحال، اتنی بات تو واضح ہے کہ تسخیرؔ اور بسملؔ میں سے کوئی ایک ضرور چور ہے۔ تحقیق جاری ہے۔ کوئی حتمی بات سامنے آئی تو قارئینِ محترم تک پہنچا دی جائے گی۔

ایک نعت دو کتابیں

(وہ نعتیں جو شاعر کی اپنی ہی ایک سے زیادہ کتابوں میں شائع ہوئیں)

---ب---

ضیاءَ القادری بدایونی — کرے جناں کی طرف رُخ نہ جاںنثارِ حبیب ﷺ

(تجلّیاتِ نعت۔ ص ۵۱/ آئینۂ انوار۔ ص ۱۸)

ظفرؔ علی خاں — اے خاورِ حجاز کے رخشندہ آفتاب

(خیالستان۔ ص ۲۱/ خُمستانِ حجاز۔ ص ۱۳)

عبد الکریم ثمرؔ — والیٔ لوح و قلم ﷺ صاحبِ وحی و کتاب

(احسنِ تقویم۔ ص ۱۰۲/ شاخِ سدرہ۔ ص ۱۴۷)

عابدؔ نظامی — اے نبی ﷺ! اے رسولِ وحی و کتاب

(صَلِّ علیٰ محمد ﷺ۔ ص ۱۰۷/ میانِ دو کریم۔ ص ۹۴)

قمر یزدانی — صبحِ ازل کے آفتاب، شامِ ابد کے ماہتاب

(مہرِ درخشاں۔ ص ۱۷۴/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۵۰)

---پ---

عبد الکریم ثمرؔ — خورشیدِ فلک آپؐ ہیں، مہتابِ زمیں آپ ﷺ

(احسنِ تقویم۔ ص ۷۴/ شاخِ سدرہ۔ ص ۴۵)

سیدہ رابعہ نہاںؔ — یا رسول اللہؐ حق کا جلوۂ زیبا ہیں آپ ﷺ

(صُبحِ تجلّی۔ ص ۵۳/ نورُ جھروکے۔ ص ۳۷)

قمر یزدانی — سرور ہیں آپؐ، مالکِ ہر دوسرا ہیں آپ ﷺ

(خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۳۶/ مہرِ درخشاں۔ ص ۱۰۰)

بیکلؔ اُتساہی — مظہرِ ربِّ ذُوالجلال ہیں آپ ﷺ

(والضحیٰ۔ ص ۳۳/ عرش کا جلوہ۔ ص ۴۳)

قمر یزدانی — ماورائے خلق، مُونسِ اہلِ جہاں ہیں آپ ﷺ

(خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۸۶/ مہرِ درخشاں۔ ص ۱۴۷)

حنیفؔ اسعدی — روح بن کر وسعتِ کونین میں زندہ ہیں آپ ﷺ

(ذکرِ خیرالانام ﷺ۔ ص ۳۸/ آپ ﷺ۔ ص ۸۱)

---ت---

قمر یزدانی — دستِ قدرت کے شاہکار کی بات

(ساغرِ کوثر۔ ص ۸۹/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۱۰۳)

ضیاءَ القادری — ہے شبِ قدر سے رتبے میں سوا آج کی رات

(تجلّیاتِ نعت۔ ص ۶۰/ آئینۂ انوار۔ ص ۱۹)

قمر یزدانی — عالمِ قدس میں ہے نور و ضیا آج کی رات

(ساغرِ کوثر۔ ص ۴۸/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۲۶)

مبارک علی شاہینؔ — عرش پہ پہنچے ہیں محبوبِ جہاں ﷺ آج کی رات

(خاتم النبیین ﷺ۔ ص ۹۹/ بحضورِ رحمتؐ للعالمین ﷺ۔ ص ۳۱)

قمر یزدانی — محمدؐ شمعِ ایوانِ محبت

(خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۷۴/ مہرِ درخشاں۔ ص ۱۸۹)

قمر یزدانی — رقصاں ہے عرشِ اعلیٰ صبحِ شبِ ولادت

(ساغرِ کوثر۔ ص ۳۶/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۱۴)

قمر یزدانی — انوارِ حق سے تاباں صبحِ شبِ ولادت

(خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۱۴/ ساغرِ کوثر۔ ص ۳۷)

قمر یزدانی — بعدِ خدا بزرگ تر دونوں جہاں میں تیری ذات

(مہرِ درخشاں۔ ص ۱۹۳/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۱۰۱)

حکیم عبدالکریم ثمرؔ — شب و روز تیرے مجاہدے، شب و روز تیرے تصرّفات
(شعر و الہام۔ ص ۲۰۷/ شاخِ سدرہ۔ ص ۳۴)

ظفر علی خاں — اے کہ ترا جمال ہے زینتِ محفلِ حیات
(خیالستان۔ ص ۱۵/ بہارستان۔ ص ۳۵/ نُمستانِ حجاز۔ ص ۱۰)

قمر یزدانی — ظاہر ہیں بر و بحر میں تیری تجلّیات
(مہرِ درخشاں۔ ص ۶۷/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۹۱)

--- تھ ---

نذیر احمد علویؔ — کوئی کسی کے ساتھ ہے، کوئی کسی کے ساتھ
(حدیثِ عشق۔ ص ۴۲/ گُل ہائے عقیدت۔ ص ۳۲)

--- ج ---

قمر یزدانی — ہر سمت جشن آمدِ شاہِ ہُدیٰ ﷺ ہے آج
(ساغرِ کوثر۔ ص ۳۱/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۴)

قمر یزدانی — کیا خوب سجا عرشِ مُعلّٰی شبِ معراج
(مہرِ درخشاں۔ ص ۵۵/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۲۴)

عابد نظامی — جگ میں ایک ہے ایسا سورج
(رؤف رحیم۔ ص ۷۷/ میانِ دو کریم۔ ص ۸۶)

--- خ ---

قمر یزدانی — پیامِ رحمتِ باری ہے بارھویں تاریخ
(ساغرِ کوثر۔ ص ۳۵/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۱۳)

--- د ---

راسخ عرفانی — حرفِ خاموش ہے جبریلِ امیں، آپ ﷺ کے بعد
(ارمغانِ حرم۔ ص ۲۹/ حُسنِ کلام۔ ص ۱۱)

قاسم الحیدری — زہے، ربِّ اکبر کا پیارا محمد ﷺ
(نعتِ نبیٔ اکرم ﷺ۔ ص ۱۲/ سبیلِ ہدایت۔ ص ۳۲)

صوفی اویسی — در پر مجھے بُلاؤ یا مصطفیٰ محمد ﷺ
(کُلیاتِ صوفی۔ ص ۱۸/ سرودِ نے۔ ص ۳۵)

اکبر وارثی میرٹھی — ہر درد کی دوا ہے صَلِّ عَلٰی محمد ﷺ
(نہالِ روضۂ اکبر۔ ص ۱۷/ میلادِ اکبر۔ ص ۸)

مبارک علی شاہینؔ — کرم کیجے بہرِ خدا یا محمد ﷺ
(خاتم النبیین ﷺ۔ ص ۹۰/ بحضورِ رحمۃٌ للعالمین ﷺ۔ ص ۱۷)

نذیر احمد علویؔ — حبیبِ خدا ہیں جنابِ محمد ﷺ
(حدیثِ عشق۔ ص ۳۳/ گُل ہائے عقیدت۔ ص ۲۲)

قمر یزدانی — اے صَلِّ عَلٰی رفعتِ سرکارِ محمد ﷺ
(خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۸۴/ مہرِ درخشاں۔ ص ۲۰۹)

قمر یزدانی — نگاہوں میں ہے تنویرِ محمد ﷺ
(خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۱۳۸/ ساغرِ کوثر۔ ص ۱۵۰)

قمر یزدانی — جمالِ نظر ہے جمالِ محمد ﷺ
(مہرِ درخشاں۔ ص ۲۳۲/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۴۳)

قیوم نظرؔ — دو عالم سے برتر مقامِ محمد ﷺ
(نعتِ مصطفیٰ ﷺ۔ ص ۲۱/ نعتیں۔ ص ۱۱)

الطاف احسانی — ہے نام آپ کا کتنا پیارا محمد ﷺ
(شعاعِ ایمان۔ ص ۵۵/ نقوشِ عقیدت۔ ص ۴۷)

الطاف احسانی — حق نے کہا جو کُن نکلا صَلِّ عَلٰی محمد ﷺ
(نقوشِ عقیدت۔ ص ۴۶۔ شعاعِ ایمان۔ ص ۲۳)

نذیر احمد علوی — کوئی کیسے سمجھے مقامِ محمد ﷺ

(حدیثِ عشق۔ ص ۵۶/ گُل ہائے عقیدت۔ ص ۳۹)

ضیاء القادری — اللہ غنی! لُطفِ فراوانِ محمد ﷺ

(تجلیاتِ نعت۔ ص ۷۹/ آئینۂ انوار۔ ص ۲۰)

مبارک علی شاہین — کونین ہے عکسِ رُخِ زیبائے محمد ﷺ

(بحضورِ رحمتؐ للعالمین ﷺ۔ ص ۲۰/ خاتم النبیین ﷺ۔ ص ۷۹)

نذیر احمد علوی — کھنچا دستِ قدرت سے رُوئے محمد ﷺ

(حدیثِ عشق۔ ص ۳۰/ گُل ہائے عقیدت۔ ص ۱۸)

قمر یزدانی — خامۂ فطرت کا نقشِ اوّلیں تیرا وجُود

(ساغرِ کوثر۔ ص ۵۹/ خُم خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۱۰۷)

سیّدہ رابعہ نہاں — خدا کے نور سے پیدا ہوا ہے ان کا وجود

(صبحِ تجلّی۔ ص ۴۵/ نُور جھروکے۔ ص ۱۷)

--- ر ---

نذیر احمد علوی — مدینے کے لمحات اللہ اکبر

(حدیثِ عشق۔ ص ۷۰/ گُل ہائے عقیدت۔ ص ۵۲)

ضیاء القادری — امینِ اُمت رسولِ برحقؐ ہزاروں لاکھوں سلام تم پر

(تجلیاتِ نعت۔ ص ۷۵/ آئینۂ انوار۔ ص ۴۵)

ضیاء القادری — ہے چشمِ لطف ہر زار و حزیں پر

(تجلیاتِ نعت۔ ص ۷۳/ آئینۂ انوار۔ ص ۲۱)

عبد الکریم ثمر — رُوح و روانِ عالمِ امکاں کی بات کر

(احسنِ تقویم۔ ص ۲۸/ شاخِ سدرہ۔ ص ۳۹)

حنیف اسعدی — یارب! یہ تمنّا ہے کہ نازل ہو وہ ہم پر

(ذکرِ خیر الانام ﷺ۔ ص ۸۳/ آپ ﷺ۔ ص ۹۳)

ظفر علی خاں — وہ اُٹھا خاکِ بطحا سے سعادت کا امیں ہو کر

(خیالستان۔ ص ۲۲/ بہارستان۔ ص ۷/۳/ خُمستانِ حجاز۔ ۴۱)

قاسم الحیدری — نظمِ عالم چل رہا ہے کس سہارے سے حضور ﷺ

(نعتِ نبیؐ اکرم ﷺ۔ ص ۱۴/ سبیلِ ہدایت۔ ص ۱۱)

عابد نظامی — رہبر و رہنما حضورؐ مُرشد و مقتدا حضور ﷺ

(صَلِّ عَلٰی محمد ﷺ۔ ص ۱۴۸/ فیضانِ کرم۔ ص ۳۵)

قمر یزدانی — محمد مصطفیٰ ﷺ نُورٌ علیٰ نور

(ساغرِ کوثر۔ ص ۷۸/ خُم خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۸۳)

قمر یزدانی — کون ہے فخرِ رُسل، خیر البشر تیرے بغیر

(خُم خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۱۴۰/ ساغرِ کوثر۔ ص ۹۴)

قمر یزدانی — مل نہیں سکتی رہِ منزل محمد ﷺ کے بغیر

(خُم خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۵۵/ مہرِ درخشاں۔ ص ۱۵۵)

نعتیں

جو ایک ہی کتاب یا رسالے میں بار بار چھپیں

"اردو نعتیہ شاعری کا اِنسائیکلو پیڈیا" جلد اوّل میں (صفحہ ۷۰، ۳، ۱۷، ۳) ردیف الف کے حوالے سے بتایا گیا تھا کہ سیّد نجم نعمانی سبزواری کی کتاب "قندیلِ حرم" میں ان کی تین نعتیں دو دوبار شامل کی گئی ہیں، عارف رضا کے مجموعۂ نعت "عطا کی خوشبو" میں ان کی ایک نعت دوبار شامل ہے اور "الرشید" کے نعت نمبر میں میر محمدی بیدار کی ایک نعت دو جگہوں پر شائع کی گئی ہے۔

ردیف "ب" تا "ر" کی نعتوں کے تذکرے پر مشتمل، انسائیکلو پیڈیا کے زیرِ نظر دوسرے حصے میں یہ سلسلہ کچھ پھیل گیا ہے، اس لیے اسے الگ عنوان کے تحت نذرِ قارئین کیا جا رہا ہے۔

کسی ایک مجموعۂ نعت میں کسی ایک نعت کا ایک سے زیادہ بار شامل ہونا بے احتیاطی کی دلیل ہے، یا پھر صفحات پورے کرنے کے لیے ایسا کیا جا سکتا ہے۔ جب رسائل و جرائد میں یہ بات نظر آئے تو اس کی دو وجوہ ہو سکتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ ایک بار کسی شمارے میں کوئی نعت چھپی۔ بعد میں اسی موضوع پر جریدے نے اشاعتِ خصوصی کا اہتمام کیا تو اس میں بھی اس کی شمولیت ناگزیر نظر آئی۔ لیکن جب ایک سے زیادہ خصوصی اشاعتوں میں، یا عام اشاعتوں میں بار بار ایک ہی چیز چھپتی ہے تو یا تو اشاعت "ڈمی" ہوتی ہے یا ایڈیٹر کا تساہُل، بے احتیاطی اور سہوِ نظر اس کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

بہرحال ردیف "ب" سے "ر" تک کی نعتوں میں اِس قسم کی جو صورتیں سامنے آئی ہیں، ریکارڈ کے لیے جمع کر دی گئی ہیں:

---ب---

محمد یعقوب پرواز — جس طرح ملتے ہیں لب، نام محمد ﷺ کے سبب
کاش یوں مل جائیں سب، نام محمد ﷺ کے سبب

(ہفت روزہ "ہلال" راولپنڈی۔ سیرت نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۱۳۲/ ہلال۔ سیرت نمبر ۱۹۸۹۔ ص ۱۱۵/ ہلال۔ نعت النبی الکرم ﷺ نمبر۔ ص ۱۳۳)

تسخیر بدایونی — یارب بتا دے، عشقِ نبی ﷺ مجھ کو دے گا کب

"تحفۂ اخیار" میں یہ نعت صفحہ ۲۸ پر بھی ہے، صفحہ ۹۰ پر بھی

علّامہ محمد اقبالؔ — لوح بھی تُو، قلم بھی تُو، تیرا وجود الکتاب

(اظہار کراچی۔ سیرت نمبر ۱۹۸۰۔ ص ۱۱/ اظہار کراچی۔ سیرت نمبر جنوری ۱۹۸۲)

علیم ناصری — ہر وصف میں بے مثل ہے اللہ کا محبوب ﷺ

(شام و سحر۔ نعت نمبر ۵۔ ص ۲۷/ شام و سحر۔ نعت نمبر ۶۔ ص ۳۷)

انصار الٰہ آبادی — منزلِ طیبہ کے جلووں کا حساب

(یہ نعت "سراج السالکین" کے صفحہ ۸۱ پر بھی ہے صفحہ ۱۰۱ پر بھی)

---پ---

ضیا محمد ضیاؔ — مولائے کُل ہیں، سرورِ دنیا و دیں ہیں آپ ﷺ

(شام و سحر۔ نعت نمبر ۴۔ ص ۴۳/ شام و سحر۔ نعت نمبر ۶۔ ص ۴۳)

---ت---

خالد بزمی — پھر مدینے کے در و دیوار یاد آئے بہت

(ہلال راولپنڈی۔ سیرت نمبر ۱۹۸۹۔ ص ۱۷۳/ ہلال۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۹۰۔ ص ۱۲۶/ ہلال۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۹۱۔ ص ۴۷)

لاغر صدیقی امروہوی — ہجرِ نبی ﷺ میں اِس طرح دل ہے اسیرِ مشکلات

(الوارث۔ رسول ﷺ نمبر ۰۳-۲۰۰۲۔ ص ۹۰/ الوارث۔ مارچ ۱۹۹۳۔ ص ۱۲)

الف، د، نسیم — کہتی ہیں الکتاب کی آیاتِ بیّنات
(الرشید۔ نعت نمبر ۱۴۱۱ھ۔ ص ۹۵۴/ الرشید۔ اکتوبر ۱۹۹۳۔ ص ۶۶)

---تھ---

شاہ انصار الٰہ آبادی — ہر قدم سجدہ و سلام کے ساتھ
(یہ نعت کتاب ''سراج السالکین'' کے صفحہ ۸۴ پر بھی ہے، صفحہ ۱۰۶ پر بھی)

نصیر الدین نصیر — اس کو نہ چھو سکے کبھی رنج و بلا کے ہاتھ
(ہلال۔ سیرت نمبر ۱۹۸۹۔ ص ۷۵/ ہلال۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۹۱۔ ص ۱۳۵)

---ج---

نظیر لودھیانوی — زہے بندہ ترے سر پہ غنا و سخا کا تاج
(شام و سحر لاہور۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۷۶/ شام و سحر۔ نعت نمبر ۴۔ ص ۱۴)

---د---

غلام زبیر نازش — رہتی ہے شب و روز مدینہ کی فضا یاد
(شام و سحر لاہور۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۷۹۔ ص ۴۳/ شام و سحر۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۰۔ ص ۶۷)

حسرت حسین حسرت — رسمِ وفا چلی ہے اُنھی کی وفا کے بعد
(شام و سحر۔ نعت نمبر ۴۔ ص ۴۲/ شام و سحر۔ نعت نمبر ۶۔ ص ۴۱)

آسی غازی پوری — وہاں پہنچ کے یہ کہنا صبا سلام کے بعد
(یہ نعت الرشید کے نعت نمبر میں صفحہ ۸۰۲ پر بھی ہے اور ۹۶۰ پر بھی)

مظہر الدین — نکہتِ گلشنِ جناں صَلِّ عَلٰی محمد ﷺ
(ہلال۔ سیرت النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۵۶/ ہلال۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۹۱۔ ص ۲۳)

عبد العزیز خالد — کون نہیں طالبِ پناہِ محمد ﷺ
(تحریریں لاہور نعت نمبر ۱۔ ص ۳۷/ تحریریں۔ نعت نمبر ۳۔ ص ۱۷)

سیّدہ رابعہ نہاں — ظلمت کدۂ دہر میں جب آئے محمد ﷺ
(یہ نعت نہاں کی کتاب ''نور جھروکے'' کے صفحہ ۱۹ پر بھی ہے، صفحہ ۵۳ پر بھی)

شوق عرفانی — محمد ﷺ ہے حمدِ خدائے محمد ﷺ
(ہلال۔ سیرتُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۱۹۱/ ہلال۔ سیرتُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۹۔ ص ۲۰۷)

عبد العزیز خالد — رکھتی ہے بے تاب آرزوئے محمد ﷺ
(تحریریں۔ نعت نمبر ۱۔ ص ۳۶/ تحریریں۔ نعت نمبر ۴۔ ص ۲۱)

---ر---

زہیر کنجاہی — ظہورِ مصطفیٰ ﷺ اللہ اکبر
(ہلال۔ سیرتُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۹۹/ ہلال۔ سیرتُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۹۔ ص ۴۳)

میجر محمد حامد — زباں پہ میری درود و سلام تھا آخر
(ہلال۔ میلاد النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۷۔ ص ۱۲۲/ ہلال سیرت النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۸۸) میلاد نمبر میں نام ''میجر محمد حامد'' لکھا ہے، سیرت نمبر میں نام درج نہیں۔

ضیاء القادری — جلوہ محبوبِ ربِّ ذوالجلال ﷺ آیا نظر
(ہلال۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۷۔ ص ۱۲۲/ ہلال۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۹۰۔ ص ۲۳۵)

حفیظ تائب — وہ ہادیٔ جہاں ﷺ جسے کہیے جانِ خیر
(تحریک لاہور۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۹۱۔ ص ۱۳/ تحریک۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۹۴۔ ص ۲۵)

نعتیں جو ایک سے زیادہ جگہ چھپیں

(ب)

حسن رضا بریلوی — جانبِ مغرب وہ چمکا آفتاب

(ذوقِ نعت۔ ص ۵۰ / بوستانِ نعت۔ ص ۵۰ / مجموعۂ نعت، اوّل۔ ص ۵۵ / ماہنامہ نعت لاہور۔ جنوری ۱۹۹۰ "حسن رضا بریلوی کی نعت")

ادیب سہارنپوری — مطلعِ فاراں سے چمکا وہ عجب تر آفتاب

(مدحِ رسول ﷺ مرتبہ راجا رشید محمود۔ ص ۱۰۱ / الرشید۔ نعت نمبر ۱۴۰۴ھ۔ ص ۹۴۹ / نقشِ سعادت مرتبہ ابوالخیر کشفی۔ ص ۳۰ / الجامعہ جھنگ۔ جلد ۳۲۔ شمارہ ۴)

غریب سہارنپوری — سامنے حضرت ﷺ کے ہے ذرّے سے کم تر آفتاب

(خزینۂ رحمت۔ ص ۳۲ / بوستانِ نعت۔ ص ۵۴ / ماہنامہ "نعت" لاہور۔ جون ۱۹۹۱ "غریب سہارنپوری کی نعت")

فیض لودھیانوی — کیا لیے پھرتا ہے اپنا رُوئے انور آفتاب

(نعتِ خاتم المرسلین ﷺ۔ مرتبہ راجا رشید محمود۔ ص ۱۴۰ / جانِ رحمت۔ ص ۱۵۰)

راقب قصوری — دامنِ ماہِ عرب ﷺ گر دیکھ پائے آفتاب

(تحفۂ راقب، حصہ اول۔ ص ۱۵ / نعتِ بہارِ یثرب۔ ص ۳۱ / کلیاتِ راقب قصوری۔ ص ۴۶) "نعتِ بہارِ یثرب" میں شاعر کا نام تحریر نہیں۔

راقب قصوری — ہم گنہگاروں کو کچھ بھی غم نہیں روزِ حساب

(تحفۂ راقب، حصہ اول۔ ص ۱۶ / نعتِ دربارِ یثرب۔ ص ۳۱ / کلیاتِ راقب قصوری۔ ص ۴۸) "نعتِ دربارِ یثرب" میں شاعر کا نام نہیں ہے۔

مفتی غلام سرور لاہوری — جب تلک تھا چہرۂ نورِ محمد ﷺ پر نقاب

(نعتِ سروری۔ ص ۱۴ / نعتیہ کلام۔ ص ۲۵) "نعتیہ کلام" میں شاعر کا نام نہیں لکھا ہے

غریب سہارنپوری — سایہ بھی ہوتا، اگر ہوتا پیمبر ﷺ کا جواب

(خزینۂ رحمت۔ ص ۳۳ / بوستانِ نعت۔ ص ۵۵)

غلام سرور لاہوری — چاند شرمندہ ہے اور سُورج ہے کیسا لاجواب

(نعتِ سروری۔ ص ۱۵ / نعتِ بہارِ یثرب۔ ص ۲۸) "نعتِ بہارِ یثرب" میں شاعر کا نام تحریر نہیں۔

حسن رضا خاں بریلوی — سر سے پا تک ہر ادا ہے لاجواب

(ذوقِ نعت۔ ص ۳۹ / ماہنامہ نعت، جنوری ۱۹۹۰ ("حسن رضا بریلوی کی نعت") / بوستانِ نعت۔ ص ۵۰)

راقب قصوری — لا بھی دے قاصد ہمیں جا کر مدینے سے جواب

(تحفۂ راقب، حصہ اوّل۔ ص ۱۵ / نعتِ دربارِ یثرب۔ ص ۳۰ / کُلیّاتِ راقب قصوری مرتبہ محمد صادق قصوری۔ ص ۴۷) "نعتِ دربارِ یثرب" میں شاعر کا نام نہیں لکھا ہے

محمد یعقوب پرواز — جس طرح ملتے ہیں لب نامِ محمد ﷺ کے سبب

(شام و سحر، لاہور۔ نعت نمبر ۳۔ ص ۲۷۰ / بہارِ نعت۔ ص ۲۰۸ / ۱۴۱ منتخب نعتیں۔ ص ۱۰۳ / جمالِ مصطفیٰ ﷺ۔ ص ۱۵۳ / ہلال راولپنڈی۔ سیرت نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۲۲ / ہلال۔ سیرت نمبر ۱۹۸۹۔ ص ۱۱۵ / ہلال۔ نعت النبی الکرم ﷺ نمبر۔ ص ۱۴۳)

راقب قصوری — منزلِ عشقِ محمد ﷺ کی رہا کچھ ہے عجیب

(تحفۂ راقب، حصہ اول۔ ص ۱۴ / کلیاتِ راقب قصوری۔ ص ۴۵ / نعتِ بہارِ یثرب۔ ص ۲۹) "نعتِ بہارِ یثرب" میں شاعر کا نام نہیں ہے

وہی — تڑپتا ہے دلِ شیدا، مدینہ پھر دکھا یارب

(مجموعۂ نعتِ محمدی ﷺ۔ ص ۲۹ / نعتِ گلزارِ یثرب۔ ص ۳۱)

سیّد عاصم گیلانی — مری فردِ عمل تفسیر نامہ سر بہ سر یارب

(وسیلہ۔ ص ۳۵ / شام و سحر۔ نعت نمبر ۳۔ ص ۲۸)

مفتی غلام سرور لاہوری — یا نبی ﷺ تجھ سے پھلا پھولا گلستانِ عرب

(نعتِ سروری۔ ص ۱۳/ نعتِ دربارِ یثرب۔ ص ۲۹) "نعتِ دربارِ یثرب" میں شاعر کا نام نہیں لکھا ہے

احمد رضا خاں بریلوی — دل وہی دل ہے جو آنکھوں سے ہو حیرانِ عرب

(مجموعۂ نعت اوّل۔ ص ۲۰/ نعتیہ کلام۔ ص ۲۴)

خالد علیم — آپؐ کا ذکرِ مبارک لب بہ لب شاہِ عرب ﷺ

(محفل لاہور۔ خیر البشر ﷺ نمبر۔ ص ۱۳۹/ شام و سحر لاہور۔ نعت نمبر ۳۔ ص ۲۵۵)

راقب قصوری — محمدؐ ایسے دل خواہ ہیں کہ دل خواہاں ہیں سب کے سب

(کلیاتِ راقب قصوری مرتبہ محمد صادق قصوری۔ ص ۳۳/ تحفۂ راقب' اول۔ ص ۱۳/ نعتِ گلزارِ یثرب۔ ص ۲۹) "نعتِ گلزارِ یثرب" میں کسی شاعر کا نام نہیں لکھا گیا

راز کاشمیری — لب پر رہی حضور ﷺ کی مدحت تمام شب

(لوح بھی تو' قلم بھی تو۔ ص ۸۱/ شام و سحر۔ نعت نمبر ۳۔ ص ۳۵/ ہلال۔ سیرت نمبر۔ ۱۹۸۹۔ ص ۹۱)

راز کاشمیری — شمعِ حرا کی لو میں گزاری تمام شب

(لوح بھی تو' قلم بھی تو۔ ص ۸۳/ شام و سحر۔ نعت نمبر ۳۔ ص ۳۴/ ہلال۔ سیرت نمبر ۱۹۸۹۔ ص ۸۹)

امیر مینائی — گرم حضرت ﷺ کا یہ بازار تھا معراج کی شب

(محامدِ خاتم النبیین ﷺ۔ ص ۴۳/ قلزمِ رحمت۔ ص ۴۲/ بوستانِ نعت۔ ص ۵۲/ ماہنامہ نعت لاہور۔ مارچ ۱۹۸۹)

راجا رشید محمود — اللہ کے رسول ﷺ ہیں خیرُ الورٰی لقب

(حدیثِ شوق۔ ص ۹۵/ ثنائے مصطفیٰ ﷺ۔ ص ۴۴)

راقب قصوری — جانے اللہ یہ دلِ ناشاد ہو گا شاد کب

(کلیاتِ راقب قصوری۔ ص ۴۴/ تحفۂ راقب حصہ اوّل۔۔ ص ۱۴/ نعتِ گلزارِ یثرب۔ ص ۳۲) "نعتِ گلزارِ یثرب" میں شاعر کا نام تحریر نہیں ہے

لطف بریلوی — ہے دو عالم میں تو ہی ایک خدا کا محبوب ﷺ

(دیوانِ لطف۔ ص ۱۳/ بوستانِ نعت۔ ص ۵۲) پروفیسر سید حسین شاہ فدا نے پورے کا پورا "دیوانِ لطف" اپنے نام سے چھاپ لیا ہے۔ اس میں ظاہر ہے کہ یہ نعت بھی انھوں نے اپنے نام لکھ لی ہے (ارمغانِ عقیدت۔ ص ۷۵'۷۶)

اکبر وارثی میرٹھی — مرحبا صلِّ علیٰ عزّت و شانِ محبوب ﷺ

(باغِ نہالِ اکبر۔ ص ۷۹/ نعتِ دربارِ یثرب۔ ص ۲۹)

نازش پرتاپ گڑھی — بہارِ خلد نظر بن گیا دیارِ حبیب ﷺ

(نعتِ پاک کی اہمیت۔ ص ۲۹۴/ الرشید نعت نمبر۔ ص ۶۵۳)

بہزاد لکھنوی — نہ پوچھو کہ کیا ہے دیارِ حبیب ﷺ

(کرم بالائے کرم۔ ص ۱۳۲/ ماہنامہ "نعت" لاہور۔ جون ۱۹۹۳ "بہزاد لکھنوی کی نعت")

اجمل سلطانپوری — بھیڑ پروانوں کی ہے گنبدِ خضرا کے قریب

(جذباتِ کلامِ اجمل۔ ص ۴۵/ تاجدارِ مدینہ ﷺ۔ ص ۲۳)

راقب قصوری — ہم جا مریں مدینے میں' ایسے کہاں نصیب

(کلیاتِ راقب قصوری۔ ص ۴۹/ تحفۂ راقب' حصہ اول۔ ص ۲۱/ نعتِ دربارِ یثرب۔ ص ۳۲) "نعتِ دربارِ یثرب" میں شاعر کا نام درج نہیں)

سیف زلفی — جس قلب کو نہیں ہے محمد ﷺ کا غم نصیب

(روشنی۔ ص ۴۳/ "لفظ ہمارے" لودھراں۔ نعت نمبر۔ ص ۵۶/ ۱۰۱ مقبول نعتیں۔ ص ۷۶)

غریب سہارنپوری — ہیں خوش نصیب جن کو ہے طوفِ حرم نصیب

(خزینۂ رحمت۔ ص ۳۳/ ماہنامہ "نعت" لاہور۔ جون ۱۹۹۱ "غریب سہارنپوری کی نعت")

مفتی غلام سرور لاہوری — تیرے روضے میں اگر گلشن سے جائے عندلیب

(نعتِ سروری۔ ص ۱۵/ نعتِ گلزارِ یثرب۔۔ ص ۳۲) "نعتِ گلزارِ یثرب" میں شاعر کا نام نہیں ہے

فضل احمد کریم فضلی — ہے اگر کائنات ایک رباب

(ارمغانِ نعت۔ ص ۳۶۸/ نقوش' لاہور۔ رسول ﷺ نمبر' جلد دہم۔ ص ۷۵۳/ ماہنامہ

"نعت" لاہور۔ فروری ۱۹۹۶۔ "نعت ہی نعت" حصۂ ششم۔ ص ۱۳)

غلام حسین ساجد — تیرے وصال کے لئے تیز ہے شمعِ آفتاب

(ماہنامہ "نعت"۔ فروری ۱۹۹۶۔ "نعت ہی نعت" حصۂ ششم۔ ص ۸۷/ م محمد ﷺ۔ ص ۵۴)

غلام حیدر مرزا — اے کہکشانِ قدس کے تابندہ آفتاب

(فیض الاسلام راولپنڈی۔ فروری ۱۹۷۹۔ ص ۴۱/ سلسبیل لاہور۔ جون ۱۹۸۰۔ ص ۲۲/ بہارِ نعت مرتبہ منیر قریشی۔ ص ۴۴)

ظفر علی خاں — اے خاورِ حجاز کے رخشندہ آفتاب

(خیالستان۔ ص ۱۹/ خمستانِ حجاز۔ ص ۱۴/ بوستانِ نعت۔ ص ۵۶/ مخزنِ نعت۔ ص ۱۰۶/ مولوی دہلی۔ رسول ﷺ نمبر ۱۳۵۰ھ/ موجِ نور مرتبہ محمد دین ادیب۔ ص ۱۸۷/ گلدستۂ نعت۔ ص ۲۴۳/ مرقعِ نعت۔ ص ۸۸/ مُسلمہ لاہور۔ سیرت نمبر ۱۹۸۴۔ ص ۱۵۴ الرشید لاہور۔ نعت نمبر ۱۳۸۱ھ۔ ص ۹۳۸/ شانِ مصطفیٰ ﷺ۔ ص ۲۸/ نورُ و ظہُور قصور۔ نعت نمبر۔ ص ۳۲/ مجلّہ اقلیم ساہیوال۔ نعتیہ انتخاب نمبر۔ ص ۶۱) کتاب "سلطانِ مدینہ" میں یہ نعت "نذیرِ اکبر آبادی" کے نام سے شائع کی گئی ہے۔ (ص ۲)

عابد نظامی — اے نبی ﷺ اے رسولِ وحی و کتاب ﷺ

(صلِّ علیٰ محمد ﷺ۔ ص ۱۰۷/ میانِ دو کریم۔۔ ص ۹۴/ شام و سحر لاہور۔ سیرت نمبر۔ ص ۱۰۸/ پندرہ روزہ تحریک لاہور۔ میلاد نمبر اول ۱۹۹۵۔ ص ۳۱)

محمد فیروز شاہ — ظہورِ صدق کی فیروز نورِ حق کی کتاب

(امروز۔ رحمتہؐ للعالمین ﷺ نمبر۔ ص ۲۸/ اوج۔ نعت نمبر۔ جلد دُوُم۔ ص ۱۹۷)

علامہ محمد اقبال — لوح بھی تُو، قلم بھی تُو، تیرا وجود الکتاب

(کُلیاتِ اقبال اردو/ مدحِ رسول ﷺ مرتبہ راجا رشید محمود۔ ص ۱۰۸/ صریرِ خامہ حیدر آباد سندھ۔ نعت نمبر۔ ص ۷۵/ نقوش۔ رسول ﷺ نمبر جلد دہُم۔ ص ۵۲۰/ نعتِ مصطفیٰ ﷺ۔ ص ۳۳/ خیر البشر ﷺ کے حضور میں۔ ص ۷۸/ ۱۰۱ مشہور نعتیں۔ ص ۹۵/ کشف العرفان۔ ص ۲۴۷/ اُردُو نعت۔ ص ۶۸/ اظہار کراچی۔ سیرت نمبر ۱۹۸۰۔ ص ۱۱/ اظہار، سیرت نمبر

۱۹۸۴/ بہارِ نعت مرتبہ منیر قریشی۔ ص ۴۳/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۸۴۳/ گلدستۂ نعت۔ ص ۱۳۳/ انوارِ حرمین۔ ص ۱۳/ اقلیم۔ نعتیہ انتخاب نمبر۔ ص ۵۵/ نوائے نعت۔ ص ۱۸/ جمالِ مصطفیٰ ﷺ۔ ص ۶۸)

قمر یزدانی — صبحِ ازل کے آفتاب، شامِ ابد کے ماہتاب

(خُم خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۵۰/ مہرِ درخشاں۔ ص ۱۷۴/ اوج۔ نعت نمبر۔ جلد دوم۔ ص ۱۹۴)

انجم وزیر آبادی — میم کا جس دم اُٹھایا اسمِ احمد ﷺ سے حجاب

(مینائے کوثر۔ ص ۳۳/ نعتِ خاتم المرسلین ﷺ مرتبہ راجا رشید محمود۔ ص ۴۴)

نذیر قیصر — دیکھ رہی ہیں جاگتی آنکھیں تیرے سچّے خواب

(اے ہَوا مؤذّن ہو۔ ص ۵۴/ غیر مسلموں کی نعت گوئی از راجا رشید محمُود۔ ص ۲۷۳)

غلام زبیر نازش — حضور ﷺ گلشنِ توحید کے گُلِ شاداب

(حرف حرف عقیدت۔ ص ۴۰/ شام و سحر۔ نعت نمبر (۱) ص ۳۳۹/ منتخب نعتیں مرتبہ ساجد۔ ص ۲۳/ ہلال راولپنڈی۔ سیرت نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۳۵)

غلام مصطفیٰ قمر — نعتِ نبی ﷺ ہے عشقِ رسالت کا انتساب

(ماہنامہ نعت لاہور۔ اپریل ۱۹۸۸/ اوج۔ نعت نمبر، جلد اول۔ ص ۱۳۶)

حفیظ الرحمان احسن — دن رات ایک دُھن تھی، عزیمت تھی ہم رکاب

(نعتِ پاک کی اہمیت۔ ص ۲۷۶/ تحریریں لاہور۔ نعت نمبر ۷۔ ص ۱۴)

راجا رشید محمود — تم جو ہونٹوں پر رکھلاؤ گے عقیدت کے گلاب

(حدیثِ شوق۔۔ ص ۳۳/ شام و سحر لاہور۔ میلادُ النبی ﷺ نمبر ۱۹۷۹۔ ص ۳۹)

حافظ چشتی تونسوی — وہ رسولِ ہاشمی، اُمّی لقب، عالی جناب ﷺ

(روضِ الفردوس۔ ص ۱۷/ نعتِ خاتم المرسلین ﷺ مرتبہ راجا رشید محمود۔ ص ۲۶)

میر تجلّی دہلوی — حضرتِ خیر البشر ﷺ سیّدِ عالی جناب ﷺ

(نقوش، رسول ﷺ نمبر۔ جلد دہم۔ ص ۴۳۰/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۱۷۷)

فداکلیم کرنی — جو ہے نگاہِ سرورِ عالم ﷺ سے فیض یاب

(حدیثِ ایماں۔ ص ۸۸/ شام و سحر' نعت نمبر۳۔ ص ۴۷)

محمد شیر افضل جعفری — فلک گداز ہے میری اذانِ آخرِ شب

(شام و سحر۔ نعت نمبر۳۔ ص ۲۰/ نعتِ خیرالبشر ﷺ۔ ص ۳۵/ اظہار کراچی۔ دسمبر ۱۹۸۲۔ ص ۱۱)

حافظ مظہرالدین — ظلمتِ غم ہے میری شب

(جلوہ گاہ۔ ص ۱۰۷/ سالک راولپنڈی۔ میلاد نمبر ۱۹۵۸۔ ص ۱۶)

حفیظ تائبؔ — مرکز میرے فکر کا وہ مکّی محبوب ﷺ

(وسلّموا تسلیما۔ ص ۱۳۰/ شام و سحر۔ نعت نمبر۴۔ ص ۲۴/ منتخب نعتیں مرتبہ ضیا ساجد۔ ص ۵۹/ ۱۰۱ مقبول نعتیں۔ ص ۴۷)

رعنا ناہید رعناؔ — تمام خوبیاں ختم اُس کی ذات پر' کیا خوب

(ثنائے خواجۂ کونین ﷺ۔ ص ۱۳۶/ خواتین کی نعت گوئی از راجا رشید محمود۔ ص ۱۵۲/ اقرا۔ سیرت نمبر۔ ص ۲۰۸/ اظہار۔ سیرت نمبر ۱۹۸۵۔ ص ۴۸/ تحریریں۔ نعت نمبر۲)

(پ)

عبدالغفار حافظ — ہیں سرورِ کونین ﷺ نذیر آپ' بشیر آپ ﷺ

(ارمغانِ حافظ۔ ص ۵۲/ ۱۰۱ منتخب نعتیں۔ ص ۷۰)

آغا صادق — کعبہ ہیں تو ہیں کعبۂ اربابِ جناں آپ ﷺ

(چشمۂ کوثر۔ ص ۲۳/ مخزنِ نعت۔ ص ۱۳۵/ الرشید۔ نعت نمبر ۱۴۰۱ھ۔ ص ۶۷۰)

عبدالکریم ثمرؔ — خورشیدِ فلک آپ ہیں مہتاب زمیں آپ ﷺ

(شاخِ سدرہ۔ ص ۴۵/ احسنِ تقویم۔ ص ۴۷/ مخزنِ نعت۔ ص ۱۳۴/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۶۷۱)

صادق نسیم — کیوں کہتی ہے دنیا کہ ہیں طیبہ کے مکیں آپ ﷺ

(نعتِ خیرالبشر ﷺ۔ ص ۷۵/ تحریریں لاہور۔ نعت نمبر۳۔ ص ۲۰/ ہلال راولپنڈی۔ نعت

النبی المکرم ﷺ نمبر۔ ص ۶۸)

گوہر حسین گوہرؔ — نقاب چہرۂ پُرنور سے اُٹھا لیں آپ ﷺ

(ارمغانِ نعت۔ ص ۲۳۹/ شانِ مصطفی ﷺ۔ ص ۱۰۳) "شانِ مصطفی ﷺ" میں پورا نام نہیں لکھا

قمر یزدانی — سرور ہیں آپ' مالکِ ہر دوسرا ہیں آپ ﷺ

(مہرِ درخشاں۔ ص ۱۰۰/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۳۶/ شام و سحر۔ نعت نمبر۵۔ ص ۴۹)

سیّد شمس وارثی — حاصلِ زندگی ہیں آپ' حاصلِ مُدعا ہیں آپ ﷺ

(حرفِ معتبر۔ ص ۲۸/ رحمتِ تمام۔ ص ۱۱۸)

افق کاظمی امروہوی — برتر تمام خلق سے یا مصطفی ﷺ ہیں آپ

(فروغِ محامد۔ ص ۷۹/ ۱۰۱ مشہور نعتیں۔ ص ۷۲)

شاد عارفی — وہ مطلعِ انوار ہیں اے صلِّ علیٰ آپ ﷺ

(مخزنِ نعت۔ ص ۱۰۴/ شانِ مظہرِ جلیل۔ ص ۶) "شانِ مظہرِ جلیل" میں شاعر کا نام نہیں لکھا ہے

ضیاء القادری — ظلِّ جمالِ ذاتِ حق' شاہدِ حق نُما ہیں آپ ﷺ

(نعتِ رسول ﷺ۔ ص ۴۳/ منتخب نعتیں۔ ص ۸۸)

قمر یزدانی — عکسِ حُسن و جمالِ ذات ہیں آپ ﷺ

(مہرِ درخشاں۔ ص ۲۲۰/ شام و سحر۔ نعت نمبر۶۔ ص ۴۱۹)

حسین سحرؔ — وجہِ تخلیقِ ممکنات ہیں آپ ﷺ

(تقدیس۔ ص ۶۸/ جواہر النعت۔ ص ۲۱۰)

عبدالنبی کوکبؔ — ابنِ آدم کا افتخار ہیں آپ ﷺ

(نعتِ خاتم المرسلین ﷺ مرتبہ راجا رشید محمود۔ ص ۱۴۶/ آستانۂ پاک لاہور۔ میلاد النبی ﷺ نمبر ۱۹۷۳۔ ص ۲۱)

میر واصف علی واصفؔ — عرشِ بریں پہ عظمتِ لوح و قلم ہیں آپ ﷺ

(مدینۂ نعت۔ ص ۱۱۱/ ایوانِ نعت۔ ص ۷۳/ ۱۰۱ منتخب نعتیں۔ ص ۴۷)

عارف عبدالمتین — میرا سراغ آپ ہیں، میرا نشاں ہیں آپ ﷺ
(بے مثال۔ ص ۸۹/ شام و سحر۔ نعت نمبر۶۔ ص ۴۰۵)

قمر یزدانی — ماوائے خلق، مُونسِ اہلِ جہاں ہیں آپ ﷺ
(مہرِ درخشاں۔ ص ۱۴۷/ خُمِ خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۸۶/ شام و سحر۔ نعت نمبر۵۔ ص ۴۹)

ضیا محمد ضیاؔ — مولائے کُل ہیں، سرورِ دنیا و دیں ہیں آپ ﷺ
(موجِ زمزم۔ ص ۸۸/ نعتِ خاتم المرسلین ﷺ۔ ص ۱۴۱/ گلدستۂ نعت۔ ص ۱۳۲/ شام و سحر۔ نعت نمبر۴۔ ص ۳۳/ شام و سحر۔ نعت نمبر۶۔ ص ۴۳/ الرشید' نعت نمبر۔ ص ۶۷۰)

شاہ انصار الہ آبادی — رُوحِ ہستی کے ہر اک گوشے سے تابندہ ہیں آپ ﷺ
(صلوٰۃ و سلام۔ ص ۱۴/ ایوانِ نعت۔ ص ۲۷)

عارف عبدالمتین — مری رگوں میں لہُو کو اُچھالتے ہیں آپ ﷺ
(بے مثال۔ ص ۷۹/ شام و سحر۔ نعت نمبر۶۔ ص ۴۰۵/ اقلیم۔ نعتیہ انتخاب نمبر۔ ص ۹۳)

ممتاز گنگوہی — آج کل پھر ہے مرے لب پہ فغاں آپ سے آپ
(چمن مناقب، چہارم۔ ص ۱۷/ نعتِ گلزارِ یثرب۔ ص ۳۳) "نعت۔گلزارِ یثرب" میں شاعر کا نام درج نہیں ہے

(ت)

حافظ لدھیانوی — لب پر جو آئی سیّدِ خیرالوریٰ ﷺ کی بات
(صلِ علیٰ النبی ﷺ۔ ص ۱۰۸/ حضرت حسّان نعت ایوارڈ ۹۰۔۹۱)

صائم چشتی — حُسنِ یُوسُفؑ کی ہو یا مصر کے بازار کی بات
(نور دا چشمہ۔ ص ۱۳/ مجموعۂ نعت، دوم۔ ص ۵۲)

ضیاء القادری — گر گئی میری نظر سے چاند اور تاروں کی بات
(ماہنامہ آستانہ دہلی۔ مئی ۱۹۵۹۔ ص ۲۶/ ماہنامہ "نعت" لاہور۔ اگست ۱۹۸۹ "کلامِ ضیا' حصّہ دوم")

ظہیر صدیقی — تصویرِ کائنات نبی ﷺ کی ہے پاک ذات
(خیرالوریٰ ﷺ۔ ص ۱۱۰/ پاک جمہوریت لاہور۔ یکم نومبر ۱۹۷۴)

اخلاق عاطف — وفا وفا ترا پیکر، کرم کرم تری ذات
(قریہ قریہ خوشبو۔ ص ۵۲/ اوج۔ نعت نمبر، جلد دوم۔ ص ۵۰۴)

مظفر وارثی — حق نما حق صفات آپ ﷺ کی ذات
(نورِ ازل۔ ص ۳۵/ ماہنامہ "نعت" لاہور۔ جولائی ۱۹۹۶۔ ص ۱۷)

نور صابری — ضیائے شمس و قمر ہے حضور ﷺ آپ کی ذات
(صبحِ نور۔ ص ۱۶۸/ ماہنامہ "نعت" لاہور۔ جولائی ۱۹۹۶۔ "حضور ﷺ کے لیے لفظ "آپ" کا استعمال" ص ۳۳)

حسین سحرؔ — محیطِ ثابت و سیّار ہے حضور ﷺ کی ذات
(تقدیس۔ ص ۴۱/ مخزنِ نعت۔ ص ۱۳۸/ ضیائے حرم لاہور۔ فروری ۱۹۷۳۔ ص ۶۸) "ضیائے حرم" اور "مخزنِ نعت" میں نام "سحر رومانی" لکھا ہے۔ حسین سحرؔ پہلے سحر رومانی ہی کے نام سے لکھتے تھے۔

راز کاشمیری — پڑھتا رہا حضور ﷺ کی سیرت تمام رات
(لوح بھی تو، قلم بھی تو۔ ص ۸۸/ شام و سحر۔ نعت نمبر۶۔ ص ۳۵۵)

غریب سہارنپوری — جس کو کہتے ہیں سب، اعجاز و کرامات کی رات
(خزینۂ رحمت۔ ص ۳۶/ بوستانِ نعت۔ ص ۵۹)

فائق بریلوی — لائی یہ مژدۂ جاں بخش صبا آج کی رات
(گلدستۂ نعت۔ ص ۲۹/ بوستانِ نعت۔ ص ۵۹)

طالق ہمدانی — جب گئے عرش پہ محبوبِ خدا ﷺ آج کی رات
(افکارِ جمیل۔ ص ۳۶/ الجامعہ جھنگ۔ دسمبر ۱۹۹۴۔ ص ۱۷) "الجامعہ" میں ان کا نام غلطی سے "طارق ہمدانی" لکھا ہے۔

شاد قادری — بندہ طالب ہے نہ مطلوب خدا آج کی رات

(گنجینۂ نعت و مناقب۔ ص ۲۹/ ماہنامہ "نعت" لاہور۔ اپریل ۱۹۸۹ "معراج النبی ﷺ حصہ دوم")

ڈگمبر پرشاد گوہر — کھل گئے چرخ پہ اسرارِ خدا آج کی رات

(غیر مسلموں کی نعت گوئی از راجا رشید محمود۔ ص ۲۷۵/ شانِ رسالت مآب ﷺ۔ ص ۱۰۸)

حافظ مظہر الدین — حسن مستور ہوا جلوہ نما آج کی رات

(تجلیات۔ ص ۱۱۱/ نعت و سلام۔ ص ۳۸)

قمر یزدانی — عالمِ قدس میں ہے نور و ضیا آج کی رات

(خم خانۂ محمد ﷺ۔ ص ۳۶/ ساغرِ کوثر۔ ص ۳۸/ الفرید ساہیوال۔ جون ۱۹۷۹۔ ص ۱۵)

امیر مینائی — کس کے آنے کی فلک پر ہے خبر آج کی رات

(محامدِ خاتم النبیین ﷺ۔ ص ۴۶/ مرقعِ نعت۔ ص ۵۶/ قلزمِ رحمت مرتبہ راجا رشید محمود۔ ص ۶۰/ گلدستۂ نعت۔ ص ۱۹۱/ مجموعۂ نعتِ محمدی ﷺ۔ ص ۳۵۔/ اردو نعت۔ ص ۵۶/ ماہنامہ نعت لاہور۔ مارچ ۱۹۸۹۔ "معراج النبی ﷺ حصہ اول") "مجموعۂ نعتِ محمدی ﷺ" میں شاعر کا نام درج نہیں ہے۔

سراج لکھنوی — آئینہ دارِ تجلی ہے نظر آج کی رات

(ارمغانِ نعت۔ ص ۲۲۸/ گلدستۂ نعت۔ ص ۲۳/ منتخب نعتیں۔ ص ۵۸/ نعتِ رسول ﷺ۔ ص ۸۷/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۹۵۱)

ظفر علی خاں — عشق مہمان ہوا حسن کے گھر آج کی رات

(بہارستان۔ ص ۳۸/ خمستانِ حجاز۔ ص ۲۱/ گلدستۂ نعت۔ ص ۲۰۱/ مرقعِ نعت۔ ص ۹۹/ ماہنامہ نعت لاہور۔ مارچ ۱۹۸۹) "مرقعِ نعت" میں شاعر کا نام نہیں لکھا ہے۔

واصف علی واصف — بامِ اقصیٰ سے چلا رشکِ قمر آج کی رات

(شب چراغ۔ ص ۳۶/ الجامعہ۔ دسمبر ۱۹۹۴۔ ص ۵)

قاسم — کون آتا ہے ولا رشکِ قمر آج کی رات

(نعتِ خاتم النبیین ﷺ۔ ص ۳۹/ نعتِ بہارِ یثرب۔ ص ۳۷) دونوں کتابوں میں شاعر کا نام نہیں ہے، صرف مقطع سے تخلص کا پتا چلتا ہے۔

رضا امروہوی — دل سے سب دور ہوئے رنج و الم آج کی رات

(ر)

غلام سرور لاہوری — مانتے حضرت ﷺ ہیں سرور کی تمنا بار بار

(نعتِ سروری۔ ص ۳۹/ نعتیہ کلام۔ ص ۴۳)

خالد بزمی — رشک ہو کیونکر نہ دنیا کو عرب کی خاک پر

(سنہری جالیوں کے سامنے۔ ص ۵۷/ اظہار کراچی۔ سیرت النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۴۔ ص ۵۴)

سیماب اکبر آبادی — اے نور کی راتوں کی ضیا احمدِ مختار ﷺ

(فاران۔ سیرت نمبر ۱۹۵۶۔ ص ۱۸۳/ گلدستۂ نعت۔ ص ۱۵۳/ مرچنٹ لاہور۔ میلاد النبی ﷺ نمبر ۱۹۷۴۔ ص ۷/ مخزنِ نعت۔ ص ۱۰۰/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۲۲۶)

حافظ پیلی بھیتی — رحمت برس رہی ہے، نہا لیں گناہ گار

(نعتِ حافظ مرتبہ راجا رشید محمود۔ ص ۱۳۴/ مجموعۂ نعت، دوم۔ ص ۵۹)

احمد رضا بریلوی — اے شافعِ اُمم شہِ ذی جاہ ﷺ لے خبر

(حدائقِ بخشش، حصہ اول/ مجموعۂ نعت، اول۔ ص ۱۲/ کشف العرفان۔ ص ۲۶۸)

زہیر کنجاہی — ظہورِ مصطفیٰ ﷺ اللہ اکبر

(شام و سحر۔ نعت نمبر ۵۔ ص ۳۲۹/ ہلال۔ سیرت النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۹۹/ ہلال۔ سیرت النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۹۔ ص ۲۱۳)

لطف بریلوی — بھروسا ہے مجھے بخشش کا حضرت ﷺ کی شفاعت پر

(دیوانِ لطف۔ ص ۲۰/ بوستانِ نعت۔ ص ۹۳/ نعتیہ کلام۔ ص ۳۹/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۹۷۴)

سید حسین شاہ فدا نے لطف بریلوی کی یہ نعت بھی "ارمغانِ عقیدت" میں (صفحہ ۱۰۴، ۱۰۵ پر) اپنے نام سے چھاپی ہے۔

کچھمی نرائن سخا — عشقِ حق پر عشقِ احمد ﷺ نور ہے اک نور پر

(معراجِ محبت۔ ص ۵۸/ غیر مسلموں کی نعت گوئی از راجا رشید محمود۔ ص ۲۱۹)

سیّد عاصم گیلانی — رحمتیں لٹتی ہیں جن کے آستانِ پاک پر

(شام و سحر۔ اگست ۱۹۹۱۔ ص ۳/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۱۷۱)

مرتضیٰ برلاس — نہ غرور ہے کسی کام پر، نہ سجود پر، نہ قیام پر

(لفظ ہمارے۔ نعت نمبر۔ ص ۲۱/ کاروان جھنگ۔ نعت نمبر۔ ص ۵۸/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۹۷۶/ منتخب نعتیں۔ ص ۱۷۴/ ۱۰۱ مقبول نعتیں۔ ص ۹۲/ نعتوں کی خوشبو۔ ص ۷۸)

انور صابری — رسولِ اکرم سلام تم پر، امامِ دوراں ﷺ سلام تم پر

(بصیر کراچی۔ رسول ﷺ نمبر ۱۹۷۲۔ ص ۹۴/ نعتِ خاتم المرسلین ﷺ۔ مرتبہ راجا رشید محمود۔ ص ۴۸)

حنیف اسعدی — یارب! یہ تمنا ہے کہ نازل ہو وہ ہم پر

(ذکرِ خیرالانام ﷺ۔ ص ۸۳/ گُلِ چیدہ۔ ص ۱۳)

راشد بزمی — نہیں ہے کوئی بھی ان کا ہمسر، درود ان پر سلام ان پر

(شام و سحر۔ نعت نمبر(۱)۔ ص ۳۴۰/ منتخب نعتیں مرتبہ ضیا ساجد۔ ص ۲۴/ ۱۰۱ مقبول نعتیں۔ ص ۹۹/ ہلال۔ سیرت نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۹۰)

اختر الحامدی — وہ جن کا تھا انتظار آئے، درود ان پر سلام ان پر

(نعت محل۔ ص ۱۷۸/ کالی کملی والے ﷺ تم پہ لاکھوں سلام۔ ص ۸۳)

اصغر علی شاہ — معراج کا جو ذکر بھی آیا زبان پر

(پیامبر فجر۔ ص ۸۹/ م محمد ﷺ۔ ص ۲۹)

حافظ لدھیانوی — جس رحمتِ عالم ﷺ کا ہے احسان جہاں پر

(تحریریں۔ نعت نمبر ۲/ بلبل بستانِ مصطفیٰ ﷺ۔ ص ۲۳۱)

رشید کامل — چمن میں نعتِ نبی ﷺ ہے صبا کے ہونٹوں پر

(آتش زیرپا۔ ص ۱۹/ شام و سحر۔ نعت نمبر ۵۔ ص ۴۰)

سعید بدر — ہر نگاہِ فتنہ خُو سے پاک تر، محجُوب تر

(روزنامہ امروز لاہور۔ رحمۃٌ للعالمین ﷺ نمبر۔ ص ۹/ ہلال۔ سیرت النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۹۔ ص ۳۴) ہلال میں فتنہ خو کو "فتنہ جو" اور محجوب کو "محبُوب" لکھا ہے۔

امیر مینائی — الٰہی آئے نظر نالۂ رسا کا اثر

(محامد خاتم النبیین ﷺ۔ ص ۵۸/ نعتِ خاتم النبیین ﷺ۔ ص ۵۸) "نعتِ خاتم النبیین ﷺ" میں شاعر کا نام درج نہیں۔

ادیب رائے پوری — کیا شان ہے شانِ خیر بشر ﷺ انّا اعطینک الکوثر

(اس قدم کے نشاں۔ ص ۲۱/ ایوانِ نعت مرتبہ صبیح رحمانی۔ ص ۷۳/ جمالِ مصطفیٰ ﷺ مرتبہ صبیح رحمانی۔ ص ۱۳۵)

جمیل ملک — ترے بغیر مکمل نہ تھی ادائے سحر

(فنون۔ سالنامہ ۱۹۹۱۔ ص ۲۳/ تحریک۔ میلاد نمبر دوم ۱۹۹۵۔ ص ۷)

جنت سیرامپوری — ہے نورِ خدا آبگینے کے اندر

(نورِ سخن۔ ص ۳۷/ غیر مسلموں کی نعت گوئی۔ ص ۹۳)

خالد شفیق — مجھ کو سب سے معتبر خیر البشر ﷺ

(شام و سحر۔ نعت نمبر ۳۔ ص ۲۸۱/ ہلال۔ سیرت النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۱۲۸)

انجم یوسفی — ہو اب تو عنایت کی نظر شافعِ محشر ﷺ

(شام و سحر۔ نعت نمبر ۴۔ ص ۱۹۳/ منتخب نعتیں۔ ص ۴۵/ ہلال۔ نعت نمبر۔ ص ۱۹۱)

اصغر نثار قریشی — ..... خراماں ہے بادِ صبا تیری خاطر

(ضیائے حرم۔ اکتوبر ۱۹۷۵۔ ص ۵۴/ نعتِ خاتم المرسلین ﷺ۔ ص ۱۴۳)

ضیاء القادری — جلوۂ محبوبِ ربِ ذوالجلال ﷺ آیا نظر

(مجموعۂ نعت، دوم۔ ص ۶۰/ ہلال۔ میلاد النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۷۔ ص ۱۱۰/ ہلال۔ میلاد النبی ﷺ نمبر ۱۹۹۰۔ ص ۲۳۵)

علامہ محمد اقبال — نگاہ عاشق کی دیکھ لیتی ہے پردۂ میم کو اٹھا کر

(العزیز بٹالہ۔ رسول ﷺ نمبر ۱۹۱۹/ نعتیہ کلام۔ ص ۳۷/ نعتِ رسول ﷺ۔ ص ۱۳/ موجِ نور۔ ص ۱۲/ کشف العرفان۔ ص ۲۴۸/ منتخب نعتیں۔ ص ۴/ اردو نعت۔ ص ۶۷/ نوائے رضا۔ ص ۱۹/ ارمغانِ نعت۔ ص ۱۷۶/ گلدستہ نعت۔ ص ۱۳۵/ نعتِ خاتم المرسلین ﷺ۔ ص ۳۸/ اردو کی نعتیہ شاعری۔ ص ۱۳۳)

نظیر شاہجہانپوری — نعتیں لکھ وہ پائیں گے مدینہ جا کر

(ہلال۔ نعت النبی الکرم ﷺ نمبر۔ ص ۱۸۵/ اوج۔ نعت نمبر۔ جلد دوم۔ ص ۲۰۸)

خالد محمود — چلو دیارِ نبی ﷺ کی جانب درود لب پر سجا سجا کر

(قدم قدم سجدے۔ ص ۴۹/ اذانِ محبت۔ ص ۲۴/ ذکرِ سرور ﷺ۔ ص ۴۳/ پندرہ روزہ تحریک لاہور۔ میلاد نمبر ۱۹۹۴۔ ص ۵۷/ ہلال۔ نعت نمبر۔ ص ۱۴۲/ ابرِ لطف و کرم۔ ص ۸۴)

ممتاز گنگوہی — مدینے جا کے اچھا ہو جو، وہ آزار پیدا کر

(چمنِ مناقب۔ ص ۶۷/ نعتیہ کلام۔ ص ۴۰) "نعتیہ کلام" میں شاعر کا نام درج نہیں۔

عارفؔ عبدالمتین .... غموں کا بے عرفاں مجھے عطا کر

(بے مثال۔ ص ۳۱/ اقرأ۔ سیرت نمبر۔ ص ۲۷)

تحسینؔ فراقی دونوں جہاں کے آقا و سلطاں ﷺ کی بات کر

(اقرأ سیرت نمبر۔ ص ۱۱۲/ تحریریں۔ نعت نمبر ۱۔ ص ۸۳)

جمیلؔ ملک فیصلے کی گھڑی ہے نبی ﷺ، اسمِ اعظم سے سرشار کر

(کاروانِ جھنگ۔ نعت نمبر۔ ص ۸۷/ منتخب نعتیں۔ ص ۶۳)

ریاضؔ سہروردی آرزو کس کی کروں ان کی تمنا چھوڑ کر

(ریاضِ رسول ﷺ۔ حصۂ سوم۔ ص ۳۹/ میرے آقا میرے حضور ﷺ۔ ص ۷۹)

حسنؔ رضا بریلوی سیرِ گلشن کون دیکھے دشتِ طیبہ چھوڑ کر

(ذوقِ نعت۔ ص ۶۷/ نقوش۔ رسول ﷺ نمبر جلد دہم۔ ص ۲۶۷/ ارمغانِ نعت۔ ص ۱۵۱/ جمالِ مصطفیٰ ﷺ۔ ص ۷۰/ اوج۔ نعت نمبر جلد دوم۔ ص ۱۳۶/ انوارِ حرمین۔ ص ۶۵/ نعتِ مصطفیٰ ﷺ۔ ص ۲۷/ نوائے نعت۔ ص ۲۰/ حمد و نعت کراچی۔ ۱/ ۱۰، ۱۱۔ ص ۸/ مدینے کے پھول۔ ص ۳۴/ نغمۂ محبوب، دوم۔ ص ۱۵) "ماہنامہ "حمد و نعت" میں شاعر کا نام نہیں لکھا۔

حفیظؔ تائب وجد میں آدم ہے اوجِ آدمیت دیکھ کر

(شام و سحر۔ نعت نمبر ۵۔ ص ۱۹/ نقوش۔ عصری ادب نمبر (شمارہ ۱۲۹/ بزمِ رسالت۔ ص ۷۷)

لطفؔ بریلوی کیوں نہ غش کھاؤں جمالِ مصطفیٰ ﷺ کو دیکھ کر

(دیوانِ لطف۔ ص ۲۱/ نعتیہ کلام۔ ص ۴۴) سید حسین شاہ فدا نے لطف کا یہ نعتیہ کلام بھی اپنے نام سے "ارمغانِ عقیدت" میں چھاپ لیا ہے (صفحہ ۱۰۶، ۱۰۷، ۱۰۸)

سجادؔ مرزا نعتِ شہِ ابرار ﷺ تو دن رات رقم کر

(چراغِ آرزو۔ ص ۸۹/ شام و سحر۔ جولائی ۱۹۹۱۔ ص ۴)

احسنؔ مارہروی ہر اک ذرہ چمک اٹھا ہے مہتابِ ضیا بن کر

(ارمغانِ نعت۔ ص ۱۷۸/ نقوش۔ رسول ﷺ نمبر۔ جلد دہم۔ ص ۲۹۷/ گلدستۂ نعت۔ ص ۳۹/ منتخب نعتیں۔ ص ۳۵/ انوارِ حرمین۔ ص ۱۱۰/ نعتِ رسول ﷺ۔ ص ۳۰/ مسک

گوجرانوالہ۔ نذرانۂ عقیدت بحضورِ سرورِ کونین ﷺ۔ ص ۲۵۴/ ندائے دین کراچی۔ انوارِ نبوت نمبر۔ ص ۶۷/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۹۶۴/ ہلال۔ نعت نمبر۔ ص ۱۵۳)

غلام سرورؔ لاہوری صبا مدینے میں گر تو جائے تو سر، گُھوں سُوئے آستاں کر

(نعتِ سروری۔ ص ۳۲/ نعتیہ کلام۔ ص ۴۲)

احمد رضاؔ بریلوی گزرے جس راہ سے وہ سیدِ والا ﷺ ہو کر

(حدائقِ بخشش۔ حصہ اول/ بوستانِ نعت۔ ص ۹۳)

کوثرؔ قریشی حبیبِ کبریا ﷺ بن کر، شفیعِ بحر و بر ہو کر

(مخزنِ نعت۔ ص ۱۵۱/ شانِ مظہرِ جلیل مرتبہ منور قادری)

زکی کیفیؔ دعائیں پیغمبروں کی لوٹیں درِ خدا سے قبول ہو کر

(کیفیات۔ ص ۴۸/ شام و سحر۔ نعت نمبر (۱)۔ ص ۱۲/ ۱۰۱ مقبول نعتیں۔ ص ۵۷) "شام و سحر" میں شاعر کا نام "ذ" سے ذکی لکھا ہے۔

شریفؔ امروہوی زمیں سے آسماں اور آسماں سے لامکاں ہو کر

(قندیلِ عرش۔ ص ۸۳/ جمالِ مصطفیٰ ﷺ۔ ص ۱۳۵)

حسنؔ رضا بریلوی اگر چمکا مقدر خاکِ پائے رہرواں ہو کر

(ذوقِ نعت۔ ص ۲۶/ بوستانِ نعت۔ ص ۹۶/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۹۶۸)

حافظ محمد مستقیمؔ ہر اک ذرہ نہ کیوں چمکے متاعِ دوجہاں ہو کر

(معراجِ سخن۔ ص ۳۹/ پاکستان کے نعت گو شعرا۔ ص ۱۲۱)

محمد صدیق حلؔ دو عالم میں کوئی آیا نہیں ایسا حسیں ہو کر

(شام و سحر۔ میلاد النبی ﷺ نمبر ۱۹۷۷۔ ص ۵۹/ اظہار۔ دسمبر ۱۹۸۲۔ ص ۱۱)

ظفرؔ علی خاں وہ اُٹھا خاکِ بطحا سے سعادت کا امیں ہو کر

(خیالستان۔ ص ۲۲/ بہارستان۔ ص ۷۳/ نمستانِ حجاز۔ ص ۴۱/ موجِ نور۔ ص ۵۸/ مسلمہ۔ سیرت نمبر ۱۹۸۲۔ ص ۲۲۱)

قمر صدیقی — زمانے میں وہ آیا رحمتِ للعالمیں ﷺ ہو کر

(مدینۂ نعت۔ ص ۱۱۳/ منتخب نعتیں۔ ص ۵۶/ تحریریں۔ نعت نمبر ۲۔ ص ۶۲)

طالق ہمدانی — نبی ﷺ آئے جہاں میں رحمتِ للعالمیں ہو کر

(افکارِ جمیل۔ ص ۱۸/ پاکستان کے نعت گو شعرا۔ ص ۲۳۴/ اظہار۔ سیرت النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۵۔ ص ۵۳)

سعید وارثی — ضمانتِ سحرِ خوش نوا حضور ﷺ کا ذکر

(ورثہ۔ ص ۸۷/ نعت رنگ ۱۔ ص ۲۵۵)

اختر الحامدی — مجرم ہیں شہا ﷺ دے گا ہمیں کون اماں اور

(نعت محل۔ ص ۶۵/ نور الحبیب، مئی ۱۹۸۰۔ ص ۲/ ابرِ لطف و کرم۔ ص ۲۲)

نظیر لودھیانوی — اللہ کی جناب میں ہے التجا حضور ﷺ

(آفتابِ حرا۔ ص ۲۳/ شام و سحر۔ ستمبر ۱۹۸۴۔ ص ۵)

حسن رضا بریلوی — مرحبا عزت و کمالِ حضور ﷺ

(ذوقِ نعت۔ ص ۲۶/ بوستان نعت۔ ص ۹۵)

ہارون الرشید ارشد — بہ قیدِ ہوش سمجھتا ہوں میں مقامِ حضور ﷺ

(شام و سحر۔ نعت نمبر (۱)۔ ص ۱۳۵/ ہلال۔ سیرت نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۸۷)

اثر لودھیانوی — عبودیت میں بھی اک رحمتِ تمام حضور ﷺ

(عکسِ جمال۔ ص ۶۴/ شام و سحر۔ نعت نمبر (۱)۔ ص ۱۴۴/ منتخب نعتیں مرتبہ ضیا ساجد۔ ص ۹۳/ ہلال۔ سیرت النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۸۔ ص ۱۹۱)

مظفر وارثی — میرے اندر فروزاں حضور ﷺ

(کعبۂ عشق۔ ص ۱۲۵/ اقلیم ساہیوال۔ نعتیہ انتخاب نمبر۔ ص ۸۷)

افضل کوٹلوی — زینتِ ہر جہاں ہے کون؟ زینتِ ہر جہاں حضور ﷺ

(عرشِ تمنا۔ ص ۵۷/ میلاد نمبر ۱۴۱۰ھ۔ ص ۱۵۳)

مسرور کیفی — آپ کے قدموں میں آئے ہیں حضور ﷺ

(ہلال۔ سیرت النبی ﷺ نمبر ۱۹۸۹۔ ص ۲۰۳/ انوارِ حرمین۔ ص ۱۳۲)

نعیم صدیقی — کاش قبول ہو سکے میرا سلام اے حضور ﷺ

(سیارہ لاہور۔ سفرِ حجاز نمبر۔ ص ۹۷/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۶۵۹/ میلاد النبی ﷺ۔ ص ۱۵۷)

ندیم نیازی — آئنہ خانۂ وحدت کی ضیا میرے حضور ﷺ

(ومالارسلنک الا رحمۃً للعالمین ﷺ۔ ص ۲۶/ شام و سحر۔ نعت نمبر ۵۔ ص ۳۲۶)

جعفر شیرازی — علاجِ ظلمتِ کونین ساتھ لائے حضور ﷺ

(لفظ ہمارے۔ نعت نمبر۔ ص ۱۸/ شام و سحر۔ نعت نمبر ۴۔ ص ۱۷۱/ منتخب نعتیں مرتبہ ضیا ساجد۔ ص ۶۵)

عبدالعزیز فطرت — جس کا نام اور نسب ہے پُرنور

(نقوش۔ رسول ﷺ نمبر جلد دہم۔ ص ۲۳۱/ الرشید۔ نعت نمبر ۱۴۱۱ھ۔ ص ۹۷۳/ ۱۰۱ منتخب نعتیں۔ ص ۱۷)

حفیظ تائب — وہ ہادیٔ جہاں جسے کہیے جہان خیر

(نقوش۔ عصری ادب نمبر۔ شمارہ ۱۲۹/ شام و سحر۔ نعت نمبر ۳۔ ص ۱۵/ دلیل راہ لاہور۔ رسول ﷺ نمبر ۱۹۹۱۔ ص ۱۳۵/ تحریک۔ میلاد النبی ﷺ نمبر ۱۹۹۱۔ ص ۱۳/ تحریک۔ میلاد النبی ﷺ نمبر ۱۹۹۴۔ ص ۲۵/ اردو نعت۔ ص ۱۵۹/ بہارِ نعت۔ ص ۸۱)

محمد افضل خاکسار — اللہ رے یہ شانِ کرم، یہ ادائے خیر

(انتخابِ مشاعرہ فیصل آباد ۱۴۰۳ھ/ بہارِ نعت۔ ص ۱۷۷/ نعت لاہور۔ فروری ۱۹۹۶۔ ص ۶۹)

محمد اعظم چشتی — بگڑے ہوؤں کو کس نے سنوارا ترے بغیر

(مخزنِ نعت۔ ص ۱۳۸/ مجموعۂ نعت۔ ص ۸۶/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۹۶۵/ نعتِ مصطفیٰ ﷺ۔ ص ۳۷/ اردو نعت۔ ص ۱۳۱/ پاکستان کے نعت گو شعرا۔ ص ۷۶)

اختر حیدر آبادی — انسان سب تھے دست و گریباں ترے بغیر

(روزنامہ انجام کراچی۔ ۲۳ جولائی ۱۹۶۴/ خواتین کی نعت گوئی۔ ص ۴۹)

محسنؔ اعظم — اے مشعلِ حریمِ رگِ جاں ترے بغیر

(مخزنِ نعت۔ ص ۱۳۹/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۹۷۵)

ناصرؔ زیدی — پھلتا نہیں خرد کا شجر آپ ﷺ کے بغیر

(دربارِ رسالت۔ ص ۱۳۹/ اقلیم۔ نعتیہ انتخاب نمبر۔ ص ۱۴۹/ ۱۰۱ منتخب نعتیں۔ ص ۱۱۱/ الرشید۔ نعت نمبر۔ ص ۹۷۷)

✿

مقالۂ خصوصی

تحریر: رفیق احمد باجواہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ الملک

حضور ﷺ کو "یٰسٓ" کا لقب کیوں دیا گیا۔ "یٰسٓ۔ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ اِنَّکَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ، عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ" کا دعویٰ کن حقائق کو واضح کرتا ہے اور حیاتِ انسانی میں مقاصدِ قدرت کی تکمیل کن کن منازل سے گزر کر قرار پاتی ہے' ---
آج کے انسانی معاشرہ کے لیے ان سے آگاہی اہم معاشرتی اور ریاستی ضرورت ہے۔
حضور ﷺ کا رسول ہونا' صراطِ مستقیم پر ہونا' قرآنِ حکیم پر یوں عمل پیرا ہونا کہ قرآن کی حکمتیں آشکار ہو جائیں اور آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس رُوبہ عمل قرآن کی آئنہ دار بن جائے۔ یوں کہ آپ ﷺ کے لیے انسانِ کامل کا لقب زیبا ہو جائے' اور آپ کی وساطت سے تخلیقِ آدم کے مقاصدِ فطرت اپنی تکمیل کو یوں پالیں کہ ختمِ نبوت و رسالت لازم قرار پا جائے' انسانی بے راہ روی ہی اپنے تنزّل کی انتہا سے ہم کنار نہ ہو جائے۔ بلکہ آخری ہدایت کا نزول بھی یوں ہو جائے کہ تحریف کی گنجائش نہ رہے۔ اور نہ نسلِ انسانی کو کسی مزید ہدایت کی ضرورت رہے۔ ضوابطِ حیات طے پا جائیں۔ دین تکمیل پا جائے۔ انعامات تمام ہو جائیں۔ اللہ کے' بندوں سے راضی ہونے اور بندوں کے' اللہ سے راضی ہو جانے کی راہیں متعیّن ہی نہیں' دائمی طور پر روشن بھی ہو جائیں۔ ضوابطِ حیات میں کسی تبدیلی' کسی ترمیم' کسی اضافہ' یا تنسیخ کی ضرورت پیش نہ آنے کا اعلان خود ضابطۂ حیات کے مصنّف کی طرف سے ہو جائے۔

زمانہ ہائے قدیم سے یہ کُلّیہ تسلیم چلا آ رہا تھا کہ "SATAN" سے لے کر "SECURITY" تک کی منازل پر کامیاب سفرِ زندگی کے لیے' ایک انسان کو گیارہ مختلف قوٰی کی مادیت سے نبرد آزما ہونا پڑتا ہے۔ وہ منازل انگریزی زبان میں یوں بیان ہوئیں کہ ہر لفظ انگریزی کے حرف "S" سے شروع ہوتا ہے۔ (1) SATAN (2) STOMACH (3) SEX (4) STERLING (5) SOCIETY (6) STATE (7) SWORD (8) SCALE (9) SCIENCE (10) SPIRITUALITY (11) SECURITY۔ اسے عُرفِ عام میں "11 S" کی تھیوری یا پھر ELEVEN STAGES OF SALVATION OF SOUL بیان کیا جاتا رہا۔

دینِ اسلام کا نزول ہوا تو اللہ تعالیٰ نے انسانِ کامل کو یٰسٓ کہہ کر خطاب کیا یعنی اے گیارہ مدارجِ حیات پر کامران انسان۔ لفظ یٰسٓ بطور یاسین یا یٰسین تحریر نہیں ہوتا۔ جس سے واضح ہے کہ یٰسٓ گیارہ "S" کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ چنانچہ "یٰسٓ" اُس ہستی کا لقب ہوگا جو مندرجہ بالا گیارہ نبرد آزمائیوں اور آزمائشوں میں کامیاب و کامران قرار پا چکی ہو۔ اور بالآخر SECURE قرار دی جا چکی ہو۔

یوں بھی عِلمِ ابجد کے لحاظ سے دیکھیں تو "محمد ﷺ" کے اعداد ۹۲ ہوتے ہیں۔ یعنی ۹ + ۲ = ۱۱۔ پھر "علی" کے اعداد ۱۱۰ ہوتے ہیں۔ علم الاعداد کی رُو سے صفر کا ہندسہ موقوف ہوگا اور حاصل پھر ۱۱ ہی ہوگا۔ حسین کے اعداد ۱۲۸ ہوتے ہیں۔ یعنی ۸ + ۲ + ۱ = ۱۱۔ پھر محمد ﷺ اور علی کے اعداد یعنی ۹۲ اور ۱۱۰ میں وہی فرق ہے جو علی اور حسین کے اعداد یعنی ۱۱۰ اور ۱۲۸ میں ہے۔ یعنی "۱۸" = ۸ + ۱ = ۹۔ ایک تکون اگر یوں تشکیل پائے علی حسین محمد ﷺ علی۔ تو اس کے زاویوں کی تنصیف کرتے ہوئے خطوط لازمی طور پر تکون کے مرکز میں جا کر ملیں گے۔ مرکز کا یہی مقام' مقامِ فاطمہ ہے۔ اور یہی مقامِ اُمّت۔

فاطمہ کے اعداد ۱۳۵ ہوتے ہیں۔ یعنی ۵ + ۳ + ۱ = ۹ اور اُمّت کے یعنی ۴ + ۴ + ۱ = ۹۔ اب دیکھیے۔ قرآن کے اعداد ۳۵۱ ہوتے ہیں۔ یعنی ۱ + ۵ + ۳ = ۹۔ ۱۳۵ کے عدد کو ۳۵۱ بننے کے لیے کس طرح اکائی کو سیکڑہ' پھر دہائی کو سیکڑہ اور پھر سیکڑہ کو دہائی بننے کے عمل سے گزرنا ہوتا ہے اور دہائی کو اکائی بننا ہوتا ہے۔ یہ ایک علیٰحدہ تحقیق شُدہ عمل ہے۔

اگر اس نقطہ کو' جہاں اس تکون کے زاویوں کو تقسیم کرتے ہوئے خطوط ملیں' مرکز مان کر دائرہ ترتیب دیا جائے تو وہ اس تکون کے ہرسہ زاویوں کو چھُوتا ہوا گزرے گا۔ اور یوں ۱۱ x ۹ = ۹۹ کی تدوین ہوگی جو کہ اسمائے الٰہی کی تعداد ماسوا "ذُوالجلال وَالْاِکرام" ہے۔ یہ دو اسمائے الٰہی پیغمبرانہ روابط کے لیے مخصوص ہیں۔ دیگر جُملہ پیغمبروں کا رابطہ "ذُوالجلال" پر ہوتا تھا۔ محمدؐ رّسُولُ اللہ ﷺ وہ واحد پیغمبر تھے جن کا رابطہ "الاِکرام" سے ہُوا اور پہلی وحی کے الفاظ ہی اس کا واضح ثبوت ہیں۔ ان دنوں "11 s" سے منحرف افراد یعنی "$" ڈالر والوں اور "یٰس" والوں کے مکاتبِ فکر میں عملی طور پر جنگ جاری ہو چکی ہے۔

یعنی ڈالر والے ہر اُس تخریبی عمل کو اپنائے ہوئے ہیں جو انسانوں کو مندرجہ بالا گیارہ نبرد آزمائیوں سے باز رکھ کر اُنہیں ناکارہ کر سکے۔ یہاں تک کہ ۹۲ کے عدد کو مقام محمد ﷺ سے ناکارہ کرنے اور غیر متعلق رکھنے کے لیے نو دو گیارہ تک کا محاورہ ایجاد کیا گیا۔ حالانکہ محمد ﷺ لقب بھی اس ہستی کا ہے جس کے عمل سے خوش ہو کر وہ بھی اُس کی تعریف کرنے لگے جس کے سوا کسی اور کو تعریف سازگار نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کو شب و روز "اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن" کے اعلان پر اصرار ہے اور جو اس کے اس حکم سے انحراف کرے' مشرک ہو جانا اس کا مقدّر ہو جاتا ہے۔ جس کی وہ بھی تعریف نہ کرے جس کے سوا کسی کو تعریف سازگار نہیں' اس پر نہ اللہ درود بھیجتا ہے' نہ فرشتوں اور انسانوں پر اس پر درود بھیجنا لازم آتا ہے۔ درود بھیجا ہی اُس پر جاتا ہے جس سے مسلسل رابطہ مطلوب و مقصود ہو۔ احکامِ الٰہی کی کامل پابندی ہی انسان کو اس کا حق دار بناتی ہے۔ تعریف تو مُردہ انسانوں کی بھی کی جاتی ہے۔ دُرود ان کا حق ہے جن کی زندگی کو دوام

حاصل ہو چکا ہو۔ ہم مادیت کے ایجاد شدہ جس زمانے کے بے راہ رو ہیں' وہ درود کے شعور سے غیر آگاہ ہوتا جا رہا ہے۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ ﷺ کا ترجمہ کسی نے آج تک یہ نہیں کیا کہ اللہ کے سوا کوئی اِلٰہ نہیں ہے اور محمد ﷺ اللہ کے رسول تھے۔ ہر زبان آج بھی اقرار کر رہی ہے کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ جو حال پر وارد ہو' اُسے ماضی میں لے جانا شعور کی ناپختگی کا باعث ہوتا ہے۔

ہمارے دانشوروں تک کو یہ احساس نہیں رہا کہ اعتقادات کو بحث طلب قرار دینا ایمان بالغیب کی نفی کے مترادف ہے۔ گزشتہ دنوں ہمارے ہاں والدین اور اولاد کے تعلّق کو بھی بحث طلب قرار دے دیا گیا اور اِس بدعت کی اِس طرح سے تشہیر کی گئی کہ اِس حرکت پر فکری سازش کا سا گمان ہونے لگا اور ملک بھر میں والدین اور اولاد کے مابین تعلّقات دم توڑنے لگے۔ ہر بیٹا یہ سوچنے لگا' والدین پر احسان کروں یا ان کی اطاعت کروں۔ معاشرتی معاملات میں' میں کس کی رِضا کا تابع ہُوں۔ اپنی' اپنی محبوبہ یا اپنے ماں باپ کی رِضا کا۔ لوگ سوچنے لگے' احسان سے کیا مراد ہے۔ اگر اس سے مہربانی مراد ہے تو کیا جس میں مہربانی یا رعایت یا نوازش شامل ہو جائے' وہ بھی عدل ہی ہوتا ہے۔ آزادئ افکار کہ ابلیس کی ایجاد ہے' نے ہر روز کوئی نہ کوئی نیا گُل کِھلایا ہوتا ہے اور بات اب آزادئ اعمال تک جا پہنچی ہے۔

اللہ کے سوا کسی کا اِلٰہ نہ ہونے اور محمدٌ رّسول اللہ ﷺ کے بعد کسی کے نبی نہ ہونے اور تکمیلِ ہدایت و راہ نمائی کی افادیت پر تدبُّر و تفکُّر کے بجائے' ملک بھر کے مرد و زن اِن مخمصوں میں گرفتار ہو گئے کہ جنسی اہلیتیں اگر صلاحیتیں بھی قرار دے دی جائیں تو انہیں کس حد تک آزاد قرار دیا جا سکتا ہے۔ اُنہیں بے لگام رہنا چاہیئے یا پابندِ زمام۔ انسانوں کا مقام ان کی فکری صلاحیتوں کی بنا پر متعیّن ہونا چاہیئے' یا ان کی ہارس پاور کی بنا پر۔ اور عدالتی بحثوں کے دوران فقط یہ راز بے پردہ ہو سکا کہ ان میں الجھے ہوئے افراد لفظِ نکاح کی ماہیت و افادیت سے بھی آگاہ نہیں۔ فقط ان رسوم سے واقف ہیں جو غیر مسلم معاشرہ میں ان کے مسلمان ہونے سے پہلے مروّج تھیں۔ لہٰذا وہ ازدواجی

زندگی کی حدود فقط بے راہ رو جنسی تسکین کے دوائر میں متعیّن کرنے پر مُصِر ہیں۔ جیسے مرد و زن کی تخلیق میں قدرت کے مقاصد محض لایعنی ہوں۔ اہمیّت فقط رغبتوں اور اہلیتوں کو حاصل ہو۔ اور زوجین کا اصولِ تولید سے کوئی واسطہ نہ ہو۔ اولاد صرف حادثاتی پیداوار ہو۔ جیسے پتھّر کی دو سلوں کے درمیان مسلسل بارش کی نمی نے خود رَو گھاس اگا دی ہو۔ یوں محسوس ہونے لگا' جیسے احکامِ الٰہی کی پابندی کے لیئے معاشقہ لازم قرار پانے والا ہو' اور ایجاب و قبول معاشرتی نہیں' ہر کسی کا ذاتی معاملہ ہو۔ اور اس زمانہ کی OFFER اور ACCEPTANCE سے پہلے مرد و زن کا ایک دوسرے کو آزما لینا لازم قرار دیا جانے والا ہو' اغوا کو رسمِ زمانہ قرار دیا جانے والا ہو۔ جو لوگ زندگی کے امتحانات میں جنسی معاملات میں ہی شکست کھا گئے ہوں' ان کے لئے "ولیؔ" کے مقام سے آشنا ہونا کیوں کر ممکن ہو سکتا ہے۔

موجودہ معاشرہ STOMACH 'SATAN اور SEX زدہ معاشرہ ہے۔ مقامِ "ولیؔ" کے حصُول کے لیئے احکامِ قرآن کی مکمل و مسلسل و مستقل اطاعت لازم ہے۔ ورنہ نہ صراطِ مستقیم رہتا ہے' نہ انسان کے از ضالّین ہونے سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ موجودہ معاشرہ جو نصف صدی پیشتر احکامِ الٰہی کی پابندی کے لیئے علیٰحدہ آزاد سرزمین کا طالب ہوا تھا' ابتدائی تین مقابلوں ہی میں شرمناک شکست کے نتائج بھگت رہا ہے اور عالمی سطح پر دوسرا کرپٹ معاشرہ قرار دیا جا رہا ہے۔ نہ ہم فحاشی سے تنہا ہوئے ہیں' نہ منکرات سے۔ پاکستان کی سرزمین ندیدی سی سرزمین ہو کر رہ گئی ہے جس کے احکام کی پابندی میں روزِ اول سے تادمِ تحریر سُورج بغیر کسی کوتاہی کے اپنے مستقر کے گرد گھوم رہا ہے۔ چاند اپنی مقرّرہ منازِل طے کر رہا ہے۔ کبھی صحیح و سالم اور کھجور کی شاخ کی طرح باریک۔ کبھی ابتدائی راتوں کا اور کبھی آخری راتوں کا۔ زمین اپنی گردش کے ماہ و سال اور شب و روز کو یوں قائم رکھے ہوئے ہے کہ زمانے کا استقلال تو کجا' اس کا تغیُّر بھی ایک مسلّم نظام کا تابع ہے۔ ایسا کیوں ہے؟ اس لیئے کہ کائنات' خالقِ کائنات کے احکام و نظام کی پابند ہے' ان کی رُوگردانی نہیں کرتی۔ مگر انسان ہے کہ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ پکارتا اور

ندائوں کا تابع ہو جاتا ہے۔ عالمِ گمرہی میں الیہِ راجع ہونے کی بجائے ضالّ ہوتا چلا جاتا ہے۔

جس کائنات میں شب و روز کا تسلسل و استقلال قائم و دائم ہے' وہاں انسانی زندگی کیوں بے راہ رو ہے۔ اس لیئے کہ ہم نہ "اعوذ" کے قائل رہے ہیں' نہ رجوع کے۔ روشنی کے طلوع سے آمنا ہو تو آنکھیں بند کر کے اندھیرے مسلّط کر لیتے ہیں۔ اور اگر اندھیرے آلیں تو آنکھیں مل مل کر دیدوں کو آبیار کرنے لگ جاتے ہیں۔ اور "گلوں سے خار بہتر ہیں جو دامن تھام لیتے ہیں" گنگنانے لگ جاتے ہیں۔ زندگی بھر انسانوں کا رویّہ مختلف پہلو بدلتا رہتا ہے مگر یہ الیہِ راجعُون نہیں ہوتے۔ بھلا جو لوٹ کر نہ آئے' وہ پناہ کا حق دار کیوں کر ہوا۔ توبہ گناہوں پر فقط افسوس اور پشیمانی کا عمل نہیں' احکام کی آئندہ نافرمانی نہ کرنے کا اقرار' گزشتہ عملِ ناپسندیدہ کے لیئے معافی کے طلب گار ہونے اور آئندہ احکام کے پابند رہنے کا عمل ہے۔

اللہ سے ڈرنے کا یہ مطلب نہیں کہ انسان اللہ کی قہرت سے خوف زدہ ہو جائے۔ اُس سے دور دور رہے' چُھپتا پھرے' کہ نزدیک گیا تو سزا کا عمل شروع ہو جائے گا۔ یہ طرزِ فکر اس کے رحمٰن و رحیم ہونے پر شک کے مترادف ہے۔ ماں اگر ناراض ہو کر بچے کو چپت لگا دے تو بچے کی معصومیت ماں ہی کے گلے سے کیوں لپٹ جاتی ہے۔ ہر مصیبت' ہر پریشانی میں عمر بھر ماں ہی کیوں یاد آتی رہتی ہے؟ کاش انسان اپنے بچپن کی معصومیت کو اپنی جوانی اور بڑھاپے کا اثاثہ بنائے رکھتے۔ انسانی عمل اور کائنات کے نظام کے ردِعمل کا پرورش کیا ہُوا آج کا معاشرہ خوفِ خدا کے باعث خدا سے دور بھاگتا ہوا معاشرہ ہے۔ اللہ کی تخلیق کی ہوئی دنیا اور انسانیت کو آج کا انسان اپنی ان خواہشات کے مطابق پرورش کر رہا ہے جو اس کے STOMACH اور SEX کی خلق کی ہوئی ہیں۔

پاکستانی معاشرہ ابھی تک STERLING کی دوڑ میں شامل نہیں ہُوا۔ اِس دوڑ میں شکست کھائے ہوئے آج کے فرعون و قارون و ہامان ریاستی و معاشرتی معدومیت کا باعث بنیں گے۔ جنسی شکست و ریخت کا حالیہ دور مالی طور پر جو کچھ بھی کما رہا ہے' اس

کی نوعیت و اہلیّت ایک طوائف کی کمائی سے بہتر نہیں ہے۔ جس گھر کو غیر آباد کریں' وہ گھر والوں کا گھر نہیں ہوتا' غیروں کے لیئے سجایا گیا عشرت کدہ ہوتا ہے۔ درونِ در بنج کاری اور غیروں کی سرمایہ کاری کو دعوت دیتا ہوا معاشرہ SATAN یعنی شیطان کا بہکایا ہُوا اور جنس کا ورغلایا ہوا معاشرہ ہوتا ہے۔ شیطان کی مروجّہ جنسی بے راہ روی آج بھی انسانوں کو جنّت بدر کر رہی ہے۔

وہ جو اللہ کا خلیفہ بنا کر زمین پر بھیجا گیا تھا' اللہ ہی کے خلاف ہو گیا ہے۔ آزادئ افکار کے ضالّین' مغضوب ہونے سے بے پروا کتابِ انعامات جُز دانوں میں لپیٹے اور چُھپائے بغلیں جھانک رہے ہیں۔ انسان اپنی فکر میں اور ریاستیں اپنے وجود میں سکڑتی جا رہی ہیں۔ گویا ہر کوئی پھندا گلے میں ڈالے اپنے آپ کو لیَس سنا رہا ہے۔

آزادئ افکار پر یہ حال ہے' آزادئ اعمال بھی میسّر آ گئی تو کیا ہو گا؟

❁ ❁ ❁

شہناز کوثر کی کامیابی

"منعت" کی ڈپٹی ایڈیٹر شہناز کوثر نے پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے اردو کا امتحان پاس کر لیا ہے۔ یاد رہے کہ انھوں نے کسی سکول' کالج میں داخلہ لیئے بغیر ساری تعلیم گھر بیٹھے حاصل کی ہے۔

حلقۂ درودِ پاک / اخبارِ نعت

○۔ ۱۹ اگست کو سیّد عثمان علی شاہ کے ہاں محفلِ درود و نعت منعقد ہوئی جس میں مدیرِ "نعت" کے علاوہ ایک مقامی مولوی صاحب نے گفتگو کی۔ محمد رفیق اور دیگر نعت خوانوں نے نعتیں پڑھیں۔ سید عثمان علی شاہ نے نعت تحت اللفظ سنائی

○۔ ۲۰ اگست کو حلقۂ درودِ پاک کے ساتھی ناصر حسین انصاری کے ہاں (نزد شاہ شمس قاری) محفلِ درود و نعت ہوئی جس میں مدیرِ نعت نے گفتگو کی۔ نعت خواں حضرات نے بارگاہِ سرورِ کونین ﷺ میں ہدیہ نعت پیش کیا۔

○۔ ۱۲ ربیع الاول شریف (عیدِ میلادُ النبی ﷺ کے دن) صبح سات بجے حسبِ روایت فیاض حسین چشتی کے ہاں درودِ پاک کی محفل ہوئی۔ بعد ازاں سیّد محمّد رضا زیدی اور دیگر احباب نے نعتیں پڑھیں

○۔ ۵ اگست ۱۹۹۶ (پیر) کو پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور کے دفتر میں محفلِ میلادِ سرکار ﷺ منعقد ہوئی۔ صدر پروفیسر سید زاہد حسین کاظمی نے کی۔ پروفیسر سیّد عبد الرحمان بخاری اور راجا رشید محمود (مدیر نعت) نے تقریریں کیں۔ نذیر حسین نظامی اور دیگر نعت خوان حضرات نے نعتیں سنائیں۔ پروفیسر طاہر رضا بخاری ناظمِ تقریب تھے۔

○۔ ۵ اگست ہی کو مدیرِ نعت کے ہاں (حسبِ روایت) محفلِ درودِ پاک ہوئی جس میں درود خوانی کے بعد پروفیسر ضیاءُ المصطفیٰ قصُوری، پروفیسر خلیل احمد نوُری، الحاج محمد حسین گوہرؔ اور مدیرِ نعت نے گفتگو کی۔ محمد ثناءُ اللہ بٹ، سید محمد رضا زیدی، محمد رفیق، ناصر حسین انصاری، سیّد عثمان علی شاہ، عبد الحق ظفر چشتی اور عزیزم اویس علی شاہ نے نعت خوانی کی سعادت حاصل کی۔

○۔ ۱۸ جولائی کو جناح ہال لاہور میں عارفؔ عبد المتین اکیڈمی اور عشق لہر پنجابی ادبی انجمن کے زیرِ اہتمام ایک نعتیہ مشاعرہ ہوا جس کی صدارت اعزاز احمد آذرؔ کو کرنا تھی لیکن انھوں نے یہ خدمت راجا رشید محمودؔ (جو مشاعرے کے مہمانِ خصوصی تھے) کے سپرد کر دی۔ ناظمِ مشاعرہ پروفیسر ڈاکٹر عصمت اللہ زاہدؔ تھے۔

○۔ ۱۳ اگست کو مدیرِ نعت نے قائدِ اعظمؒ لائبریری میں "پیغمبرِ امن و آشتی ﷺ" کے موضوع پر خطبہ دیا۔ تعارُفی خطاب سیّد عبد الرحمان بخاری نے کیا اور صدارتی کلمات محمد تاج (لائبریرین) نے کہے۔

○۔ صوبائی سطح پر ہونے والے مقابلۂ نعت خوانی میں مدیرِ نعت نے مُنصفِ اعلیٰ کے فرائض انجام دیے۔ ان کے ساتھ دوسرے دو منصف سیّد الطاف الرحمان پاشا اور موسیقار وزیر افضل تھے۔ پروفیسر سعید احمد خاں کچھی نے نظامت کے فرائض ادا کیے۔ یہ مقابلہ ڈویژن کی سطح پر پوزیشن حاصل کرنے والوں کے درمیان تھا۔ پندرہ سال تک کے بچوں، پندرہ سال تک کی بچیوں اور پندرہ سے پچیس برس تک کی عمر کے نوجوانوں کے درمیان یہ مقابلہ محکمۂ اوقاف پنجاب، پاکستان ٹیلی ویژن اور ریڈیو پاکستان کی مشترکہ کاوشوں سے ریڈیو پاکستان لاہور کے ہال میں ہوا (ٹی وی پر یہ پروگرام کلیم اللہ ملک نے پروڈیوس کیا جو ۲۰۔ اگست کو ٹیلی کاسٹ ہُوا)

○۔ گذشتہ سال کی طرح اس سال بھی عیدِ میلاد النبی ﷺ کے دن، بارہ ربیع الاول ۱۴۱۷ھ کو پانچ بج کر پانچ منٹ پر پاکستان ٹیلی ویژن کے پنجابی پروگرام "نبیاں دے سرتاج محمد ﷺ" میں مدیرِ نعت نے نعت کے کئی پہلوؤں پر گفتگو کی۔ حفیظ تائبؔ نے نعتیہ شعر سنائے اور نعت خوان حضرات نے نعت خوانی کی سعادت حاصل کی۔ پروگرام کے پروڈیوسر کرامت مغل تھے۔

نعت لائبریری

نعت لائبریری کے لئے احباب کتابوں کے عطیّات دے رہے ہیں۔ کچھ عرصے سے ماہنامہ "نعت" میں یہ خبریں شائع نہیں کی جا سکیں۔ عنقریب یہ سلسلہ بھی شروع کیا جا رہا ہے اور فیصلہ کیا گیا ہے کہ ماہنامہ "نعت" کی ایک اشاعت میں "نعت لائبریری" میں موجود کتابوں کی فہرست شائع کی جائے۔ ساتھ میں عطیّات دینے والوں کے اسماءِ گرامی بھی لکھے جائیں گے۔

خادمِ نعت کا انتقال

سیّد تجمّل عبّاس (کمشنر سرگودھا ڈویژن) نعت سے گہری محبّت رکھتے تھے، درودِ پاک کے عامل تھے۔ جن دنوں پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کے چیئرمین رہے، ہم نے دیکھا کہ ہر کسی کے کام آتے تھے۔ ان سے ملنے والے دو طرح کے لوگ ہیں۔ ایک وہ جنھیں اُن سے فائدہ پہنچا، دوسرے وہ جنھیں فائدہ نہیں پہنچا۔ لیکن ان کی ذات سے کسی کو نقصان نہیں پہنچا۔ ایسے نیک شخص کو بھی کسی بدبخت نے گولیاں مار دیں۔ حضور رسولِ کریم ﷺ انھیں اپنی شفاعت سے بہرہ ور فرمائیں۔

❁ ❁ ❁

قارئینِ کرام سے دُعا کی درخواست

میری صلاحیتیں والدین کے حُسنِ تربیت کے باعث نعت کی خدمت کے لئے مختص ہوئی ہیں اور ماہنامہ "نعت" لاہور کا اجرا میرے والدِ مرحوم راجا غلام محمدؒ (متوفی ۲۶ مئی ۱۹۸۸ بروز پیر) اور میری والدہ مرحومہ نور فاطمہؒ (متوفیہ ۱۹۔ اگست ۱۹۹۰۔ بروز اتوار) کی اشیرباد سے ہوا۔ اس لئے اگر آپ کو ماہنامہ "نعت" میں کوئی چیز پسند آجائے تو ان کی بلندیٔ درجات کے لئے دعا کریں۔

--------ایڈیٹر۔

ماہنامہ "نعت" لاہور

۱۹۸۸ کے خاص نمبر

جنوری	حمدِ باری تعالیٰ
فروری	نعت کیا ہے؟
مارچ	مدینۃ الرسول ﷺ (اول)
اپریل	اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو (اول)
مئی	مدینۃ الرسول ﷺ (دوم)
جون	اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو (دوم)
جولائی	نعتِ قدسی
اگست	غیر مسلموں کی نعت (اول)
ستمبر	رسول ﷺ نمبروں کا تعارُف (اول)
اکتوبر	میلادُ النبی ﷺ (اول)
نومبر	میلاد النبی ﷺ (دوم)
دسمبر	میلاد النبی ﷺ (سوم)

۱۹۸۹ کے خاص نمبر

جنوری	لاکھوں سلام (اول)
فروری	رسول ﷺ نمبروں کا تعارف (دوم)
مارچ	معراج النبی ﷺ (اول)
اپریل	معراج النبی ﷺ (دوم)
مئی	لاکھوں سلام (دوم)
جون	غیر مسلموں کی نعت (دوم)
جولائی	کلامِ ضیاء القادری (اول)
اگست	کلامِ ضیاء القادری (دوم)
ستمبر	اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو (سوم)
اکتوبر	درود و سلام (اول)
نومبر	درود و سلام (دوم)
دسمبر	درود و سلام (سوم)

۱۹۹۰ کے خاص نمبر

جنوری	حسن رضا بریلوی کی نعت
فروری	رسول ﷺ نمبروں کا تعارُف (سوم)
مارچ	درود و سلام (چہارم)
اپریل	درود و سلام (پنجم)
مئی	درود و سلام (ششم)
جون	غیر مسلموں کی نعت (سوم)
جولائی	اردو کے صاحبِ کتاب نعت گو (چہارم)
اگست	وارثیوں کی نعت
ستمبر	آزاد بیکانیری کی نعت (اول)
اکتوبر	میلادُ النبی ﷺ (چہارم)
نومبر	درود و سلام (ہفتم)
دسمبر	درود و سلام (ہشتم)

۱۹۹۱ کے خاص نمبر

جنوری	شہیدانِ ناموسِ رسالت (اول)
فروری	شہیدانِ ناموسِ رسالت (دوم)
مارچ	شہیدانِ ناموسِ رسالت (سوم)
اپریل	شہیدانِ ناموسِ رسالت (چہارم)
مئی	شہیدانِ ناموسِ رسالت (پنجم)
جون	غریبؔ سہارنپوری کی نعت
جولائی	نعتیہ مُسدّس
اگست	فیضانِ رضا
ستمبر	عربی ادب میں ذکرِ میلاد
اکتوبر	سراپائے سرکار ﷺ
نومبر	اقبالؔ کی نعت
دسمبر	حضور ﷺ کا بچپن

ماہنامہ "نعت" لاہور

۱۹۹۲ کے خاص نمبر

مہینہ	خاص نمبر
جنوری	نعتیہ رباعیات
فروری	آزاد بیکانیری کی نعت (دوم)
مارچ	نعت کے سائے میں
اپریل	پیر کے دن کی اہمیت (اول)
مئی	پیر کے دن کی اہمیت (دوم)
جون	پیر کے دن کی اہمیت (سوم)
جولائی	غیر مسلموں کی نعت (چہارم)
اگست	آزاد نعتیہ نظم
ستمبر	سیرتِ منظوم
اکتوبر	سراپائے سرکار (دوم)
نومبر	سفرِ سعادت، منزلِ محبت (اول)
دسمبر	سفرِ سعادت، منزلِ محبت (دوم)

۱۹۹۳ کے خاص نمبر

مہینہ	خاص نمبر
جنوری	۹۲ (قطعات)
فروری	عربی نعت اور علامہ نبہانی
مارچ	ستار وارثی کی نعت گوئی
اپریل	حضور ﷺ اور بچے
مئی	حضور ﷺ کے سیاہ فام رفقا
جون	زائرِ مدینہ بہزاد لکھنوی کی نعت
جولائی	تسخیرِ عالمین اور رحمۃ للعالمین (اول)
اگست	تسخیرِ عالمین اور رحمۃ للعالمین (دوم)
ستمبر	رسول ﷺ نمبروں کا تعارف (چہارم)
اکتوبر	نعت ہی نعت
نومبر	یا رسول اللہ ﷺ
دسمبر	حضور ﷺ کی رشتہ دار خواتین

۱۹۹۴ کے خاص نمبر

مہینہ	خاص نمبر
جنوری	محمد حسین فقیر کی نعت
فروری	نعت ہی نعت (دوم)
مارچ	تضمینیں
اپریل	حضور ﷺ کی معاشی زندگی
مئی	اختر الحامدی کی نعت
جون	مدینۃ الرسول ﷺ (سوم)
جولائی	شیوا بریلوی اور جمیل نظر کی نعت
اگست	دیارِ نور
ستمبر	بے چین رجپوری کی نعت
اکتوبر	نعت ہی نعت (سوم)
نومبر	نور علیٰ نور
دسمبر	معراج النبی ﷺ (سوم)

۱۹۹۵ کے خاص نمبر

مہینہ	خاص نمبر
جنوری	حضور ﷺ کی عاداتِ کریمہ
فروری	استغاثے
مارچ	نعت ہی نعت (چہارم)
اپریل	نعت کیا ہے؟ (دوم)
مئی	نعت کیا ہے؟ (سوم)
جون	نعت کیا ہے؟ (چہارم)
جولائی	خواتین کی نعت گوئی (اشاعتِ خصوصی)
ستمبر	نعت ہی نعت
اکتوبر	کافی کی نعت
نومبر	غیر مسلموں کی نعت گوئی
دسمبر	انتخاب نعت

۱۹۹۶ کے خاص نمبر

مہینہ	خاص نمبر
جنوری	لطف بریلوی کی نعت
فروری	نعت ہی نعت (حصۂ ششم)
مارچ، اپریل	نعت نمبر (اردو نعتیہ شاعری کا انسائیکلوپیڈیا۔ حصہ اوّل)
مئی	ہجرتِ مصطفیٰ ﷺ
جون	سرکار ﷺ دی سیرت (پنجابی)
جولائی	حضور ﷺ کے لئے لفظ "آپ" کا استعمال
اگست	ظہورِ قدسی
ستمبر اکتوبر	نعت نمبر (اردو نعتیہ شاعری کا انسائیکلوپیڈیا۔ حصہ دوم)
نومبر	اٹک کے نعت گو
دسمبر	مجھے اُن ﷺ سے پیار ہے

(ان شاء اللہ جنوری ۱۹۹۷ کی اشاعتِ خصوصی "نعت نمبر" حصہ سوم ہو گی)

احترام قرآن و حدیث

قرآن کریم کی مقدس آیات اور احادیث نبوی ﷺ آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور تبلیغ کے لئے شائع کی جاتی ہیں۔ ان کا احترام آپ پر فرض ہے۔
ماہنامہ "نعت" کا ہر صفحہ حضور سرور کائنات علیہ السلام والصلوٰۃ کے ذکر پاک سے مزین ہوتا ہے۔ لٰہذا ماہنامہ "نعت" کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔

راجا رشید محمود کا نعت کے موضوع پر تحقیقی کام

پاکستان میں نعت

فہرستِ مندرجات یہ ہے:

اس کتاب کی ترتیب و تدوین کے لئے ۸۳۸ کتابوں، اور رسائل و جرائد کے ۲۲۱ خاص نمبروں سے استفادہ کیا گیا ہے۔

صفحات ۲۲۴۔ قیمت ۱۲۰

نعت سے متعلق مزید تحقیقی کتب

☆ ۱- نعت کیا ہے (۱۱۲ صفحات) ۱۹۹۵

☆ ۲- خواتین کی نعت گوئی (۴۳۶ صفحات) ۱۹۹۵

☆ ۳- غیر مسلموں کی نعت گوئی (۴۴۸ صفحات) ۱۹۹۴

راجا رشید محمود ایڈیٹر ماہنامہ "نعت" لاہور کے

مجموعہ ہائے نعت

☆ **وَرَفَعنَا لَکَ ذِکرَک**۔ ۱۹۷۷، ۱۹۸۱، ۱۹۹۳ (تین ایڈیشن)

دو حمدیں، ۷۳ نعتیں اور ۱۲ مناقب۔ ۱۳۶ صفحات

☆ **حدیثِ شوق**۔ دُوسرا اُردو مجموعہ نعت۔ ۱۹۸۲، ۱۹۸۴، ۱۹۸۶ (تین ایڈیشن)

۷۸ نعتیں، جن میں حضور ﷺ کے لیے تُو یا تُم کا صیغہ استعمال نہیں کیا گیا۔ ۱۷۶ صفحات۔ اربابِ علم و تحقیق کی آرا

☆ **منشورِ نعت**۔ نعت کی دنیا میں فردیات کا پہلا مجموعہ۔ ۱۹۸۸

اردو اور پنجابی فردیاتِ نعت۔ ۱۷۶ صفحات

☆ **سیرتِ منظوم**۔ قطعات کی صورت میں پہلی منظوم سیرتُ النبی ﷺ ۱۹۹۲۔ شروع میں "اردو میں منظوم سیرت کی تاریخ" کے موضوع پر تحقیقی مقدمہ۔ ۱۲۸ صفحات۔ ناشر اختر کتاب گھر، لاہور۔ پوری سیرتِ منظوم میں حضور ﷺ کے لیے جمع کا تعظیمی صیغہ استعمال کیا گیا ہے

☆ **۹۲۔ نعتیہ قطعات**۔ مُرتبین شہناز کوثر و اظہر محمود۔ حضور ﷺ کے اسمِ گرامی کے اعداد کی رعایت سے ۹۲ قطعات کا مجموعہ۔ شروع میں "عناصر کی تعداد" کے عنوان سے مقدمہ۔ صفحات ۱۱۲۔ ۱۹۹۳

☆ **نعتاں دی اَڈّی**۔ پنجابی کا پہلا نعتیہ دیوان جسے ۱۹۸۸ میں صدارتی ایوارڈ دیا گیا۔ پنجابی کے کسی نعتیہ مجموعے پر یہ پہلا ایوارڈ تھا۔ ۹۳ نعتیں۔ پنجابی کا واحد مجموعہ نعت جس میں حضور ﷺ کے لیے واحد کے بجائے جمع کا تعظیمی صیغہ استعمال کیا گیا ہے۔ ۱۹۸۵، ۱۹۸۷

☆ **حق دی تائید**۔ شاعر کی پہلی پنجابی اُردو کاوش جو ۱۹۵۶ میں شائع ہوئی۔

☆ **منظومات**۔ اس میں ۱۹ نعتیں بھی ہیں۔ ۱۹۹۵

راجا رشید محمود کے مرتبہ

انتخابِ نعت

مدحِ رسول ﷺ۔ انتخابِ نعت جس میں شامل نعتیں ثانوی اور اعلیٰ ثانوی جماعتوں کے طلبہ و طالبات کی ذہنی استعداد کو پیشِ نظر رکھ کر منتخب کی گئی ہیں۔ پہلے حصے میں ۷۱، دوسرے میں ۸۴ نعتیں ہیں۔ صفحات ۱۹۸۔ ناشر: پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور۔ ۱۹۷۳

نعتِ خاتمُ المرسلین ﷺ۔ حرفِ تہجّی کی ترتیب سے شعرا کی نعتیں شاملِ انتخاب ہیں۔ پہلے ۲۰x۳۰/ ۱۶ سائز پر چھپا۔ اب ۲۳x۳۶/ ۱۶ سائز پر چھپتا ہے۔ مطبوعہ لاہور۔ صفحات ۱۸۴۔ ۱۹۸۲، ۱۹۸۸، ۱۹۹۳

نعت کائنات۔ اصنافِ سخُن کے اعتبار سے ضخیم نعتیہ انتخاب۔ مبسوط تحقیقی مقدمے کے ساتھ۔ ۱۰۲۷ نعتیہ منظومات۔ ۸۱۶ صفحات۔ بڑا سائز۔ چار رنگی طباعت۔ ناشر: جنگ پبلشرز، لاہور۔ ۱۹۹۳

نعتِ حافظ۔ حافظ پیلی بھیتی کے آٹھ نعتیہ دواوین کا انتخاب۔ شروع میں کئی صفحات پر مشتمل مقدمہ۔ مطبوعہ لاہور۔ ۱۹۸۸

قُلزُمِ رحمت۔ امیرؔ مینائی لکھنوی کی نعتوں کا انتخاب۔ ۸۰ نعتیں۔ امیرؔ مینائی کے فنِ نعت گوئی پر تحقیقی مقدمہ۔ صفحات ۹۶۔ مطبوعہ لاہور۔ ۱۹۸۷

ماہنامہ "نعت" میں شامل انتخاب

نعت کیا ہے، مدینۃُ الرسول ﷺ، میلادُ النبی ﷺ، معراجُ النبی ﷺ، لاکھوں سلام، درود و سلام، نعتیہ مسدّس، نعتیہ رُباعیات، آزاد نعتیہ نظم، تضمینیں، سراپائے سرکار ﷺ، نعت ہی نعت، نُورٌ علیٰ نُور، استغاثے، سرکار ﷺ کے لئے لفظ "آپ" کا استعمال کے موضوعات پر، اور ضیاء القادری بدایونی، حسنؔ رضا بریلوی، آزادؔ بیکانیری، غریبؔ سہارنپوری، ستارؔ وارثی، بہزادؔ لکھنوی، محمد حسین فقیرؔ، اخترؔ الحامدی، شیداؔ بریلوی، جمیل نظرؔ، بےچینؔ رجپوری، کفایت علی کافیؔ اور لطفؔ بریلوی کے نعتیہ کلام کا انتخاب ماہنامہ "نعت" کے خاص نمبروں کی حیثیت سے شائع ہوا۔

راجا رشید محمود کی مطبوعات

اردو مجموعہ ہائے نعت

○ ۱- ورفعنا لک ذکرک (پہلا مجموعہ نعت) ۱۹۷۷، ۱۹۸۱، ۱۹۹۳

○ ۲- حدیث شوق (دوسرا مجموعہ نعت) ۱۹۸۲، ۱۹۸۴، ۱۹۸۶

○ ۳- منشور نعت (اردو پنجابی فردیات) ۱۹۸۸

○ ۴- سیرت منظوم (بصورت قطعات) ۱۹۹۲

○ ۵- "۹۲" (نعتیہ قطعات) ۱۹۹۳

پنجابی مجموعہ ہائے نعت

○ ۶- نعتاں دی ڈالی (صدارتی ایوارڈ یافتہ) ۱۹۸۵، ۱۹۸۷

○ ۷- حق دی تائید- ۱۹۵۶

تحقیق نعت

○ ۸- پاکستان میں نعت، ۱۹۹۳

○ ۹- غیر مسلموں کی نعت گوئی، ۱۹۹۳

○ ۱۰- خواتین کی نعت گوئی

○ ۱۱- نعت کیا ہے

اسلامی موضوعات پر کتابیں

○ ۹- احادیث اور معاشرہ- ۱۹۸۶، ۱۹۸۷، ۱۹۸۸ (بھارت میں بھی چھپی)

○ ۱۰- ماں باپ کے حقوق- ۱۹۸۵، ۱۹۹۳

○ ۱۱- حمد و نعت (تدوین) ۱۶ مضامین، ۴۹ منظومات، ۱۹۸۸

○ ۱۲- میلاد النبی ﷺ (تدوین) ۱۸ مضامین، ۸۰ میلادیہ نعتیں- ۱۹۸۸

○ ۱۳- مدینۃ النبی ﷺ (تدوین) ۱۸ مضامین، ۵۷ منظومات- ۱۹۸۸

تاریخ اور تاریخی شخصیات پر کتابیں

○ ۱۴- اقبال و احمد رضا- مدحت گران پیغمبر- ۱۹۷۷، ۱۹۷۹، ۱۹۸۲ (کلکتہ) ۱۹۸۷

○ ۱۵- اقبال، قائد اعظم اور پاکستان- ۱۹۸۳، ۱۹۸۷

○ ۱۶- قائد اعظم ---- افکار و کردار- ۱۹۸۵

○ ۱۷- تحریک ہجرت ۱۹۲۰ (تاریخ و تحقیقی تجزیہ - ۲۶۴ صفحات) ۱۹۸۲، ۱۹۸۶، ۱۹۹۳

مزید کتابیں

○ ۱۸- میرے سرکار ﷺ- ۱۹۸۷

○ ۱۹- حضور ﷺ اور بچے- ۱۹۹۳

○ ۲۰- تسخیر عالمین اور رحمۃ للعالمین ﷺ- ۱۹۹۳

○ ۲۱- درود و سلام- ۱۹۹۳، ۱۹۹۴ (چار ایڈیشن چھپے)

○ ۲۲- قرطاس محبت (حب رسول ﷺ کے مظاہر) ۱۹۹۲

○ ۲۳- سفر سعادت، منزل محبت (سفرنامہ حجاز) ۱۹۹۲

○ ۲۴- راج دلارے (بچوں کے لئے نظمیں) ۱۹۸۵، ۱۹۸۷

○ ۲۵- میلاد مصطفیٰ ﷺ- ۱۹۹۱

○ ۲۶- عظمت تاجدار ختم نبوت- ۱۹۸۷، ۱۹۸۸

○ ۲۷- منظومات- ۱۹۸۵

تراجم

○ ۲۸- دیار نور- ۱۹۹۵

○ ۲۹- حضور ﷺ کی عادات کریمہ- ۱۹۹۵

○ ۳۰- الخصائص الکبریٰ- جلد اول و دوم (از علامہ سیوطی) ۱۹۸۲

○ ۳۱- فتوح الغیب (از حضرت غوث اعظم) ۱۹۹۳

○ ۳۲- تعبیر الرؤیا (منسوب بہ امام سیرین) ۱۹۸۲

○ ۳۳- نظریہ پاکستان اور نصابی کتب (تدوین و ترجمہ) ۱۹۷۱

راجا رشید محمود کی ایک نیاز مندانہ تالیف

درود و سلام

فہرست مندرجات یہ ہے:

درود و سلام کا حکم	حکم درود و سلام کا تاریخی پس منظر
درود کیا ہے؟	درود و سلام واجب بھی ہے، مستحب بھی
درود شریف، کس کس کی سنت	جو درود و سلام نہیں پڑھتا
مقرر، کاتب اور درود و سلام	حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام درود و سلام سماعت فرماتے ہیں
حیوانات و نباتات اور درود و سلام	درود خوانوں کے لیے تحفے
درود و سلام - ہر بیماری کی شفا	درود و سلام، حسنِ آخرت کا ذریعہ
درود و سلام، قبولیتِ دعا کا واحد وسیلہ	درود و سلام کتنا پڑھنا چاہیے؟
درود خوانی میں عدد کی اہمیت	درود پاک کون سا پڑھا جائے
درود و سلام کے چند صیغے اور ان کے فوائد	اذان کے ساتھ درود و سلام
سفر حرمین اور درود و سلام	جمعہ اور پیر کے دن درود خوانی
درود خوانوں کے چند واقعات	درود شریف کے آداب
حلقۂ درود پاک	چند مجرب درود شریف

درود و سلام اور اطاعتِ سرکار (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

صفحات: ۱۲۸

کتاب فی الحال سٹاک میں نہیں ہے۔ جو حضرات کتاب منگوانے کے لیئے ڈاک ٹکٹ بھیج چکے ہیں، نیا ایڈیشن آتے ہی کتاب انھیں ارسال کر دی جائے گی۔

ایوان درود و سلام

اظہر منزل۔ نیو شالامار کالونی۔ ملتان روڈ۔ لاہور (کوڈ ۵۴۵۰۰)

راجا اختر محمود (مینجر ماہنامہ "نعت" لاہور) کی اوّلین کاوش

بچوں کے لیئے سیرتُ النبی ﷺ کے واقعات

محبّت کی زبان میں لکھی گئی کتاب

مجھے اُن ﷺ سے پیار ہے

☆ کتاب کی زبان میں بچوں کی ذہنی استعداد کا لحاظ رکھا گیا ہے۔

☆ کتاب بچّوں کے ذخیرۂ الفاظ کے مطابق تحریر کی گئی ہے۔

☆ کتاب کا مطالعہ بچّوں کے دلوں میں آقا حضور ﷺ کی محبّت کو راسخ کرے گا۔

☆ کتاب میں سیرتِ طیّبہ کے بہت سے واقعات سہل اور آسان فقروں میں بیان کیے گئے ہیں۔

☆ اس دلنشیں اُسلوب میں بچوں کے لیئے آج تک کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔

☆ کتاب کا پہلا ایڈیشن رمضان المبارک ۱۴۲۱ھ میں اختر کتاب گھر، لاہور نے شائع کیا۔ امسال عید میلادُ النبی ﷺ کے موقع پر المختار قرآن اکیڈمی (حضرت سلطان باہوؒ ٹرسٹ) لاہور نے دوسرا ایڈیشن چھاپا گیا۔ المختار قرآن اکیڈمی اس کتاب کا انگریزی ترجمہ کرا رہی ہے جو غیر مسلم ممالک خصوصاً انگلینڈ میں، اور پاکستان کے انگلش میڈیم سکولوں میں پہنچایا جائے گا۔

کاغذ: ۶۸ گرام آفسٹ۔ صفحات: ۱۰۴

قیمت ۱۰۰ روپے (مجلّد)

اختر کتاب گھر۔ اظہر منزل نیو شالامار کالونی۔ ملتان روڈ لاہور۔ ۵۴۵۰۰

حضور ﷺ کے سیاہ فام رُفقا

اظہر محمود (ڈپٹی ایڈیٹر ماہنامہ "نعت") لاہور کی منفرد کاوش

جس میں پہلی بار ان ۳۲ صحابۂ کرامؓ کا تذکرہ کیا گیا ہے' جن کا رنگ سیاہ تھا لیکن دل نورِ اسلام سے منور و مستنیر تھے' جنہیں کائنات کے آقا و مولا ﷺ نے غلامی کی زنجیروں سے رہائی دے کر اپنے ساتھیوں کی صف میں شامل فرما لیا۔ جن میں سے کسی کو حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ جیسے جلیل القدر صحابہ "ہمارے آقا" کہہ کر پکارا کرتے تھے' کسی کے بارے میں حضور فخرِ موجودات علیہ السلام والصلوٰۃ نے فرمایا کہ ان کی توجہ سے زمین و آسمان کا دائرہ قائم ہے۔ کسی کے متعلق ارشاد ہوا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بیش قیمت ہیں۔ کسی کو حضور سیّد عالم ﷺ کی آخری خدمت کا موقع ملا۔ کسی کا بستر سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام خود بچھاتے' لپیٹتے تھے۔ ایسی ایک خاتون کو حضور رسولِ انام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی ماں کہا۔ ان میں ایک ایسی شخصیت بھی ہے جس کا مدفن زمین نہیں بنی' انہیں براہِ راست جنت میں پہنچا دیا گیا۔

☆ حضرت بلال بن رباح ☆ حضرت خالد بن رباح ☆ حضرت ہلال حبشی ☆ حضرت عبید حبشی ☆ حضرت ایمن ☆ حضرت اُسامہ بن زید ☆ حضرت رو بحل حبشی ☆ حضرت زید بن بولی ☆ حضرت نابل ☆ حضرت ابو ثعلبہ ☆ حضرت عامر بن فہیرہ ☆ حضرت انجشہ ☆ حضرت اسود حبشی ☆ حضرت عرار ☆ حضرت زرعہ ☆ حضرت زاہر بن حرام ☆ حضرت خفاف بن ندبہ ☆ حضرت اسلم حبشی ☆ حضرت یسار ☆ حضرت نفیع ابوبکرہ ☆ حضرت رباح اسود ☆ حضرت جعیل ☆ حضرت جعال ☆ حضرت عبداللہ حبشی ☆ حضرت سعد الاسود ☆ حضرت حمامہ ☆ حضرت غفیرہ ☆ حضرت اُمّ ایمن ☆ حضرت برکہ حبشیہ ☆ حضرت سعیرہ الاسدیہ اور ☆ حضرت نبعہ حبشیہ (رضی اللہ عنہم) کا تذکرہ۔

وفاقی وزارتِ مذہبی امور' اسلام آباد نے اس کتاب کے انگریزی ترجمے کو ممالکِ غیر' خصوصاً افریقی ممالک میں تبلیغِ اسلام کے لئے منتخب کیا ہے۔ صفحات ۱۱۲

سرکار ﷺ دی سیرت

اظہر محمود (ڈپٹی ایڈیٹر ماہنامہ "نعت" لاہور) کی صدارتی ایوارڈ یافتہ تصنیف

جس میں سیرت ادب میں پہلی بار حضورِ اکرم ﷺ کی حیاتِ طیّبہ کے ۶۳ برسوں کا الگ الگ ذکر کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے دنیا کی کسی زبان میں یہ اہتمام نہیں کیا جا سکا تھا۔

آقا حضور ﷺ کی سیرتِ پاک کا ہر سال ۱۲ ربیع الاوّل سے ۱۱ ربیع الاوّل تک شمار کیا گیا ہے

سیرت کے جن واقعات پر اہلِ سِیَر کا اتفاق نہیں ہے' ان پر تحقیق کے بعد حتمی نتائج سامنے لائے گئے ہیں لیکن تحقیق کا بوجھ قاری پر نہیں ڈالا گیا

سیرتِ مبارکہ کے تمام اہم واقعات کا بیان کتاب میں موجود ہے۔ اگرچہ اختصار کو بھی پیشِ نظر رکھا گیا ہے

کتاب پر ۱۲ ربیع الاوّل ۱۴۱۷ھ کو "قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس" میں صدرِ مملکت سردار فاروق احمد خان لغاری نے اظہر محمود کو پہلا انعام دیا

کتاب ۱۱۲ صفحات پر مشتمل ہے اور مجلّد ہے

قیمت: ۸۰ روپے

اختر کتاب گھر۔ اظہر منزل۔ نیو شالامار کالونی۔ ملتان روڈ لاہور

شہناز کوثر کی مطبوعات

ماہنامہ "نعت" لاہور کی ڈپٹی ایڈیٹر شہناز کوثر کی درج ذیل کتابیں چھپ چکی ہیں:

۱۔ حضور ﷺ کا بچپن ۔ سرکار ﷺ کی دس سالہ حیاتِ پاک کے سال بہ سال واقعات۔ حضور ﷺ کی رضاعت، پرورش اور "عُسرت" کے حوالے سے سیرت نگاروں کی لغزشوں پر بے باکانہ گرفت۔ حضور ﷺ کے بچپن کے موضوع پر پہلی تحقیقی کاوش۔ ۳۵۲ صفحات۔ دو ایڈیشن چھپ چکے ہیں۔

۲۔ سیرتِ پاک (گیارہ سے چالیس سال تک) ۔ اس کتاب میں حربِ فجار، حلف الفضول، حضرت خدیجہؓ سے نکاح، حجرِ اسود کی تنصیب، غارِ حرا کی تنہائیوں میں عبادت کے موضوع پر تفصیلی جزئیات پہلی بار سامنے آئی ہیں۔ حرب فجار، حلف الفضول، حضور ﷺ کی شادی، تعمیرِ کعبہ اور مختلف اسفار میں شریک افراد کا پہلی مرتبہ تفصیلی ذکر کیا گیا ہے۔ اس عرصے میں حضور ﷺ کے غلام، زیرِ کفالت بچوں، ملنے والی خواتین، جان پہچان کے لوگوں اور پڑوسیوں کا ذکر۔ ۳۳۶ صفحات۔

۳۔ حیاتِ طیبہ میں پیر کے دن کی اہمیت ۔ ۱۹۹۲ کی صدارتی ایوارڈ یافتہ کتاب۔ تحقیق و تفحص کا شاہکار۔ ۳۱۴ صفحات۔

۴۔ قوسِ قُزح ۔ ۱۹۹۱ کی صدارتی ایوارڈ یافتہ کتاب، جس میں حمد، نعت، مدینہ کریمہ، درود و سلام، مخالفانِ ناموسِ رسالت، اسلامی تعلیمات میں عدد کی اہمیت اور انسان کے اشرف المخلوقات ہونے کی وجہ پر مضامین و مقالات جمع ہیں۔ ۱۹۲ صفحات۔

۵۔ حضور ﷺ کی معاشی زندگی ۔ پہلی بار دلائل و براہین اور ناقابلِ تردید حوالوں سے ثابت کیا گیا ہے کہ حضور ﷺ غریب نہیں تھے۔ ۱۷۶ صفحات۔

۶۔ حضور ﷺ کی رشتہ دار خواتین ۔ حضور ﷺ کی دادیوں، نانی، والدہ ماجدہ، رضاعی ماؤں، منہ بولی ماؤں، خالاؤں، رضاعی خالاؤں، چچیوں، پھوپھیوں، بہنوں، رضاعی بہنوں، بھابیوں، ازواج مطہرات، خوشدامنوں، سالیوں، بیٹیوں، منہ بولی بیٹی، سمدھنوں، بھتیجیوں، بھانجیوں اور نواسیوں کا تذکرہ۔ اپنے موضوع پر پہلی محققانہ کاوش۔ ۲۳۲ صفحات۔

۷۔ حضور ﷺ اور مکہ مکرمہ

ہجرتِ مصطفیٰ ﷺ

شہناز کوثر کی پانچویں صدارتی ایوارڈ یافتہ کتاب

(اس سے پہلے اُنہیں قوسِ قُزح پر ۱۹۹۱ کا، حیاتِ طیبہ میں پیر کے دن کی اہمیت پر ۱۹۹۲ کا، حضور ﷺ کا بچپن پر ۱۹۹۳ کا اور حضور ﷺ کی معاشی زندگی پر ۱۹۹۴ء کا صدارتی ایوارڈ مل چکا ہے)

ہجرتِ مصطفیٰ ﷺ کی فہرستِ مندرجات:

ہجرت کا معنیٰ و مفہوم۔ قرآنِ پاک میں ہجرت کے احکام۔ احادیثِ مقدّسہ میں ہجرت کے احکام و واقعات۔ ہجرت کی ضرورت و اہمیت۔ انبیاءِ سلف کی ہجرت۔ ہجرتِ مصطفیٰ ﷺ کی انفرادیت۔ ہجرت کرنے اور نہ کرنے کی وجوہ۔ موانعاتِ ہجرت اور ان کا قرآنی حل۔ ہجرت، مدینہ ہی کی طرف کیوں۔ صحابۂ کرامؓ کی ہجرت۔ مہاجرین انصار۔ ہجرت کرنے والوں پر مظالم۔ حضور ﷺ کے خلاف سازش۔ مکّہ میں حضور ﷺ کا آخری حکم۔ حضور ﷺ کا غارِ ثور میں قیام۔ غارِ ثور سے قُبا کی طرف سفر۔ سفر میں حضور ﷺ کی معاونت کرنے والے۔ راستے میں حضور ﷺ سے ملنے والے۔ ہجرتِ مدینہ کے دوران معجزات۔ حضور ﷺ کی ہجرت کے بعد مکہ میں رہنے والے۔ قُبا میں حضور ﷺ کا استقبال۔ حضور ﷺ کے قُبا میں پہنچنے کی تاریخ۔ قبا میں حضور ﷺ کا قیام۔ قبا میں حضور ﷺ سے ملنے والے۔ مسجدِ قبا کی تعمیر۔ مسجدِ قبا کی تعمیر میں حصہ لینے والے۔ حضرت ابُو ایّوب انصاریؓ کے ہاں قیام۔ ہجرت کے اثرات و فوائد۔

صفحات: ۱۱۲۔ قیمت: ۱۰۰ روپے (مجلّد)

اختر کتاب گھر، اظہر منزل نیو شالامار کالونی۔ ملتان روڈ۔ لاہور

ہو نہ یہ پھُول تو بُلبُل کا ترنُّم بھی نہ ہو
چمنِ دہر میں کلیوں کا تبسُّم بھی نہ ہو
یہ نہ ساقی ہو تو پھر مے بھی نہ ہو، خُم بھی نہ ہو
بزمِ توحید بھی دُنیا میں نہ ہو، تُم بھی نہ ہو
خیمہ افلاک کا اِستادہ اِسی نام سے ہے
نبضِ ہستی تپش آمادہ اِسی نام سے ہے

رجسٹرڈ نمبر ایل ۸۲۹۱

ماہنامہ نعت لاہور